عملیات ظاہری

اس کتاب میں جتنے بھی اعمال ذکر کئے گئے ہیں وہ آزمودہ ونہایت مجرب ہیں، بزرگانِ دین سے دستی حاصل کئے گئے ہیں یا معتبر کتب سے باجازت لئے گئے ہیں اور کافی اعمال انٹرنیٹ سے بھی لئے گئے ہیں جن پر کامل وثوق ہے اوراختصار سے پیش کئے گئے ہیں۔ ہر گھر اور ہر شخص کے لئے نہایت آسان درج کئے گئے ہیں اور تمام اعمال میں زکواۃ وغیرہ کی ضرورت نہیں سوائے چند اعمال کے ۔اگر کوئی عمل شریعت کے خلاف نظر آئے اور اس کی توجیہ نظر نہ آئے تو علماءِ حدیث کی طرف رجوع کریں۔

ڈاکٹر حافظ غلام مصطفی

ایم اے اسلامیات ۔ایم اے عربی، فاضل عربی، فاضل طب والجراحت، پی ایچ ڈی علوم اسلامیہ

فہرست مضامین

﴿مردوں اور عورتوں کے امراض﴾

﴿عورتوں کے امرض﴾

﴿بچوں کے امراض﴾

پڑھنے پڑھانے اور دماغ کے متعلق

﴿تین دن کے اعمال﴾

اعمال برائے وسعت رزق

ژمخلوق سے قطع تعلق	نورولایت کا حصول
شوق عبادت وعمل صالح	شوق عبادت کا آسان عمل
ابدال بننا	پیر بننا
ہردلعزیز اور ہر شخص عزت کرے	اسمائے عظام جامع المقاصد وکثیر الفوائد
حکماء وڈاکٹرز کے لئے	چہرہ خوبصورت ہوجائے
چہرہ پرداغ ودھبے	خوبصورتی کے لئے
سفر میں بالکل تھکاوٹ نہ ہو	غیر مسلم کے لئے تعویذ
اہل خانہ کی حفاظت	ٹرانسفر کے لئے
آسمان پراڑنے کا عمل	چشم زدن میں دوسرے مقام پر چلے جانا
آگ اور آندھی کے لئے	ناگہانی حادثات اور پریشانیوں سے حفاظت
برائے منظوری درخواست	گواہ کی گواہی روکنا
حصولِ جاہ ومنزلت	حبِ جاہ وحب مال کا علاج
رجعت عمل	نماز سے دل لگانا
سچ بولنے کی عادت ڈالنا	جھوٹ کی عادت چھڑوانا
رجوع از فجور	اعلیٰ اخلاق حاصل کرنا
بدزبان اور بداخلاق عورت	مکان خالی کروانا
سلب علوم سے بچاؤ	سفلی عامل کی سفلی قوتوں کو سلب کرنے کا عمل
سفلی عمل ضائع کرنا	بچہ خوبصورت ہو
بدافعال چھڑونا	خاوند یا بیوی کے ناجائز تعلقات ختم کرنے
شک دور کرنا	حیا پیدا ہو
بدکردار مرد یا عورت کی اصلاح کے لئے	مناظرے میں فتح
گمراہ فرقوں کی شکست کے لئے	برائے منسوخی تبادلہ

بسم الله الرحمن الرحيم نحمده و نصلی علی رسوله الكريم اما بعد

روحانی علاج (عملیات) کے متعلق مصنف کے خیالات

کتاب لکھنے کے چند اسباب

(۱) انسان جو بھی کام کرتا ہے اس کا پس منظر ضرور ہوتا ہے، میں جب چھوٹا لڑکا تھا، اس وقت ایک بدعتی اور منحوس شخص سے رشتہ داری کی وجہ سے واسطہ پڑا، وہ وظائف اور تعویذات کا کام کرتا تھا، اور اپنے آپ کو کامل ولی سمجھتا تھا اور میرے خلاف عملیات کیئے جس کی وجہ سے اس کی بہن میرے نکاح سے ٹوٹ گئی اور اس کے عوض میری بہن دی ہوئی تھی، اس پر ظلم وتشدد ہوتا رہا، اور ہم پر بھی ظلم ہوتے رہے۔ اسی وقت میرا شوق ہوا کہ یہ کام میں بھی سیکھوں لیکن کوئی کامل استاد نہ ملا لیکن مختلف کتابیں بازار سے خرید لیتا تھا اور عمل کر کے دیکھتا تھا۔

اسی دوران دینی مدرسہ میں عالم ہونے کا داخلہ لیا اور مدرسہ میں ہی چھپ چھپ کر عمل کرتا تھا لیکن اس وقت جنوں سے دوستی کرنے کا زیادہ شوق تھا۔ استادوں نے روکا لیکن میں نہ ہٹا اور چلہ کشی کے لئے جنگل میں نکل جاتا تھا، وہ بھی کتابوں پر اعتماد کرتے ہوئے کوئی استاذ کامل نہ ملا۔

اس کے بعد ایک دھوکہ باز استاذ ملا، اس نے چند عمل بتائے وہ کیئے لیکن کوئی فائدہ نہ ہوا۔

اسی دوران قرآن مجید کے بے ضرر چند اعمال کرتا آیا لیکن کتابوں سے فائدہ اٹھاتا آیا۔

(۲) تقریباً ۱۹۸۴ء میں میری شادی ہوئی، تو میرے نیچے جادو کے تعویذوں کا برتن بھر کر دفن کیا گیا۔ اس سے میں بیمار ہوا، سارے جسم میں خارش اور مردانہ طاقت سے جاتا رہا۔ رشتہ داروں کی کوشش یہ تھی کہ میں بیمار ہو کر طلاق دے دوں۔

پھر جنوں والے فقیروں کے پاس گیا، اس نے دھاگا پڑھ کر دیا کہ یہ باندھ لو پھر ٹھیک ہو جاؤ گے، تمہارے ساتھ سخت جادو ہے تو ان سے دھاگا لیکر واپس ہوا وہ دھاگا نہر میں پھینک دیا اور گھر آ کر سورۃ ''الفلق اور سورۃ ''الناس'' اپنی فہم مطابق سو مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لیتا تھا، اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے ایک ہفتہ میں مجھے کامل شفا مل گئی۔ اور سورۃ یاسین کی آیت ''قال من يحي العظام الخ'' جو

عمل کتاب ''اکسیر الاحمر'' میں لکھا تھا وہ پڑھی اس سے قوت بھی بحال ہوگئی۔

اس کے بعد ارادہ ہوا کہ اسی طرح اور بھی مریض ہونگے میں ان کا علاج بھی کروں۔

اسی دوران محمد عثمان مرحوم کی کتاب ''اکثیر الاحمر فی اسرار الجفر'' جو کہ سندھی زبان میں تھی، اس سے بہت نفع لیا اور اسی کے ذریعہ، علم نجوم، علم جفر، علم رمل سیکھ لیا اور ٹیلی پیتھی و مسمریزم کی کافی کوشش کی کسی حد تک اس میں بھی کامیاب ہوا۔ لیکن عقیدہ خراب کرنے والے اعمال سے بچتا آیا، اگر چہ کالے جادو اور سفلی عملیات کی تقریباً تمام کتب جمع کر رکھی تھیں لیکن شرک و کفر کا کوئی عمل نہ کیا، اسی دوران حاضراتِ جن کا عمل کرتا تھا اور جن نکالنے کا طریقہ بھی سیکھ لیا اور اپنی فہم مطابق اسلامی مسنون وظائف کرتا رہا تو جس کے پاس جو عمل ہوتا تھا جب وہ مجھے ملتا تو وہ مجھے دے جاتا تھا لیکن اسی دوران ''کاش البرنی'' کی کتب اور اس کے ماہانہ رسالہ سے زیادہ فائدہ اٹھایا، جن اعمال میں شرک و کفر نہ تھا وہ کرتا رہا اور نجوم کو صحیح سمجھا لیکن صرف سمجھنے کی حد تک اور ستاروں میں کوئی کمال نہیں مانتا، نہ ان کا کوئی اختیار ہے، علم فلکیات اور سائنسی نقطہ نظر سے اس علم کا مطالعہ کیا ہے اور خوب سمجھا، لیکن موجودہ نجومی عامل اس سے بھی جاہل ہیں، ان کی اگر آپ چار جنتریاں لے کر دیکھیں تو ایک میں ہوگا کہ ۱۲ تاریخ کو فلاں ستارہ شرف میں آرہا ہے اور ۱۴ تاریخ کو اس کا شرف ختم ہو رہا ہے۔ دوسری میں ہوگا کہ ۱۵ تاریخ کو شرف میں آرہا ہے اور ۱۸ کو ختم ہو رہا ہے۔ تو یہ تماشے میں دیکھتا رہا۔ اور ان کے جھوٹ پر ہنستا رہا۔

اور سالانہ جنتری ''امامیہ جنتری، سردار عالم جنتری اور برنی تقویم اور انجانی جنتری لیتا رہا اور نجومیوں کے دعوے اور ان کے اعمال دیکھتا رہا۔ اور جو ان میں اچھے اعمال ہوتے ان کو نوٹ کر لیتا اور عمل کرتا۔

اور زنجانی نجومی، کاش البرنی نجومی، کی تمام کتابیں، اشرف علی تھانوی کی اعمال قرآنی، شاہ عبد العزیز محدث دہلوی کی کتاب ''کمالات عزیزی، شمع شبستان رضا، مجموعہ اعمال رضا، جواہر خمسہ، نافع الخلائق، کنز الحسین اور مجمع الفوائد سندھی اور خاص کتاب امام بونی کی ''شمس المعارف'' میری پاس ہمیشہ موجود رہیں۔

اور مختلف نجومیوں سے خط و کتابت بھی رہے اور جنات کے عاملین اور نجومیوں سے ملتا بھی رہا لیکن سب

کچھ کتابوں سے ملا، بجز جن والے عملیات کے۔ ہاں جنوں والے اعمال میں نے دستی لئے ہیں، ضرورت ان کی بھی نہیں تھی، بس گھر بیٹھے مل گئے تو لے لئے۔ ورنہ وہ بھی کتابوں میں موجود ہیں۔لیکن عملی پریکٹس ہوگئی تو بہتر ہوگیا لیکن وہ بھی شیطانی عمل ہے اور خطرہ سے خالی نہیں ہے۔اور بعد میں ایسے اعمال حاصل ہوئے جن میں کوئی بکھیر نہیں ہے اور کوئی خطرہ نہیں ہے۔

اور بہت پیروں کے پاس گیا لیکن کسی پیر کے کچھ نہ ملا۔اوران کے پاس تھا بھی کچھ نہیں، لہذا پیر ماننے کے لئے تیار نہ ہوا، اور یہ پکا یقین رکھا کہ ان کے پاس کچھ بھی نہیں ہے اور مجھے اللہ تعالی نے ان سے زیادہ عطا فرمایا ہے۔اور مومن کی گم شدہ میراث جہاں سے ملتی گئی، اس کو میں جمع کرتا گیا، آپ دیکھ لیں گے کہ اس کتاب میں کتنا جمع ہو چکا ہے؟ اور یہ آپ کی گمشدہ میراث تھی، اب مل گئی ہے، اس سے خوب اور بھرپور نفع اٹھائیں۔اب میری اس کتاب میں سے کوئی شخص اگر ایک ہی عمل میں کامیاب ہوجاتا ہے، انشاءاللہ وہ پیر بن جائے گا، بغیر محنت اور بغیر چلہ کشی کے۔پیر بننا بہت آسان ہے، جب چاہیں پیر بن جائیں، صرف دس منٹ میں۔ بزرگی اللہ کے دین پر عمل کرنے والے کا نام ہے اور علماء حق ہی اولیاء اللہ ہیں۔اگر پیر اس کا نام ہے کہ کوئی دم کرے آدمی شفایاب ہوجائے یا کوئی کام عادتاً عام نہ ہوتا ہو وہ اس کے ہاتھ سے سرزد ہو جائے تو آپ گھر بیٹھے دس منٹ میں وہ پیر بن سکتے ہیں، بس اس کتاب کو پڑھیں اور عمل کریں۔

اور غیر شرکیہ عمل خود کرتا رہا۔لیکن اس کے ساتھ ساتھ دین و دنیا کے علم کا شوق رہا اور اس معاملہ میں رکاوٹ ہوتی تھی اس لئے اکثر توجہ نہیں دیتا تھا۔

اور جب ہی میں کچھ کام کرتا تو عورتیں آجاتی تھیں، ان سے بچنے کے لئے میں یہ کام چھوڑ دیتا تھا۔لیکن اپنے خاندان میں بہت مریض تھے جن کا علاج فی سبیل اللہ کیا اور تعالی نے شفا عطا فرمائی۔۔

(۳)اس کے بعد آرمی میں بحثیت خطیب ۱۹۹۳ء مین بھرتی ہوا، وہاں مختلف لوگوں سے واسطہ پڑا، اور ایک خطیب تھا، اس کی ساری یونٹ مرید تھی، جو نیا کرنل آتا وہ اس کی بیعت کرتا۔ایک مرتبہ میں نے یہ تذکرہ ایک ان پڑھ دوست سے کیا، تو اس نے کہا کہ یہ اس کی محنت ہے۔تم بھی محنت کرو۔تو اس وقت مجھے بھی اس بات کا احساس ہوا۔

(۴)اور چند احباب نے کچھ اعمال کر کے دعوی کیا کہ ہم دنیا کے بڑے پیر ہیں اور انہوں نے میرے ساتھ

اپنے عمل کو آزمایا جس سے مجھے ذہنی، مالی، جسمانی، اور عزت کا سخت نقصان پہنچا۔اور عرصہ تک افسران بالا نے مجھے سخت پریشان کیا اور یہ ڈرامے بار بار ہوتے رہے۔تو میں نے مجبوراً اس کام کو پھر شروع کیا۔

اور کچھ احباب کی خواہش رہی کہ میں ان کو کچھ مجربات سکھاؤں اور پیش کروں۔

(۵) ایک مرتبہ ایک شخص نے کہا کہ وظائف میں کچھ نہیں ہے، کیونکہ میں نے بیس سال وظائف پڑھے ہیں کچھ نہیں ملا۔تو میں نے جواب میں کہا کہ تجھے کوئی استاذ نہیں ملا، تو نے بازار سے کتاب لی ہوگی اور عمل کیا ہوگا، اس لئے فائدہ نہیں ہوا۔تو میں نے کہا کہ میں عمل بتاتا ہوں وہ کرو پھر اگر کام ایک دن میں ہوگیا تو پھر؟ اس نے کہا کہ پھر میں آپ کو مرشد مان لوں گا۔تو اس کو میں نے فاتحہ سورۃ کا عمل محبت کے لئے بتایا ۔اس نے رپورٹ دی کہ ان کے بھائیوں کا جھگڑا جو کہ بیس سال قائم کا تھا، ان کے درمیان صلح ہوگئی ہے ۔اور اس نے مرشد مان لیا تو اس کو میں نے خاص عمل دے دیئے۔

اسی طرح ایک اور شاگرد بنایا، اس نے اس کو پیشہ بنا کر کراچی کمانے کے لئے چلا گیا اور کافی کما آیا۔لیکن یہ کام کمانے والا نہیں ہے۔صرف انسان ذات سے ہمدردی ہے۔

ان تمام وجوہات کو دیکھتے ہوئے اس کتاب میں کافی اعمال جمع کئے ہیں، ان میں سے اکثر میرے اپنے مجرب ہیں اور بعض احباب سے ملے ہیں ان پر کامل یقین ہے۔

(۶) اور خاص طور پر یہ کتاب اپنے گھر کے لئے لکھی گئی ہے، اس کو شائع کرنے کا فی الحال ارادہ نہیں ہے اور بہت مسائل میرے اپنے گھر میں موجود ہیں، اور میرے پیچھے جادوگر، اہل بدعت کے چند افراد فرقہ وارنہ عداوت کی وجہ سے مجھے نقصان پہنچانے کی کوشش کر رہے ہیں۔اپنے مسائل حل کرنے کے لئے اس میں عمل محفوظ کئے گئے ہیں، جو مخلص ہوں، انسان ذات سے ہمدردی چاہتے ہوں، دنیا کے لالچی نہ ہوں، ان کو بھی اس کی کاپی دی جائے گی۔

(۷) فوج میں رہتے ہوئے بہت بڑے، سرکش، متکبر، بے دین، فساق و فجار سے واسطہ پڑتا رہا اور میرے اوپر مصائب و مشکلات کے پہاڑ گرائے گئے لیکن میں ان مشکلات کے حل کے لئے اللہ تعالی سے التجائیں کرتا رہا۔اللہ تعالی کے فضل و کرم سے کسی حد تک میں کامیاب ہوا لیکن جانی، مالی، عزت، اور علم کا کافی نقصان جو میرے مقدر میں لکھا ہوا تھا وہ ہوا۔لیکن اللہ تعالی کے فضل و کرم سے ان ظالموں اور متکبرین کو بھی

سزا ملی،بعض کی رینک ماری گئی،بعض نا کارہ ہوکر گھر چلے گئے،بعض بے نسل ہو گئے۔اللہ تعالی نے ان کو خوب بدلہ دیا۔

(۸)اب بھی اپنے اوراپنے اقارب کے اتنے مسائل بلکہ ساری دنیا ایسے مسائل میں جکڑی ہوئی ہے جن سے نجات کی کوئی راہ نظر نہیں آرہے،جیسے مال میں بے برکتی،اولاد کی نافرمانی کے مسائل،اولاد کی تعلیم دینداری کے مسائل،مختلف خطرناک بیماریوں کاظہور،دماغ کے مسائل،نفسیاتی مسائل۔ان تمام مسائل کےحل کرنے کے لئے اس کتاب میں اعمال جمع کئے گئے ہیں۔

(۹)آج کل اہل بدعت نے اپنی بازاریں بنارکھیں ہیں اور دیندار طبقے کےلوگ بھی اہل بدعت کے سامنے جاکر جھکتے ہیں۔مثلاایک شخص کی بیوی کو جن تھا،وہ اپنے بڑے بزرگ کے پاس گیا تو بزرگ نے بتایا کہ کوئی جن شن نہیں ہوتا اور یہ سارامکر فریب ہےاور یہ ماننا وہم اور شرک ہے۔پھروہ اپنے بزرگ کو چھوڑ کر اہل بدعت کے ہاں چکر لگا تا رہا۔

(۱۰)حق پردعوی کرنے والے بعض حضرات ایسے بھی ہیں کہ ان کی دعائیں قبول نہیں ہوتیں،ان کے ہاتھ سے کسی کو شفا نہیں ملتی،ان سے کوئی مسئلہ حل نہیں ہوتا۔لیکن جاہل عوام ادھر رخ پھیرتی ہے جہاں ان کو کچھ نظر آتا ہے۔تو یہ کہاں لکھا ہوا ہے؟یا کس صحیح حدیث میں ہے کہ حق والوں کی دعائیں قبول نہ ہوں،ان کی دعا سے کسی کا مسئلہ حل نہ ہو،ان سے کسی کرامت کاظہور نہ ہواور یہ سارے کام اہل بدعت سے ہوتے رہیں بس یہ بھی ایک علم ہے جس سے اکثر لوگ غافل ہیں،ان کو چاہئے کہ وہ اپنی غفلت کو چھوڑیں اور کرامات اہل بدعت سے زیادہ حاصل کریں اور یہ بھی ثابت کریں کہ اہل بدعت کے ہاں کرامت ہوتی بھی نہیں اور ان کے استدراج کا توڑ پیش کریں۔

اوراس کتاب میں لازمی شرعی مسائل پر دینی گفتگو بھی کی ہے تاکہ دین کی تبلیغ بھی ہو جائے لیکن فقیرانہ انداز اختیار کیا ہے،کسی فرقہ کا نام نہیں لیا اور نہ مناظرانہ اور نہ محدثانہ انداز اختیار کیا گیا ہے کیونکہ یہ فقیروں کی لائن ہے بطور محدث میں کوئی حدیث کی شرح نہیں لکھ رہا،نہ قرآن مجید کی تفسیر اور نہ یہ فتوی کی کتاب ہے۔جو قرآن وسنت سے باہر ہے وہ اہل بدعت ہے کوئی بھی ہو بے شک محدث ومفسر کیوں نہ ہو۔ غیر شرکیہ تعویذ لکھنے کے متعلق علماء کرام کا اختلاف رہا ہےاور ہر فریق نے ایک دوسرے کے خلاف کتابیں

لکھی ہیں اور دلائل کے انبار لگا دئے ہیں، وہ ایک الگ موضوع ہے میں اس میں نہیں جانا چاہتا لیکن اتنا ضرور کہوں گا کہ قرآن مجید کی آیت، حدیث یا کوئی پاکیزہ کلمہ لکھنا اور اس کو مکمل احترام کے ساتھ استعمال کرنا تمیمہ اور تعویذ کی تعریف میں داخل ہی نہیں ہے یہ اور چیز ہے شرک کی جتنی بھی تعریف کریں اور تمام جامع اور مانع تعریفات کو اکٹھا کریں تو قرآن مجید کی آیت کاغذ پر لکھنا پھر اس کو ساتھ رکھنا یا دھو کر پینا اس شرک کی تعریف میں داخل بھی نہیں ہوگا، اس کتاب میں تعویذ گلے میں لٹکانے کے عمل سے کافی احتیاط کی گئی ہے، چند جگہوں پر ایسے تعویذ دئے ہیں اور یہ بھی سمجھتا ہوں کہ گلے میں لٹکانا مکروہ ہی ہے، اسے ہر ممکن پرہیز لازم ہے۔اور اسی طرح دھاگے پڑھنے کا مسئلہ ہے، کیونکہ تعویذ لٹکانے اور دھاگے پڑھنے کی نفی میں صحیح احادیث مطلق طور پر موجود ہیں۔لہذا کوئی شخص اگر وہ عمل کرتا ہے تو اس کے ثواب اور گناہ کا خود ذمہ دار ہے، مصنف کا اس کے جواز پر فتوی نہیں ہے۔لیکن میں اتنا سمجھتا ہوں کہ اگر کسی نے گلے میں کسی غیر شرکیہ کلمہ کو لٹکا دیا تو نہ ہو شرک ہوگا نہ کفر۔زیادہ سے زیادہ مکروہ ہوگا، پھر حالات دیکھے جائیں کہ اس کے مطابق کراہت تحریمی اور تنزیہی کا فیصلہ کیا جائے گا۔جب رسول اللہ ﷺ نے تعویذ اور دھاگے پڑھنے کو شرک فرمایا تھا تو اس وقت یہ کام مسلمانوں میں سے کوئی نہیں کرتا تھا اور یہود یہ کام کرتے تھے، یہود وہ ہیں جنہوں نے انبیاء کرام صلحاء اور اپنے علماء کو معبود بنا رکھا تھا اور انبیاء کی قبروں کو سجدہ گاہ بنا رکھا تھا، تو جو چیز مشرک کے ہاتھ کی لکھی ہوگی عموما اس میں شرک ہی ہوگا۔

اگر کوئی پاکیزہ کلمہ گلے میں ڈالا جاتا ہے تو وہ ''تمیمۃ'' کی تعریف میں نہیں آتا اور وہ تمیمہ ہے ہی نہیں۔

ایک غالی سے مکالمہ

ایک پروفیسر اور دین کا عالم تھا، اس سے کچھ مکالمہ ہوا، اس نے کہا کہ امام حمد بن حنبل مشرک تھا، میں نے کہا کیسے؟ اس نے کہا کہ وہ تعویذ لکھتا تھا۔

یاد رہے:

کہ حضرت امام احمد بن حنبلؒ کو امام اہل سنت کا امت نے لقب دیا ہے، اور قیامت تک وہ اہل سنت کے رہنما و قائد اور امام ہیں۔ان کی عظیم قربانیوں کو کسی صورت میں نہیں بھلایا جا سکتا۔جو شخص محدثین

کرام رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کے متعلق ایسی بات کرتا ہے وہ بدعتی اور گمراہ ہے اور اتباع سبیل المومنین کے خلاف ہے۔

شرک شرک اور بدعت بدعت کا رٹا لگانے والے اپنے اندر جھانک کر دیکھیں کہ کسی اللہ تعالیٰ کے کامل ولی اور کامل مومنین ومومنات کی توہین تو نہیں کر رہے اور اس کی وجہ سے خود بدعات میں تو نہیں پڑے ہوئے؟ کیا یہ بدعت نہیں ہے کہ ساری دنیا کے مسلمان ایک شخص کو عظیم بزرگ، اللہ تعالیٰ کا کامل ولی مانیں اور ایک شخص اس کو مشرک یا بدعتی کہے؟ بغیر کسی شرعی دلیل کے، صرف اپنے ناقص قیاس اور ناسدید وفاسد رائے سے، ان سے اگر شرک وبدعت کی تعریف پوچھی جائے تو تعریف نہ کر سکے۔ یاد رہے کہ ہزاروں میں سے کوئی ایک ہوگا جو شرک یا بدعت کی تعریف کر سکے گا، امت اس بات میں الجھی ہوئی ہے اور کروڑہا علماء شرک وبدعت وکفر کو صحیح سمجھے بھی نہیں لیکن ایک دوسرے کو کافر بنانے کا شوق پورا کر رہے ہیں اور ایک دوسرے کے خلاف کفر کے فتواؤں کے ڈھیر لگا دئے ہیں۔ ایک فرقہ اگر ایک فعل کو شرک، کفر یا بدعت کہتا ہے تو دوسرا اسی فعل کو توحید، ایمان اور سنت کہتا ہے۔ اس معاملہ میں راہِ اعتدال محدثین کرام کی ہے، جنہوں نے کسی کلمہ گو کو کافر نہیں کہا، ان میں سے سیدنا حضرت امام بخاریؒ کا منہج قیامت تک کے مسلمانوں کے لئے ایک اتفاق، اتحاد اور محبت کا پیغام ہے۔ اور تمام تکفیری فتاواؤں سے نجات دلاتا ہے اور راہِ اعتدال سکھاتا ہے۔ مزید معلومات کے لئے شیخ ابومحمد عبدالستار حماد کی لکھی ہوئی کتاب ''امام بخاری اور فتنہ تکفیر'' کا مطالعہ کریں۔

یاد رہے:

کہ کلمہ گو مسلمان پر کسی کا نام لے کر کافر ہونے کا فتوی لگانا اہل بدعت کا شیوہ ہے، ایسی حرکت صحابہ کرامؓ ائمہ اربعہ اور محدثین سے ثابت نہیں ہوئی، حالانکہ بہت بڑے فتنے اور گمراہ فرقے ان کے زمانہ میں ظاہر ہوئے تھے۔ اور ان فرقوں کی وجہ سے ان پر مظالم کے پہاڑ گرائے گئے۔ جیسے ناصبی، قدری، خارجی سبائی سے زیادہ گمراہ کون ہوسکتا ہے؟ لیکن ان کا نام لے کر خیر القرون میں سے کسی نے کافر ہونے کا دعوی نہیں کیا۔ اور جو ایسے فتوی لگاتے پھرتے ہیں وہ سب اہل بدعت ہی ہیں۔ اور یہ بدعت محدثین کے بعد ایجاد ہوئی ہے، محدثین کرام اور صوفیاء بھی اس بدعت سے بچے ہوئے ہیں۔

اس مسئلہ میں درج ذیل کتب ورسائل کا مطالعہ سود مند ہوگا انشاءاللہ

اصول السنۃ امام اہل سنت حضرت امام احمد بن حنبلؒ

منہج ابن تیمیہ فی مسئلۃ التکفیر

مسئلہ تکفیر کب فتنہ تکفیر بنتا ہے؟

مسئلہ تکفیر اہل سنت اور گمراہ فرقوں کے درمیان

مسئلہ تکفیر اصول، ضوابط، شرائط اور مسلم امت کی ذمہ داریوں

مسئلہ تکفیر سلف صالحین کی عدالت میں

مسئلہ تکفیر اور تکفیریوں کی تلبیسات

مسئلہ ایمان وکفر

مسلمان کو کافر کہنا کیسا ہے

مسلمان کن باتوں سے کفر ہوتا ہے؟

مسلم حکمرانوں کی تکفیر ہی دہشت گردی کا سبب ہے

کفریہ الفاظ اوران کے احکام

کفر عملی اور کفر اعتقادی کی وضاحت

کافر کون؟ رفیق طاہر

قدیم تکفیری فکر

فتنہ تکفیر ایک اجمالی جائزہ

فتنہ تکفیر اور منہج اعتدال سعود الشریم

فتنہ تکفیر اور سعودی علماء سلف کا موقف

فتنہ تکفیر اور حکم بغر ما انزال اللہ ناصر الدین البانی

فتنہ تکفیر اور اصول تکفیر رفیق طاہر

عصر حاضر میں تکفیر، خروج، جہاد اور نفاذ شریعت

عصر حاضر کی تکفیری تحریکوں کا ایک جائزہ
شرک کیا ہے اور مشرک کون؟ صلاح الدین یوسف
شرک کا مرتکب کافر ہے محمد بن عبدالوہاب
شرک اکبر، کفر اکبر اور بدعت کے برے مین جاہل اور مقلد پر قیام حجت
سرطان العصر فتنہ تکفیر ابومحمد سلفی
رسالہ مسئلہ تکفیر خطا کار مسلم کی تکفیر یا تطہیر ابومحمد سلفی
تکفیریوں کے وکیل کی تلبیسات
تکفیری فکر کے رد میں صالح الفوزان
تکفیر مین بھی عدل وانصاف اور علم کی ضرورت ہے۔
تکفیر معین عبداللہ سعد
تکفیر کی اقسام حافظ زبیر احمد
تکفیر کے اصول
تکفیر کا معاملہ نہایت حساس ہے۔
تشریع عام اور تکفیر ابومحمد سلفی
بچا کوئی مسلمان زمانے میں؟ حافظ زبیر احمد
اہل حق اور باطل فرقوں کا معیار تکفیر
التحذیر من فتنۃ التکفیر ناصر الدین البانی
آل تکفیر کی گمراہی جب خود ان کو گھیر لائی
اکفار الملحدین انور شاہ کشمیری
ایک خطرناک گھاٹی مسئلہ تکفیر صالح العثمین
اقامۃ الدلیل علی ضعف ادلۃ تکفیر التاویل محمد بن اسماعیل امیر الصنعانی
اصول تکفیر پیر محمد چشتی چترالی

نوٹ:

مندرجہ بالا کتب میں سے اول کتاب ''اصول السنۃ'' حضرت امام احمد بن حنبل کی تصنیف کا مطالعہ لازمی ہے۔

اور دوسری کتب ورسائل جن کو مختلف مکاتب فکر نے تحریر کیا ہے ان کو یکجا کیا گیا ہے، ہر شخص نے اپنی فہم مطابق لکھا ہے اور دلائل اکٹھے کئے ہیں، ان تمام کو پڑھ کر نتیجہ اخذ کیا جا سکتا ہے لیکن جتنی موضوع کی وسعت ہے تو اس کے جمیع اطراف کو کور کسی نے نہیں کیا، پھر بھی اس موضوع پر لکھنے کی ضرورت باقی ہے جو دورِ حاضر کا تقاضا ہے۔ جو مختصر اور جامع ہو۔

شرائط اعمال

عمل کے آداب

یاد رکھنا چاہیے کہ عمل یا وظائف دعا اور التجا ہیں، جو صرف اور صرف اللہ تعالی کے سامنے التجا کی جاتی ہے اور یہ اللہ کی عبادت ہے اور دعا افضل العبادات ہے، اللہ تعالی سے جتنی بھی دعا کریں، اتنے اللہ تعالی خوش ہوتے ہیں اور جو اللہ تعالی سے نہیں مانگتا اور ان سے سوال نہیں کرتا، اس سے اللہ تعالی ناراض ہوتے ہیں، اور دعا اللہ تعالی سے ہی مانگنی چاہیے کیونکہ یہ عبادت ہے اور عبادت صرف اللہ تعالی کی ہی لائق ہے، اللہ تعالی کے سوا کسی کی بھی عبادت جائز نہیں اور شرک ہے۔ ذیل میں دعا کے آداب بتائے جا رہے ہیں وہی عملیات کے آداب ہیں، اگر کسی شخص کے دم سے فائدہ نہیں ہوا تو وہ اپنے اندر جھانک کر دیکھے کہ اس سے کونسی کوتاہی ہوئی ہے؟

دعا کی قبولیت کی شرائط

(۱) اکل حلال۔

(۲) حرام سے کامل اجتناب۔

(۳) خلوص کامل۔

(۴) حضورِ قلب۔

(۵) فرائض کی ادائگی۔

(۶) کبائر سے اجتناب۔

دعا کے آداب

(۱) طہارت کاملہ۔

(۲) اللہ تعالی کی حمد وثنا اور درود پاک پڑھا۔

نوٹ:

دورود پاک دعا میں ایک اہم اور لازمی امر ہے اور اس کتاب کے ہر عمل کا حصہ ہے، بعض مقامات پر درود کا پڑھنا ساتھ ذکر کر دیا ہے، جہاں مذکور نہیں ہے تو اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ وہاں درود شریف کی ضرورت نہیں، بلکہ ہم نے طوالت سے بچنے کی خاطر وہاں ذکر نہیں کیا لہذا تنبیہ کی جاتی ہے کہ ہر عمل میں درود شریف لازمی اور اس عمل کا جز اعظم ہے اور درود ابراہیمی ہی تمام درودوں سے افضل ہے کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے اس کی تعلیم دی ہے، کوشش یہ کریں کہ درود ابراہیمی ہی پڑھیں اور کم از کم گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ اور درود شریف ایک مکمل وظیفہ ہے، کوئی شخص اگر اٹھتے بیٹھتے، چلتے پھرتے درود شریف کو ہی اپنا وظیفہ بنائے تو اس کو دوسرے کسی بھی وظیفہ کی حاجت ہی نہیں ہوگی بجز فرائض، سنن اور مسنون وظائف کے۔ ایک دوست کا درود شریف ہی اولین وظیفہ ہے، اس کے تمام کام آٹومیٹک پورے ہوتے جاتے ہیں، اس نے بتایا کہ میں ہر وقت درود پاک ہی پڑھتا رہتا ہوں۔

(۳) اعتراف گناہ وکوتاہی۔

(۴) اعمال صالحہ کا وسیلہ۔

(۵) اللہ تعالی کے اسماء وصفات کا وسیلہ۔

(۶) مخفی طریقہ سے دعا۔

(۷) قبلہ کی طرف رخ کرنا۔

(۸) بعض دعاؤں کے لئے ہاتھ اٹھانا۔

(۹) دعا میں استغفار کرنا۔

(۱۰) پہلے اپنے لئے اللہ تعالی سے مانگنا۔

(۱۱) اللہ کی عبادت میں خصوصا نوافل میں مشغول اور تلاوت قرآن مجید میں مشغول رہنے والے کی دعا۔

(۱۲) کثرت دعا۔

(۱۳) قبولیت دعا کے لئے بے صبری نہ کرنا۔

(۱۴) غلط وفضول دعا نہ ہو۔

(۱۵) اپنے سے زیادہ صالح شخص سے دعا کی درخواست کرنا۔

(۱۶)اللہ تعالی کے سامنے عجز وانکساری سے دعا کرنا اور اس کے سامنے رونا۔

(۱۷)بددعا کی عادت سے گریز کرنا، جہاں تک ممکن ہو کسی کے لئے بددعا نہ کرنا بجز شرعی مجبوری کے۔

عملیات کی کچھ اور شرائط

آپ نے دعا کی شرائط پڑھ لیں بعینہ یہی عملیات کی شرائط ہیں کیونکہ یہ دعا کے زمرے میں آتے ہیں۔ کچھ اور آداب ذیل میں ذکر کیے جاتے ہیں۔ پہلے ان آداب کی پابندی کریں پھر مندرجہ ذیل شرائط کی طرف آئیں۔ گذشتہ شرائط و آداب مزید تفصیل سے بیان کیئے جاتے ہیں۔

(۱) اکل حلال، حرام سے کامل اجتناب۔

(۲) خلوص کامل۔ آپ جو بھی عمل کریں اس میں کامل خلوص ہو کسی سے کوئی لین دین نہیں، نہ کوئی لالچ۔

(۳) حضورِ قلب۔ جو بھی عمل پڑھیں اپنے خیالات کو حاضر رکھیں اپنے مقصد کو دل میں رکھیں۔

(۴) فرائض کی ادائگی، کبائر سے اجتناب، واجبات اور سنن کا مکمل خیال اور نوافل و ذکر کا اہتمام۔

(۵) طہارت کاملہ۔ جب ہی کوئی عمل کریں بہتر یہ ہے کہ غسل کریں ورنہ وضو اور پاک وصاف کپڑے پہنیں اور پاک جگہ پر بیٹھیں۔

(۶) مخفی طریقہ۔ آپ جو بھی عمل کرتے ہیں وہ مخفی کریں، کسی کو نہ بتائیں کہ میں فلاں عمل کر رہا ہوں۔

(۷) غلط و فضول نہ ہو۔ آپ جو عمل کرتے ہیں وہ شرعی احکام کو دیکھ کر وہ کریں جو لازم ہیں اور فضول ولغو کوئی عمل نہ کریں، نہ ٹیسٹ کے لئے نہ کسی کو اپنی کرامت دکھانے کے لئے۔

(۸) اللہ تعالی کے سامنے عجز و نکساری۔ آپ جو بھی عمل کریں وہ صرف اور صرف اللہ تعالی سے انتہائی عاجزی و انکساری کی درخواست کریں اور سمجھیں کہ میرے ہاتھ میں کچھ بھی نہیں ہے۔

(۹)۔ آپ کے عمل سے اگر اللہ تعالی اثر پیدا فرما دے تو فخر کبھی بھی نہیں کرنا بلکہ اللہ تعالی کا شکر کرنا ہے اور اس شکر میں اللہ تعالی کی زیادہ عبادت کرنی ہے۔

۱۰)۔ جاہلوں کی صحبت سے بچنا

(۱۱)۔ عورتوں سے پرہیز کرنا، پردے کا اہتمام کرنا اور دور بٹھانا، ان سے لمبی کوئی بات نہیں کرنی، ان کی بات سن کر شرعی احکام سنا کر جلدی رخصت کر دینا۔ بہتر یہ ہے کہ اپنی کسی محرم عورت کو اعمال سکھا دیں وہی عورتوں کا علاج کرے۔

(۱۲)۔عہدیداروں کا قرب حاصل نہیں کرنا جتنا ممکن ہو گریز کرنا۔

(۱۳)۔اگر کوئی آپ کی تعریف کرتا ہے اس کو روک دینا کہ وہ ایسی حرکت دوبارہ نہ کرے اور اللہ تعالیٰ کی تعریف کرے۔

(۱۴)۔دنیا کی کوئی لالچ نہیں رکھنی، نہ حرص کرنا ہے۔

(۱۵)۔خدمتِ خلق کا جذبہ ہو نہ کہ خلق پر تسلط کرنے اور مالی مسائل میں پھنسانے یا ان کو کسی معاملہ میں مزاحمت ڈالنے کا۔

(۱۶)۔یہ کاروبار نہیں بنانا، نہ اسی معاملہ میں اشتہار دینا، نہ کوئی دعوی کرنا۔

(۱۷)۔علماءِ حق سے رابطہ رکھنا اور ان سے مل کر رہنا۔

(۱۸)۔اس کام کی وجہ سے اگر فرائض سنن اور واجبات میں کوتاہی ہوتی ہے تو اس کام کو چھوڑ دینا لیکن واجبات اور سنن مؤخر نہیں کرنے۔

(۱۹)۔اگر آپ کے عمل سے کام نہیں ہوتا تو وہ عمل بار بار کریں اور کبھی بھی مایوس نہیں ہونا اور یہ سمجھنا کہ عمل میں کچھ نہیں یا یہ نہ سمجھنا کہ میں کچھ نہیں ہوں۔آپ جس آیت کو زیادہ پڑھیں گے اتنا اس کا اثر زیادہ ہوتا جائے گا۔اگر کسی آیت کریمہ کو سوا لاکھ مرتبہ پڑھ لیں پھر کیا بات!

(۲۰)۔اگر کہیں لکھا ہوا ہے کہ یہ چیز زعفران سے لکھنی ہے تو یہ انتائی ادب ہے، اگر آپ باادب زعفران کے نہ ملنے کی صورت میں پاک سیاہی سے لکھیں تو بھی کام ہو جائے گا۔اسی طرح اگر کسی عمل میں کورا برتن لکھا ہوا ہے تو اس کے میسر نہ ہونے کی صورت میں اگر آپ نے مستعمل برتن پاک وصاف لے لیا تو بھی کام ہو جائے گا، اسی طرح بارش کے پانی میسر نہ ہو تو کوئی بھی پاک پانی استعمال کریں۔

(۲۱)۔آیات کریمہ لکھ کر دینے کی بجائے دم کر لیں وہ زیادہ بہتر ہے۔

(۲۲)۔گلے میں لٹکانا اچھا فعل نہیں ہے اور جاہلیت کی رسوم سے مشابہت رکھتا ہے، لہذا اچھے طریقہ سے جیب میں رکھا جائے کیونکہ لٹکانے کا مطلب ساتھ رکھنا ہوتا ہے تو تکلیف سے بچنے کے لئے جہلاء نے لٹکانا ایجاد کیا ہے۔

(۲۳)۔جو کلمات لکھے گئے ہیں ان کا ترجمہ سمجھ لیں تو زیادہ مناسبت ہے، اور جو عمل پڑھتے ہیں ان کی زبر

زیراور پیش وغیرہ کودرست کرلیں کسی مسجد کے مولوی یا قاری سے وہ درستی کرلیں۔
(۲۴)۔آپ خود ہی قرآن مجید کا ترجمہ پڑھ لیں اور خوب سمجھیں، جہاں جس آیت کریمہ میں آپ کا مقصد بیان ہوا ہے آپ اپنے مقصد کے لئے اس کو بلا تامل استعمال کریں اور یہ نہ دیکھیں کہ وہ کسی کتاب میں لکھا ہوا ہے یا نہیں جیسے'' واذا مرضت فھو یشفین''اس کا معنی ہے کہ جب میں بیمار ہوتا ہوں تو مجھے اللہ تعالی شفا دیتے ہیں تو اگر آپ بیمار ہیں تو یہ آیت پڑھتے رہیں گویا آپ اللہ تعالی سے شفا کی دعا مانگ رہے ہیں۔
(۲۵)۔آپ جو بھی کلمات پڑھتے اور لکھتے ہیں بے شک پڑھیں،صرف یہ خیال کرنا لازمی ہے کہ اس میں شرک وکفر نہ ہو، غیر اللہ کو قادر سمجھ کر مدد نہ مانگی گئی ہو یا قرآن وسنت کے بے حرمتی نہ کی گئی ہو وغیرہ۔
(۲۶)۔وقت کا تقرر آپ کے اپنے اختیار میں ہے کہ آپ اپنے وظیفہ کے لئے کونسا وقت نکالتے ہیں،اگر کسی میں جمعہ کی رات یا ہفتہ وغیرہ کا دن لکھا ہوا ہے تو اس آپ اپنی صورت حال کو دیکھ کر خود مقرر کر سکتے ہیں۔
(۲۷)۔سخت جادو اور جنات کے اعمال میں اور دفع مصیبت کے اعمال کے لئے مریض اور عامل دونوں کی طرف سے صدقہ دینا لازم ہے،بہتر تو یہ ہے کہ جن اور جادو کے علاج میں نہ ہی پڑیں۔
(۲۸) درود شریف اور بسم اللہ ہر عمل کا لازمی حصہ ہے، جب ہی کوئی عمل پڑھیں تو اول بسم اللہ شریف اور پھر درود پاک کم ازکم گیارہ مرتبہ پڑھیں اور بہتر یہ ہے کہ درود ابراہیمی پڑھیں اور ٹائم سے نہ ڈریں کیونکہ درود بذات خود ایک اہم عبادت اور اہم دعا ہے اور ہر وظیفہ وعمل کو جز واعظم ہے جتنا درود زیادہ پڑھیں گے اتنا آپ کے عمل میں اثر زیادہ ہوگا۔اور بعض اعمال جلالی ہوتے ہیں یا بعض اعمال کاری ایکشن سخت ہوتا ہے ان کا حل بھی درود شریف ہی ہے۔اور درود شریف کے اتنے منافع ہیں جن کو بیان نہیں کیا جا سکتا جن کا عامل خود مشاہدہ کرے گا،اس لئے دوبارہ تنبیہ کی جاتی ہے کہ جتنا ممکن ہو درود شریف زیادہ پڑھیں۔
(۲۹) محبت کے اعمال غلط راہ پر استعمال نہیں کرنے ،صرف اور صرف جائز محبت کے لئے استعمال کرنے ہیں،اسی طرح عداوت کے،اگر کسی نے غلط اور ناجائز استعمال کیا اول تو ان شاءاللہ وہاں چلے گا بھی نہیں ،دوسری بات یہ ہے کہ عامل کے اپنے سر پر الٹا اثر ہو جائے گا جس کا عامل خود ذمہ دار ہوگا،مصنف کا اس

سے کوئی تعلق نہیں۔

(۳۰)اور عداوت کے کام میں بسم اللہ شریف اور درود شریف نہیں پڑھنا۔

(۳۱)اپنا وظیفہ تسلی سے پڑھیں، جلد بازی نہ کریں، حروف کی صحیح ادائگی کرنی ہے۔

عملیات سائنسی نظر سے

اگر آپ عملیات کو سائنسی نقطہ نظر سے دیکھنا چاہتے ہیں تو اس طرح کریں کہ کوئی بھی درد کا مریض ہو اس کو بٹھائیں اور مقام درد پر "بسم اللہ الرحمن الرحیم "ایک ہی سانس میں سات مرتبہ پڑھ کر پھونک ماریں اور تین یا چار مرتبہ دم کر کے مریض سے پوچھتے جائیں کہ درد کہاں ہے، تو درد دوڑتا ہوا دوسرے مقام پر چلا جائے گا، پھر وہاں پھونک ماریں، اسی طرح درد دفع ہو جائے گا۔

(۲) جہاں درد ہو وہاں اپنی انگشت شہادت سے یہ حروف لکیں "لِیُعَذِّبَھُمْ" جہاں درد بھاگتا جائے وہاں لکھتے جائیں۔

()اسی طرح بسم اللہ شریف یا۷۸۶ مقام درد پر لکھیں اگر میرض دور ہو تو اس کا تصور کر کے خلا میں انگلی سے لکھیں تو فوری درد موقوف ہو جاتا ہے۔

(۳)"ا ب ج د ہ و ز ح ط " یہ حروف لکھ لیں اور درد زدہ کو کہیں کہ وہ مقام درد پر ہاتھ رکھے اور آپ اس کاغذ کو دیوار وغیرہ کے سامے رکھ کر پہلے حرف میں کیل لگائیں اور اس سے پوچھیں کہ درد باقی ہے یا گیا؟ اگر باقی ہے تو دوسرے حرف پر کیل لگائیں، اسی طرح پوچھتے جائیں، ان حروف میں سے کسی حرف پر اس کا درد چلا جائے گا۔

اگر تجربہ کی بنیاد پر اسی طرح ہو جاتا ہے تو اس کے اثر سے انکار کرنا اس طرح ہے جیسے کوئی شخص دن کے بارہ بجے سورج کو دیکھ کر کہے کہ اب دن نہیں بلکہ رات ہے۔ یہی حال ہے مادہ پرستوں اور مغرب کے ڈسے ہوئے نادانوں کا۔

اس اثر اور جادو کے اثر کا فرق

یاد رہے کہ جادو وہ ہے جس میں شیطان سے مدد لی گئی ہو اور کفریہ کلمات یا مشتبہ کلمات ہوں۔ لیکن مندرجہ بالا اعمال میں ایک قرآن مجید کی آیت بسم اللہ شریف ہے اور ایک قرآن مجید کا لفظ ''لیعذ بہم'' ہے اور حروف تہجی سے وہ حروف ہیں جو قرآن مجید میں استعمال ہوئے ہیں۔ ان کو جادو سے ملانا جہالت اور بدعت ہے۔

مستجاب الدعوات لوگ

کچھ ایسے لوگ ہیں جن کی دعا اللہ تبارک وتعالی جلدی قبول فرماتے ہیں، ان کی لسٹ دی جا رہی ہے

(۱) والدین کی اپنی اولاد کے لئے دعا۔

(۲) نیک اولاد کی والدین کے لئے دعا۔

(۳) مجبور و مظلوم کی دعا۔

(۴) مسافر کی دعا۔

(۵) روزہ دار کی دعا۔

(۶) تنگدستی میں ان لوگوں کی دعا جو خوشحالی میں بکثرت دعا مانگا کرتے تھے۔

(۷) مریض کی دعا۔

(۸) رات کے آخری حصہ میں۔

(۹) رات کی اچانک بیداری کے وقت۔

(۱۰) آذان اور اقامت کے درمیان۔

(۱۱) میدان جہاد میں۔

(۱۲) آب زمزم پیتے وقت، جس نیت سے پیئے وہ اللہ تعالی پوری فرماتا ہے۔

(۱۳) دعا میں جلد بازی نہ کرنا۔

(۱۴) ایسی دعا کرنا جو قرآن وسنت میں منقول ہے۔

(۱۵) عذاب کی دعا نہ مانگنا۔

(۱۶) دعا میں اشعار وقافیہ سے احتراز کرنا۔

(۱۷) فرض نمازوں کے بعد۔

(۱۸) آیت کریمہ " **لاالہ الا انت سبحنک الخ** " پڑھ کر دعا مانگنے والا۔

(۱۹) حاکم عادل کی دعا۔

(۲۰) اپنے بھائی مسلمان کی عدم موجودگی میں دعا مانگنا۔

(۲۱) آذان کا جواب دے کر دعا مانگنا۔

(۲۲) مرغ کی آذان کے وقت دعا۔

(۱۳) مردے کی آنکھیں بند کرتے وقت۔

کیونکہ اس وقت جو خیر کی دعا مانگتا ہے، اس پر فرشتے آمین کہتے ہیں **(فقال لا تدعوا علی انفسکم ا لا بخیر فان الملئکة یؤمنون علی ما تقلولون،** صحیح مسلم)

(۲۴) لیلۃ القدر کی رات۔

(۲۵) بارش کے وقت۔

قال رسول الله ﷺ ثنتان لا تردان الدعاء عند النداء و تحت المطر
(المستدرک الحاکم صحیح)

(۲۶) حاجی، عمرہ کرنے والے اور مجاہد کی دعا۔

(۲۷) رزق حلال کھانے والے کی دعا۔

(۲۸) جمعہ کے دن ایک خاص گھڑی۔

نوٹ:

اس کا مطلب ہے کہ عموماً ان لوگوں کی دعائیں قبول ہوتی ہیں، اگر اللہ تعالی کے علم میں ان کا کوئی ایسا گناہ ہے جو قبولیت میں آڑے ہے تو ممکن ہے کہ ان کی دعائیں رد کر دی جائیں۔ اللہ تعالی کی بے نیازی و بے پرواہی کے سامنے کوئی بھی چوں چرا نہیں کرسکتا۔

﴾جن کی دعائیں قبول نہیں ہوتیں﴿

(۱) غلط اعتقاد والا شخص، شرک کرنے والا اور بدعات پھیلانے والا۔

(۲) غیر مخلص و غافلِ دل سے دعا کرنے والا۔

(۳) جس کی روزی حلال نہ ہو۔

(۴) فرائض و واجبات کا تارک۔

(۵) بدچلن و بدکردار بیوی کا شوہر (دیوث، بے غیرت، جو اپنے اہل کو غیر محرم لوگوں سے ملائے)

(۶) مالی معاملات میں لاپرواہی برتنے والا۔

(۷) مال و دولت کو نااہل لوگوں کے سپرد کرنے والا۔

نوٹ:

قبول نہ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ عموماً اس حال میں ان کی دعا قبول نہیں ہوتی، اگر وہ رجوع و توبہ کا ارادہ رکھتے ہیں، تو اللہ تعالی کی رحمت بہت وسیع ہے، اس کی رحمت کو کوئی روک نہیں سکتا۔

دعا کے قبول و رد ہونے کی پہچان

یاد رہے کہ دعا کے قبول و رد ہونے کو پہچاننا مشکل ہے کیونکہ دعا کی قبولیت کے تین طریقے ہیں

اللہ تعالی وہی چیز عطا فرماتا ہے جو مانگ رہا ہے۔

اللہ تعالی اس کی بجائے اس سے کوئی بہتر چیز عطا فرماتا ہے۔

اللہ تعالی اس کو اس وقت کچھ بھی نہیں دیتا اور وہ دعا آخرت کے لئے ذخیرہ رکھ دی جاتی ہے آکرت میں اللہ تعالی اس کا اجر عنایت فرمائیں گے یہ آخری قبولیت زیادہ بہتر ہے۔

اس لئے جس نے کوئی دعا مانگی اس کو وہ چیز نہ ملی تو یہ نہیں سمجھنا چاہئے کہ اس کی دعا قبول نہیں ہوئی۔

اور جس نے مانگا اس کو وہ چیز اگر مل گئی تو یہ نہیں کہا جاسکتا کہ اللہ تعالی کی بارگاہ میں اس کی دعا قبول ہوگئی ہے کیونکہ بعض اوقات شیطان حرکت کر دیتا ہے، جیسا کہ مشرکین بتوں درختوں اور پتھروں سے مانگتے ہیں وہ مراد ان کی پوری ہو جاتی ہے اور جو اللہ تعالی کو نہیں مانتا اس کی مرادیں بھی پوری ہوتی ہیں تو یہ نہیں کہا جاسکتا

ہے کہ مرادیں آٹو میٹک پوری ہوتی ہیں اللہ تعالی کا کوئی وجود نہیں یا بت پتھر یا درخت مرادوں کو پورا کرتے ہیں یا یہ بندے اللہ تعالی کے مقبول بندے ہیں۔

دعا کی قبولیت کے مقامات

(۱) بیت اللہ شریف میں۔

(۲) صفا ومروہ پر۔

(۳) جمرہ صغری اور جمرہ وسطی کے پاس۔

(۴) مشعر الحرام کے پاس۔

(۵) ملتزم (حجر اسود اور باب کعبہ کی درمیان کی جگہ۔

(۶) مطاف (جائے طواف) مسعیٰ (جائے سعی) میدان عرفات، مزدلفہ اور منی۔

(۷) مسجد نبوی۔

نوٹ:

روضہ رسول ﷺ بھی مسجد نبوی کا حصہ ہے اور ریاض جنت ہے، اس کے ساتھ کھڑے ہو کر قبلہ کی طرف رخ کر کے اگر اللہ تعالی سے دعا مانگی جائے تو اللہ تعالی قبول فرمائیں گے۔

(۸) مسجد اقصٰی۔

نوٹ:

ان کے علاوہ ساری زمین ہمیشہ کھلی ہوئی ہے، جہاں چاہے انسان اللہ تعالی سے دعا مانگے لیکن ان میں سے کوئی مقام خاص نہیں ہے کہ یہاں دعا جلدی قبول ہوگی اور یہاں دیر سے۔ مثلاً کسی کی قبر کے پاس کھڑے ہوں یا کسی کی مزار پر یا درخت کی چوٹی پر چڑھ کر یا زمین میں کسی غار یا سرنگ میں یہ سارے مقامات دعا کی قبولیت کے لئے برابر ہیں۔

دعا کا قبول ہونا اور بزرگوں کے تجربات

و اذا جائتھم آیة قالوا لن نومن حتی نوتی مثل ما اوتی رسل الله الله اعلم حیث یجعل رسالته

ان آیات میں جہاں لفظ ’’اللہ‘‘ دومرتبہ واقع ہے، تو ان کے درمیان جو شخص جو بھی دعا مانگے گا اللہ تعالیٰ قبول فرمائیں گے۔

(۲) ایک اور عمل

جمعہ کے دن بعد نماز عصر خلوت میں ستر بار ’’آیۃ الکرسی‘‘ پڑھنے سے قلب میں ایک عجیب کیفیت پیدا ہوتی ہے، اس وقت جو دعا مانگیں وہ انشاء اللہ قبول ہوگی۔

(۳) ایک اور عمل

’’**حسبنا الله و نعم الو کیل**‘‘ کوئی اگر انتہائی عاجزی وانکساری سے ۱۰۰۰ مرتبہ پڑھا جائے اس کے بعد دعا مانگی جائے تو انشاءاللہ قبول ہوتی ہے۔

مستجاب الدعوات ہونا

اگر کوئی چاہے کی میری دعائیں اللہ تعالیٰ قبول فرمائے تو اسم اعظم پیش کیا جاتا ہے جس کی بہت خصوصیات ہیں منجملہ یہ کہ بادشاہوں اور حکام کو مسخر کرنا، رجوع خلق کا ہونا، قلبی پاکائی حاصل ہونا، گناہوں سے نجات ملنا، جن، انس اور طیور وغیرہ مسخر ہوں، وہ اسم اعظم یہ ہے ’’**یا اللّٰہ یا ھُوَ**‘‘
اس اسم کو بارہ ہزار مرتبہ بعد از نماز عشاء زیادہ بہتر ہے ورنہ کسی بھی وقت۔

اسرار الاولیاء

اگر کسی کو غم یا الم ہو تو جمعہ کی رات غسل کر کے خلوت میں بیٹھ جائے اور کسی سے بات نہ کرے اور عشاء کی نماز کے بعد وتر کی تیسری رکعت میں دوسرے سجدہ میں ’’**یا الله یا رحمن یا حی یا قیوم برحمتک استغیث**‘‘ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے یہ عمل اسرار الولیاء میں سے ہے۔

دعا قبول ہونے کا مجرب عمل

قرآن مجید میں چودہ سجدے ہیں، وہ سجدوں والی آیات پڑھیں اور سجدہ کریں سجدہ میں ہی سجدہ کی تسبیح پانچ یا سات بار پڑھیں اور دل میں اپنے مقصد کی دعا کریں اور چودہ سجدوں سے فارغ ہونے کے بعد اپنے مقصد کے لئے اللہ تعالی سے دعا کریں انشاءاللہ قبول ہوگی۔

دیگر

عصر نماز کے بعد جائے نماز ربیٹھ جائیں اور مغرب تک یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم بے تعداد پڑھتے رہیں اسی طرح تین جمعہ تک کریں اور اپنے مقصد کی دعا مانگتے رہیں

مستجاب الدعوات ہونے کا عمل

پچیس یا ستائیس مرتبہ مومنین ومومنات کے لئے روزانہ مغفرت کی دعا مانگنے سے اللہ تعالی مشکلات آسان کرتے ہیں۔اور دعائیں قبول فرماتے ہیں۔درج ذیل عربی میں دعا یاد کرلیں اور یہی ۲۷ مرتبہ ہر روز پڑھیں۔

اللھم اغفر لی ولوالدی و جمیع المومنین والمومنات والمسلمین والمسلمات من الجنة والناس

(۴) مسنون دعائیں

جاننا چاہئے کہ دعا کوئی ایسی بھلائی نہیں ہے جس کو ہمارے نبی حضرت محمد ﷺ نے حاصل نہ کی ہو اور کوئی ایسی بھلائی نہیں ہے جس کو ہمارے نبی ﷺ نے اپنی پیاری امت سے چھپا رکھی ہو۔قرآن مجید میں انبیاء کرام علیہم السلام کی دعائیں اللہ تعالی نے ذکر فرمائی ہیں اور ہمارے نبی حضرت محمد ﷺ نے جان نثاروں نے اپنے نبی ﷺ کی پیاری دعائیں نقل فرما کر اس امت کے سامنے پیش کیا ہے جو کہ کتبِ حدیث میں موجود ہیں، بہتر تو یہ ہے کہ وہی مسنون ومنقول دعائیں ہی اپنا معمول بنائی جائیں، اور پھر ان میں اتنے فوائد ہیں جو بیان کرنے سے باہر ہیں، وہ ان کو پتہ ہے جنہوں نے ان کو اپنا وظیفہ بنایا ہے۔

غیر مسنون دعا

لیکن اگر کوئی شص عربی کی بجائے اگر یوں کہتا ہے

اے میرے اللہ! مجھے معاف فرما

کریما بجشای برحال ما

یا

پادشاہا جرم ما رادر گذار   ما گنہگار یم تو آمرز گار

یا

O God! forgive me

تو کیا اللہ تعالی اس کو معافی دیں گے یا نہیں؟

ظاہر ہے کہ بندہ جن بھی الفاظ سے اللہ تعالی کی طرف رجوع کرے گا وہ دعا اور عبادت شمار ہوگی اور اللہ تعالی ضرور رحم وکرم فرمائیں گے، لہذا اللہ تعالی کی رحمت کو عربی میں محدود کرنا اور ان کو منقول الفاظ سے محدود کرنا ضروری نہیں ہے۔

اور جہال، احساس کمتری کے ذہنی مریض، جعلی پیروں اور بدعتی ملاؤں کو سمجھانے کے لئے عرض کرتا ہوں کہ اگر چہ ہم مسنون دعاؤں سے مستفید ہوتے ہیں تو اس کے علاوہ جو آیات واسماء ہیں جن میں ہم نے حکمت واسرار دیکھے ہیں، ہم ان کو بھی جانتے ہیں اور ان پر کسی پیر، کسی ملا کی کوئی اجارہ داری نہیں ہے۔

جاننا چاہئے کہ اللہ تعالی نے انسان پر احسان عظیم فرما کر اپنے پیغمبر ورسل بھیجے ہیں اور انہوں نے تمام بھلائیاں جمع کرلیں اور امت کو پہنچائیں اور ان کی کھلی اور عام دعوت ہے، کوئی بھی انسان ہو، کسی عقیدہ سے تعلق رکھتا ہو، ان کی دعوت کو قبول کر کے دین ودنیا کی بھلائیاں حاصل کرسکتا ہے۔ اور وہی اللہ تعالی کا ولی ہے، اس کو چاہئے کہ اس ولایت میں آگے بڑھے، اور یہ ان کا فیض عام ہے، قیامت تک کے لئے اور اس پر کسی کی کوئی اجارہ داری نہیں ہے۔

مسنون اذکار اور غیر مسنون کا فرق

مسنون اذکار کے متعلق بہت کتب علماء کرام نے لکھی ہیں۔اوران کا پڑھنا ہی بہتر ہے لیکن کسی کو اگر کسی قرآن مجید کی آیت یا کسی دعا یا کسی غیر شرکیہ منتر سے کوئی نفع ہوا ہے تو اس عمل کے اختیار کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے اور وہ شخص حدیث ''خیر الناس من ینفع الناس '' کے حکم میں داخل ہے اور اللہ تعالی کی رحمت اتنی وسیع ہے جس کو چند معدود حروف میں محصور نہیں کیا جاسکتا،اور قرآن مجید تمام رموز کا خزانہ ہے قیامت تک اس کے رموز کھلتے رہیں گے اور کلمات طیبہ کی حکمتیں قیامت تک نئی نئی شان میں ظاہر ہوتی رہیں گی،ان کا انکار کرنا جہالت اور نادانی ہے اور ہمارے نبی ﷺ نے اسلام کے احکام پورے کے پورے پہنچائے ہیں،ان میں نہ کمی کی جاسکتی ہے نہ اضافہ۔لیکن یہ اعمال احکام الٰہی نہیں ہیں،نہ ان کا تبلیغِ رسالت سے تعلق ہے،اس لئے رسول اللہ ﷺ پر لازم نہیں کہ سارے اسرار ورموز تفصیل سے امت کو بتائیں،انہوں نے ایک ہی جملہ میں سارے موضوع کو کور کر دیا ہے اور اللہ تعالی نے قرآن کریم میں ایک ہی جملہ سے قصہ ختم کر دیا ہے،کہ قران مجید شفاء ہے۔

عن ابی ہریرہ ؓ قال قال النبی ﷺ اذا وقع الذباب فی شراب احدکم فلیغمسه ثم لینزعه فان احدی جناحیه داء والاخری شفاء(صحیح بخاری ۳۳۲۰)

رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں کہ مکھی کے ایک پر میں شفا ہے۔

قال رسول الله ﷺ الکماة من المن ومائها شفاء للعین

فرمایا کہ آنکھ کے لئے کھنبی کے پانی میں شفاء ہے۔

شہد اور کلونجی میں

ان هذه الحبة السوداء شفاء من کل داء الا من السام

رسول اللہ ﷺ نے حجامت،شہد،کلونجی کے متعلق فرمایا کہ اس میں شفاء ہے۔اگر آپ مندرجہ بالا چیزوں میں شفا مان لیتے ہیں تو قرآن مجید میں شفا ماننے سے کون سی چیز مانع ہے؟

تو قرآن مجید میں شفاء کا کسی صورت میں انکار نہیں کیا جاسکتا،تو اس کے ایک ایک حرف میں شفاء ہے تو کیا شفاء حاصل کرنا شرک یا بدعت ہوگیا؟ کیا ہر عمل کے لئے صحیح یا حسن حدیث کا ہونا ضروری ہے؟

جب آپ ڈاکٹر کے پاس جاتے ہیں کبھی یہ بھی دیکھا کہ اس نے گولیوں سیرپوں کے بنڈل پکڑادئے ہیں اور پانچ انجیکشنیں بھی لگالی ہیں، وہ کبھی دیکھا کہ وہ صحیح یا حسن حدیث سے ثابت تھیں؟

آپ کو پتہ تھا کہ ان ادویہ میں کتنی حرام چیزیں مکس تھیں؟

لیکن جب ہم نے پاک وصاف رہنے کی بات کی اور قرآن مجید کی کسی آیت پڑھنے کی بات کی جس کے ایک ایک حرف پڑھنے سے اللہ تعالی نے دس دس نیکیوں کا وعدہ فرمایا ہے جس کا ایک ایک حرف رحمتوں اور حکمتوں سے پر ہے تو وہاں یہ سوال ہوا کہ اس آیت کے پڑھنے کے لئے ہمیں صحیح یا حسن حدیث بتاؤ۔ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے خیر کثیر کو بیچ کر محرومی و ناکامی مول لی، اور روایات کی صحت وضعف کے چکر میں پھنس گئے اور کروڑوں سے زیادہ قیمتی موتیوں کو اٹھا کر اہل بدعت کے حوالے کر دیا اور جاہل عوام کو بدعتی پیروں اور ملاؤں کی طرف ریفر کر دیا۔ جس سے سادہ مسلمین کو سخت نقصان پہنچا ہے۔ ان کو چاہئے کہ یہ اپنی گم شدہ میراث سنبھال لیں اور جاہل عوام کا رخ صحیح سمت کی طرف پھیرنے کی کوشش کریں۔

مرشد کی اجازت کی ضرورت

مثلاً بعض لوگوں کا خیال ہے کہ مرشد جب تک اجازت نہ دے یا کوئی عامل اجازت نہ دے تو عمل پورا نہیں ہوتا یا فائدہ نہیں ہوتا یا فائدہ کی بجائے نقصان ہوتا ہے، اور فلاں وظیفہ کا فلاں شخص حاکم ہے، جب تک اس کی روح کو ایصال ثواب نہ ہوگا تو وظیفہ کارگر نہ ہوگا۔

اس خیال کی حقیقت

جب اللہ تعالی نے حکمت وشفا اور برکتوں سے بھرا ہوا قرآن مجید نازل فرمایا تھا اس وقت ان عاملوں میں سے کوئی بھی عامل نہیں تھا اور اس قرآن مجید اور احادیث رسول ﷺ اور کلمات طیبہ سے مومن برکتیں حاصل کرتے رہے ہیں، اور کسی نے کسی سے اجازت لینے کی تکلیف نہیں کی لہذا آپ بھی کسی سے اجازت کی کوئی غرض نہ رکھیں۔ اور اللہ تعالی سے زیادہ کونسا مرشد ہوسکتا ہے پھر نبی کریم ﷺ سے بڑا کونسا مرشد ہوا سکتا ہے؟ اللہ تبارک وتعالی حقیقی اور پہلے مرشد ہیں اور حضرت محمد ﷺ دوسرے مرشد ہیں اور بس۔

غیر رسول مرشد کی مثال

یہ اس طرح ہے کہ روٹی کھانے سے بھوک کا خاتمہ اور پانی پینے سے پیاس کا خاتمہ ہوتا ہے، یا سب کو پتہ ہے کہ ڈسپرین گولی کھانے سے سر درد کو افاقہ ہوگا لیکن کوئی کہے کہ میں روٹی اس وقت کھاؤں گا جب نتھو خان اجازت دے گا، ورنہ میری بھوک کا تدارک نہیں ہوگا۔ یا ڈسپرین گولی اس وقت کھاؤں گا کہ پنجو خان اجازت دے کیونکہ تمام ادویہ اسکے قبضے میں ہیں۔ آپ کیا سمجھتے ہیں وہ شخص پاگل ہوگا یا نہیں؟ اسلئے آپ بے دھڑک عمل کریں، کسی سے نہ پوچھیں، بلکہ کسی کو بتائیں بھی نہیں، اس سے عمل کو زیادہ قوت ہوگی، اور ان آیات قرآنیہ اور اسماء طیبہ میں کوئی سائیڈ ڈفلٹ بھی نہیں ہے۔

اجازت والا ڈرامہ

عاملین نے اجازت کی ضرورت کو اس لئے مدنظر رکھا ہے کہ کوئی جاہل، بدعتی، بے دین اس چیز کو حاصل کر کے پیر بن کر نہ بیٹھ جائے۔ لیکن ان کا یہ ڈرامہ نہ چل سکا، جاہلوں اور بدعتیوں نے اپنے اڈے قائم کر لئے ہیں، اور انہوں نے اس پر اجارہ داری بھی قائم کر لی ہے۔ اگر اجازت درکار ہے تو ان کو جاہل اور بدعتی پیروں سے اجازت عام مل چکی ہے۔ اجازت دینے والوں کی بازار بھی چل رہی ہے۔

اجازت کا ایک محل

ہاں! شیطانی کام میں بڑے گرو کی اجازت درکار ہوتی ہے جیسے جادو، نجوم، ہمزاد و جنات سے دوستی لگانے کے لئے بڑے گرو کی اجازت اس لئے درکار ہوتی ہے کہ جب شیطان حملہ کرے تا کہ بڑا گرو اس کے ہٹانے کے بہانے سے دو شیطان اور بھی مسلط کروا دے اور پیسے بھی بٹور لے۔ آپ سالانہ نجومیوں کی جنتریوں میں دیکھیں کہ ان میں نجومیوں اور عاملین کے اشتہار آتے ہیں اور جنوں کو قابو کرنے کا عمل لکھ کر پھر لکھتے ہیں کہ اس کی اجازت ہم سے لیں۔ جب آپ اجازت کے لئے رابطہ کریں گے تو کہیں گے کہ ۲۰۰۰۰ بھیجو تو پھر اجازت نامہ ملے گا، تو ایک کراچی کا رہنے والا اگر بیس ہزار بھیج بھی دے اور اجازت نامہ لے لے تو اس کو عمل کرتے وقت جب جن پکڑ کر بے ہوش کر کے پھینک دیں تو لاہور کا نجومی کیا نفع پہنچائے گا؟ بس یہ شیطان تھا نقصان پہنچا کر بھاگ گیا، اب آپ خود جانیں اور آپ کا کام۔

اجازت کی اصلی ضرورت

بعض ایسے کام ہیں جن کا جنات اور جادو سے واسطہ ہے جیسے جنات وجادو کے مریض کا علاج کرنا یا ایسا کام کرنا جن کا جنات سے واسطہ ہے تو ایسے کاموں میں استاد کی اجازت ضروری ہے تا کہ شاگر کو عملی طور پر وہ کام کروائے، ایسا نہ ہو کہ شاگرد تھوڑی سی خطا کی وجہ سے ساری زندگی سزا بھگتے، جس طرح ایسا ڈرائیور جس کی صحیح ٹریننگ نہیں، اس نے گاڑی چلائی، اگر کہیں ایکسیڈنٹ کیا تو اس کا کوئی حل نہیں ہے، اس لئے خطرناک کاموں میں صاحبِ کتاب سے اجازت لیں۔

اور محبت اور عداوت وغیرہ کے کاموں میں بھی صاحبِ کتاب سے اجازت اس لئے ضروری ہے تا کہ عامل کسی ناجائز کام میں عمل نہ کرے۔ مصنف سے اجازت لیں گے تو وہ شرعی جواز دیکھ کر اجازت دے گا۔ یا اس محبت یا عداوت کا شرعی جواز کسی بھی عالمِ حدیث باعمل سے پوچھ لیں۔

پتہ:

ڈاکٹر، حکیم، حافظ غلام مصطفیٰ فون نمبر 03085608024

ایک نفسیاتی بیماری احساس کمتری

اصل میں یہ ہے کہ بہت دنیا اس مرض میں مبتلا ہے اور یہ ایک ذہنی اور دماغی مرض ہے جس کو احساس کمتری کہا جاتا ہے، یہ جہال سمجھتے ہیں کہ ہم بالکل گئے گذرے ہیں اور فلان فلان بزرگ کلام کے انتہاء کو پہنچ گئے ہیں اور ہم ایسے کمال کو پہنچ ہی نہیں سکتے۔

اصل بات یہ ہے کہ کوئی بھی انسان جب کلمہ پڑھ کر اسلام قبول کر لیتا ہے اور شیطان سے برات کر لیتا ہے، وہ اسی وقت کمال کو پہنچ جاتا ہے، وہ اسی وقت اللہ کا ولی بن جاتا ہے، اب اگر وہ اللہ کے دین کا علم حاصل کرے اور دین پر مکمل چلے تو وہ اللہ تعالیٰ کا بڑا ولی بن گیا ہے۔ اگر کوئی صرف نماز کی پابندی شروع کر دے تو اس نے بہت کرامات اکٹھی کر لی ہیں، کیا "**بسم الله الرحمن الرحيم**" یا "سورۃ فاتحہ" یا کلمہ "**لاالٰه الا الله محمد رسول الله**" کوئی تھوڑی چیز ہے؟ کیا یہ تھوڑی دولت ہے؟ یہ ساری دولتیں ایک مومن نے جمع کر لی ہیں، اب صرف ان کے استعمال سے بے خبر اور غافل ہے، اپنی اس غفلت کا پردہ

چاک کر کے دل کھول کر آپ اللہ تعالیٰ کے کلمات استعمال کریں اور دنیا و آخرت کے فیض حاصل کریں۔

جہالت اور شیطان کے حملوں کا تدارک

اصل بات ہم نے عرض کی ہے کہ شیطان کو چھوڑ ا اور اللہ پر ایمان لانا ہی اللہ تعالی کی ولایت ہے، تو جب آپ اللہ کے ولی ہونگے تو شیطان زیادہ حملے کرے گا، پھر ان حملوں سے اپنے آپ کو بچانا ہی کمالِ ولایت ہے، تو شیطان کے مختلف روپ ہونگے کچھ ذیل میں ذکر کئے جاتے ہیں۔

(ا) نفسیاتی مرض احساس برتری میں مبتلا کرنا

جب انسان اس راہ پر (عملیات کے میدان میں) چلتا ہے تو خصوصی طور پر شیطان کی طرف سے اس کو ایک نفسیاتی وذہنی بیماری لاحق ہوتی ہے جس کو ''خود پسندی، خود بینی، احساس برتری اور Over clever کہا جاتا ہے۔

اس میں انسان سمجھتا ہے کہ میں بڑی ہستی ہوگیا ہوں اور ولایت کے سارے مراحل میں نے طے کر لئے ہیں اور مجھ سے بڑھ کر کوئی ولی یا فقیر نہیں ہوسکتا۔ اس طرح کے ۳ مریضوں سے میرا واسطہ پڑا۔

تین شخصوں کے کارنامے اور مقامِ عبرت

(ا) ایک شخص ''خزینہ عملیات'' کتاب بازار سے لے آیا، اس سے چند عمل کئے تو جب میں ان سے ملتا تو وہ اپنی کرامتیں مجھے سناتا تھا اور میرے کان کھا گیا، میں اچانک اٹھ کر بھاک جاتا تھا پھر نجات پاتا تھا، اور اس کا دعوی تھا کہ دنیا میں جہاں بھی کوئی بھلائی کا کام ہوا تو وہ کہتا تھا کہ یہ سب کچھ میری دعا سے ہوا ہے۔ اگر کہیں کوئی حادثہ وغیرہ کی خبر اخبار میں آتی تو کہتا کہ میری زبان سے اس طرح کی بات نکلی تھی اس لئے یہ ہوا ہے۔ لیکن وہ شخص فوت ہوگیا۔

(۲) ایک دوسرا شخص، اسکا دعوی ہے کہ میں دنیا کا اول نمبر بزرگ ہوں اور اس کا دعوی ہے کہ میں جب نماز پر کھڑا ہوتا ہوں تو کعبہ شریف مجھے نظر آرہا ہوتا ہے اور حکمت کے دو تین ٹوٹکے یاد کر کے دعوی کرتا ہے کہ دنیا کے سب حکیم بے وقوف ہیں اور میں بڑا حکیم ہوں، ایک دوست نے بتایا کہ یہ اپنی کرامتیں سنا سنا کر ہمارے کان کھا گیا ہے۔

(۳) ایک کوئی ادھورا مولوی ہے، وہ مدارس میں مکمل تعلیم حاصل نہ کرسکا، اپنی بدکرداری اور بداخلاقی کی

وجہ سے مدارس سے بھاگ گیا اور استادوں نے نکال دیا، وہ چند کتب کا مطالعہ کر کے اب دعویٰ کرتا ہے کہ ساری دنیا میں مجھ جیسا کوئی عالم ہو ہی نہیں سکتا اور تیس سالوں میں چار مذاہب بدلے اور وہ دنیا کے تمام معاملات میں کسی کی بات سننے کے لئے تیار ہی نہیں۔

اسی طرح شیطان مولویوں، مقرروں، نعت خوانوں، حکماء، ہنر مند، اور گویوں کو اس ذہنی مرض کا مبتلا بناتا ہے اور اس کو غور وفکر کرنے اور سوچنے کا موقع بھی نہیں دیتا۔

اس بیماری کا علاج

آپ نے پہلے پڑھا کہ احساس کمتری بھی ایک نفسیاتی بیماری ہے جو تقریبا تمام جہال کو جس نے گھیرے میں ڈالا ہوا ہے لیکن اس کا علاج موجود ہے لیکن احساس برتری Over Claver والا انسان حماقت اور جہالت کے ایسے مقام پر پہنچا ہوتا ہے کہ اس کا علاج ممکن ہی نہیں ہے، کیوں کہ یہ اپنی جہالت اور حماقت کی وجہ سے کسی کی بات سننے کے لئے بھی تیار نہیں ہوتا، یہ سمجھتا ہے ہر چیز میں ہوں یا میرا پیر ہر چیز ہے، تو اس کو کون سمجھائے؟ اور کیسے کوئی سمجھائے۔ اس لئے میں نے ان دوستوں سے کنارہ کشی اختیار کر لی ہے اور اسی میں اپنی عافیت سمجھی ہے۔

حضرت امام اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

مجھے یہ خبر پہنچی ہے کہ سیدنا حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے پوچھا گیا کہ اے روح اللہ! آپ مردوں کو زندہ کرتے ہیں؟ فرمایا ہاں: اللہ تعالیٰ کے حکم سے، پھر پوچھا آپ مادرزاد اندھوں کو بینا کرتے ہیں؟ فرمایا: ہاں اللہ تعالیٰ کے حکم سے۔ پھر پوچھا کہ حماقت کا کیا علاج ہے؟ فرمایا: اسی چیز نے مجھے تھکا دیا ہے (یعنی میں اس کے علاج سے عاجز آچکا ہوں) (احمقوں کی دنیا)

امید کی کرن

ایسے نادان اور جاہل لوگوں کے لئے امید ہے کہ حضرت امام ابن جوزی رحمۃ اللہ کی کتاب ''احمقوں کی دنیا'' اور کتاب ''تلبیس ابلیس'' نفع مند ثابت ہوگی، ایسے جہلاء کو اللہ تعالیٰ اس کتاب کے مطالعہ کرنے اور سمجھنے کی توفیق دے۔

عامل کے لئے شیطانی پھندے

یادرہے کہ جو شخص کوئی ایک بھی عمل حاصل کرلیتا ہے تو شیطان اس کے خلاف اپنی جال بچھا دیتا ہے اور عامل کی اصلی اور بڑی کرامت یہ ہے کہ شیطانی پھندوں سے بچ جائے اور شریعت محمدی پر چلے ،ذیل میں کچھ پھندے بیان کئے جاتے ہیں۔

(ا) احساس برتری کا مرض لاحق ہونا

اگر آپ کے دم سے کسی کو اللہ تعالی نے شفا دے دی تو شیطان چوک دے دے گا کہ تو تو اللہ تعالی کا کامل ولی بن گیا ہے اور تو بڑی ہستی ہو گیا ہے، دیکھو کیسے لوگ آپ کی طرف رجوع کر رہے ہیں۔ایک ہمارا دوست ہے، اس کے پاس بہت عورتیں آتی ہیں تو وہ بہت چوڑا ہو جاتا ہے اور سمجھتا ہے کہ میں بڑا ولی اللہ ہوں۔ دیکھیں کیسے عورتیں میرے پاس خود بخود آ رہی ہیں، لہذا ایسے حال میں اللہ تعالی کا شکر کریں اور شریعت کے مطابق پردے کے اہتمام کرنے کی کوشش کریں اور عورتوں سے جتنا ممکن ہو گریز کریں اور ان کے فتنے سے اللہ تعالی کی پناہ مانگیں۔

شیخ سعدی ”گلستان“ میں ایک بزرگ کی حکایت بیان کرتے ہیں کہ وہ اپنی کرامت بتا رہے تھے کہ میں مراقبہ میں جنت میں پہنچا اور ایک پھول کی خوشبو آئی، اس سے میں مست ہو گیا اور وہ پھول میرے ہاتھ سے چھوٹ گیا۔

اے مرغِ سحر عشق ز پروانہ بیاموز	کاں سوختہ را جاں شد و آواز نیامد
اے صبح کے پرند! عشق پروانہ سے سیکھ	اس دل جلے کی جان چلی گئی اور آواز نہ نکلی
ایں مدّعیاں درِ طلبش بے خبر انند	کاں را کہ خبر شد خبرش باز نیامد
یہ اس کی طلب کے مدعی بے خبر ہیں	کیوں کہ جس کو خبر ہوئی پھر اس کی خبر نہ آئی

شیخ عطار فرماتے ہیں:

خودستائی پیشہء شیطان بود		ہر کہ خود را کم زند مرد آں بود
اپنے منہ سے اپنی تعریف شیطان کا طریقہ ہے		بڑا انسان وہ ہے جو خود کو کم سمجھے۔

(۲) جہال کا ہجوم

ایسے شخص کے پاس جاہل لوگوں کا ہجوم ہو جاتا ہے کیوں کہ دین کے عالم تو نہیں آئیں گے اور جس کو ذرا برابر شعور ہوگا وہ خود ہی قرآن مجید سے یا کسی عمل سے نفع حاصل کرلے گا، عامل کے پاس دم کروانے کے لئے وہ ہی آئے گا جو جہالت میں گیا گذرا ہے یا شدید نفسیاتی بیماری احساس کمتری کا مریض ہے۔تو جاہل شخص ہوگا جو جاہلوں کے درمیان میں بیٹھ کر خوش ہوگا۔

(۳) عورتوں کا ہجوم

دم وغیرہ سے عورتیں زیادہ آتی ہیں، ان کا ہجوم رہتا ہے کیونکہ عورت کی عقل کمزور ہوتی ہے، اگر عورتیں زیادہ آتی ہیں تو فتنہ سے خالی نہیں ہے، کیونکہ اکثر عورتیں جاہل ہوتی ہیں، وہ اکٹھی ہو جائیں تو اس میں اپنی عزت اور وقار داء پر لگ جاتی ہے۔

لیکن جاہل انسان عورتوں کا ہجوم دیکھ کر چوڑا ہو جاتا ہے اور سمجھتا ہے کہ میں بڑا خوبصورت ہوں، اس لئے عورتیں آتی ہیں۔

(۴) عہدیداران کا قرب

کبھی ایسا ہوتا ہے کہ دنیا کے عہدیدار اس شخص کا زیادہ احترام کرتے ہیں کیونکہ وہ اسلام سے زیادہ جاہل ہوتے ہیں، تو عامل سمجھ لیتا ہے کہ میں فلاں عہدیدار کے قریب ہو گیا ہوں لہذا بڑی بھلائی کمالی ہے مندرجہ بالا باتوں کے لئے میں شیخ عطارؒ کا کچھ کلام پیش کرتا ہوں۔

نوٹ:

مندرجہ بالا چاروں شیطان کے حملے ہیں۔

(۱) اپنی تعریف پر خوش ہونا۔

(۲) جاہلوں کی صحبت میں خوش ہو کر بیٹھنا۔

(۳) عورتوں کے ساتھ بیٹھنے سے خوش ہونا۔

(۴) عہدیداران کے پاس جانے سے خوش ہونا، یہ چاروں کام جہالت، حماقت، اور ہلاکت کے ہیں
شیخ عطارؒ نادان کی علامتیں بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں:

شد دو خصلت مردِ ناداں رانشان		صحبتِ صبیاں و رغبت بازناں
دو عادتیں بے وقوف کی نشانیاں ہیں		لڑکوں اور عورتوں کے ساتھ بیٹھنا

شیخ عطار ہلاکت کا بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

چار چیز است اے برادر باخطر		تاتوانی باش زیں ہا پر حذر
اے بھائی چار چیزیں خطرناک ہیں		جتنا ممکن ہو ان سے بچیں
قربتِ سلطان والفت بابداں		رغبتِ دنیا وصحبت بازناں
بادشاہ کا قرب، برے لوگوں سے محبت		دنیا کی رغبت اور عورتوں کے ساتھ بیٹھنا۔

شیخ سعدیؒ فرماتے ہیں:

ز جاہل گریزندہ چوں تیر باش		نیامیختہ چوں شکر شیر باش
جاہل سے اس طرح دور رہ جس طرح تیر		اور ان کے ساتھ شکر و شیر کی طرح مل جل کر نہ رہ

لہذا عامل کو چاہئے کہ خود کو چھپائے رکھے، جب کسی کو واقعی حقیقی مسئلہ ہو تو ممکن ہو تو خفیہ طور پر ان کے لئے عمل کرلے تو ان کو عمل بتادے۔ اور صرف اسی کام کے لئے بیٹھ نہ جائے۔

() لوگ تعریف کریں گے، اس وقت ان کو روک دینا چاہئے کہ وہ تعریف نہ کریں، نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص کسی کے سامنے تعریف کرے تو اس کے منہ میں مٹی مارو "**احثوا فی أفواہ المداحین التراب**"(صحیح جامع صغیر للالبانی)

لہذا یہ ایک شیطانی حرکت ہے، وہ تعریف نہیں سننی چاہئے جبکہ جاہل زیادہ چوڑے ہو جاتے ہیں کہ میری تعریف ہو رہی ہے۔

() مرد اور عورتوں کے اختلاط سے ناجائز تعلقات قائم ہوتے ہیں اور پاکستان میں بہت لوگ پکڑے گئے ہیں اور رسوا ہوئے ہیں اور آخرت کی رسوائی اس کے علاوہ ہے۔ اس لئے لازم ہے کہ عامل عورتوں کے

قریب ہی نہ جائے ،نہ ان کو اپنا چہرہ دکھائے ،اپنی بیوی، ماں یا بہن کو وہ عمل سکھادے وہ دم کریں۔

(۵) دنیا کی محبت وحرص

اگر لوگ کوئی ہدیہ وغیرہ دیتے ہیں تو وہ فی سبیل اللہ خرچ کرنا چاہئے اور یہ کمائی کا ذریعہ نہیں ہے، نہ مال ودولت بٹورنے والا کام ہے، جبکہ شیطان دنیا کے حرص میں مبتلا کرتا ہے اور جاہل لوگ چوڑے ہو جاتے ہیں کہ ہم بہت کمانے والے لوگ ہیں۔ اوراس کاروبار کے ذریعہ بہت لوگ کروڑوں کے مالک بھی بن گئے ہیں۔

شیخ سعدی فرماتے ہیں:

ہر آنکس نہ دربندِ حرف اوفتاد		دہد خرمن زندگانی بباد
جو شخص حرص کے جال میں پھنس گیا ہے		اس نے زندگی کے کھلیان کو برباد کردیا
مبادِ دلِ آن فرومایہ شاد		کہ از بحر دنیا دہد دیں بباد
اس کمینہ کا دل خوش نہ ہو		جس نے دنیا کی خاطر دین کو برباد کردیا

(٦) علماء حق سے دوری

ان پھندوں میں سے شیطان کا ایک یہ پھندہ ہے کہ وہ عامل کو اہل حق علماء سے دور رکھتا ہے کہ تو بڑی چیز بن گیا ہے اور علماء کرام سے تیرا رتبہ بڑا ہو گیا ہے اور تو باطنی علوم جانتا ہے جبکہ علماء بے چارے صرف ظاہری علم میں پڑے ہوئے ہیں۔

شیخ عطار بدبختی کی علامات بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

	اے پسر مگریز از اہلِ علم		تانسوزد مر ترا نارِ سموم	
	اے لڑکے اہل علم سے فرار اختیار مت کر		تاکہ تجھے گرم ہوا (جہنم) نہ جلائے	

یاد رہے

کہ علماء کی مجلس میں بیٹھنا علماء سے محبت کرنا، ان کا احترام کرنا، ان کی خدمت کرنا، دین ودنیا کی

سعادت ہے۔اور علماء سے دور ہونا،ان سے بغض رکھنا،ان کی توہین کرنا،ان کا احترام نہ کرنا،ان سے دین نہ سیکھنا بدبختی اور باعثِ لعنت ہے۔کیونکہ علماء کرام انبیاء کرام علیہم السلام کے وارث ہیں،ان کے منبر پر بیٹھنے والے،ان کے دین کے محافظ ہیں نہ کہ جاہل پیر۔

(۷) دینی اور علمی کاموں میں رکاوٹ

اوراسی کام میں جب لوگوں کی آمد زیادہ ہوجائے گی تو پھر دوسرے کسی بھی کام کرنے کی فرصت نہ ملے گی، پھر نہ دین کی تبلیغ ہوسکتی ہے نہ دین کے علم کا حصول ہوسکتا ہے، نہ اپنے دوست واقارب کے حقوق پورے ہوسکیں گے۔لہذا اس کام کو پیشہ نہیں بنانا چاہیئے۔

خاص کر جب جہال مردوں وعورتوں کا اختلاط ہوگا تو لازمی امر ہے کہ شیطان کے حملے اس عامل پر زیادہ ہونگے ،تو شیطانی ہتھکنڈوں سے بچنے کے لئے اپنی نیک نیتی ،تقوی، دینی علم کے ساتھ ساتھ حضرت امام ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب ''تلبیس ابلیس'' کا مطالعہ ضروری ہے تاکہ شیطان کے تمام روپ سامنے آجائیں اور انسان بچ سکے۔اس میں خاص طور پر سمجھایا گیا ہے کہ عابدوں، زاہدوں اور عاملین کو شیطان نے کس طرح چکر میں ڈالا۔اور عبدالہادی بن حسن وہبی کی کتاب ''تذکیرالانسان بعداوۃ الشیطان'' اور حافظ مبشر لاہوری کی کتاب ''انسان اور شیطان'' کا مطالعہ بہت مفید ہے۔

آپ کی دعا کا اثر

آپ کی دعا میں اثر ہوگا یقیناً ہوگا، اگر آپ نے اسلام کے مطابق اپنی زندگی گذاری، جولوگ کہتے ہیں کہ ہم سے کچھ نہیں ہوسکتا وہ نفسیاتی مریض ہیں، آپ سے کیوں کچھ نہ ہوگا؟ جن سے کچھ ہوتا ہے کیا وہ کوئی اور مخلوق ہیں؟ یا انہوں نے اللہ تعالی سے کوئی خاص سٹرٹیفکیٹ لیا ہوا ہے جو آپ کے پاس نہیں ہے۔ یہ ممکن ہے کہ شاید ان کے پاس اتنا نہ ہو جتنا اس کتاب میں جمع کیا گیا ہے۔

عاملوں کے باطل خیالات

() عامل کو اپنے عقائد درست کر لینے چاہئیں، جب انسان کے ہاتھ سے کوئی خرق عادت فعل ظاہر ہوتا ہے تو دل میں بہت خیال گذرتے ہیں۔

(۱) بعض کہتے ہیں کہ آیات پر فلاں عبدالکریم، عبداللہ وغیرہ کے نام سے موکل تھا وہ یہ کام کر گیا ہے۔

(۲) بعض کہتے ہیں کہ انسان کے ساتھ ہمزاد رہتا ہے وہ کام کرتا رہتا ہے۔

(۳) بعض کہتے ہیں کہ فلان بزرگ جس نے یہ عمل ایجاد کیا تھا اس کی روح آتی ہے اور کام کر جاتی ہے۔

ایک لطیفہ

میں ہدی الساری مقدمہ فتح الباری کا اردو میں ترجمہ کرر ہا تھا اور کام بہت مشکل تھا، ایک دوست نے مشورہ دیا کہ آپ امام ابن حجر کی روح کو پکاریں اور اس مدد مانگیں پھر مسئلہ حل ہوگا۔ تو میں نے اس کے مشورہ میں اصلاح کر دی، میں نے امام ابن حجر کے لئے مغفرت کی دعا مانگتا رہا اور اللہ تعالی سے مدد مانگتا رہا تو اللہ تعالی نے جلدی کام آسان فرما دیا۔

دین اسلام کی تعلیمات

مندرجہ بالا کسی بھی بات کا شریعت محمدی میں ثبوت نہیں ملتا، صرف یہ عقیدہ رکھنا ہے کہ مجھے اللہ تعالی پر توکل تھی تو میں نے فلاں عمل کر لیا گویا میں نے اللہ تعالی سے التجا کی اور اللہ تعالی نے میری دعا کا دنیا میں صلہ دنیا میں دے دیا کہ فلاں کا کام ہو گیا۔ اور بس۔

اور قرآن وسنت میں کہیں بھی نہیں لکھا ہوا کہ کوئی مخصوص شخص جب مرجاتا ہے تو اس کی روح کی ڈیوٹی لگائی جاتی ہے کہ وہ ساری دنیا میں چکر لگاتا رہے اور لوگوں کے کام کرتا ہے، قبر میں یا راحت ہے یا عذاب ہے ۔جس کو کوئی نہیں جانتا اللہ تعالی کے سوا۔

()اور جو جاہل آتے ہیں ان کے عقائد خراب ہوتے ہیں وہ سارا اثر اور سارا کمال تعویذ سے سمجھتے ہیں، عامل کو چاہیئے کہ ان کے عقائد درست کرنے کی کوشش کرے دم کرتے وقت جتنا ممکن ہو اسلام کی تبلیغ بھی کرتا رہے۔

چلہ کشی اور ریاضت کا مسئلہ

یہ کہاوت مشہور ہے کہ بزرگوں نے بڑے چلے نکالے تھے، اس لئے ان کے ہاتھوں سے کام ہوتا تھا۔اور ہم اتنے چلے نہیں نکال سکتے لہذا ہمارے ہاتھ سے کوئی اثر نہ ہوگا۔

یہ بھی ایک فرضی شوشہ ہے اور ایک نفسیاتی بیماری ہے جس سے عوام کے نفسیات کو جکڑا گیا ہے ۔آپ اس کتاب میں ہدایات کے مطابق عمل کریں، آپ کو کسی چلے کی ضرورت نہیں پڑے گی اور اس کہانی کا جھوٹ ہونا آپ اپنی آنکھوں سے دیکھ لیں گے۔

روحانیت کیا ہے؟

بعض لوگ کہا کرتے ہیں کہ روحانیت بیدار ہوگئی ہے، بعض کہا کرتے ہیں کہ انسان کی روح مرنے کے بعد آزاد ہو جاتی ہے پھر وہ پھرتی رہتی ہے اور مدد کرتی رہتی ہے اور ان کا عقیدہ یہ بھی ہے کہ یہ خاکی جسم ہے، روح اس میں اس طرح پھنسی ہوئی ہے جس طرح پنجرے میں پرندہ پھنسا ہوتا ہے، جب انسان مرجاتا ہے تو یہ آزاد ہو کر بہت اختیارات پر پوری اترتی ہے۔

اگر اس نظریہ کو مان لیا جائے تو یہ ماننا لازم آئے گا کہ زندہ انسان جتنا بھی مقرب بندہ ہو جائے اس سے کسی کرامت کا صدور ممکن نہ ہو جس طرح پنجرے میں بند پرندہ کچھ بھی نہیں کرسکتا، حالانکہ اس بات کو کوئی تسلیم نہیں کرتا، میں عرض کروں گا کہ انسان کے اندر خود ایسی طاقت موجود ہے جو ہمیں نظر نہیں آتی وہ ہے ''قوۃِ ارادی''، جس کو شرعی اصطلاح میں توکل، عزم، استقلال کا نام دیا گیا ہے۔جب انسان کامل یقین

سے اللہ تعالی پر توکل کرتے ہوئے کوئی بھی کام کرتا ہے تو وہ مکمل کر کے دکھاتا ہے اور دوسری بات انسان کے جوارح میں وہ شعائیں موجود ہیں جن سے وہ غائبانہ کام سرانجام دیتا ہے، جس طرح نظر لگ جانا وغیرہ اسی سے مسمریزم اور ہپناٹائزم دریافت ہوا ہے جس کے ذریعہ ہر مرض کا علاج بھی کیا جاتا ہے۔

اسی طرح ہماری آواز میں ایسی لہریں موجود ہیں جس سے سائنس نے ٹیلفون، موبائل، ریڈیو، ٹیوی کے ذریعے دور دراز تک آواز پہنچائی ہے اور ساری حرکات وسکنات پہنچائی ہیں وہ تو کسی کی روح سے مدد نہیں مانگتے، نہ انہوں نے موکل سے التجا کی ہے، نہ کسی جن کو تابع کیا نہ ہمزاد کا سہارا لیا، نہ کسی قبر پر پڑو پھول ڈالے، نہ کسی مردہ کی روح حاضر کرنے کے لئے چلہ کشی کی، نہ کسی زندہ یا مردہ کا وسیلہ پیش کیا۔

موبائل اور ٹی وی پر قیاس

پھر اس پر قیاس کرنا کہ ایک ٹیلیفون کی تار یا وائرلیس یا موبائل کی لہریں پہنچ سکتی ہیں تو فلاں کی روح نہیں پہنچ سکتی؟

تو یہ قیاس جہالت اور حماقت کی آخری منزل ہے۔ یہ قیاس تو سائنسدانوں کو کرنا چاہئے کہ وہ کہیں کہ فلاں کی روح تو پہنچ جاتی ہے ہماری تار یا لہریں کیوں نہیں پہنچ رہیں؟ کیونکہ دین اصل ہے سائنس اصل نہیں، وہ تو اصل کے بعد تجربہ پر گذرنے کے بعد تسلیم کیا جاتا ہے۔ اس ملاں کو بتانا چاہئے کہ تم تو مذہب کی بات کر رہے ہو، مذہب اسلام کو ہمارے نبی ﷺ کے بعد پندرھویں صدی جارہی ہے، سائنس کی ان چیزوں کو شاید ایک صدی بھی نہ ہوئی ہو تو یہ اصل اور مردوں کے روح فرع کیسے بن سکتے ہیں؟

ایک ملا نے اسی طرح مجھ سے سوال کیا تو میں نے پوچھا کہ تیرے اندر بھاگنے اور زمین پر چکر لگانے کی کتنی طاقت ہے؟ تو ایک گھنٹے میں ملتان شہر کا مکمل پیدل چکر لگا سکتا ہے؟ اس نے کہا نہیں۔ تو میں نے پوچھا کہ شیطان کتنا چکر لگا سکتا ہے؟ اس نے کہا کہ وہ تو ایک منٹ میں ساری دنیا کا چکر لگا سکتا ہے، تو میں نے کہا کہ تو افضل ہے یا شیطان؟ تو یہاں اس کی بکری بیٹھ گئی۔

یار شیطان کا بزرگوں سے کیا تعلق؟

یا ٹیوی، وائرلیس اور کمپیوٹر و موبائل کا بزرگوں کی روح سے کیا نسبت؟

جسکا کوئی کام ہے وہ اس کو سوجھے۔ مت کسی مشین پر کسی بزرگ کو قیاس کریں۔ نہ شیطان یا جانور پر کسی

انسان کا قیاس چسپاں کریں، انسان کے اور کام ہیں جن کو شیطان کا باپ بھی نہیں پہنچ سکتا، انسان کے پاس وہ وہ چیزیں ہیں جو شیطان کے دادے کے پاس بھی نہیں ہیں۔ شیطان دنیا کے لاکھ چکر لگائے کروڑ چکر آسمان کے لگائے قرآن مجید کے ایک حرف کے برابر کوئی چیز نہیں لاسکتا۔

باکرامت اللہ تعالی کا ولی بنیں

ہر مومن اللہ تعالی کا ولی ہے، لیکن اگر ساتھ ساتھ کرامت بھی مل جائے تو وہ اللہ تعالی کا بڑا ولی بن جائے گا اور بڑا اور کامل ولی بننا ہر شخص کے اپنے اختیار میں ہے اور تمام کرامتیں حاصل کر لینا بھی اپنے اختیار میں ہے، درج ذیل میں کرامتیں بیان کی جاتی ہیں ہر شخص کو حق حاصل ہے کہ وہ ان کرامات کو حاصل کرے۔

شیخ عطار کرامتیں بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں:

چار چیز است از کرامتہائے حق	یاد دارش چوں زمن گیری سبق
چار چیزوں کا شمار اللہ تعالی کی عطا کردہ نعمتوں میں سے ہے	مجھ سے پڑھ اور سمجھ کر انہیں یاد رکھ
اولاً صدقِ زبانت در سخن	وانگہے حفظ امانت فہم کن
اول زبان کی سچائی	پھر امانت کی حفاظت اسے سمجھ لے
پس سخاوت ہست از فضلِ الٰہ پھر سخاوت یہ اللہ تعالی کے فضل میں سے ہے	فضلِ حق داں در نظر داری نگاہ اسے اللہ تعای کا فضل سمجھ کر پورا دھیان رکھ
تا توانی دور باش از سود خوار	زانکہ ہست از دشمنان کردگار
جتنا ممکن ہو سود خور سے دور رہ	اس لئے کہ اس کا شمار اللہ تعالی کے دشمنوں میں سے ہوتا ہے

شیخ سعدی فرماتے ہیں:

بنی آدم از علم یابد کمال	نہ از حشمت و جاہ و مال و منال
بنی آدم نے علم سے کمال حاصل کیا ہے	نہ رعب سے نہ مال و سباب سے
میاموز جز علم گر عاقلی	کہ بے علم بودن بود غافلی

اگر تو عقلمند ہے تو علم کے سوا کوئی کام نہ سیکھ	کیونکہ بے علم ہونا غفلت ہی ہے
ترا علم در دین و دنیا تمام	کہ کارِ تو از علم گیرد نظام
تجھے علم دین و دنیا میں کافی ہے	اور تیرے سارے کام علم سے ہی درست ہونگے

مندرجہ بالا کلام میں بتایا گیا کہ کرامات یہ ہیں، سچ بولنا، امانت کی حفاظت کرنا، سخاوت کرنا، سود خوروں سے دور رہنا، دین کا علم حاصل کرنا، جس نے موجودہ زمانہ میں یہ کرامات حاصل کرلیں وہ اللہ تعالیٰ کا کامل ولی ہے۔ اور یہ کرامات حاصل کرنا ہر مسلمان کے اپنے بس میں ہے۔ اور یہی کرامات اول درجہ کی ہیں۔ اولیاء اللہ کو پہچاننے کے متعلق مزید معلومات کے لئے امام الاولیاء حضرت امام ابن تیمیہؒ کی کتاب 'الفرقان بین اولیاء الرحمٰن واولیاء الشیطان'' کا مطالعہ کریں۔

نوٹ:

یہاں میں نے بزرگوں کے اقوال اس لئے پیش کئے ہیں کہ ہماری جاہل عوام قرآن وسنت کو نہیں سمجھتی اور اگر ان کو بزرگ کا کوئی قول مل جائے تو اس کو غور سے سنتی ہے۔ وجن بزرگوں کے جو اقوال حق کی تائید کرتے ہیں ان کو بطور شواہد پیش کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔

کرامت

آپ سمجھ آئے کہ کرامت اعمال صالحہ کا نام ہے، جس شخص کو ایمان اور عمل صالح نصیب ہو جائے اور قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کے سامنے عذاب سے بچ کر جنت کا مستحق ہو جائے تو اس سے بڑی اور کون سی کرامت ہوسکتی ہے؟ لیکن ضمنی طور پر واقعات خرق عادت کا بھی کرامت کہا جاتا ہے، اور یہ بھی یاد رکھنا چاہئے کہ خرقِ عادت ہر قسم کے انسان سے ممکن ہے، ہندو، عیسائی، یہودی، سکھ سے بھی ایسے امور واقع ہو سکتے ہیں جن کو اہل اسلام نے ''استدراج'' کا نام دیا ہے، اگر ایسے واقعات مومن سے سرزد ہوں تو اس کو کرامت کہا جاتا ہے۔ اصل معیار ایمان اور عمل صالح ہی رہا، اور ان کرامات کو ثانوی درجہ حاصل ہے لیکن جاہل لوگ ان باتوں کو نہیں سمجھتے وہ جس سے ذرا شعبدہ دیکھا تو اس کے سامنے اپنا سر جھکا دیتے ہیں۔

عملیات سے کرامات کا ظہور

جب کوئی بھی شخص فارغ ہو، دنیاوی پریشانیاں اس کو نہ ہوں، مسجد میں یا کسی مکان میں اللہ تعالی کا ذکر کرنے شروع ہو جائے، اور اللہ تعالی کی عبادت کی طرف اپنا رخ پھیر دے، تو اس سے بہت سی کرامتوں کا ظہور ہونا شروع ہوگا، کیونکہ اس کا زیادہ تعلق بے فکری، دنیا سے دوری، اور صفائی سے ہے۔ تو کبھی دم کرنے سے فوری اثر ہوگا کبھی اچھے خواب نظر آئیں گے، کبھی جو بات زبان سے نکلے گی وہ پوری ہوگی، کبھی خواب میں بزرگوں سے ملاقات ہوگی، کبھی بیداری میں کوئی مخلوق نظر آئے گی، کبھی خرقِ عادت کوئی واقعہ ظاہر ہوگا، جو صوفیاء کی اصطلاح میں، کشف، کشف قبور، اور کرامت وغیرہ کہا جاتا ہے۔

یاد رہے کہ اگر کوئی ایسا واقعہ ظاہر ہوتا ہے تو اس کو دل میں رکھنا ہے اور جلدی دل سے نکال بھی دینا ہے، کیونکہ ان پر شریعت کا کوئی حکم مرتب نہیں ہوتا، نہ ان کی بنا پر اسلام کا کوئی عمل کیا جا سکتا ہے، اور نہ کسی کو بتانے سے کوئی اسلام کی تبلیغ کا فریضہ ادا ہوتا ہے۔ ان باتوں کو دل میں رکھنے سے وہی مرض احساس برتری پیدا ہو جاتا ہے۔ لہذا جب ہی کوئی اچھی بات سامنے آتی ہے تو اللہ تعالی کا شکر زیادہ کریں، اگر کوئی بری آتی ہے تو اللہ تعای سے زیادہ پناہ مانگیں اور اپنے تک ہی محدود رکھیں۔

نوٹ:

اس کتاب میں جو کچھ جمع کیا گیا ہے، تمام اعمال مجرب ہیں، بعض اعمال اگر میں نے خود نہیں آزمائے تو کسی دوست کے آزمائے ہوئے ہیں، آپ بے دھڑک عمل کریں اور ہر عمل کو ایک گوہر نایاب سمجھتے ہوئے اور اللہ تعالی پر پورا بھروسہ کرتے ہوئے آپ عمل کریں

نوٹ:

اس کتاب میں کوئی ایسا عمل نہیں ہے جو شرعی طور پر درست نہ ہو۔ ہمارے زمانہ میں بعض حضرات اپنی طرف سے کسی چیز کو شرک یا بدعت کہہ دیتے ہیں۔ اس کی اصل وجہ یہ ہے کہ ان کو یہی سبق ہی پڑھایا گیا ہے اور کوئی چیز ان کو نہیں آتی۔ ورنہ ان سے شرک یا بدعت کی تعریف پوچھیں وہ تعریف نہ کر سکیں گے، اگر تعریف کر دی پھر ان سے سوال کریں کہ فلاں عمل میں (اس کتاب سے کوئی بھی عمل لے لیں) اور اس تعریف میں کیا جوڑ ہے؟ تو انشاء اللہ ان کا منہ بند ہو جائے گا۔

اور ہر کام کے لئے صحیح یا حسن حدیث سے ثبوت ہونا لازم نہیں ہے، ہر شخص کو اختیار ہے کہ جس بولی میں چاہے جن الفاظ میں چاہے اللہ تعالی سے دعا مانگے اور التجا کرے۔ بہتر تو یہ ہے کہ جو دعائیں احادیث صحیحہ کے ذریعے رسول اللہ ﷺ سے منقول ہیں وہی دعائیں مانگے۔

اور کوئی شخص اگر احادیث رسول اللہ ﷺ کو نہیں سمجھتا، اور ہمارے زمانہ میں ایسے بہت لوگ موجود ہیں جن کا خیال ہے کہ قرآن وحدیث کو سمجھنا ہمارے بس کی بات نہیں، ہمارے بڑے اس کو سمجھ گئے تھے ،حقیقت میں یہ لوگ جہالت کی انتہاء تک پہنچے ہوئے ہیں اور اور نفسیاتی وذہنی بیماری احساس کمتری کا شکار ہیں۔ یہ کتاب ان کے لئے لکھی گئی ہے تا کہ ایسے نفسیاتی مریض بھی اس کتاب سے استفادہ لے سکیں۔

اور ایک بڑی وجہ یہ ہے کہ جہال کو کسی بھی انسان کے ذریعہ اس کے تعویذ یا دم سے اثر نظر آئے وہ اس کو پیر، بزرگ اور بڑا ولی مان لیتے ہیں اور آنکھیں بند کر کے اس کے پیچھے لگ جاتے ہیں۔ اور بہت جاہل اور نادان مشرک وبدعتی ملاؤں نے تعویذ وغیرہ کے اڈے لگائے ہیں اور وہ ملا بڑے دعوے کرتے ہیں کہ ہمارا تعویذ ایسا ہے اور ہمارے دم سے یوں ہو گیا وغیرہ وغیرہ۔ تو کیوں نہ ایک دین کا عالم اور سنت کا محافظ ایک جائز عمل کرے اور جہال کے رخ کو قرآن وسنت کی طرف پھیرنے کی کوشش کرے۔ یہ کتاب خصوصاً ان علماء کے لئے لکھی گئی ہے جو قرآن وسنت کے محافظ ہیں۔

نوٹ:

اگر اعمال کرنے سے کسی کا کوئی کام نہیں ہوتا وہ اپنے اندر جھانک کر دیکھے کہ میں کتنا مومن ہوں؟
اور دعا کے رد ہونے کے جو اسباب ہیں وہ دیکھے کہ ان میں سے کوئی سبب تو نہیں ہے؟
اور کوئی شخص اگر عمل کرتا ہے اگر دعا کی نیت سے قرآن مجید کی آیت پڑھا ہے تو دعا خود عبادت ہے، اگر تلاوت قرآن کی نیت سے پڑھتا ہے تو ایک ایک حرف پر اس کو ایک ایک نیکی مل گئی ہر طرف سے عامل کے لئے نیکی ہی نیکی ہے۔

عامل کا پہلا کام

سب سے پہلے ایک مومن بننا لازم ہے، مومن بننے کے لئے قرآن وسنت کا علم حاصل کرنا اور اس

پرعمل کرنا۔اس لئے لازم ہے کہ قرآن وسنت کاعلم حاصل کریں،اگرعلم نہیں سیکھ سکتے تو کم ازکم قرآن مجید کی تفسیرابن کثیراورکتبِ حدیث ''صحاح ستہ'' کا سیٹ اپنے پاس رکھیں اوران کے علاوہ مختلف لازمی مضامین کی کتب کا مطالعہ کریں جیسے:

(۱)امام حافظ شمس الدین ذہبی کی کتاب ''کتاب الکبائر''

(۲) شیخ الاسلام حضرت محمد بن عبدالوہاب کی کتاب ''الکبائر''

(۳)امام ابن حجرالہیتمی کی کتاب ''معاشرے کی مہلک بیماریاں اوران کا علاج''

(۴) حافظ ابن قیم کی کتابیں الجواب الکافی''اور''الداءوالدواء''

(۵)اورامام ثمرقندی کی کتاب ''تنبیہ الغافلین'' کا مطالعہ زیادہ مناسب ہے۔

مسنوں دعائیں اوراذکار

مسنون دعاؤں اوراذکار کے متعلق بہت کتب موجود ہیں ان کا مطالعہ کرتے رہیں جیسے حسن المسلم'' پیارے رسول کی پیاری دعائیں''مسنون دعائیں اورآداب دعاوغیرہ۔

اپنی زندگی سنواریں

مندرجہ بالا کتب کے علاوہ اپنی زندگی بہتر بنانے کے لئے چند کتب کی طرف اشارہ کرتا ہوں،ان کا مطالعہ کریں اوراپنی کمزوریاں اورکوتاہیاں دورکریں۔

(۱) حضرت امام بخاریؒ کی کتاب ''الادب المفرد''اس کا ترجمہ بنام ''کتاب زندگی''ازعبدالقدوس ہاشمی ندوی۔

(۲) حضرت امام بیہقیؒ کی کتاب ''زندگی کیسے گذاریں''ترجمہ ازفیض اللہ ناصر۔

(۳) مومن کی زندگی کے آخری مراحل'' ازعبدالرحمٰن عزیزالہ آبادی۔

(۴) زندگی سے لطف اٹھایئے ازڈاکٹرعبدالرحمٰن العریفی۔

(۵) کتاب ''زندگی گذارنے کے رہنمااصول'' ازوحیدلدین خان۔

(۶) رازحیات۔ وحیدالدین خان

(۷)اسلامی زندگی احادیث وآثار کی روشنی میں''　　وحید الدین خان

(۸) کتاب ''غم نہ کریں''　　از ڈاکٹر عائض القرنی۔

(۹) خوشگوار زندگی کے (۱۲) اصول　　از ڈکٹر حافظ محمد اسحاق زاہد۔

(۱۰) خوشگوار زندگی کے لئے اپنایئے ذرا نرمی　　از عبد المنان راسخ۔

(۱۱) پیارے نبی کی پیاری زندگی　　از عرفان جمیل۔

(۱۲) مدنی معاشرہ (زندگی گذارنے کا آسان اور مسنون طریقہ) از یونس پالن پوری۔

(۱۳) عمل سے زندگی بنتی ہے''　　از ذولفقار نقشبندی۔

(۱۴) آداب زندگی''　　اس یوسف اصلاحی۔

عامل کا دوسرا کام

جو بھی عمل ہو اس کا مطلب یہ نہیں کہ سو یا پانچ سو مرتبہ پڑھ لیا پھر بندہ جو چاہے کرے، بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ اس عمل کرنے کے علاوہ باقی وقت کے اپنے تمام شرعی اعمال کے ساتھ ساتھ سارا وقت اللہ تعالی کی طرف توجہ اور اللہ کے ذکر میں مشغول رہے گا، اور کامل یقین کرے گا، شک وشبہ کو دل میں نہ لائے ،اللہ تعالی کے حقوق اور مخلوق کے حقوق میں کوتاہی نہ کرے۔

عالم کا تیسرا کام

کم خوری، کم خوابی ترکِ لذّاتِ دنیا شریعت کے دائرہ کے اندر رہ کر یعنی اسلام نے نہ تو عیاشی و اسراف کی اجازت دی ہے اور نہ رہبانیت کی۔اسلام ایک اعتدال پسند دین ہے اعتدال پر ہی رہنا ہے۔

باطنی آنکھ کھولنے کے اعمال

باطنی آنکھ کھولنے کا مطلب یہ ہے کہ انسان کے اندر وہ حساسیت پیدا ہو جاتی ہے کہ جس سے وہ پوشیدہ مخلوق کو دیکھتا ہے، اور پوشیدہ مخلوق اس سے مانوس ہوتی ہے اور وہ تمام اعمال میں اس کا اثر تیز ہو جاتا ہے، یہ بھی ایک شرعی حجت نہیں ہے لیکن اگر یہ شرعی پرہیز سے ہو جاتا ہے تو بہتر ہے ورنہ اس کے حصول کے لیے کوئی ایسا عمل نہ کیا جائے جس سے شرعی قباحت ہوتی ہو۔

() پہلا عمل

پرہیز شرعی لازم ہے، روئی پانی میں ڈبو کر باریک پسی ہوئی کالی مرچیں لگا کر کانوں میں ڈالیں اور اپنی آنکھوں پر صاف و پاک کپڑے کی پٹی باندھ لیں سیاہ کپڑا زیادہ بہتر ہے۔

دل میں شک نہ رہے۔

اللہ تعالیٰ پر کامل یقین ہو۔

جو یہ عمل کرنا چاہے وہ آسیبی مریض نہ ہو۔

عمل کے دوران کبھی کبھی سر میں شدید درد ہوتا ہے آنکھیں بھاری ہو جاتی ہیں اور جھٹکے لگتے ہیں، کبھی کبھی چمک نظر آتی ہے۔

کم از کم مدت تین چلے ہوتی ہے۔

یعنی ایک دن کا عمل ہو یا تین دنوں کا اگر تین یا سات دنوں میں کامیابی نہیں ہوتی تو اس کو چھوڑنا نہیں چاہیے بلکہ تین چلوں تک جاری رکھیں ان شاء اللہ ضرور کامیابی ہوگی۔

() باطنی آنکھ کھولنے کا ایک آسان عمل (مسمریزم ۳ دن سے سات دن تک)

ایک علیحدہ کمرہ ہو جس میں خاموشی ہو شور شرابہ نہ ہو، کمر سیدھی کر کے آنکھوں پر پٹی باندھیں، آنکھوں کو روک رکھنا ہے، اندھیرے میں دیکھیں ۳۰ سے ۴۵ منٹوں تک کریں۔

() آنکھوں کا راز

بزرگوں کی زیارتیں شروع ہوجائیں گی، ارواح سے ملاقاتیں ہوں گی، آہستہ آہستہ کامیابی کی راہیں کھلتی جائیں گی۔

()روحانی آنکھ کھولنا

یا بصیر ۴۰ مرتبہ

یا نور ۴۰ مرتبہ

عشاء کی نماز کے بعد آنکھیں بند کر کے سو جائیں ایک سال مسلسل کریں پاک وصاف رہیں

()اسم اعظم سے روحانیت کھولنا

یا حی یا قیوم

ہر وقت بے تعداد پڑھیں

()روحانیت ایک ہفتہ میں

ان شاء اللہ جلدی روحانیت کھل جائے گی اور ولایت حاصل ہوگی۔

سنت وفرض کے درمیان یا سمیع ۱۰۰ مرتبہ پڑھیں

()روحانی ترقی کا تیز ترین عمل

بارہ انچ سائز گولڈن رنگ سے یا اللہ لکھوالیں یا لکھا ہوا بازار سے خرید لیں۔

اس پر نظر جما کر'' **انا سنلقی علیک قولا ثقیلا**'' ۵۰۰ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔

چالیس دنوں تک مکمل کریں روحانی ترقی ہوگی۔

()روحانی وائرلیس

یا ھادی یا خبیر یا متین یا علام الغیوب'' ۵۰۵ مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

یا ایک ہزار مرتبہ پڑھیں

اور سجدہ میں'' **الا یعلم من خلق وھو اللطیف الخبیر**'' ۳۰ مرتبہ پڑھیں۔

اور پھر کہیں کہ اے اللہ زمین وآسمان کے خزانے مجھ پر کھول دے ان شاءاللہ سات دنوں میں زمین وآسمان کے حالات منکشف ہونا شروع ہوجائیں گے وائرلیس کی طرح دل پر خبریں اترا کریں گی۔

() کشف القلب

یاقدوس روزانہ ۱۸۰ مرتبہ

اور ہر تسبیح کے بعد سبوح قدوس ربنا ورب الملائکۃ والروح تین بار

اول آخر درود ۱۰۰ مرتبہ۔

() بغیر پڑھائی کے روحانی قوت کا حصول

آنکھیں بند کر کے دونوں ہاتھ آنکھوں پر رکھیں اسی طرح زیادہ سے زیادہ دو گھنٹے تک بیٹھیں۔

آپ کو رنگ اور مدہم تصویریں نظر آئیں گی اور پھر صاف ہوجائیں گی۔

() باطنی قوت کا حصول کشف القلوب

ہر نماز کے بعد ایک تسبیح اسم ذات کی۔

() روحانی طاقت کا حصول

نماز عشاء کے بعد ۱۱۰۰ مرتبہ درود ابراہیم پڑھیں۔

پھر کمرے کی لائیٹ بند کر کے شور وغل سے بچ کر

پھر اسم اللہ کا ذکر سانس کے ذریعے کرنا ہے سانس اندر لیں تو اللہ اور باہر نکالیں تو اللہ

پانچ منٹ تک یہ عمل کریں

اور اپنے دل کی طرف متوجہ رہیں کہ جیسے آپ سانس اندر لیں کہ دل پر اسم اللہ سنہرے حروف سے لکھا ہوا ہے وہ آپ روشنی آپ کے دل کو روشن کرتی ہے۔

آپ یہ عمل جتنا محنت توجہ اور شوق سے کریں گے اتنا جلدی فائدہ ہوگا۔

() باطنی آنکھ

شروع چاند سے رات کو ۱۲ بجے کریں پرہیز صرف گوشت اور صحبت سے کریں۔

یہ اکتالیس دنوں کا عمل ہے نوے فیصد لوگ کامیاب ہوئے ہیں۔

اور کسی حصار کی ضرورت نہیں۔

یا باعث یا ظاالمظهر

پہلے دن ۱۰۰ مرتبہ دوسرے دن ۲۰۰ مرتبہ تیسرے دن ۳۰۰ مرتبہ اسی طرح روزانہ سو بڑھاتے جائیں ۲۱ دن تک پھر اسی طرح ایک ایک سو گھٹاتے جائیں ۴۱ دن تک۔

() غیب کی خبر معلوم کرنا

رات کو دائیں ہاتھ پر ۱۰۰۰ مرتبہ کھیعص حمعسق پڑھیں۔

اول آخر سات سات مرتبہ درود ابراہیم۔

اول اسی نیت سے صلوۃ حاجۃ پڑھیں۔

ان شاء اللہ پہلے دن اثر ظاہر ہوگا۔

() باطنی آنکھ کھولنا ۵ دنوں میں

نوچندی ہفتہ کو عمل شروع کریں

دوران عمل چاند نہ نکلا ہو، روشنی نہ پڑ رہی ہو، رات کو بارہ بجے، قبلہ رخ ہو کر پہلے ۳ بار درود ابراہیمی پڑھیں۔

(۱) پہلے دن یا باطن ۳۰۹ مرتبہ

یا نور ۹۹ مرتبہ

(۲) دوسرے دن یا باطن ۲۰۳ مرتبہ

یا نور ۹۹ مرتبہ

(۳) تیسرے دن یا باطن ۲۰۳ مرتبہ

یا نور ۹۹ مرتبہ

(۴) چوتھے دن   یاباطن   ۵۲مرتبہ

یانور۹۹مرتبہ

(۵) پانچویں دن   یاباطن   ۹۹مرتبہ

یانور۹۹مرتبہ

دوران عمل یا دوران ختم جسم میں کرنٹ کی طرح جھٹکے لگتے ہیں، آنکھوں میں نظر آئیں گے۔ یہ باطنی آنکھ کھلنے کی نشانیاں ہیں۔

اس میں کسی حصار کی کوئی ضرورت نہیں ہے اور نہ کوئی خوف ہے۔

() باطنی آنکھ کھولنے کا عمل

رات کے وقت کسی بھی ٹائم تہجد کا ٹائم بہتر ہے۔

سورۃ فاتحہ تقریباً آدھے گھنٹے تک پڑھیں۔

شروع شروع میں مختلف رنگ اور دھندلی تصویریں نظر آئیں گی پھر صاف ہو جائیں گی۔

غسل کے بعد فوراً کسی سے کلام کیے بغیر ''یا مہیمن'' ۱۰۴۰ مرتبہ ۴۰ دنوں تک پڑھیں۔

برقلب خلائق مطلع گردد وخود او متحیر گردد، وصاحب باطن شود

بعد ازاں روزانہ ۱۰۰ مرتبہ بار یا مہیمن پڑھیں دعوت سے پہلے یا بعد انگشتری یا مہیمن پہنیں انگشتری مہیمن مربع ا پہلا خانہ ۲۸ سے شروع ہوتا ہے۔

() روحانیت کے لیے

والهکم اله واحد لا اله الا هو الرحمن الرحيم

اول آخر ۱۹ مرتبہ درود پاک

اور ہمیشہ ورد رکھیں۔

نماز شب کے بعد ۷۰ مرتبہ کھڑے ہو کر پڑھیں۔

() کشف کے لیے

صبح طلوع آفتاب سے پہلے

۴تسبیح لا الہ الا اللہ

۴تسبیح الا اللہ

۴تسبیح اللہ ھو

ان شاء اللہ کشف ہوگا۔

() کشف قبور

قبر پر جا کر سلام کریں

السلام علیکم یا اھل القبور ورحمة الله وبرکاته انا ان شاء الله بکم لا حقون

پھر مؤدب سرہانے بیٹھ کر انگشت شہادت قبر پر رکھ کر آنکھیں بند کر کے ۲۱ مرتبہ پڑھیں

یاروح یاروح اور ۲۱ مرتبہ یاروح الارواح یاروح الارواح

اس کے بعد سلام قولا من رب رحیم بے تعداد پڑھیں جب تک قبر والا بالمشافہ سامنے آئے حکم کرے ترکیب کشف روح کی یہ ہے۔

سبوح قدوس ربنا ورب الملائکة والروح.

() کشف کے لیے

()نماز فجر کے بعد ۲۵۰۰ مرتبہ بسم اللہ مکمل ۴۰ دن تک پڑھیں۔

()طلوع آفتاب کے وقت آفتاب کی طرف آنکھیں جما کر ۱۰۰ مرتبہ پڑھیں۔

بے شمار فوائد

اگر کوئی فجر کی نماز کے بعد ۱۰۰ مرتبہ سورۃ مزمل کی تلاوت کرے تو ان شاء اللہ چند ماہ میں وہ اسرار منکشف ہوں گے کہ عقل حیران ہوگی، یہ عمل متواتر چالیس دن کریں ان شاء اللہ الہام کی بارش ہوگی اور رازوں کو سینہ میں رکھیں۔

() تین دن میں کشف حاصل ہو

آپ یہ عمل سن کر حیران ہو گئے ہوں گے کہ صوفیاء کشف کے لیے کتنی ریاضتیں کرتے ہیں اور کہا جاتا ہے کہ مرشد کامل کے سوا کشف محال ہے اور کہا جاتا ہے کہ یہ صرف بڑے بڑے بزرگوں کو حاصل ہوتا ہے، اور یہ آپ تین دن میں حاصل کر سکتے ہیں۔

میں عرض کروں گا کہ آپ کا مرشد ایسا کامل ہے جس کے برابر کوئی مرشد نہیں ہو سکتا۔ وہ اللہ رب العزت کی ذات اقدس ہے۔

عمل کی ترتیب

روزانہ خالی مکان پرسکون ماحول میں بیٹھ کر اللہ کا ذکر اس طرح کریں۔

''لا الہ'' پڑھتے وقت سانس اندر لیں اور ''الا اللہ'' پڑھتے وقت سانس باہر نکالیں۔

''اللہ'' پڑھتے وقت سانس اندر لیں اور ''ھُو'' پڑھتے وقت سانس باہر نکالیں۔

اور تصور کریں کہ سارے جہان میں کچھ بھی نہیں ہے صرف اللہ تعالیٰ کی ذات اقدس ہے۔

اور تصور کریں کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے میری دل میں نور کی روشنی آ رہی ہے اور میرا دل اللہ اللہ کر رہا ہے۔

ذکر کرتے کرتے ٹھہر جائیں اور اپنی سانس کو روک لیں اور دل کی طرف توجہ کریں کہ دل اللہ اللہ کر رہا ہے؟ جتنا ممکن ہو سانس روکے رکھیں اور اس وقفہ کو بڑھاتے جائیں۔

فوائد

دو تین دنوں میں کشف حاصل ہو جائے گا۔ لیکن یہ راز کسی کو نہیں بتانا اور نہ اس پر فخر کرنا ہے اور نہ اس پر کوئی شرعی احکام مرتب ہوں گے، ہر شخص اپنے کشف کا خود ذمہ دار ہے، وہ دوسرے پر کوئی چیز مسلط نہیں کر سکتا، اور نہ اس کو حتمی سمجھ کر خود عمل کر سکتا ہے، اتنا ہے کہ جس کو کوئی چیز بذریعہ کشف معلوم ہو، اس کا کچھ اندازہ ہو جاتا ہے اور اس پر احتیاط کی جا سکتی ہے جس کا شرعی جواب بھی ہو تو۔

() کشف القلوب کے لئے دوسرا عمل

اگر کوئی شخص چاہے کہ اسے کشف حاصل ہو جائے اور جو بات ہونے والی ہو اس کا اسے پہلے سے

علم ہو جائے تو اس کو چاہیے کہ ہر نماز کے بعد ایک سو مرتبہ اللہ تعالیٰ کا اسم ذات ''اللہ'' پڑھا کرے، ان شاء اللہ چند روز میں کشف حاصل ہو جائے گا اور جو بات زبان سے نکال دے، اسی طرح ان شاء اللہ ہو کر رہے گا۔

استخارہ کی اہمیت

استخارہ ہر دو صورتوں میں کرنا چاہیے یعنی اگر معاملہ ظاہری طور پر قابلِ اطمینان ہو یا پیچیدہ دونوں صورتوں میں حساس، دوررَس اثرات اور مستقبل سے متعلق معاملات پر استخارہ کی اہمیت بڑھ جاتی ہے۔

مسلمان کے لئے ہر اہم معاملے میں استخارہ کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ اللہ کے نبی ﷺ اپنے اصحاب رضی اللہ عنہم کو دعائے استخارہ قرآن کریم کی آیات کی طرح یاد کرنے کی تاکید کرتے تھے۔ سیدنا جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس طرح ہمیں قرآن کریم پڑھایا کرتے تھے اسی طرح ہر کام میں استخارہ کرنے کی بھی تعلیم دیتے تھے۔

(صحیح بخاری ۶۳۸۲)

آپ ﷺ نے مزید ارشاد فرمایا :

جب تم میں سے کوئی کسی اہم معاملے میں فکرمند ہو تو دو رکعت نفل پڑھے اور پھر دعائے استخارہ پڑھے۔ (صحیح بخاری ۶۳۸۲)

استخارہ کا لغوی معنی:

کسی معاملے میں خیر کے پہلو تلاش کرنا جیسے عربی میں کہا جاتا ہے :(اِستَخِرِ اللهَ يَخِرْ لَکَ)

کہ اللہ سے خیر مانگو، وہ تمہیں خیر عطا کریگا۔

اصطلاحی معنی:

کسی بھی معاملے میں رہنمائی طلب کرنا کہ اللہ تعالیٰ کے ہاں اس معاملے میں عمل کرنے یا نہ کرنے میں کونسا فیصلہ میرے حق میں بہتر ہے؟

حضرت امام نووی رحمہ اللہ نے صحیح مسلم کی شرح میں فرمایا:

اللہ تعالیٰ سے استخارہ اور اہل علم و صلحاء سے مشورہ طلب کرنا، اس لئے ہے کہ انسان کا اپنا علم ناقص

ہوتا ہے اور سوچ کامل نہیں ہوتی کیونکہ انسان کو ضعیف پیدا کیا گیا ہے۔ بسا اوقات پیچیدہ مسائل پیش آجاتے ہیں اور وہ تردد کا شکار بھی ہوجاتا ہے کہ ایسی صورت میں وہ کیا کرے؟

استخارہ میں خیر سے کیا مراد ہے؟:

استخارہ کے تناظر میں اللہ تعالیٰ سے خیر کا سوال کرنے کا جامع مفہوم یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ آخرت کی ناکامیوں سے بچاتے ہوئے دین کی سلامتی کے ساتھ دنیاوی معاملات میں عافیت وسہولت عطا فرمائے۔

استخارہ کا مقصد:

اسلام ایک کامل ضابطہ حیات ہے، یہ زندگی کے ہر شعبے میں نوعِ انسانی کی رہنمائی کرتا ہے۔ ہر انسان کو اپنی زندگی میں بار بار ایسے فیصلے کرنے ہوتے ہیں جس پر اس کی معیشت، معاشرت اور ذہنی سکون وغیرہ کا دارومدار ہے۔ استخارہ ایک انتہائی موثر اور شرعی طریقہ برائے مشورہ ہے جس کے ذریعے ایک مسلمان دیگر تمام رسومِ جاہلیت، غیر شرعی طریقوں، اٹکل پچو اور جادوئی انداز سے بالاتر ہو کر اس کائنات کے خالق، مالک، حافظ، علیم، حکیم، خبیر اور نظام چلانے والی ذات یعنی اللہ سبحانہ وتعالیٰ سے اپنے کسی بھی ارادے پر عمل کرنے سے پہلے خیر، آسانی رہنمائی، مدد اور فضل کا سوال کرتا ہے۔ یعنی استخارہ ظاہری طور پر بھی ایک فائدہ مند اور پرکشش معاملے میں نتیجہ اور انجام کے لحاظ سے خیر کے لئے اللہ تعالیٰ کی تائید اور مرضی حاصل کرنے کا شرعی طریقہ ہے۔

استخارہ کن معاملات کے لئے کرنا چاہیے اور کون سے معاملات استخارہ سے بالاتر ہیں؟

1۔ تمام فرائض، لازمی، تاکیدی معاملات اور احکامات کے لئے استخارہ کرنا منع ہے۔

2۔ تمام ممنوعہ، حرام اور شبہہ میں ڈالنے والے معاملات پر بھی استخارہ نہیں کرنا چاہئے۔

3۔ استخارہ ان معاملات اور اشیاء کے لئے بھی نہیں کرنا چاہئے جو واضح تکاثر اور از حد پر تعیش سامانِ دنیا کے زمرے میں آتی ہوں یعنی اسلام کی عمومی تعلیماتِ سادگی کے واضح خلاف ہوں۔ تکاثر کے تحت بنیادی معیارات اور رہنمائی کو نظر انداز کر کے خواہشات اور بلا جواز ضرورتوں کو استخارہ کے تحت جوازِ قبولیت

(endorse) دینے کی سوچ دین کے ساتھ مذاق کے مترادف ہے اور محض ڈھکوسلہ بازی ہے۔ پرتعیش معاملات کے لئے استخارہ کے ذریعے خیر طلب کرنے والوں کو سورہ آلِ عمران کی یہ آیت ذہن میں رکھنی چاہیئے جس میں یہ ارشاد ہے کہ سادگی (پرہیزگاری) ان تمام چیزوں کی حد سے زیادہ رغبت سے بہتر ہے۔

ترجمہ:

لوگوں کے لیے خواہشاتِ نفس کی شدید محبت (شہوات) جیسے عورتوں سے، بیٹوں سے، سونے اور چاندی کے جمع کردہ خزانوں سے، نشان زدہ (عمدہ قسم کے) گھوڑوں مویشیوں اور کھیتی سے محبت دلفریب بنا دی گئی ہے۔ یہ سب کچھ دنیاوی زندگی کا سامان ہے اور جو بہتر ٹھکانا ہے وہ اللہ تعالیٰ ہی کے پاس ہے۔
اے پیغمبر! آپ لوگوں سے کہئے :

کیا میں تمہیں ایسی چیزوں کی خبر دوں جو اس دنیاوی سامان سے بہتر ہیں؟ جو لوگ تقویٰ (سادگی/پرہیز) اختیار کریں۔ ان کے لیے ان کے پروردگار کے ہاں ایسے باغات ہیں جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں۔ وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے اور وہاں انہیں پاک صاف بیویاں میسر ہوں گی اور اللہ تعالیٰ کی رضامندی (ان سب نعمتوں سے بڑھ کر ہوگی) اور اللہ تعالیٰ ہر وقت اپنے بندوں کو دیکھ رہا ہے۔ (آل عمران ۱۴،۱۵)

مندرجہ بالا آیتِ کریمہ میں وہ نکتہ حکمت بیان کیا گیا ہے جو دوٹوک حرام وحلال سے ہٹ کر اختیاری معاملات کے لئے اصلاحِ نفس اور فکرِ آخرت کے لحاظ سے انتہائی موثر ہے۔ ویسے بھی سیرت نبوی ﷺ کا اہم سبق فکرِ آخرت کے تحت دنیا کی زندگی کو سادگی سے گزارنے کی تلقین ہے۔

چنانچہ استخارہ ہمیشہ اُن جائز اختیاری (Optional) کاموں کے لئے کرنا چاہیے جن کے ضمنی معاملات کے انتخاب کے لئے انسان کو اختیار دیا گیا ہے کہ وہ کرے یا نہ کرے؟ اور اگر کرے تو وہ کوئی مخصوص کام کب، کیسے اور کس کے ساتھ کرے وغیرہ وغیرہ۔ یعنی اولاً پیشِ نظر معاملہ شریعت کے معیارِ حلال وحرام اور بنیادی رہنمائی سے مطابقت رکھنے والا ہو۔ مثلاً رشتے کے حوالے سے بنیادی رہنمائی موجود ہے۔ اسی طرح کے بنیادی اور شرعی معیار سواری، کاروبار، یا گھر کی خریداری اور سفر وغیرہ کے لئے بھی موجود ہیں۔

شادی کے معاملات اور استخارہ

بلاشبہ انسان کی زندگی میں شادی ایک اہم مرحلہ ہے اور شریکِ حیات کا انتخاب بہت حساس معاملہ ہے۔ یہ المیہ ہے کہ شادیوں کے فیصلے میں زبردست غلطیاں دیکھنے میں آتی ہیں۔اس کی اصل وجہ ابتدا ہی سے اصولوں کی روگردانی کا ارتکاب ہوتا ہے۔ مثلاً رشتے کے حوالے سے یہ بنیادی رہنمائی موجود ہے کہ خاتون کے لئے اس کی دینداری کو چیک کیا جائے نہ کہ محض اس کے حسن، دولت اور حسب ونسب کی بنیاد پر فیصلہ کیا جائے۔(صحیح مسلم)

لڑکے کے لئے پہلے اس کا دین، اخلاق اور ضروری صلاحیتیں دیکھی جائیں(ترمذی ۲۰۸۴)

نہ کہ مال و دولت جوانی، خوبصورتی اور صرف دنیاوی تعلیم وغیرہ۔لیکن عملاً ہوتا کیا ہے؟

اولاً تو لڑکے، لڑکی کے انتخاب کے مرحلے پر خاندان کے غیر متعلقہ افراد کی خوشنودی کو مقدم رکھا جاتا ہے جن میں سے اکثر کی وجہ انتخاب یا انکار ذاتی پسند ناپسند، دنیاوی معیارات، ذاتی مفادات اور تحفظات ہوتے ہیں۔

(۲) بعض اوقات یہ فیصلہ ساز افراد لڑکے یا لڑکی کی جائز وجہ پسند یا ناپسند کو بھی ضروری اہمیت نہیں دیتے۔

(۳) محبت کی شادی تو الگ مسئلہ ہے بعض اوقات لڑکے یا لڑکی کی ذاتی پسند یا ناپسند فیصلہ سازی کا معیار بن جاتی ہے۔

ان تمام صورتوں میں دین کی دی ہوئی رہنمائی اور استخارہ محض ایک رسمی مرحلہ رہ جاتا ہے، چنانچہ ایسی تمام شادیوں کا انجام یا تو مجبوری کی شادی / رشتہ داری (Marriage of Compromise) کی صورت میں زندگی بھر کی تلخیاں یا پھر انتہائی صورتحال یعنی طلاق کی صورت میں نظر آتا ہے۔ یہ سب کچھ غلط ہے، ہونا یہ چاہئے کہ

(۱) رشتہ / شادی سے متعلق بنیادی اسلامی رہنمائی پر عمل ہو۔

(۲) اس کے بعد لڑکے یا لڑکی کی ذاتی پسند یا ناپسند کو ثانوی اہمیت دیتے ہوئے ضروری حد تک پورا کیا جائے۔

(۳) اور اس کے ساتھ ساتھ استخارہ اس کی روح کے مطابق کیا جائے۔

اکثر صورتوں میں والدین تربیت اور صلاحیت کے اعتبار سے اپنی 25 - 20 سالہ نااہل اور

غیر ذمہ دار اولاد (Product) کو جب عملی میدان میں اتارتے ہیں یا انتخاب کرتے ہیں یا بعض اوقات جاننے کے باوجود اولاد کی شخصیت کا کوئی کمزور پہلو چھپاتے ہیں، تو اس کا نتیجہ ناکامی کے سوا کچھ نہیں ہوتا۔ اسی طرح بعض صورتوں میں اولاد بھی محبت کی شادی (Love Marriage) جیسی تکلیف دہ حماقت کا فیصلہ کر بیٹھتی ہے۔ جو یقیناً ایک جذباتی فیصلہ ہوتا ہے۔ بنیادی اصولوں کو نظر انداز کرتے ہوئے پسند کی شادی یا محبت کی شادی کا انجام عمومی طور پر کچھ ہی عرصہ کے بعد انتہائی تکلیف دہ صورت حال میں سامنے آتا ہے۔

ناکام شادیوں کی صورت میں بعض لوگ شکوہ کرتے ہیں کہ استخارہ تو کیا تھا، معلوم نہیں کہ یہ انجام کیوں برا ہوا؟ ان کو چاہیے کہ وہ ٹھنڈے دل سے مکمل تجزیہ کریں

(۱) کہ کہیں بنیادی اصولوں کی خلاف ورزی تو نہیں ہوئی؟

(۲) کہیں صرف رشتے کے حصول کے لئے لالچ اور خوش گمانی پر اصولوں کو تو نظر انداز نہیں کیا گیا؟

(۳) کہیں غیر شرعی اور صرف رسمی انداز میں تو استخارہ پر تکیہ نہیں کیا اور چھان بین کے مرحلے کو ذمہ داری سے پورا نہیں کیا؟

() اور سب سے بڑھ کر بعد از شادی بیاہ گھریلو معاملات کو غیر اسلامی اور غیر شرعی انداز سے تو نہیں چلایا؟ مثلاً

شادی کے رشتہ تک تو استخارہ کو اہمیت دی اور اس کے بعد منگنی سے لیکر شادی اور بعد از شادی معاملات میں دین کو پرے (Side line) کر دیا تو اس پر استخارہ کو قصور وار ٹھہرانا کیا معانی رکھتا ہے؟

بلاشبہ استخارہ دیندار فریق کے لئے ان تمام مصائب سے بچنے کا انتہائی موثر اور دافع مشکلات (Preventive) طریقہ ہے۔

استخارہ کا فائدہ:

مشہور محاورہ ہے کہ ہر چمکنے والی چیز سونا نہیں ہوتی۔ استخارہ غیر ضروری خطرات اور پریشانی والے معاملات، تکے بازی (Speculations)، خوش گمانی کی بنیاد پر فیصلہ کرنے والے معاملات پر ممکنہ نقصانات اور پریشانیوں سے بچنے کا ایک یقینی نسخہ ہے۔ کہا جاتا ہے کہ اکثر معاملات مثلاً شادی بیاہ، کاروبار

وغیرہ تو بند مٹھی کے سودے کے مترادف ہوتے ہیں اور کامیابی و ناکامی کا پتہ بعد میں چلتا ہے اور یہ سب نصیب کا معاملہ ہوتا ہے وغیرہ وغیرہ۔ استخارہ کے تناظر میں درحقیقت ایسے لوگوں کے نزدیک کامیابی و ناکامی کا معیار ہی غلط ہوتا ہے مثلاً اگر کسی گھرانے میں دولت کی ریل پیل اور بظاہر سکون ہو تو اس شادی کو کامیاب سمجھا جاتا ہے، اگرچہ وہ گھرانہ دینداری، اخلاقیات اور معاشرت وغیرہ کے اعتبار سے کمزور ہی کیوں نہ ہو۔

اس کے برعکس اگر کسی گھرانے میں کچھ معاشی تنگی یا مصائب ہوں تو طرفین اکثر ایک دوسرے کو مختلف انداز سے لعن طعن کرتے ہیں اور موردِ الزام ٹھہراتے ہیں۔ بعض اوقات لڑکے یا لڑکی کی طرف سے اپنے معاملات اور گھر پر دین نافذ کرنے کی کوشش کو بھی دوسرے فریق کی طرف سے منفی انداز میں لیا جاتا ہے۔ اور اس صورتِ حال کے تناظر میں گھر میں کشیدگی کو ناکام شادی اور بڑوں کے غلط فیصلوں کے طور پر لیا جاتا ہے۔ استخارہ کے تناظر میں ایسا سب کچھ سوچنا اور کہنا بالواسطہ طور پر استخارہ کو بے فائدہ قرار دینا، بلکہ عملاً دینی تعلیمات پر اعتراض لگانا ہے۔

شادی کے معاملات میں استخارہ کے ذریعے خیر طلب کرنے والوں کو سب سے پہلے تو یہ سمجھ لینا چاہئے اسلامی نقطہ نگاہ سے کامیاب شادی کا تصور یہ ہے کہ میاں بیوی ازدواجی زندگی کے تمام نشیب و فراز مثلاً معیشت و معاشرت میں اتار چڑھاؤ یعنی تنگی و فراخی کے باوجود دین کے مطالبوں پر عمل پیرا ہوتے ہوئے مکمل ہم آہنگی، باہمی الفت و محبت، عزت و احترام اور صحت و عافیت کے ساتھ زندگی گزاریں۔

چنانچہ ایسے لوگوں کو چاہئے کہ وہ دعائے استخارہ کے الفاظ کو خوب اچھی طرح سمجھ لیں۔ درحقیقت یہ اللہ تعالیٰ کا انسانوں پر احسان ہے کہ اس نے دعائے استخارہ کے ذریعے ہمیں بری تقدیر کے اثرات سے بھی محفوظ رہنے کا ادب سکھایا۔

حدیث رسول ﷺ ہے:

لَا يَرُدُّ الْقَضَآءَ إِلَّا الدُّعَآءُ، وَلَا يَزِيْدُ فِي الْعُمُرِ إِلَّا الْبِرُّ (ترمذی ۲۱۳۹)

قضاء کو صرف دعا ہی بدل سکتی ہے اور عمر کو نیکی کے علاوہ کوئی چیز نہیں بڑھا سکتی۔ (یعنی عمر میں برکت)

دینی لحاظ سے استخارہ کا فائدہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ سے تعلق مضبوط ہوتا ہے۔ اور عقیدہ توحید اور توکل علی اللہ پر

بہتر عمل ہوتا ہے۔

استخارہ کے بنیادی مراحل:

(۱)۔سب سے پہلے معاملے کو شرع کے بنیادی معیار سے جانچیں کہ یہ جائز کام ہے کہ نہیں؟ یعنی اولاً معاملے سے متعلق شریعت کے دستیاب عمومی بنیادی معیار اور رہنمائی سے واقفیت حاصل کریں۔

(۲)۔متعلقہ اچھائی ربرائی رکمزوری جاننے کیلیئے بھاگ دوڑ کریں اور ضروری چھان بین کریں۔

(۳)۔تردّد یعنی مجموعی اچھائی یا برائی واضح نہ ہونے کی صورت میں اہلِ علم اور جہاں دیدہ افراد سے مشورہ کریں۔

(۴)۔حتمی اطمینان اور اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ استخارہ کریں۔

استخارہ کس کو کرنا چاہئے اور اس سلسلے میں بنیادی شرائط:

استخارہ عملاً صرف صاحبِ معاملہ کو کرنا چاہئے

(۱) یعنی وہ فرد جس کا اس معاملے سے براہِ راست تعلق ہو، مثلاً لڑکی کے رشتہ کے لئے اس کا والد یا ولی یا وہ لڑکی خود استخارہ کرے۔

(۲) اس کے علاوہ ایسے لوگ بھی استخارہ کر سکتے ہیں جو معاملے سے کچھ نہ کچھ تعلق یا رشتہ رکھتے ہوں مثلاً لڑکی کی والدہ یا اس کے نانا، دادا وغیرہ۔

نوٹ:

نجومی، پامسٹ، اور جادوگر جو جنتریوں مین اشتہار دیتے ہیں کہ ہم سے استخارہ کروائیں، اس کا استخارہ کوئی معنی نہیں رکھتا، بلکہ وہ استخارہ ہے ہی نہیں اور ایک شیطانی پھندا ہوتا ہے جس کا انجام پریشانی اور ناکامی کے علاوہ کچھ نہیں۔

استخارہ کی دعا کے معانی اس نکتہ کو خوب واضح کرتے ہیں کہ دعا کرنے والا خود سائل اور حاجتمند ہے اور اپنے ہی لئے خیر کا طلب گار ہے۔ بالکل غیر متعلقہ فرد سے استخارہ کروانا دعا کے معانی اور مقصد کے خلاف ہو جاتا ہے۔لیکن استخارہ کوئی بھی کرے اس کے لئے ضروری ہے۔

(۱) کہ صحیح العقیدہ ہو۔

(۲) عمومی طور پر بھی ہر معاملے میں دین پر چلنے والا ہو

(۳) اور دعائے استخارہ کے معانی اور مطالب سمجھتا ہو صرف مطلب براری یا محض رسمی کارروائی کے طور پر نہ ہو۔

(۴) اور خواہشاتِ نفس کو دینی اعتبار دینے کی سوچ نہ ہو۔

(۵) اس کے علاوہ یہ بھی ضروری ہے کہ استخارہ کرنے والا زندگی کے ہر معاملے میں اللہ تعالیٰ کو حَکَم (Authority) سمجھنے والا ہو۔

دین سے لاعلم یا بے عمل شخص کیا کرے؟

اگر کوئی شخص دین پر عمل پیرا نہیں ہے یا وہ بالکل لاعلم ہے تب بھی اس کو چاہیے کہ وہ گھبرا کر یا مایوس ہو کر اپنا معاملہ نہ تو غیر متعلقہ یا نااہل افراد کے سپرد کرے اور نہ ہی استخارہ کو نظر انداز کرے، اس کو چاہیے کہ وہ استخارہ ضرور کرے اور اس کے ساتھ ساتھ اپنے آپ کو دین کے تقاضوں کے مطابق ڈھالنے کی کوشش کرے۔ اپنی کوتاہیوں اور ماضی پر نادم فرد کا دین کی طرف لوٹنا اللہ تعالیٰ کے ہاں بہت پسندیدہ عمل ہے۔

اس مشکل کا ابتدائی حل یہ ہے کہ جب تک استخارہ کی دعا اور مسائل سے واقفیت مکمل نہ ہو وہ شخص اس وقت تک اپنے مسائل کے حل کے لئے اپنی مادری زبان میں سادہ انداز سے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگتا رہے۔

اس کا ایک عارضی حل یہ ہے کہ وہ دو رکعت استخارہ کے نفل ادا کر کے کسی سے دعائے استخارہ پڑھوائے اور ساتھ ساتھ خود دہرائے۔

اور اس کا مستقل حل یہ ہے کہ ہر انسان مسائلِ استخارہ اور دعا وغیرہ کو سمجھنے کی فکر اور کوشش کرے۔ یعنی استخارہ کے معاملات میں خود کفیل ہو۔ یعنی اگر صاحبِ معاملہ دنیادار آدمی ہے تو اس کو چاہئے کہ وہ پہلے بنیادی رجوع الی اللہ کرے، پاک صاف رہے، توبہ استغفار کرے، پنج وقتہ نماز کی بروقت ادائیگی کرے اور دیگر معاملات کو سیدھا رکھے اور پھر کسی بھی مسئلے کے لئے اس سے متعلق بنیادی رہنمائی اور ابتدائی شرائط (Pre-Requisites) کو پورا کرتے ہوئے اپنے معاملات کے لئے خود استخارہ کرے۔ کیونکہ زندگی میں بیشمار معاملات میں استخارے کی ضرورت پیش آتی ہے، کب تک غیر شرعی انداز سے دوسروں پر

انحصار کریگا!؟

غیرشرعی استخارہ کی مروجہ صورتیں:

دین سے عمومی طور پر دوراور دعاوں سے ناواقف لوگ اپنی سہولت یا صرف محض رسمی کارروائی پوری کرنے کے لئے دیگر لوگوں سے استخارہ کرنے کے لئے کہتے ہیں۔ یہاں بھی موقع اور مفاد پرست اور دینی لبادے میں ملفوف حضرات اپنی خدمات پیش کرنے کے لئے دستیاب ہیں۔ میڈیائی دین کے سرخیل، پیشہ وراور اجرتی علمائے سوءاور عامل قسم کے مشرک اور ناپاک لوگوں سے رابطہ کیا جاتا ہے جن کے اپنے احوال اور معاملات دینی لحاظ سے ناقابلِ قبول ہوتے ہیں۔ مصائب اور مسائل میں گھرے ہوئے پریشان حال انسانوں کی مجبوری سے فائدہ اٹھانے کے لئے یہ مفاد پرست حضرات ہر مسئلے کو استخارہ کے عنوان کے تحت حل کرنے کا دعویٰ کرتے ہیں، مثلاً بیماریوں کا علاج اور غیب کے معاملات کی خبر وغیرہ۔

درحقیقت علم نجوم اور کہانت کا کاروبار اب استخارہ کے عنوان کے تحت چلایا جارہا ہے۔ اسی طرح قرآنی استخارہ کے نام سے جو کچھ ہو رہا ہے جیسا کہ بعض لوگ کرتے ہیں، اس قسم کے استخاروں کی بھی کوئی سند اور حیثیت نہیں ہے۔ اس انداز سے استخارہ جیسی عظیم اور حساس کارروائی کو نمٹانا دنیا و آخرت میں ناکامی کا سودا ہے۔ ہر مسلمان کو سب سے پہلے اپنے دین و ایمان کی فکر کرنی چاہئے کہ کہیں وہ اپنے مسائل کے حل کے لئے غیر اللہ سے رہنمائی و مدد کی صورت میں دیگر کبیرہ گناہوں کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی ذات و صفات میں شرک جیسے گناہ کا مرتکب نہ ہو جائے۔

چھان بین اور مشاورت کی اہمیت:

مسلمان کو چاہئے کہ استخارہ کے ساتھ ساتھ مطلوبہ معاملے سے متعلق ضروری معلومات اور زمینی حقائق بھی معلوم کرے اور اس کے لئے جامع انداز سے چھان بین کرے خاص طور پر شادی بیاہ کے معاملات میں لڑکے لڑکی کے دین، اخلاق، صحت، دوست، مصروفیات اور متعلقہ ضروری صلاحیتوں کے متعلق چھان بین ضرور کرے اور چھان بین کے ضمن میں مشورہ دینے والے سے تاکیداً پوچھا جائے کہ وہ دستیاب معلومات ضرور فراہم کرے کیونکہ یہ زندگی بھر کے معاملات ہوتے ہیں۔ اس کو یوں سمجھنا چاہیے کہ

ہر معاملے کے لئے دو بنیادی معیار ہوتے ہیں:

(۱)۔ پہلا معیار معاملے کیلئے لازمی حصہ ہوتا ہے۔یعنی وہ شرائط جن کو پورا کرنا لازمی ہے۔

(۲)۔دوسرا معیار معاملے کی مزید بہتری کے لئے یقینی اطمینان کہلاتا ہے۔

چھان بین کو عام اصطلاح میں لازمی معیار/شرط (Necessary Condition) کہتے ہیں۔اس مرحلے پر اہلِ علم و معاملہ فہم اشخاص سے مشورہ طلب کرنا بھی اہم ہے۔جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

وَ شَاوِرْهُمْ فِي الْاَمْرِ (آل عمران ۱۵۹)

اور معاملات میں ان سے مشورہ کیا کیجئے۔

یہ خطاب اگرچہ نبی اکرم ﷺ کو ہے، حالانکہ آپ ﷺ لوگوں میں کامل ترین شخص تھے، پھر بھی حکم ہے کہ صحابہ کرامؓ سے معاملات میں مشاورت کریں، چنانچہ آپ ﷺ نے بھی، آپ کے بعد خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم نے بھی اس حکم پر عمل کیا یعنی جو جو معاملہ تردد کا شکار ہوا اس پر مشاورت کی گئی۔ چنانچہ اہل لوگوں سے مشورہ کریں۔اس کے ساتھ ساتھ استخارہ جاری رکھیں، چھان بین اور مشاورت کے ساتھ ساتھ استخارہ اصطلاحاً (Sufficient Condition) کہلاتا ہے۔اور جب یہ دونوں مراحل (لازمی اور کافی شرائط) اطمینانِ قلب اور قابل قبول صورت کیفیت کی طرف جائیں تو اس کا مطلب ہے کہ استخارہ بھی موافق ہے۔

مشاورت کے اہل شخص کی خصوصیات:

علم اور تجربہ میں مہارت رکھنے کے ساتھ دینی اعتبار سے مخلص اور آپ کا خیر خواہ ہو اور جلد باز نہ ہو۔امانت و دیانت میں بھی بے مثال ہو، کیونکہ حدیث ہے :

اس شخص کا ایمان نہیں جو امانت کی پاسداری نہ کرتا ہو، اور اس کا دین نہیں جو عہد کی پاسداری نہ کرتا ہو۔(مسند احمد ۱۳۶۳۷)

()اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر کوئی شخص دینی امور میں مخلص نہ ہو تو گویا وہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ مخلص نہیں اور جو اپنے رب کے ساتھ مخلص نہیں وہ اس کی مخلوق کے ساتھ کیسے مخلص ہو سکتا ہے؟ مشورہ دینے والے کی شرعی ذمہ داری ہے کہ اگر وہ متعلقہ معاملے میں کسی کمزور پہلو سے واقف ہے تو وہ حق بات کو چھپائے نہیں

بلکہ مناسب انداز سے واضح کر کے بری الذمہ ہو جائے۔

() دینداری اور امانت داری کے ساتھ ساتھ مشورہ دینے والا متعلقہ معاملات میں مہارت رکھتا ہو، ایک شخص بہت بڑا نیک اور پرہیزگار ہے لیکن رشتہ داری کے معاملات نہیں جانتا اس سے رشتہ داری سے متعلق مشورہ لینا اس طرح ہے جس طرح ایک ڈاکٹر آنکھوں یا دل کے آپریشن کے لئے ایک انجنیئر سے مشورہ لے

استخارہ کس طرح رہنمائی کرتا ہے:

اگر سائل اوپر بیان کردہ تمام بنیادی شروط کو پورا کرے یعنی اگر وہ ابتدائی رہنمائی اور عملی چھان بین اور مشورہ کے ساتھ ساتھ عاجزی سے استخارہ کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس پر معاملے کی اچھائی یا برائی واضح کردیتے ہیں۔ اور راہ یا تو ہموار تر ہو جاتی ہے یا پھر ناموافق حقائق اور عملی رکاوٹیں انسان کو ایک واضح اشارہ دے دیتی ہیں کہ بہتری کس میں ہے۔

اور اس کے حق میں جو چیز بہتر ہوتی ہے اس کی راہیں آسان ہو جاتی ہے اور جو چیز بہتر نہیں ہوتی از خود ان باتوں سے دل پھر جاتا ہے یا وہ کام ناممکن ہو جاتا ہے، امکانی طور پر خواب میں بھی کچھ ایسی چیز یا نکتہ سامنے آسکتا ہے جو فیصلہ کرنے میں آسانی کردے، مگر اس سلسلے میں کسی خواب وغیرہ کا انتظار نہ کریں۔ استخارہ کے بعد خواب کا آنا لازم نہیں، تاہم استخارہ کے بعد خواب آئے تو ممکن ہے کہ وہ صالح خواب ہو، اور اس کی صحیح تعبیر اہلِ تعبیر لوگوں سے دریافت کریں۔

نوٹ:

استخارہ کسی ماضی کی خبر میں رہنمائی نہیں کرتا اور نہ کوئی مستقبل کی خبر بتاتا ہے، آج کل نجومی لوگ ایک نقش بنا کر دیتے ہیں کہ یہ رات کو سرہانے کے نیچے رکھ کر سو جاؤ تو چور رات کو خواب میں نظر آجائے گا۔ اگر مستقبل کے لئے کوئی الہامی خواب آتا تو اس خواب کی تعبیر ماہرین تعبیر سے پوچھنی ہوگی اور یہ نہیں ہوتا کہ فلاں صورت کا انسان سبز جبے والا خواب میں آکر بتائے کہ یہ کام ہوں ہوگا۔ صالح خواب متقین کے لئے ایک مستقل سعادت ہے اور اس کی تعبیر ہوتی ہے۔

بعض استخارہ شدہ معاملات میں ناکامی کی اصل وجوہات:

بعض لوگ شکوہ کرتے ہیں کہ استخارہ تو کیا تھا، نہ معلوم یہ انجام کیوں برا ہوا؟ جیسا کہ پہلے بھی ذکر کیا گیا کہ ناکامی کا غیر جانبدارانہ تجزیہ کریں کہ کہیں بنیادی اصولوں کی خلاف ورزی تو نہیں ہوئی؟ کہیں کسی چیز کے حصول کے لئے لالچ اور خوش گمانی کے تحت اصولوں کو تو نظر انداز نہیں کیا؟ کہیں غیر شرعی اور صرف رسمی انداز میں تو استخارہ پر تکیہ نہیں کیا اور چھان بین کے مرحلے کو ذمہ داری سے پورا نہیں کیا۔ اور سب سے بڑھ کر بعد از استخارہ معاملے کو غیر اسلامی اور غیر شرعی انداز سے تو نہیں چلایا؟

بے جا تشکیک، گمان اور خدشات سے بچنا ضروری ہے:

اگر کوئی معاملہ اسلام کی دی گئی بنیادی رہنمائی اور شرائط پر پورا اترتا ہے یعنی چھان بین کے تمام شرعی نکات کے مطابق ہے اور صاحب/اصحابِ معاملہ خلوص نیت اور صمیم قلب سے اس پر استخارہ بھی کرتے ہیں اور عمومی اطمینان قلب بھی حاصل ہو جاتا ہے۔ تو اس کے بعد بعض دنیاوی اور معاشرتی معیار اور ظاہری کمزوریوں پر بلاوجہ فکر مند ہونے اور خدشات میں مبتلا نہیں ہونا چاہئے۔ قرآنی رہنمائی مثلاً:

اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا" (انشراح ۵)

ترجمہ:

بلاشبہ ہر مشکل کے ساتھ آسانی ہے۔ اور

فَاِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللهِ (ال عمران ۱۵۹)

ترجمہ:

پھر جب آپ کسی رائے کا پختہ ارادہ کر لیں تو اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کیجئے۔

کی روشنی میں اپنے ارادے پر عملدر آمد کرے اور آگے کے تمام معاملات پر دین کے تمام اصولوں کا اطلاق کرے۔ یہ نہ ہو کہ فیصلہ تو استخارہ کے مطابق ہو مگر عمل من چاہے اصولوں کے مطابق ہو۔ تو پھر انجام بخیر کیسے ہوگا؟

سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں:

استخارہ میں جو فیصلہ ہو جائے اس پر دل چھوٹا نہیں کرنا چاہیے۔ (الرضا عن اللہ بقضاءٖ، لابن ابی دنیا (56:

قرآن کریم میں باری تعالیٰ کا ارشاد ہے:

ترجمہ:

ممکن ہے کہ تم کسی چیز کو برا جانو اور دراصل وہی تمہارے لئے بھلی ہو اور یہ بھی ممکن ہے کہ تم کسی چیز کو اچھا سمجھو، حالانکہ وہ تمہارے لئے بری ہو حقیقی علم اللہ تعالیٰ ہی کو ہے اور تم محض بیخبر ہو۔ (البقرۃ ۲۱۶)

غیر موافق استخارہ کیا معنیٰ رکھتا ہے:

اگر کسی معاملے میں چھان بین اور استخارہ کے دوران کچھ ایسی تفاصیل سامنے آئیں جو اس چیز یا معاملے کی کمزوری اور خرابی ظاہر کریں اور ان وجوہات کی وجہ سے اس چیز یا فرد کے انتخاب میں کوئی فکر یا ہچکچاہٹ /خطرہ محسوس ہو تو سمجھ لینا چاہیے کہ استخارہ اس چیز/ معاملے کے حق میں نہیں ہے۔ اثر کے اعتبار سے اس کا مطلب یہ ہے کہ بعد کے مراحل اور نتائج کے حوالے سے اس چیز کا انتخاب سائل کے لئے نقصان دہ ہوسکتا ہے اور اس سے رک جانا ہی بہتر ہے۔ اس کا ایک مطلب یہ بھی ہے کہ وہ چیز یا صاحبِ رشتہ یا معاملہ خراب یا برا نہیں ہے بلکہ آپ کے لئے فائدہ مند نہیں ہے۔ مثلاً ایک شخص ایک قیمتی گاڑی یا بڑے گھر کی تمنا یا کسی مخصوص شریکِ حیات کی آرزو رکھتا ہے اور اس کا پرخلوص استخارہ اس کو غیر موافق محسوس ہو تو اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ اس کے بعد کے معاملات و اثرات شاید نبھا نہ سکے گا۔ رشتے کے معاملے میں غیر موافق استخارے کا مطلب یہ ہے کہ نتائج کے اعتبار سے یہ بندھن مسائل کا سبب بن سکتا ہے۔ وغیرہ وغیرہ۔ اس لئے ایسی چیز سے بچنا بہتر ہے۔

غیر موافق استخارہ کا اظہار کس طرح کیا جائے؟

(اصولِ معذرت) حساس معاملات مثلاً رشتہ وغیرہ کے معاملات میں معذرت اور انکار کو بھی شائستہ انداز میں پہنچانا چاہیے تاکہ دل آزاری نہ ہو اور اگر فریقِ ثانی کی کوئی کمزوری یا برائی واضح بھی ہو تب بھی اس کو بطور وجہ بیان نہیں کرنا چاہیے اور نہ ہی دوسروں میں اس کا چرچا کرنا چاہئے۔ سادہ وجہ یہی بیان کی جائے کہ استخارہ اور باہمی مشورہ اس معاملے کے لئے قابلِ اطمینان نہیں ہے۔ اس لئے معذرت چاہتے ہیں۔

استخارہ کے ضمنی مسائل:

(۱)۔استخارہ کے لئے خاص نیت کر کے الگ سے دو رکعات ادا کرنا مسنون ہے۔
(۲) استخارہ کی نماز (نوافل) کے لئے کوئی خاص وقت مقرر نہیں ہے مگر قبولیتِ دعا کے اوقات میں استخارہ زیادہ فائدہ مند ہوسکتا ہے۔البتہ نماز کے احکامِ اوقات کے ضمن میں مکروہ اوقات میں استخارہ نہ کرنا بہتر ہے۔
(۳) نیز سورہ فاتحہ کے بعد قرآن مجید کے کسی بھی حصہ کی تلاوت کی جاسکتی ہے۔
(۴)۔اگر نماز ممنوع ہو جیسے خواتین کے ساتھ بعض اوقات صورتحال ہوتی ہے تو ایسی صورت میں نماز کی اجازت تک صبر کیا جائے، اگر انتہائی مجبوری ہو تو صرف دعائے استخارہ پڑھی جاسکتی ہے۔
(۵)۔استخارہ کی دعا اگر یاد نہ ہو تو مجبوری کے تحت اسے کسی رقعہ وغیرہ میں دیکھ کر پڑھ سکتے ہیں، اگر دعا یاد کر لی جائے تو بہت ہی اچھا ہوگا۔نیز پڑھنے سے بالکل قاصر فرد کو چاہئے کہ کوئی دوسرا فرد اس کے سامنے پڑھے اور وہ اس کو دُہرائے۔بالکل غیر متعلقہ فرد سے استخارہ کروانا غلط ہے اور بے شمار خرابیوں کا باعث بنتا ہے۔
(٦)۔اگر دعائے استخارہ نفل کے تشہد میں سلام سے قبل پڑھی جائے تو اس کی بھی اجازت ہے۔اور یہی بہتر ہے۔
(۷)۔استخارہ کے بعد اس معاملہ کے متعلق جو ارادہ بنے کر لیں، کسی خواب وغیرہ کا انتظار مت کریں۔
(۸)۔اگر معاملہ کی جانب کوئی مصمم ارادہ نہ بنے تو بار بار استخارہ کریں۔(کم از کم تین بار۔صحیح مسلم)۔اور زیادہ کی کوئی حد نہیں۔
(۹)۔دعائے استخارہ رسول اکرم ﷺ کی سکھائی گئی دعا ہے، لہٰذا اس سے نہ تو زیادہ کریں اور نہ ہی کم، یعنی الفاظ میں کمی بیشی نہ کریں۔
(۱۰)۔کسی معاملہ میں آپ کا ارادہ اگر ایک جانب مائل ہو تو اس کو دل میں زیادہ اجاگر نہ کریں، یعنی اگر آپ کو کوئی رشتہ زیادہ پسند ہے، یا کوئی گاڑی وغیرہ زیادہ پسند ہے تو آپ کی چاہت اس جانب ہوگی، استخارہ کے وقت دل میں اس کے خیر و شر دونوں پہلوں کو مدنظر رکھ کر استخارہ کی دعا مانگیں نہ کہ صرف خیر خیر۔

(۱۱)۔مختلف معاملات کے لئے الگ الگ استخارہ کیا جائے۔

(۱۲)۔اپنے آپ کو استخارہ کا عادی بنائیں، چاہے کوئی چھوٹا معاملہ ہی کیوں نہ ہو۔

استخارہ کرنے کا طریقہ:

دین بہت سادہ ہے، استخارہ کے لئے خصوصی طور پر دو رکعت اپنے مسئلے پر استخارہ کی نیت کر کے ادا کریں اور اس نفل نماز کے بعد دعا مانگنے کے عمومی آداب کو ملحوظِ خاطر رکھتے ہوئے کہ ہاتھ اٹھا کر ابتداء میں سورہ فاتحہ، سورہ بقرہ کی آخری دو آیات اور درود شریف کے ساتھ اپنی دعا کا آغاز کریں کیونکہ عمومی طور پر بھی یہ ابتدائی دعائیں قبولیتِ دعا کے لئے فائدہ مند ہیں۔اس کے بعد مندرجہ ذیل استخارہ کی دعا اسکے معانی خوب اچھی طرح سمجھ کر پڑھیں۔

دعائے استخارہ:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡتَخِیۡرُکَ بِعِلۡمِکَ وَ اَسۡتَقۡدِرُکَ بِقُدۡ رَ تِکَ

اے میرے اللہ!

میں تجھ سے تیرے علم کے ساتھ خیر مانگتا ہوں اور تیری قدرت کے ساتھ قوت طلب کرتا ہوں

وَ اَسۡئَلُکَ مِنۡ فَضۡلِکَ الۡعَظِیۡمِ فَاِنَّکَ تَقۡدِ رُ وَ لَآ اَ قۡدِ رُ

اور تجھ سے تیرے عظیم فضل کا سوال کرتا ہوں اس لئے کہ تو طاقت رکھتا ہے اور میں طاقت نہیں رکھتا۔

وَ تَعۡلَمُ وَ لَآ اَعۡلَمُ وَ اَ نۡت عَلَّا مُ الۡغُیُوۡ بِ

اور تو جانتا ہے میں نہیں جانتا اور تو ہی غیبوں کا جاننے والا ہے۔

اَ للّٰھُمَّ اِنۡ کُنۡتَ تَعۡلَمُ

اے میرے اللہ! تیرے علم میں اگر یہ بات ہے۔

اَ نَّ ہٰذَا الۡاَمۡرَ خَیۡرٌ لِّی فِیۡ دِ یۡنِیۡ وَ مَعَاشِی وَ عَا قِبَۃِ اَ مۡرِیۡ

کہ یہ کام میرے لئے میرے دین میری معیشت اور میرے کام کے انجام میں بہتر ہے۔

فَا قۡدُ رۡہُ لِیۡ وَ یَسِّرۡہُ لِیۡ ثُمَّ بَا رِکۡ لِیۡ فِیۡہِ

تو اسے میرے مقدر میں کردے اور میرے لئے اس کو آسان کردے پھر میرے لئے اس میں برکت ڈال دے

وَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ

اور تیرے علم میں اگر یہ بات ہے

اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّی فِیْ دِیْنِیْ وَ مَعَاشِیْ وَ عَاقِبَةِ اَمْرِیْ

کہ یہ کام میرے لئے میرے دین میری معیشت اور میرے کام کے انجام میں برا ہے۔

فَاصْرِفْهُ عَنِّیْ وَ اصْرِفْنِیْ عَنْهُ

تو اسے مجھ سے پھیر دے اور مجھے اس سے پھیر دے

وَ اقْدُرْ لِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ كَانَ ثُمَّ اَرْضِنِیْ بِهٖ

اور میرے مقدر میں بھلائی رکھ دے جہاں بھی ہو پھر مجھے اس پر راضی کردے۔ (بخاری ۶۳۸۲) ابو داو ۲۵۳۸)

دعا میں خط کشیدہ (under line) الفاظ ''ھٰذَ االْاَمْرَ'' پڑھنے کے بجائے اپنی حاجت کا نام لیں۔

استخارہ ان لوگوں کے لئے فائدہ مند ہوگا جو...

(۱)۔عقیدہ اور عمل کے لحاظ سے توحید کے تقاضوں کو سمجھتے ہوں اور عملی زندگی میں قرآن وسنت پر کاربند ہوں۔

(۲)۔اگر دین سے لاعلم اور عملی طور پر دور ہوں لیکن احساسِ زیاں رکھتے ہوں یعنی ماضی پر شرمسار ہوں اور مستقبل کے حوالے سے دین پر کاربند رہنے کی فکر رکھتے ہوں۔

(۳)۔زندگی مقصدِ حیات کے تحت سادگی سے گذارتے ہوں یا کم از کم احساس رکھتے ہوں۔

(۴)۔جن کا مقصدِ استخارہ زندگی کے مسائل ومعاملات میں رہنمائی کے لئے صرف خیر کا حصول ہو۔

(۵)۔جو دین کے لحاظ سے خیر کے مفہوم کو سمجھتے اور حصول کی خواہش رکھتے ہوں۔

(۶)۔استخارہ کے مرحلے پر اس کی ابتدائی شرائط اور عملی ضابطوں کو پورا کرتے ہوں۔

اس کے برعکس استخارہ ان لوگوں کے لئے فائدہ مند نہیں ہوگا جو ...

(۱)۔عقیدہ اور عمل کے لحاظ سے توحید کے تقاضوں اور شریعت کے منافی زندگی گزارتے ہوں اور قبولیتِ دعا کے منافی کام مثلاً حرام آمدنی وغیرہ کا ارتکاب کرتے ہوں۔

(۲)۔دین سے لاعلم اور عملی طور پر دور ہونے کے ساتھ ساتھ اسی روش پر مُصر، خوش اور مطمئن ہوں۔

(۳)۔آخرت کی فکر اور مقصدِ حیات کے برعکس صرف دنیاوی زندگی اور اس کی بہتری کو ترجیح دیتے ہوں۔

(۴)۔جن کا مقصدِ استخارہ صرف رسمی ہو اور اسراف، تکاثر کے تحت پر تعیش زندگی کو جواز دینے کی سوچ رکھتے ہوں اور اپنے آپ کو دین کے مطالب پر لانے کے بجائے استخارے کو اپنی مرضی کے مطابق ڈھالنے کی کوشش کرتے ہوں۔

(۵)۔استخارہ کے مرحلے پر اس کی ابتدائی شرائط اور عملی ضابطوں کو نظر انداز کرتے ہوں۔

کیونکہ...

ایسے ہی لوگوں پر ان کی غیر شرعی طرزِ زندگی اور کبیرہ گناہوں کی وجہ سے تقدیر کی بدبختی غالب آجاتی ہے۔خلاصہ یہی ہے کہ ناکامیوں اور برے انجام کی وجہ انسان کو اپنے اندر ہی ڈھونڈنی چاہئے۔

مزید معلومات کے لئے درج ذیل کتب کا مطالعہ کریں

(۱)استخارہ احکام ومسائل — اختر صدیق

(۲)استخارہ سنت کے مطابق کیجئے — عمر انوار

(۳)استخارہ — عبدالخالق مدنی

(۴)استخارہ کا مسنون طریقہ — تقی عثمانی

(۵)استخارہ کیسے کریں؟ حقیقت، اہمیت، مسنون طریقہ — محمد زکریا اقبال

ایمرجنسی استخارہ

مندرجہ بالا بیان پڑھنے اور سننے کے بعد دیکھنا چاہئے کہ استخارہ خیر کی طلب ہے اور اللہ تعالی کے سامنے ایک دعا ہے لیکن اگر اس طویل دعا کے یاد کرنے کی فرصت نہ ہو اور اچانک معاملہ پیش آئے تو بھی اللہ تعالی کا دروازہ کھلا ہوا ہے، اس کے لئے چند ادعیہ ذکر کی جاتی ہے:

(۱) "اَللّٰھُمَّ خِرْ لِی وَاخْتَرْ لِی"

اے میرے اللہ! میرے لئے آپ پسند فرمائیں (لیکن یہ حدیث ضعیف ہے (سنن ترمذی)

(۲) اللھم اھدنی و سددنی (صحیح مسلم)

اے میرے اللہ! میری ہدایت فرمادے اور مجھے سیدھے راستے پر رکھئے۔

(۳) اللھم الھمنی رشدی و عذنی من شر نفسی" قال الترمذی حدیث حسن)

اے میرے اللہ!

جو صحیح راستہ ہے وہ میرے دل میں القا فرمادے اور مجھے نفس کے شر سے بچادے۔

اگر مندرجہ بالا کلمات بھی یاد نہ ہوں یا معلوم نہ ہوں تو پھر؟

اگر مندرجہ بالا ادعیہ بھی یاد نہیں تو پھر "اھد ناالصراط المستقیم "کو اپنا وظیفہ بنائیں اور اللہ تعالی کے حضور متوجہ ہو کر مندرجہ بالا آیت کریمہ کا خوب ورد کریں، انشاء اللہ چند منٹوں میں راہیں آسان ہوتی نظر آئیں گی۔ دل میں عجیب قسم کی کیفیت پیدا ہوگی اور سکون آجائے گا۔

بعد والوں کے رائج استخارہ کی چند صورتیں اوران کے احکام

ذیل میں وہ استخارے پیش کئے جارہے ہیں جس کا ثبوت سنت رسول اللہ ﷺ سے نہیں ملتا لیکن صالحین کے اس طرح کی التجائیں کی ہیں اوران میں اللہ تعالی کے پاکیزہ اسماء اورادعیہ وآیات قرآنی ہیں ،اس لئے ان کو ترک نہیں کیا جاسکتا لیکن ان سے استخارہ کا مقصد حاصل نہیں ہوتا،استخارہ کا مطلب خیر کی طلب ہے یعنی جو کام میرے لئے بہتر ہے وہ اللہ تعالی آسان فرمادے اورمدد فرمائے ،نہ کہ ان کے متعلق خواب آجائے۔لیکن جہال نے ان کا نام استخارہ رکھ دیا ہے اوراہل بدعت نے ان کو غلط محل پر استعمال کیا یا ان سے غلط تعبیر کی ،ان کی تصحیح کی جاتی ہے

اولاً

() خواب کی بنیاد پر کوئی خاص حکم نہیں کیا جاسکتا۔جبکہ جہال اوراہل بدعت نے اپنے تمام معاملات کی بنیاد خواب اورغیب کی آوازوں پر رکھدی ہے اور بدعتی ملا کسی کے خواب بڑے لب ولہجہ سے بیان کرتے ہیں تو سننے والے جہال سبحان اللہ کہنے کے لئے پہلے سے ہی تیار بیٹھے ہوتے ہیں۔

() خواب بعینہ سچا انبیاء کرام علیہم السلام کے علاوہ کسی کا نہیں ہوتا جس کو وحی کا یا الہام من اللہ کا درجہ دیا جائے۔

() خواب کی باقاعدہ تعبیر ہوتی ہے اور ماہرین تعبیر اس زمانہ میں بہت ہی کم ہیں۔

() خواب کے ذریعہ جو بھی ہدایات ملتی ہیں،اوراس کی تعبیر کے بعد علماء سے پوچھ کر قرآن وسنت پر پیش کرنا لازمی ہے۔

() ایک بندہ اگر اللہ کا ذکر کرتے ہوئے سوگیا ہے اوراگر خواب میں یا بیداری میں کوئی الہام ہوا ہے تو اس کو بغیر علم کے شیطانی الہام کہنا ضلالت وگمراہی ہے، ہاں تعبیر کرنے کے بعد اگر وہ اسلام کو ٹکرائے تو پھر بے شک اورضرور اس کو شیطانی الہام کہیں۔

() اوران اعمال کو بدعت یا شرک کہنا بھی جہالت ونادانی ضلالت اور قرآن مجید کی اور کلمات طیبہ کی توہین ہے۔کیونکہ ان پر شرک وبدعت کی تعریف فٹ نہیں آتی اور ہیں بھی آیات قرآن وپاکیزہ اسماء۔

() جہاں دل مطمئن ہوجائے اوراسلام کے موافق حکم ہوتو اس پر اللہ تعالی پر توکل کرکے بیشک عمل شروع کر

دیں۔

عمل کی چند ترکیبیں

(۱) بعد نماز عشاء دو نفل بنیت استخارہ اس طرح ادا کریں کہ دونوں رکعتوں میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ یاسین پڑھیں نماز سے فارغ ہونے کے بعد اسم ''یا خبیر'' دو سو بار پڑھیں اور اپنی داہنی ہتھیلی پر ''یا حکیم یا مجید'' لکھ کر سو جائیں انشاءاللہ خواب میں ہدایت نصیب ہوگی۔

(۲) دو رکعت نماز استخارہ کی بیت سے پڑھیں اور نماز کے بعد ۳۲۳ بار'' **بسم الله الرحمن الرحيم** ''اور'' **حسبی الله و نعم الو كيل** ''۳۲۷ بار پڑھیں اور سو جائیں انشاءاللہ غیب سے معلومات ہو جائے گی۔

(۳) بعد نماز عشاء ''**سبحانک لا علم لنا الا ما علمتنا انک انت العليم الحكيم** '' ایک سو بار پڑھیں اور سو جائیں یہ عمل تین راتوں تک کریں، انشاءاللہ ہدایات مل جائیں گی۔

(۴) سوتے وقت باوضو سورۃ ''الم نشرح'' کا اکیس بار ورد رکھیں حالات کا علم ہوتا جائے گا۔

(۵) وضو کر کے پاک کپڑے پہنیں اور قبلہ رو داہنی کروٹ پر لیٹ کر سورۃ ''والشّمس'' سات مرتبہ اور سورۃ ''واللیل'' سات مرتبہ اور سورۃ ''اخلاص'' سات مرتبہ پڑھیں، اس کے بعد نہایت عاجزی سے کہیں اے میرے اللہ! مجھے خواب میں وہ چیز دکھا دے اور اس کام کے سرانجام ہونے کی تدبیر میرے دل میں القا کر دے انشاءاللہ معلومات حاصل ہو جائے گی۔

(٦) بدھ، جمعرات اور جمعہ کی رات نماز عشاء کے بعد سب کاموں سے فارغ ہو کر ''بسم اللہ'' ۳۰۰ بار اور سورۃ ''الم نشرح'' مع بسم اللہ ستر بار پڑھیں اور اپنے منہ اور سینہ پر دم کریں اور اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کریں کہ فلاں کام میں جو کچھ ہونے والا ہے وہ مجھے خواب یا غنودگی میں کسی آواز دینے والے کی آواز سے مجھے معلوم کرا دے اس کے بعد یہ درود ایک سوٴ مرتبہ پڑھیں

اللهم صل على سيدنا محمد بعدد معلوم لک

(۷) بعد نماز عشا تازہ وضو کر کے پاک بستر پر بیٹھیں اور نبی کریم ﷺ پر درود بھیجیں پھر دس بار سورۃ فاتحہ ، گیارہ بار سورۃ اخلاص اور آخر میں تین مرتبہ درود پھر داہنے کروٹ پر قبلہ رو ہو کر سو جائیں اور جو خواب آئے

اس کی تعبیر کروالیں۔

(۸) بدھ، جمعرات، یا جمعہ کی شب کو عشاء نماز کے بعد دو نفل پڑھیں اس کے بعد یہ کلمات ۳۳۳ مرتبہ پڑھیں

یا علیم علمنی ان کان من الاحوال

قبلہ رو ہو کر سو جائیں کسی سے کوئی بات نہ کریں اللہ تعالی کے فضل و کرم سے پہلی رات معلومات مل جائے گی

(۹) اول گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں پھر "**یا بدیع العجائب و کاشف الغرائب**" گیارہ سو مرتبہ پڑھیں اور ٹاٹ کی بوریا پر سو جائیں لیکن اس عمل کرنے سے پہلے غسل کریں اور پاک و صاف کپڑے پہنیں اور خوشبو لگائیں انشاءاللہ ضرور کامیابی حاصل ہو گی۔

(۱۰) نماز عشاء کے بعد دو رکعت پڑھیں

اور "**یا علیم علمنی**"، سو مرتبہ

یا رشید ارشدنی سو مرتبہ

یا ھادی اھدنی سو مرتبہ

یا خبیر اخبر نی سو مرتبہا

اور اول و آخر درود پڑھیں اور سو جائیں انشاءاللہ خواب میں معلوم ہو جائے گا۔

(۱۱) نصف شب کو بیدار ہو کر دو رکعت نفل پڑھیں اور پاکیزہ کپڑے پہنیں خوشبو لگائیں اور نماز سے فارغ ہو کر سر سجدہ میں رکھ کر ذیل کا وظیفہ پڑھتے ہوئے سو جائیں انشاءاللہ خواب مین کوئی بزرگ آ کر رہنمائی کرے گا۔

یَا رَبِّ دُلَّنِی عَلٰی عَبْدٍ مِّنْ عِبَادِکَ الْمُقَرَّبِیْنَ حَتّٰی یَدُلَّنِی عَلَیْکَ وَ یَعْرِضْنِی صِدْقَ الْوُصُوْلِ اِلَیْکَ

ترجمہ:

اے میرے رب! مجھے اپنے مقرب بندوں میں سے ایسا بندہ بتا دے جو مجھے تیرے متعلق رہنمائی کرے اور تیری طرف پہنچنے کا کا صحیح راستہ مجھے بتائے۔

(۱۲) رات کو سوتے وقت چھ رکعتیں پڑھیں پہلی رکعت میں سورۃ 'والشّمس'

دوسری میں سورۃ ''واللیل''

تیسری میں سورۃ ''والضحیٰ''

چوتھی میں ''الم نشرح''

پونچویں میں ''التین''

چھٹی میں ''القدر'' سات سات مرتبہ

نماز سے فارغ ہونے کے بعد اللہ تعالیٰ حمد بیان کرتے ہوئے اور درود پڑھتے ہوئے سو جائیں

اللھم رب ابراھیم و رب موسی و رب یعقوب و رب اسحاق و رب جبرائیل و رب میکائیل و اسرافیل و عزرائیل علیھم السلام و منزل التوراۃ والانجیل و الزبور و القرآن العظیم ارنی فی منامی اللیلۃ ما انت اعلم بہ منی

(۱۳) بعد نماز عشاء تازہ وضو کریں پاک وصاف کپڑے پہنیں اور داہنی کروٹ پر لیٹ جائیں قبلہ رو ہو کر درج ذیل سورتیں پڑھیں

''سورۃ الشّمس، واللیل، اخلاص، التین سات سات بار پڑھیں پھر عاجزی وانکساری سے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگیں اے میرے اللہ! مجھے خواب میں وہ چیز دکھا دے اور میرے حال میں گشادگی فرما۔

ایک عجیب ترکیب

عشاء کی نماز کے بعد تازہ وضو کریں اور استخارہ کی نیت سے دو رکعت پڑھیں اور سورۃ فاتحہ میں ''**ایاک نعبد و ایاک نستعین**'' کو دوسوؤ سے زیادہ مرتبہ پڑھیں، اسی دورانیہ میں آپ کی گردن اگر دائیں طرف پھر جائے تو وہ کام آپ کے لئے بہتر ہوگا اگر بائیں طرف پھر جائے تو بہتر نہ ہوگا۔ مزید تسلی کے لئے دوسری رکعت میں بھی اسی طرح کر کے دیکھیں۔

نوٹ:

یہ عمل ظنی ہے، گردن کا پھر جانا کام کے بہتر ہونے کی علامت قرآن وسنت سے ثابت نہیں ہے۔

نوٹ:

آخری عمل کو دیکھتے ہوئے شاید کوئی فتوی لگانا شروع کر دے، اس کو چاہئے کہ وہ اپنی نماز پر غور کرے اور صحیح مسلم کی حدیث ''**فاذا قال اھد ناالصراط المستقیم .....ھذا لعبدی ولعبدی ما سأل** ''پر اور سورۃ فاتحہ کے فضائل و برکات اور دعا کے فضائل شرائط اور آداب پر نظر ثانی کرے۔ اور بدعت کی تعریف کو سمجھے۔

نوٹ:

اسی طرح کے چند اعمال تشخیص امراض میں بیان کئے گئے ہیں وہ بھی استخارہ میں استعمال ہوتے ہیں۔

تشخیص مرض

"یا علیم یا خبیر ایاک نعبد و ایاک نستعین " ۳۱۳ مرتبہ پڑھکر رات کو کسی سے بات کئے بغیر سو جائیں، انشاء اللہ اس کی حقیقت خواب میں نظر آ جائے گی۔

دوسری ترکیب

جمعہ کی رات سحری کے وقت اٹھ کر وضو کریں، پہلے اللہ تعالی کے سامنے استغفار کریں اور سچے دل سے توبہ کریں، پھر دو رکعت نماز نفل اس طرح پڑھیں ہر رکعت میں سورہ فاتحہ ۳ مرتبہ آیت الکرسی اور سورۃ اخلاص تین تین مرتبہ پڑھیں، سلام کے بعد سر سجدہ میں رکھ کر اپنے مقصد کو دل میں رکھ کر اللہ تعالی کے سامنے نہایت خشوع و خضوع سے اللہ تعالی کا پاک نام "یا خبیر" کم از کم سو مرتبہ پڑھیں، پھر مراقبہ میں بیٹھ جائیں یا سو جائیں، انشاء اللہ بیداری میں بصورت القاء جواب ملے گا یا خواب میں۔

تیسری ترکیب

یہ ترکیب تمام آسان ہے وہ یہ کہ عشاء کی نماز کے بعد درج ذیل دعا دائیں ہاتھ پر لکھیں، پھر گیارہ مرتبہ درود شریف اور ایک سو مرتبہ "یا خبیر" پڑھ کر ہاتھ پر دم کریں اور سنت مطابق قبلہ رخ ہو کر سو جائیں اور وہ ہاتھ اپنے سر کے نیچے رکھیں، انشاء اللہ اچھی طرح جواب ملے گا۔ دعا

یا اللہ یا رحمان یا منان اقض حاجتی ببرکۃ محمد صلی اللہ علیہ و الہ و سلم صاحب القرآن برحمتک یا ارحم الراحمین .

چوتھی ترکیب

نماز عشا کے بعد دو رکعت نفل اس طرح پڑھیں کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ سات مرتبہ اور سات سات مرتبہ سورۃ کافرون اور سورۃ اخلاص، اس کے بعد درود شریف ۲۱ مرتبہ پھر سنت مطابق سو جائیں ، انشاء اللہ پہلی رات جواب ملے گا۔

بیمار کی حالت معلوم کرنا

درج ذیل آیات کریمہ لکھ کر ایک پانی کی طشت میں وہ کاغذ ڈال دیں، اگر کاغذ اوپر تیرتا رہے تو مریض جلدی صحت یاب ہوگا، اگر پانی کے درمیان میں چلا جائے تو اس کی شفا میں عرصہ لگے گا، اگر ڈوب جائے اور تہہ میں جا کر بیٹھے تو تو ٹھیک نہ ہوگا۔

وَآمَنُوا بِمَا نُزِّلَ عَلَى مُحَمَّدٍ وَهُوَ الْحَقُّ مِنْ رَبِّهِمْ

وَمَا مُحَمَّدٌ إِلَّا رَسُولٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ

مَا كَانَ مُحَمَّدٌ أَبَا أَحَدٍ مِنْ رِجَالِكُمْ وَلَكِنْ رَسُولَ اللَّهِ وَخَاتَمَ النَّبِيِّينَ

مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللَّهِ وَالَّذِينَ مَعَهُ أَشِدَّاءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَاءُ بَيْنَهُمْ

من ربهم وصلى الله على سيدنا محمد وآله و اصحابه اجمعين الطيبين الطاهرين .

نوٹ:

مندرجہ بالا ترکیبوں کو جہال عاملین نے استخارہ کا نام دیا ہوا ہے، لیکن یہ استخارہ نہیں ہیں، ان کے احکام درج ذیل ہیں:

(۱) ان سے صرف بیماری کی ظنی تشخیص ہوگی اور ان کی علاج کی تدابیر بھی ظنی ہوگی کیونکہ خواب کی کوئی حقیقت نہیں ہے اور اس کا انحصار صحیح تعبیر پر ہے، وہ بھی ظنی ہے کیونکہ حتمی تعبیر کا علم آج کسی کے پاس نہیں ہے۔

(۲) اور ان تدابیر کو ماضی کے کسی واقعہ کی معلومات کے لئے استعمال نہیں کیا جا سکتا، اگر کسی نے استعمال کر لیا اور خواب میں وہ چیز نظر آئی تو پھر بھی اس پر اسلامی احکام مرتب نہ ہونگے۔

مثلا

کسی شخص نے چور دریافت کرنے کے کئے یہ ترکیب کی یا اپنے دشمن معلوم کرنے کے لئے لیکن جو خواب میں نظر آئے یا جس کا الہام ہو تو اس شخص کو اس بنا پر چور یا دشمن نہیں قرار دیا جا سکتا اور کسی کو چور یا دشمن اس بنا پر کہنا شرعی جرم ہے اور مسلمان بھائی پر بدگمانی اور نسبت کبائر کا ارتکاب ہے۔

(۳) شیطان ہمارا دشمن ہے وہ وہاں زیادہ زور لگاتا ہے جہاں اللہ کا ذکر ہو، ہم تو اللہ تعالی کا ذکر کرتے ہوئے سو جائیں، لیکن آئندہ مرحلہ کہ خواب میں ہمیں کون الہام کرتا ہے؟ تو اس سوال کے لئے ہمارے پاس کوئی کلیہ نہیں کہ پھر اللہ تعالی کی طرف سے ہی الہام ہو سکتا ہے اور شیطان پکا لندن چلا گیا ہے۔ یعنی صحیح من جانب اللہ الہام اور شیطانی الہام کی تفریق کا ہمارے پاس کوئی قائدہ نہیں ہے۔ اسی اصول کی غفلت کی وجہ سے بہت صوفیاء جہال بھٹک گئے ہیں۔

(۴) اور یہ تدابیر قرآن وسنت سے ثابت نہیں ہے اور بزرگوں کے تجربات ہی ہیں جو صرف ظن کا درجہ رکھتے ہیں۔

(۵) اور ہم ان کو بدعت یا ناجائز بھی اس لئے نہیں کہہ رہے کہ ان میں کوئی شرکیہ اور بدعیہ فعل نہیں ہے اور ذکر اللہ اور دعا ہے اور اللہ تعالی سے التجا ہے، اللہ تعالی سے دعا کے لئے ہم پر شریعت نے کوئی پابندی نہیں لگائی کہ ہم صرف وہ التجا کریں جو منقول ہو۔

(٦) جس طرح یہ تشخیص کے طریقے ظنی ہیں، اسی طرح بیماریوں کا علاج بھی ظنی ہے، کسی تو پتہ نہیں کہ کس دم سے یا کس دوا سے فلاں کو شفا ملے گی، یہ ایک حیلہ وسیلہ ہے، اور ایک شخص جہال، نجومیوں، اور جعلی پیروں سے بچنے کے لئے اگر اللہ تعالی سے التجا کر کے کسی چیز کا اندازہ کرلے اور اس پر مزید غور وفکر کر کے کوئی نتیجہ اخذ کرلے تو میں سمجھتا ہوں کہ کوئی مضائقہ نہیں ہے۔

(۷) شاید میرے بیان سے چند احباب زیادہ طیش میں آجائیں اور اذکار وادعیہ کے فضائل سامنے رکھ کر شاید کہیں کہ آیت الکرسی شریف یا فلانی دعا سے کوئی چیز موت سے سوا نقصان نہیں دے سکتی، کیونکہ یہ بات قرآن وسنت سے ثابت ہے، ان سے میری عرض ہے کہ میں نقصان کی بات نہیں کررہا، میرا مطالبہ یہ ہے یہ کوئی ایسی قرآن مجید کی آیت یا کوئی صحیح یا حسن حدیث ایسی سنائے کہ فلاں دعا کسی نے اگر پڑھ لی تو شیطان اس کو خواب میں بھی نہیں آسکتا اور وہ شخص جب صبح کو اٹھے گا تو وہ خواب بیان بھی اسی طرح کرے گا جس طرح اس نے خواب دیکھا، اس کو بیان کرنے میں کوئی کمی بیشی بھی نہیں ہو سکتی۔ اور وہ خواب میں اللہ تعالی یا جبریل علیہ السلام یا کسی فلاں فرشتے کے ذریعہ اللہ تعالی کی طرف سے ہی ہوگا۔ یاد رہے کہ ایسی کوئی قرآن مجید کی آیت، صحیح، حسن حدیث بلکہ ضعیف وموضوع حدیث بھی نہیں ہے۔

بیماریوں کا روحانی علاج

جس طرح اللہ تعالیٰ نے ہر بیماری کا علاج نازل فرمایا ہے لیکن اس علاج کو دریافت کرنا ہمارے لئے چھوڑ دیا ہے اور ہمیں یہ تکلیف نہیں دی کہ ہم اس کے لئے سندیں اور راویوں کے حالات جاننے کے لئے اسماء رجال کو اٹھائی پھرتے رہیں، بس اس کے لئے اتنا کافی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی حلال اور پاک مخلوق سے جہاں سے شفا حاصل ہوتی ہے اس کو استعمال کریں اور اللہ تعالیٰ کے کلیہ قانون بتا دیا ہے کہ میں نے زمین میں جو چیز پیدا کی ہے وہ کسی نہ کسی کام کے لئے ہے فضول کوئی چیز نہیں ہے اور ہے بھی سب کچھ انسان کے لئے۔ کسی درخت سے کسی بوٹی سے کسی پودے سے کسی پتھر سے یا مٹی سے اگر شفا ملتی ہے تو لے لینی چاہیئے یہ عقیدہ رکھتے ہوئے کہ اس میں اللہ تعالیٰ نے شفا رکھی ہے اور یہ تجربہ سے ثابت ہوئی ہے، جو چیز تجربہ میں آتی جاتی ہے وہ علم طب میں جمع ہوتی جاتی ہے اور دن بدن نئے نئے تجربات ہو رہے ہیں اور نئی نئی چیزیں دریافت ہو رہی ہیں لیکن بعض چیزوں کے متعلق اللہ تعالیٰ اور ان کے رسول ﷺ سے صاف بتا دیا ہے کہ اس چیز میں شفا ہے تو اس چیز میں کوئی شبہ نہیں اور کسی بھی صورت میں انکار نہیں کیا جا سکتا، جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ شہد میں شفا ہے اور فرمایا کہ قرآن مجید میں شفا ہے۔ تو یہ ماننا لازم ہے کہ قرآن میں شفا ہے، اس کے انکار کرنے کے لئے کوئی گنجائش نہیں اور نہ تجربہ کرنے کی ضرورت ہے، تجربہ اس وقت کیا جاتا ہے جب بات مجمل ہو، جس طرح اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ جو کچھ زمین میں ہے وہ تمہارے لئے ہے ۔تو زمین کی ہر چیز میں تجربہ کر کے جاننا پڑھے گا کہ یہ چیز کس کام کے لئے ہے لیکن قرآن مجید میں شفا ہے تو یہ قرار کرنا لازم ہے کہ شفا ہے۔

ہم نے وہ آیات ذکر کی ہیں جو ہمارے اور ہمارے احباب کے تجربہ سے بھی گذری ہیں۔ اگر کسی شخص کو کسی مخصوص بیماری میں کوئی خاص عمل نہ ملے تو ’’بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، کلمۃ طیبہ، اسماء الحسنیٰ، سورۃ فاتحہ، سورۃ اخلاص‘‘ میں سے کوئی بھی آیت، کوئی بھی اسم پڑھ لے چاہے کوئی بھی بیماری ہو کیونکہ ان کلمات مین شفا ہے ئی ہے۔ نہ ہونے کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

ہاں یہ دوسرا مسئلہ ہے کہ اس بندے کو شفا کہاں سے ملتی ہے؟ کیونکہ شفا کا خزانہ اللہ تعالیٰ کے پاس رکھا ہوا

ہے،اس کواللہ تعالی کے سوا کوئی نہیں جانتا اور جو بھی چیز ہوگی اس میں شفا ہو بھی سہی لیکن اس کو بھی اللہ تعالی کی طرف سے اذن ملے گا تو شفا ہوگی، چاہے ہمارے تجربہ سے کروڑ مرتبہ گذر چکی ہو۔

جیسے ایک ڈاکٹر یا حکیم کے پاس ایک کامیاب نسخہ ہوتا ہے،اس کو اسی نسخہ پر فخر ہوتا ہے،اور اسی کے ذریعہ اس کی آمدنی ہو رہی ہوتی ہے لیکن کبھی وہی نسخہ ری ایکشن ہو جاتا ہے وہ مریض شفایاب ہونے کی بجائے مرا ہوا نکلتا ہے۔اسی طرح آپ ہسپتالوں میں دیکھیں ہر روز کئی جنازے نکلتے ہیں۔

اور کئی مریض تڑپ تڑپ کر مر گئے، حکماء وڈاکٹروں کے پاس کوئی علاج نہیں تو اس کا مطلب یہ نہیں کہ اللہ تعالی نے کسی بھی چیز میں شفا نہیں رکھی۔شفا رکھی تھی لیکن ان لوگوں کے لئے دوا کو اللہ تعالی کی طرف سے شفا کا اذن نہ ملا،اور اس اذن کو کوئی نہیں جانتا کہ وہ کب ملتا ہے؟

اور شفا بھی ایک غیب کے علم میں سے علم ہے،کوئی شخص شفا کو نہ دیکھ سکتا ہے نہ محسوس کر سکتا صرف اور صرف اللہ تعالی جانتے ہیں۔

ذیل میں چند عسیر العلاج اور کثیر الوقوع امراض اور ان کا علاج ذکر کیا جاتا ہے،اللہ تعالی تمام مریضوں کو شفا عطا فرمائے۔

دماغ اور اعصاب کی بیماریاں

پاگل پن کے لئے

اگر کوئی شخص پاگل ہوگیا، تو اس کے لئے یہ عمل بہت مفید ہے۔

(۱) سورۃ فاتحہ۔

(۲) سورۃ بقرہ مفلحون تک۔

(۳) والٰهکم الٰہ واحد پوری آیت۔

(۴) آیۃ الکرسی۔

(۵) سورۃ بقرہ کی آخری تین آیتیں۔

(۶) سورۃ آل عمران کی آیت "شهد الله انه " سے حکیم تک۔

(۷) سورۃ اعراف کی آیت "ان ربكم الله الذى" سے رب العالمین تک۔

(۸) اور سورۃ مومنون کی آیت " فتعالى الله الملک الحق لااله

(۹) اورہ جن کی آیت وانه رتعالى جد ربنا

(۱۰) اسورۃ صافات کی پہلی دس آیات۔

(۱۱) سورۃ حشر کی آخری تین آیات۔

(۱۲) سورۃ اخلاص۔

(۱۳) معوذتین۔

پڑھ کر دم کریں انشاءاللہ اس کا پاگل پن جاتا رہے گا۔ اور اس عمل سے جن جادو اور نظر بد بھی دفع ہو جاتی ہے۔

پاگل پنی سے نجات

ذِی قُوَّةٍ عِنْدَ ذِی الْعَرْشِ مَكِينٍ .مُطَاعٍ ثَمَّ أَمِينٍ .وَمَا صَاحِبُكُمْ بِمَجْنُونٍ. وَلَقَدْ رَآهُ بِالْأُفُقِ الْمُبِينِ .وَمَا هُوَ عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِينٍ .وَمَا هُوَ بِقَوْلِ شَيْطَانٍ رَجِيمٍ .فَأَيْنَ

تَذْهَبُونَ . إِنْ هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِلْعَالَمِينَ. لِمَنْ شَاءَ مِنْكُمْ أَنْ يَسْتَقِيمَ وَمَا تَشَاءُونَ إِلَّا أَنْ يَشَاءَ اللَّهُ رَبُّ الْعَالَمِينَ . (سورۃ تکویر) جس کا ذہنی توازن خراب ہوتو یہ آیات ۴۱ مرتبہ پڑھ کر دم کرتے رہیں۔انشاءاللہ دماغ درست ہوجائے گا۔

مرگی کا علاج

جب مرگی کا دورہ پڑے تو دائیں کان میں ایک مرتبہ آذان اور بائیں کان میں سات مرتبہ تکبیر پڑھیں،انشاءاللہ دورہ فوراً ختم ہوجائے گا۔

اس کے کان مین سورۃ ''والشمس'' پڑھیں

سورۃ ''تحریم'' پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں،اتنے تک پلائیں کہ مرض ختم ہوجائے۔

جو شخص سورۃ ''سجدہ'' لکھ کر اپنے پاس رکھے،انشاءاللہ اس کو مرگی کا دورہ نہیں پڑے گا۔

سورۃ فاتحہ،آیت الکرسی،اور سورۃ جن کی ابتدائی پانچ آیات پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں اور یہ عمل مریض خود بھی کر سکتا ہے۔

اس دم شدہ پانی سے تین مرتبہ منہ دھوئیں۔

سرسام کے لئے

مریض کے سر پہ آیت کریمہ باندھیں۔

اور بارش کے پانی پر یہی آیت گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کر کے مریض کو پلائیں۔

قَالُوا حَرِّقُوهُ وَانْصُرُوا آلِهَتَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ فَاعِلِينَ. قُلْنَا يَا نَارُ كُونِي بَرْدًا وَسَلَامًا عَلَى إِبْرَاهِيمَ .

انشاءاللہ مریض جلدی صحت یاب ہوجائے گا۔

لقوہ وفالج ورعشہ کے لئے

درج ذیل آیت مریض اپنے ساتھ رکھے یا ایک سو ایک بار پانی پر پڑھ کر مریض کو پلائیں اللہ تعالی جلدی شفا عطا فرمائیں گے۔

قَدْ نَرَى تَقَلُّبَ وَجْهِکَ فِی السَّمَاءِ فَلَنُوَلِّیَنَّکَ قِبْلَۃً تَرْضَاھَا فَوَلِّ وَجْھَکَ
شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ

فالج ،لقوہ سے حفاظت

جو شخص ہر روز اشراق نماز کے بعد اورۃ ''والشمس'' پڑھے گا، اس کو اللہ تعالی فالج ولقوہ سے محفوظ رکھیں گے۔

سورۃ ''زلزال'' غیر مستعمل پلیٹ پر لکھ کر پلانا بہت مفید ہے۔

()مریض کے سرہانے کے پاس بیٹھ کر اللہ تعالی کا نام ''السلام ۳۶۴ بار اونچی آواز سے پڑھیں تا کہ مریض سنیں، انشاء اللہ شفا ملے گی۔

()اگر کوئی ہر روز عشاء کی نماز کے بعد سونے سے پہلے سورۃ ''المعارج'' پڑھ کر خالص شہد پر دم کر کے شہد کی تین انگلیاں چاٹ لے، پھر سو جائے، انشاء اللہ وہ اللہ تعالی کے فضل و کرم سے عمر بھر فالج ولقوہ سے محفوظ رہے گا۔

سر میں پانی بھر جانا

سورۃ ''اخلاص'' پڑھتے جائیں اور سر پر ہاتھ پھیرتے جائیں اور سورۃ فاتحہ، یہ عمل تین بار کریں

سر کا چکرانا

(۱)وَلَوْ شَاءَ لَجَعَلَهُ سَاكِنًا.وَلَهُ مَا سَكَنَ فِي اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ

(۲)لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِنْ أَنْفُسِكُمْ عَزِيزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِينَ رَءُوفٌ رَحِيمٌ

(۳)إِنْ يَشَأْ يُسْكِنِ الرِّيحَ فَيَظْلَلْنَ رَوَاكِدَ عَلَى ظَهْرِهِ إِنَّ فِي ذَلِكَ لَآيَاتٍ لِكُلِّ صَبَّارٍ شَكُورٍ

مندرجہ بالا آیات پڑھ کر دم کریں اور کسی کھانے پینے والی چیز پر پڑھ دیں۔

نیند نہ آتی ہو

اپنے سر میں تیل لگائیں اور اس وقت یہ آیت کریمہ پڑھتے جائیں، انشاءاللہ صحیح نیند آجائے گی۔

إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا.

(۲) نیند لانے کا دوسرا عمل

دایاں ہاتھ سر پر رکھ کر سات بار درج ذیل آیات میں سے کوئی ایک آیت یا تینوں آیات پڑھیں انشاءاللہ خوب نیند آئے گی، یا یہ آیات سات بات اپنی انگلیوں پر پڑھ کر اپنی آنکھوں پر پھیریں

(۱) فَضَرَبْنَا عَلَى آذَانِهِمْ فِي الْكَهْفِ سِنِينَ عَدَدًا

(۲) وَجَعَلْنَا نَوْمَكُمْ سُبَاتًا

(۳) وَهُوَ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ اللَّيْلَ لِبَاسًا وَالنَّوْمَ سُبَاتًا

ایک اور عمل

اگر پریشانی یا خشکی کی وجہ سے نیند نہ آتی ہو تو یہ آیت اپنے سر پر ہاتھ رکھ کر سات مرتبہ پڑھیں "فَضَرَبْنَا عَلَى آذَانِهِمْ فِي الْكَهْفِ" اس سے آگے نہ پڑھے۔

نیند لانے کا طاقتور نسخہ

بستر پر دائیں کروٹ پر لیٹ کر یہ آیت سات مرتبہ پڑھیں، انشاءاللہ خوب نیند آئے گی۔"

وَتَحْسَبُهُمْ أَيْقَاظًا وَهُمْ رُقُودٌ

نیند لانے کے لئے بہت ہی مجرب عمل

أَفَأَمِنَ أَهْلُ الْقُرَى أَنْ يَأْتِيَهُمْ بَأْسُنَا بَيَاتًا وَهُمْ نَائِمُونَ. أَوَأَمِنَ أَهْلُ الْقُرَى أَنْ يَأْتِيَهُمْ بَأْسُنَا ضُحًى وَهُمْ يَلْعَبُونَ

سونے سے پہلے سات مرتبہ پڑھ لیں، انشاءاللہ سکون کی نیند نصیب ہوگی۔

نیند سے وقت مقررہ پر اٹھنا

یہ آیت پڑھیں اور اول وآخر سات مرتبہ درود شریف پڑھیں اور جناب رسول اللہ ﷺ کو ایصال

ثواب کریں اور اللہ تعالی سے دعا مانگیں کہ اے میرے اللہ فلاں ٹائم پر مجھے جگا دیں انشاء اللہ اسی ٹائم پر آنکھ کھل جائے گی۔

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ كَانَتْ لَهُمْ جَنَّاتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا . خَالِدِينَ فِيهَا لَا يَبْغُونَ عَنْهَا حِوَلًا . قُلْ لَوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِكَلِمَاتِ رَبِّي لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ أَنْ تَنْفَدَ كَلِمَاتُ رَبِّي وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهِ مَدَدًا . قُلْ إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ مِثْلُكُمْ يُوحَى إِلَيَّ أَنَّمَا إِلَهُكُمْ إِلَهٌ وَاحِدٌ فَمَنْ كَانَ يَرْجُو لِقَاءَ رَبِّهِ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهِ أَحَدًا

دوسرا آسان عمل

سورۃ زلزال پڑھ کر سو جائیں

یا

لَا يُجَلِّيهَا لِوَقْتِهَا إِلَّا هُوَ ‘‘یہ آیت سات مرتبہ پڑھیں اور اول آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر سو جائیں، انشاء اللہ وقت مقرر پا جاگ ہو جائے گی۔

﴾آنکھوں کی بیماریاں﴿

موتیابند کے لئے

درج ذیل آیت کریمہ ہر فرض نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھ کر انگلیوں پر دم کر کے اپنی آنکھوں پر پھیر دیں۔ ''فَكَشَفۡنَا عَنۡكَ غِطَاءَ كَ فَبَصَرُكَ الۡيَوۡمَ حَدِيدٌ

اور سورہ یاسین سرمہ پر پڑھ کر وہ سرمہ آنکھوں میں ڈالتے رہیں۔

نظر کی کمزوری

جس کی بینائی کمزور ہو وہ صبح کی نماز کے بعد درج ذیل آیت کریمہ پانچ مرتبہ پڑھ کر انگلیوں پر پھونک مار کر آپنی آنکھوں پر گھمائے اور چینی کی پلیٹ پر لکھ کر شہد سے صاف کریں اور اس شہد کی سلائی آنکھوں میں ڈالیں، انشاء اللہ بینائی ٹھیک ہو جائے گی۔

اللَّهُ نُورُ السَّمَاوَاتِ وَالۡأَرۡضِ مَثَلُ نُورِهِ كَمِشۡكَاةٍ فِيهَا مِصۡبَاحٌ الۡمِصۡبَاحُ فِي زُجَاجَةٍ الزُّجَاجَةُ كَأَنَّهَا كَوۡكَبٌ دُرِّيٌّ يُوقَدُ مِنۡ شَجَرَةٍ مُبَارَكَةٍ زَيۡتُونَةٍ لَا شَرۡقِيَّةٍ وَلَا غَرۡبِيَّةٍ يَكَادُ زَيۡتُهَا يُضِيءُ وَلَوۡ لَمۡ تَمۡسَسۡهُ نَارٌ نُورٌ عَلَى نُورٍ يَهۡدِي اللَّهُ لِنُورِهِ مَنۡ يَشَاءُ وَيَضۡرِبُ اللَّهُ الۡأَمۡثَالَ لِلنَّاسِ وَاللَّهُ بِكُلِّ شَيۡءٍ عَلِيمٌ

اور پوری سورۃ نور پڑھیں اور آسمان کی طرف پھونک دیں انشاءاللہ نظر کی کمی نہ ہوگی۔

اور عمل

ہر فرض نماز کے بعد دس مرتبہ یہ آیت پڑھ کر آنکھوں پر دم کریں یا اپنی انگلیوں پر پڑھ کر اپنی آنکھوں پر پھیریں، انشاءاللہ نور نظر میں اضافہ ہوگا۔ ''فَكَشَفۡنَا عَنۡكَ غِطَاءَ كَ فَبَصَرُكَ الۡيَوۡمَ حَدِيدٌ

دیگر

ہر فرض نماز کے بعد آیت الکرسی پڑھیں اور کلمہ ''وَلَا يَئُودُهُ حِفۡظُهُمَا'' پڑھتے وقت اپنی

دونوں انگلیاں اپنی دونوں آنکھوں پر رکھ لیں اور یہ لفظ گیارہ بار دہرائیں اور پھر اپنی انگلیوں پر دم کر کے آنکھوں پر پھیر دیں انشاءاللہ بینائی تیز ہوگی۔

آنکھوں کی روشنی کے لئے عجیب و غریب عمل درود شفاء

اللهم صل على سيدنا محمد طب القلوب و دوائها و عافية الابدان و شفائها و نور الابصار و ضيائها و على آله و صحبه وسلم

ترجمہ:

اے اللہ ہم ہمارے نبی پر رحمت بھیج (جو نبی رحمت ﷺ) دلوں کی دوا ہے اور بدنوں کی عافیت و شفا ہے اور آنکھوں کا نور روشنی ہے اور ان کی آل پر بھی رحمت اور سلامتی بھیج۔

نوٹ:

نبی کریم حضرت محمد ﷺ کا جسم مبارک نور حکمت اور رحمتوں کا بھرپور خزانہ ہے بلکہ زمین کا وہ ٹکڑا یا کپڑے وغیرہ کا وہ ٹکڑا جس پر رسول اللہ ﷺ کا جسم اطہر لگا وہ کپڑا اور مٹی بھی شفا سے بھری ہوئی ہے۔
اس کے ثبوت کے لئے صرف ایک حدیث پر اکتفا کرتا ہوں۔
حضرت اسماءؓ فرماتی ہیں

فَقَالَتْ هَذِهِ كَانَتْ عِنْدَ عَائِشَةَ حَتَّى قُبِضَتْ فَلَمَّا قُبِضَتْ قَبَضْتُهَا وَكَانَ النَّبِيُّ -صلى الله عليه وسلم- يَلْبَسُهَا فَنَحْنُ نَغْسِلُهَا لِلْمَرْضَى يُسْتَشْفَى بِهَا. (صحیح مسلم)

یہ جبہ جو رسول اللہ ﷺ پہنتے تھے، جب نبی کریم ﷺ دنیا سے رخصت ہوئے تو حضرت عائشہؓ کے پاس تھا جب وہ فوت ہوئیں تو میں نے لے لیا اور ہم یہ دھو کر اس کا پانی اپنے مریضوں کو پلاتے تھے شفا حاصل کرنے کے لئے۔

آنکھ کا پھولا

صبح اور عشاء نماز کے بعد سورۃ اخلاص پڑھ کر آنکھ پر دم کریں، انشاءاللہ پھولا جاتا رہے گا۔

آنکھوں کہ نظر کی کمزوری دور ہو

فکشفنا عنک غطائک فبصرک الیوم حدید

ایک تسبیح پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کہ آنکھوں پر پھیر لیا کریں، انشاءاللہ آنکھوں کے نور میں اضافہ ہوگا

آنکھوں کا درد

جس کو آنکھوں میں درد ہو صبح کی نماز فرض سے پہلے اور سنت کے بعد ۴۱ مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر آنکھوں پر دم کریں، انشاءاللہ تین دنوں میں مکمل صحت ہوگی۔

منہ کی بیماریاں

لکنت زبان

کسی شخص کی اگر زبان بولنے پر قادر نہیں تو اکیس مرتبہ چینی پر پڑھ کر وہ چینی چبائے، انشاء اللہ اکتالیس دنوں تک ٹھیک ہو جائے گا۔ اگر اس آیت کو گری بادام پر ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر دم کیا جائے تو زیادہ بہتر ہے۔

رَبِّ اشْرَحْ لِی صَدْرِی. وَیَسِّرْ لِی أَمْرِی. وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِنْ لِسَانِی. یَفْقَهُوا قَوْلِی

لکنت زبان

صبح اور مغرب کی نماز کے بعد سورۃ ''التین'' اکیس اکیس بار پڑھیں، انشاء اللہ لکنت زبان جاتی رہے گی۔

اور اور عمل برائے لکنت زبان

جمعہ کی رات چار رکعت نماز اس طرح پڑھیں کہ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ یاسین دوسری رکعت میں دخان تیسری میں الم تنزیل اور چوتھی میں سورۃ ''ملک'' پھر اللہ تعالی سے دعا کریں، انشاء اللہ زبان جاری ہو جائے گی مجرب ہے۔

داڑھ کا درد

درج ذیل حروف کو دیوار پر لکھیں یا لکڑ پر اور صاف کیل یا میخ لیکر پہلے حرف پر زور سے دبائیں اور مریض اپنی انگلی درد والی داڑھ پر رکھے اس وقت درج ذیل آیت پڑھیں۔

حروف

ج. ب. ر. ص. لا. و. ع. م. لا

وَلَوْ شَاءَ لَجَعَلَهُ سَاكِنًا ،وَلَهُ مَا سَكَنَ فِي اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ

اور مریض سے پوچھیں درد ختم ہوا یا نہیں؟

اگر ختم ہو گیا ہے تو اسی حرف پر کیل ٹھونک دیں، اگر درد نہیں گیا تو دوسرے حرف پر کیل دبائیں کسی ایک حرف پر درد جاتا رہے گا۔

(۲) سورۃ فاتحہ اور مندرجہ بالا آیات سات سات بار پڑھ کر دم کریں۔

(۳) یہ دعا تین مرتبہ پڑھ کر دانتوں اور داڑھ پر ملیں اللہ تعالی شفا عطا فرمائے گا۔

بسم الله الرحمن الرحيم آلٓمٓصٓ، طٰسٓمٓ، كٓهٰيٰعٓصٓ،حٰمٓعٓسٓقٓ الله لاالٰه الا هو الحى القيوم اُسْكُنْ.

(۴)۔داڑھ کے درد کے لئے درج ذیل کلمات تین بار پڑھ کر دم کریں، انشاءاللہ تعالی کامل شفا نصیب ہو گی بہت مجرب ہے۔

بسم الله الرحمن الرحيم آلٓمٓصٓ، طٰسٓمٓ، كٓهٰيٰعٓصٓ،حٰمٓعٓسٓقٓ الله لاالٰه الا هو الحى القيوم اُسْكُنْ ياايُّها الوَجْعُ بكٓهٰيٰعٓصٓ ذِكْرُ رَحْمَةِرَبِّکَ عَبْدَه زَكَرِيَّا اُسْكُنْ بِالَّذِى إِنْ يَشَأْ يُسْكِنِ الرِّيحَ فَيَظْلَلْنَ رَوَاكِدَ عَلَى ظَهْرِهِ ، اُسْكُنْ بِالَّذِى سَكَنَ لَه مافى السماوات وما فى الارض وهو السميع العليم .

(۵)۔جس کی داڑھ میں درد ہو، اس کے رخصار پر انگلی شہادت سے یا خشک قلم سے یا مریض کی انگلی شہادت پکڑ کر درج ذیل آیت لکھیں۔

قُلْ هُوَ الَّذِى أَنْشَأَكُمْ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْأَبْصَارَ وَالْأَفْئِدَةَ قَلِيلًا مَا تَشْكُرُونَ

یا یہ آیت

أَوَلَمْ يَرَ الْإِنْسَانُ أَنَّا خَلَقْنَاهُ مِنْ نُطْفَةٍ فَإِذَا هُوَ خَصِيمٌ مُبِينٌ

اور آیۃ الکرسی اور یہ آیات

وَلَهُ مَا سَكَنَ فِى اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيم،ثُمَّ سَوَّاهُ وَنَفَخَ فِيهِ مِنْ رُوحِهِ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْأَبْصَارَ وَالْأَفْئِدَةَ قَلِيلًا مَا تَشْكُرُونَ ،وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ لِلْمُؤْمِنِينَ

یا یہ آیت

وَلَهُ مَا سَكَنَ فِی اللَّیْلِ وَالنَّهَارِ وَهُوَ السَّمِیعُ الْعَلِیم

یا یہ لفظ ”لِیُعَذِّبَهُمْ“ لکھتے جائیں جہاں درد بھاگتا جائے وہاں لکھتے جائیں اور مریض سے پوچھتے جائیں کہ درد کہاں ہے؟

(٦)۔ داڑھ کے درد کے مریض کو کہیں کہ اپنی انگلی شہادت درد والی داڑھ پر رکھے اور بات کرتے وقت انگلی نہ ہٹائے سورۃ فاتحہ مع بسم اللہ سات بار پڑھیں اور اس سے پوچھو تمہارا نام کیا ہے؟

وہ بتائے پھر سورۃ فاتحہ اسی طرح پڑھو اور پوچھو کہ تیری ماں کا نام کیا ہے؟

جب بتائے پھر اسی طرح فاتحہ سورۃ پڑھو اور پوچھو کہ درد کہاں ہے؟

وہ کہے داڑھ میں ہے پھر اسی طرح پڑھو پھر اس سے کہو کہ اللہ تعالی کے اذن سے اس کو دور کر دوں؟

وہ کہے ہاں پھر اسی طرح پڑھو اور اس سے پوچھو تیری عمر کیا ہے؟

وہ اپنی عمر بتا دے پھر اسی طرح عمل کریں اور اس سے کہیں کہ تھوڑی دیر جا کر آرام کرے بلکہ سو جائے انشاء اللہ سکون ہو جائے گا۔

مسوڑوں کا ورم

وَلَهُ مَا سَكَنَ فِی اللَّیْلِ وَالنَّهَارِ وَهُوَ السَّمِیعُ الْعَلِیم

گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں انشاء اللہ مرض جاتا رہے گا اور منہ کی بدبوء بھی ختم ہو جائے گی۔

(٧) داڑھ کا درد

درج ذیل آیت سات مرتبہ سفید نمک پر پڑھ کر وہ نمک دانتوں اور مسوڑوں پر لگائیں، انشاء اللہ چندروز میں مرض جاتا رہے گا۔ ”کھیعص. ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهُ زَكَرِيَّا

دیگر

دو رکعت نماز حاجت پڑھیں اور سجدہ میں تضرع و عاجزی سے سیدنا حضرت ایوب علیہ السلام والی یہ دعا سات یا پانچ مرتبہ پڑھیں، انشاء اللہ جلدی نجات مل جائے گی۔ انِّی مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَأَنْتَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِینَ

(۸)۔سورۃ ’’لم یکن الذین ‘‘ لکھ کر پانی سے دھو کر پلائیں اور لکھ کر ساتھ رکھیں انشاءاللہ یہ عارضہ جاتا رہے گا۔

دانت اور کان کے درد کا مستقل علاج

جو شخص چھینک کے بعد الحمدللہ رب العالمین علی کل حال پڑھنے کا ہمیشہ معمول بنالے، انشاءاللہ اس کو کان اور دانتوں کا درد کبھی بھی نہیں ہوگا۔

﴾ناک کی بیماریاں﴿

نزلہ وزکام کے لئے

اگر نزلہ کی وجہ سے چھینکیں بکثرت آتی ہوں تو درج ذیل آیت گیارہ بار کسی کھانے کی چیز پر دم کر کے مریض کو کھلائی جائے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِی اَنْزَلَ عَلٰی عَبْدِہِ الْکِتَابَ وَلَمْ یَجْعَلْ لَہٗ عِوَجًا

نیز سورۃ فاتحہ تین بار پڑھ کر دم کیا جائے۔

برائے نزلہ

نابالغ لڑکی کا کاتا ہوا ایک دھاگہ لیں اس پر سورۃ القدر پڑھ کر گرہ لگائیں اسی طرح سات گرہیں لگفائیں اور یہ بھی کہتے جائیں کہ میں نے فلاں بن فلاں کا نزلہ باندھ دیا، اس کے بعد یہ آیت پڑھیں ''**وننزل من القران ما ھو شفاء و رحمة للمومنين** ''اور دھاگہ مریض اپنے پاس رکھے اللہ تعالی کے کرم وفضل سے نزلہ دفع ہو جائے گا۔

دائمہ نزلہ وزکام

فجر ومغرب کی نماز کے فوراً بعد سلام پھیرتے ہی تین بار یہ کلمات پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے سر اور چہرہ پر پھیرلیں ''**سبحان الله العظيم و بحمده** ''ان شاءالہ دائمی نزلہ سے نجات حاصل ہوگی ،جب تک نزلہ بالکل نہ چھوڑ جائے اتنے تک یہ عمل کرتے رہیں۔

دفع ریشہ وبلغم

اگر ریشہ وبلغم میں کسدی طرح آرام نہ آرہا ہوتو ساعت سعد میں یہ نقش تین عدد لکھیں ایک اپنے کھانے والے نمک میں رکھیں ایک ساتھ رکھیں ایک پانی میں ڈال کر رکھیں اور اکیس دنوں تک پیتے رہیں ان شاء اللہ چند دنوں میں شفا ہوگی۔

بسم	لااله الاالله محمد رسول الله	الله
	وننزل من القرآن ما هو شفاء و رحمة للمومنين	
الرحمن	لااله الا الله محمد رسول الله	الرحيم

﴿دل کی بیماریاں﴾

دل کے امراض

دل کی گھبراہٹ اور حول دل کے لئے یہ آیت مبارکہ لکھ کر مریض کے دل پر رکھیں، بہت ہی مجرب ہے۔الَّذِینَ آمَنُوا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوبُهُمْ بِذِكْرِ اللَّهِ أَلَا بِذِكْرِ اللَّهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوبُ ،وَرَبَطْنَا عَلَى قُلُوبِهِمْ ،لَوْلَا أَنْ رَبَطْنَا عَلَى قَلْبِهَا لِتَكُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ.وَلِيَرْبِطَ عَلَى قُلُوبِكُمْ

دل پر ہاتھ رکھ کر ایک سو گیارہ مرتبہ'' سبحان الله و بحمده ''پڑھنا بہت مفید و مجرب ہے۔

دل زندہ کرنے کے

یاحی یا قیوم لااِلٰہ الا انت برحمتک استغیث

اس دعا کا صبح وشام ورد کرنا مردہ دلوں کو زندہ کرتا ہے اور دل میں نور اور عبادت کا شوق پیدا ہوتا ہے۔اگر صبح کی نماز فرض اور سنتوں کے درمیان چالیس مرتبہ پڑھا جائے تو اکسیر اعظم ہے۔

دل کی وہ بیماری جس سے ڈاکٹر عاجز آ گئے ہوں

ہر نماز کے بعد یہ آیت مبارکہ ۱۱مرتبہ پڑھیں، اللہ تعالی جلدی شفاعطا فرمائیں گے۔

''فَاسْتَقِمْ كَمَا أُمِرْتَ وَمَنْ تَابَ مَعَكَ وَلَا تَطْغَوْا إِنَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ

قوت دل اور دفع شر دشمنان

جو شخص یہ نقش ہرن کی کھال پر لکھ کر اپنے پاس رکھے دشمن اس پر قادر نہ ہو، جو اس کو گلاب و زعفران سے لکھ کر سوتے وقت اور صبح کو پی لے اس کا دل اس قدر قوی ہو جائے گا کہ دیو و پری سے بھی نہیں ڈرے گا۔ یہ سورۃ یونس کا نقش ہے

۱۳۷۵۱۹ تیرہ پچھتر انیس سے مربع شروع ہوتا ہے اور کسر نویں خانہ میں ہے، وفق ۵۵۰۱۰۸ پانچ لاکھ پچاس ہزار ایک سو آٹھ ہے۔

﴿پیٹ کی بیماریاں﴾

ہچکی

تین سانسوں میں پانی پئیں اور ہر سانس پر سات مرتبہ ''یا حفیظ'' پڑھیں، انشاءاللہ ہچکی جاتی رہے گی

پیٹ کی بیماریاں

سورۃ ''لقمان'' یا سورۃ قصص لکھیں اور پانی سے دھوکر پیئیں، انشاء پیٹ کی تمام بیماریوں سے شفا ملے گی، یا پانی پر پڑھ کر پلائیں۔ یا سورۃ اخلاص سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔

آیت الکرسی زعفران وگلاب سے لکھ کر پانی سے دھوکر پلانا معدہ جگر، پیٹ کے درد اور قولنج کے لئے نہایت مفید ہے۔

سورۃ لایلاف قریش یا سورۃ المافقون'' پڑھ کر پانی پر دم کریں وہ پانی پیئیں۔

ایہ آیت مریض ساتھ رکھے اور پلیٹ پر لکھ کر دھوکر پلائی جائے۔

أَفَغَيْرَ دِينِ اللَّهِ يَبْغُونَ وَلَهُ أَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ طَوْعًا وَكَرْهًا وَإِلَيْهِ يُرْجَعُونَ.

سورۃ یاسین بارش کے پانی پر دم کرکے پلائی جائے تو اکسیر ہے۔

معدہ کا درد

یہ آیت لکھ کر ساتھ رکھی جائے اور گیراہ بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلایا جائے، انشاءاللہ درد معدہ جاتا رہے گا۔

أَفَحَسِبْتُمْ أَنَّمَا خَلَقْنَاكُمْ عَبَثًا وَأَنَّكُمْ إِلَيْنَا لَا تُرْجَعُونَ .فَتَعَالَى اللَّهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيمِ .وَمَنْ يَدْعُ مَعَ اللَّهِ إِلَهًا آخَرَ لَا بُرْهَانَ لَهُ بِهِ فَإِنَّمَا حِسَابُهُ عِنْدَ رَبِّهِ إِنَّهُ لَا يُفْلِحُ الْكَافِرُونَ .وَقُلْ رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَأَنْتَ خَيْرُ الرَّاحِمِينَ

دیگر:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ،ق وَالْقُرْآنِ الْمَجِيدِ .بَلْ عَجِبُوا أَنْ جَاءَهُمْ مُنْذِرٌ مِنْهُمْ فَقَالَ الْكَافِرُونَ هَذَا شَيْءٌ عَجِيبٌ. أَإِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا ذَلِكَ رَجْعٌ بَعِيدٌ .قَدْ عَلِمْنَا مَا تَنْقُصُ الْأَرْضُ مِنْهُمْ وَعِنْدَنَا كِتَابٌ حَفِيظٌ .بَلْ كَذَّبُوا بِالْحَقِّ لَمَّا جَاءَهُمْ فَهُمْ فِي أَمْرٍ مَرِيجٍ. أَفَلَمْ يَنْظُرُوا إِلَى السَّمَاءِ فَوْقَهُمْ كَيْفَ بَنَيْنَاهَا وَزَيَّنَّاهَا وَمَا لَهَا مِنْ فُرُوجٍ .وَالْأَرْضَ مَدَدْنَاهَا وَأَلْقَيْنَا فِيهَا رَوَاسِيَ وَأَنْبَتْنَا فِيهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ بَهِيجٍ .تَبْصِرَةً وَذِكْرَى لِكُلِّ عَبْدٍ مُنِيبٍ .وَنَزَّلْنَا مِنَ السَّمَاءِ مَاءً مُبَارَكًا فَأَنْبَتْنَا بِهِ جَنَّاتٍ وَحَبَّ الْحَصِيدِ .وَالنَّخْلَ بَاسِقَاتٍ لَهَا طَلْعٌ نَضِيدٌ .رِزْقًا لِلْعِبَادِ وَأَحْيَيْنَا بِهِ بَلْدَةً مَيْتًا كَذَلِكَ الْخُرُوجُ

لکھ کر بارش کے پانی سے دھو کر پینے سے درد جاتا رہے گا۔

مریض کو الٹا لٹا کر سورۃ اخلاص چالیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں فوراً شفا ہوگی انشاءاللہ تعالی

سات مرتبہ سورۃ الم نشرح پانی پر دم کر کے پلائیں خواہ کیسا ہی درد ہو جاتا رہے گا انشاءاللہ۔

سات دن تک سورۃ فاتحہ پڑھ کر پیٹ پر دم کریں انشاءاللہ کامل شفا ہوگی۔

مٹی کے کورے برتن پر درج ذیل آیت عرق گلاب سے لکھ کر دھو کر مریض کو پلائیں انشاءاللہ درد معدہ فوراً زائل ہو جائے گا۔

یہ آیت مبارکہ صبح کو اکیس مرتبہ پانی پر پڑھ کر پلانا بہت مفید ہے اکیس دنوں تک عمل جاری رکھیں

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوبَنَا بَعْدَ إِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَدُنْكَ رَحْمَةً إِنَّكَ أَنْتَ الْوَهَّابُ

سورۃ یاسین سات مینوں سے پڑھ کر پانی پر دم کرکے پلائیں۔

یہ آیت مبارکہ لکھ کر ساتھ رکھیں۔

قُلْ إِنَّنِي هَدَانِي رَبِّي إِلَى صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ

یا اسی آیت کو لکھ کر دھو کر مریض کو پلانا بہت ہی مفید ہے۔

پیٹ کا درد

یہ آیت کریمہ گیارہ بار کسی چیز پر پڑھ کر کھلائیں

وَاللّٰهُ أَخْرَجَكُمْ مِنْ بُطُونِ أُمَّهَاتِكُمْ لَا تَعْلَمُونَ شَيْئًا وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْأَبْصَارَ وَالْأَفْئِدَةَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ

آیت الکرسی سات بار پانی پر دم کر کے پلائیں۔

سورۃ قصص سات بار مکمل پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں۔

سورۃ روم سات بار پانی پر پڑھ کر پلائیں۔

سورۃ الکوثر سات مرتبہ نمک پر پڑھ کر چٹائیں۔

ورم معدہ (معدہ کی سوجن)

یہ آیت کریمہ اکیس مرتبہ روزانہ پانی پر دم کر کے پلائیں

بسم الله الرحمن الرحیم، طه .مَا أَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْآنَ لِتَشْقَى.إِلَّا تَذْكِرَةً لِمَنْ يَخْشَى

اللہ تعالی کا مبارک نام "الصبور" تین مرتبہ شیرینی پر پڑھ کر کھلائیں۔

یا

"یا قوی" کھانے پر دم کر کے کھلائیں۔

ان اللہ تواب حکیم" اکیس مرتبہ پانی پر دم کر کے پلائیں۔

پیٹ کی تمام بیماریوں کا حتمی علاج

اگر پیٹ کی کوئی بھی بیماری ہو اور کسی طرح آرام نہ آئے تو سورۃ آل عمران خود پڑھے یا کسی سے پڑھوا کر پانی پر دم کروا کے پیئے انشاءاللہ مکمل صحت ہوگی،

معدہ کا لاعلاج مریض

سورۃ فاتحہ، معوذتین اکہتر مرتبہ پانی پر پڑھ کر دم کر کے رکھ دیں مریض تین روز نہار منہ پیئے انشاء اللہ بہت مفید ہے۔

مریض اپنے سر پر ہاتھ رکھ کر سورۃ حشر کی آخری تین آیات پڑھے انشاءاللہ جلدی شفا پائے گا۔

بسم الله الرحمن الرحیم.وَالسَّمَاءِ وَالطَّارِق. وَمَا أَدْرَاکَ مَا الطَّارِقُ .النَّجْمُ الثَّاقِبُ. إِنْ کُلُّ نَفْسٍ لَمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ .فَلْيَنْظُرِ الْإِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ.خُلِقَ مِنْ مَاءٍ دَافِقٍ .يَخْرُجُ مِنْ بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَائِبِ .

لکھیں، پھر پندرہ مرتبہ ''ی'' لکھیں اور پھر گیارہ مرتبہ یااللہ یا احد لکھیں ایک تعویذ ساتھ رکھیں اور ایک گھول کر پیئیں انشاءاللہ جلدی شفا نصیب ہوگی۔

معدہ کی کمزوری

سورہ ''القدر'' گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور مریض کو پلائیں اور مریض دن مین تین مرتبہ یہ پانی پیئے،انشاءاللہ سات دنوں میں معدہ کی کمزوری جاتی رہے گی۔

سورۃ انشقاق تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور کئی بار مریض کو پلائیں انشاءاللہ تین دنوں میں افاقہ ہوگا۔

بھوک کی کمی

اگر بھوک نہ لگتی ہو یا کم لگتی ہو تو درج ذیل عمل کریں

وَفِيهَا مَا تَشْتَهِيهِ الْأَنْفُسُ وَتَلَذُّ الْأَعْيُنُ '' یہ آیت کھانے پر دم کریں۔

''وَالَّذِی هُوَ يُطْعِمُنِی وَيَسْقِينِ ' اکیس مرتبہ پانی پر دم کر کے پیئیں۔

''وَلَوْلَا فَضْلُ اللَّهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهُ وَأَنَّ اللَّهَ تَوَّابٌ حَكِيمٌ '' اکتالیس بار پانی پر دم کر کے پلائیں

قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِينَةَ اللَّهِ الَّتِی أَخْرَجَ لِعِبَادِهِ وَالطَّيِّبَاتِ مِنَ الرِّزْقِ قُلْ هِیَ لِلَّذِينَ آمَنُوا فِی الْحَيَاةِ الدُّنْيَا خَالِصَةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ كَذَلِكَ نُفَصِّلُ الْآيَاتِ لِقَوْمٍ يَعْلَمُونَ '' اکتالیس بار پای پر دم کر کے پلائیں۔

مندرجہ بالا اعمال میں سے جو بھی کریں، انشاءاللہ بھوک خوب لگے گی۔

بھوک کی زیادتی

وَفِی السَّمَاءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوعَدُونَ

یہ آیت مبارکہ پانی پر دم کر کے پلائیں۔

تین سومرتبہ ''یا صمد'' پڑھ کر کھانے پر دم کر کے کھایا جائے تو بھوک کی زیادتی کو دفع کرتا ہے۔

یہ آیت گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں۔

مَا يَفْتَحِ اللَّهُ لِلنَّاسِ مِنْ رَحْمَةٍ فَلَا مُمْسِكَ لَهَا وَمَا يُمْسِكْ فَلَا مُرْسِلَ لَهُ مِنْ بَعْدِهِ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ

استسقاء جلندھر (پیاس کی شدت)

صبح صادق کے وقت دونوں ہاتھوں پر سورۃ فاتحہ دم کر کے چہرہ اور تمام بدن پر پھیرنے سے اس روز پیاس کا غلبہ نہ ہوگا، انشاءاللہ۔

سورۃ ''قریش'' کو پابندی سے پڑھنا پیاس کی شدت کو روکتا ہے۔

تین بار سورۃ ''الواقعہ'' پانی پر پڑھ کر پلایا جائے۔ اور یہ علاج سات دنوں تک مسلسل جاری رکھیں۔

اگر پیاس کی شدت ہو تو درج ذیل آیت سات بار پنی پر دم کر کے پلائیں۔

وَأَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَاءِ مَاءً بِقَدَرٍ فَأَسْكَنَّاهُ فِي الْأَرْضِ وَإِنَّا عَلَى ذَهَابٍ بِهِ لَقَادِرُونَ

یا یہ آیت اکیس مرتبپ پانی پر پڑھ کر پلائی جائے۔

وَهُوَ الَّذِي أَرْسَلَ الرِّيَاحَ بُشْرًا بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهِ وَأَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَاءِ مَاءً طَهُورًا

استسقاء کا مستقل علاج

سورۃ ''قصص'' لکھ کر بارش کے پانی کے ساتھ پلائی جائے، انشاءاللہ استسقاء اور جملہ امراض دفع ہو جائیں گے۔

متلی اور قے کا علاج

لوہے کو آگ میں گرم کر کے بانی میں بجھائیں، اسی طرح چار یا پانچ مرتبہ کریں، وہ پانی مریض کو پلائیں، انشاءاللہ جلدی شفایاب ہوگا۔

یہ آیت لکھ کر نہار منہ سات روز تک پلائیں۔

'' وَقِيلَ يَا أَرْضُ ابْلَعِي مَاءَكِ وَيَا سَمَاءُ أَقْلِعِي وَغِيضَ الْمَاءُ وَقُضِيَ الْأَمْرُ

وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُودِيِّ وَقِيلَ بُعْدًا لِلْقَوْمِ الظَّالِمِينَ

یہ آیات گیارہ مرتبہ نمک پر پڑھ کر مریض کو چٹائیں، انشاءاللہ قے اور متلی بند ہوجائے گی۔

بسم الله الرحمن الرحيم إِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ .لَيْسَ لِوَقْعَتِهَا كَاذِبَةٌ .خَافِضَةٌ رَافِعَةٌ. إِذَا رُجَّتِ الْأَرْضُ رَجًّا. وَبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا. فَكَانَتْ هَبَاءً مُنْبَثًّا .وَكُنْتُمْ أَزْوَاجًا ثَلَاثَةً . فَأَصْحَابُ الْمَيْمَنَةِ مَا أَصْحَابُ الْمَيْمَنَةِ .وَأَصْحَابُ الْمَشْأَمَةِ مَا أَصْحَابُ الْمَشْأَمَةِ. وَالسَّابِقُونَ السَّابِقُونَ .أُولَئِكَ الْمُقَرَّبُونَ

کورے برتن پر یہ آیت لکھ کر عرق گلاب وعرق گاؤزبان سے دھوکر پلائی جائے انشاءاللہ قے بند ہوجائے گی

وَيُسْقَوْنَ فِيهَا كَأْسًا كَانَ مِزَاجُهَا زَنْجَبِيلًا .عَيْنًا فِيهَا تُسَمَّى سَلْسَبِيلًا

کھانے پینے کی چیزوں پر سورۃ ''الطارق'' پڑھ کر کھلایا جائے تو انشاءاللہ قے اور متلی بند ہوجائے گی۔

یہ آیت تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں۔

وَالَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَآمَنُوا بِمَا نُزِّلَ عَلَى مُحَمَّدٍ وَهُوَ الْحَقُّ مِنْ رَبِّهِمْ كَفَّرَ عَنْهُمْ سَيِّئَاتِهِمْ وَأَصْلَحَ بَالَهُمْ

یہ آیت اکتالیس مرتبہ پانی پر پڑھ کر مریض کو پلائیں۔

يَوْمَئِذٍ تُعْرَضُونَ لَا تَخْفَى مِنْكُمْ خَافِيَةٌ

خون کی قے

اکیس روز تک نماز ظہر کے بعد درج ذیل آیات اکتالیس مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلایا جائے انشاءاللہ العزیز کامل شفا ہوگی۔

الحمد لله رب العالمين ، حسبنا الله و نعم الوكيل ، فتبارك الله احسن الخالقين ، لا حول ولا قوة الاال بالله العلى العظيم .

پیٹ کے کیڑے

سورۃ ہمزۃ'' گیارہ مرتبہ پانی پر پڑھ کر پلائیں، ایک ہفتہ تک اور سورۃ ق'' پوری تین بار پڑھ کر

اکیس روز تک متواتر پلائیں۔اور درج ذیل آیت لکھ کر پلائیں یا پانی پر پڑھ کر پلائیں

يا أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جاءَتْكُم مَوْعِظَةٌ مِنْ رَبِّكُمْ وَشِفَاءٌ لِمَا فِى الصُّدُورِ وَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِلْمُؤْمِنِينَ.

تلی کے امراض

تلی بڑھ گئی ہو

یہ آیت مبارکہ لکھ کر مریض ساتھ رکھے اور تلی کے مقام پر رہے۔ ذٰلِکَ تَخْفِیْفٌ مِّنْ رَّبِّکُمْ وَرَحْمَۃٌ

تلی کے لئے عجیب وغریب عمل

اگر کسی شخص کی تلی بڑھ گئی ہو اس کو چاہیئے کہ بکرے یا بکری کی تلی لائے اور وضو وغسل کر کے سات ببول کے کانٹے لیکر سورۃ یاسین شروع کریں اور ہر مبین پر کانٹا تلی میں چبھوتا جائے، اسی طرح سات مبینوں پر دم کر کے کانٹا اس میں چبھو دے اور ہر مبین کے بعد نئے سرے سے سورۃ یاسین شروع کرے اور تلی پر دم کرتا جائے، وہ تلی مریض کی چارپائی کی پائنتی کے طرف اس طرح لٹکائے کہ مریض کی نظر ہر وقت اس تلی پر پڑتی رہے، انشاءاللہ مریض جلد از جلد شفایاب ہوگا بہت مجرب المجرب ہے۔

سورۃ ''ممتحنہ'' لکھ کر تین دن متواتر پلائیں بہت ہی مفید ہے۔

یہ آیت کریمہ لکھ کر تلی پر رکھنے سے ورم دور ہو جاتا ہے۔

إِنَّ اللَّهَ يُمْسِكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ أَنْ تَزُولَا وَلَئِنْ زَالَتَا إِنْ أَمْسَكَهُمَا مِنْ أَحَدٍ مِنْ بَعْدِهِ إِنَّهُ كَانَ حَلِيمًا غَفُورًا

اسی طرح سورۃ ''والضحیٰ'' اور آیت الکرسی لکھ کر تلی پر رکھی جائے تو مریض ٹھیک ہو جاتا ہے اور ورم جاتا رہتا ہے۔

جگر کی بیماریاں

یرقان

سورۃ لم یکن لکھ کر ساتھ رکھنے اور پلانے سے جاتا رہتا ہے۔

یرقان کے لئے عجیب و مجرب عمل

نیم کی ایک ٹہنی لیکر اس کی تمام سینکیں توڑ کر مع پتوں کے ایک جگہ جمع کر لیا جائے اور ان سیکوں سے مریض کی آنکھوں کو جھاڑتا جائے یعنی سیکیں برابر اس کے ماتھے، سر پر ہلاتا جائے اول تین بار درود شریف پھر سورۃ قریش مع بسم اللہ پانچ مرتبہ پڑھ کر دم کرے مریض آنکھیں کھلی رکھے اور پھر نو بار پڑھ کر دم کرے آخر میں پھر تین بار درود شریف پڑھے، اسی طرح سات دنوں تک مسلسل کرے، انشاءاللہ ایک ہفتہ کے اندر مریض صحت یاب ہوگا۔

یرقان کے لئے آیۃ الکرسی کا تین دن کا عجیب عمل

مریض سو گرام تک کانسی کے برتن میں تیل لائے اور نیم کی تین ٹہنیاں منگائیں تین دنوں تک مسلسل صبح کے ٹائم جھاڑیں مریض کو سامنے بٹھا کر نیم کی ایک ٹہنی لیں سات مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر مریض پر دم کریں اور مریض تیل میں اپنا چہرہ دیکھتا رہے اسی طرح تین ٹہنیوں سے تین مرتبہ جھاڑیں اور ہر مرتبہ ٹہنی کے ذریعہ مریض کے چہرے سے تیل کے برتن میں اتار کرتے جائیں۔

(نوٹ)

آیۃ الکرسی کی روحانی طاقت حاصل کرنے کے لئے روزانہ ایک سو مرتبہ پڑھیں اکیس دنوں تک

یرقان کی جھاڑ

یہ عمل سورج طلوع ہونے سے پہلے یا شام غروب آفتاب کے وقت مریض چونے کے پانی میں ہاتھ ڈالے اور آپ سورۃ بنی اسرائیل کی پہلی آیت پڑھتے جائیں اور پانی پیلا ہوتا جائے گا اسی طرح تین دن کریں۔

دیگر

سورة ''سبا'' چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پانی سے دھو کر وہ پانی مریض کو پلانا اور اس کے منہ پر چھڑکنا بہت مفید ہے

اللہ تعالی کا نام ''الحسیب'' تین سو بار پانی پر پڑھ کر مریض کو پلانے سے یرقان اکیس دنوں تک ختم ہو جات ہے۔

یرقان تین دنوں میں ختم کرنے کا عجیب وغریب عمل

آپ دیکھتے ہونگے کہ مریض کے گلے میں مالا پہنایا جاتا ہے اور وہ ہار بڑا ہوتا جاتا ہے، مریض سمجھتا ہے کہ کمال ہے کہ ہار بڑا ہو رہا ہے۔ اور اتوار کا دن مقرر ہوتا ہے یا کوئی اور دن، اور اس کا عامل بھی کوئی مخصوص ہوتا ہے۔ اور اللہ تعالی کے فضل وکرم سے تین دنوں میں مریض صحت یاب بھی ہو جاتا ہے ۔اس عمل کا راز اب آؤٹ کرتے ہیں۔

اصل میں یہ سارا فنکشن اس جڑی بوٹی کا ہوتا ہے، یعنی آک یا اٹ سٹ کا، اس کی بو مریض کے ناک آنکھوں، کانوں اور سارے جسم میں پھیلی ہوتی ہے۔ آپ اگر مریض کے ساتھ بیٹھ کر دیکھیں تو آپ کو اس کی بو محسوس ہوگی۔

وہ بوٹی گلے میں کیوں لٹکائی جاتی ہے

یہ اس لئے کہ اس کو کون بار بار اٹھائے پھرے، اس تکلیف سے بچنے کے لئے گلے میں لٹکائی جاتی ہے۔

وہ ہار بڑا کیوں ہوتا ہے؟

اس لیئے کہ آک اور اٹ سٹ کی لکڑی کھوکھلی ہوتی ہے اور سکڑتی جاتی ہے ایک دو منٹ کے بعد سکڑنا شروع ہوتی ہے۔

اس پر کچھ بھی نہیں پڑھا جاتا کیونکہ سارا کام اس بوٹی کا ہی ہوتا ہے لیکن اگر آپ سورة فاتحہ یا آیت الکرسی یا کوئی بھی سورة پڑھتے جائے پھر اس کے اثر کی کیا بات! کہ جڑی بوٹی کے ساتھ قرآن مجید بھی ہو

جس میں رحمت، برکت اور شفا کے خزانے بھرے ہوئے ہیں۔

ہار بنانے کا طریقہ

آک کی یا اٹ سٹ کی۔ آک ہی زیادہ بہتر ہوتا ہے، اس کی نرم نرم کونپلیں توڑ کر لائیں۔

ایک موٹا مضبوط دھاگا لیں، اس کونپل پر دھاگے کے تین وٹ دیں اور ایک ہی گانٹھ دے دیں۔

اسی طرح ساٹ یا ستر یا سو مطلب جتنا مریض کے گلے میں ہار آسکے اتنا ہی بنائیں۔

وہ ہار مریض کے گلے میں پہنا دیں چند منٹوں کے بعد بڑھنا شروع ہوتا ہے کیونکہ وہ لکڑی سکڑتی جاتی ہے اور دھاگے کے وٹ سکڑتے جاتے ہیں اور کوئی لکڑی گر بھی جاتی ہے تو دھاگا بڑا ہوتا جاتا ہے اور تین دنوں میں ہار تقریباً ناف تک پہنچ جاتا ہے۔

مریض خیال کرتا ہے کہ اب میں ٹھیک ہو گیا ہوں کیونکہ وہ ہار یرقان کو نکالتا ہوا ناف تک پہنچ گیا ہے تو اس کا یہ یقین ہی ایک طرف سے شفا کا باعث ہوتا ہے۔

نوٹ:

اگر کوئی کسر یرقان کی رہ جائے تو دوبارہ اسی طرح عمل کریں۔

اور مندرجہ بالا راز مریض کو نہیں بتانا۔ اور کسی کو نہیں بتانا۔

﴿ گردہ ومثانہ کی بیماریاں ﴾

بند پیشاب

کسی شخص کا پیشاب اگر بند ہو گیا ہو اور کسی بھی حیلہ سے مسئلہ حل نہ ہو رہا ہو تو خشخاش پر سورۃ ''العصر'' ۴۱ مرتبہ پڑھ کر مریض کو کھلا دیں، انشاءاللہ مریض ٹھیک ہو جائیگا۔

کوئی انسان ہو یا جانور جس کا پیشاب بند ہو گیا ہو تو درج ذیل آیات میں سے کوئی آیت پانی پر پڑھ کر پلائیں۔

وَإِذِ اسۡتَسۡقٰی مُوسَی لِقَوۡمِهِ فَقُلۡنَا اضۡرِبۡ بِعَصَاکَ الۡحَجَرَ فَانۡفَجَرَتۡ مِنۡهُ اثۡنَتَا عَشۡرَةَ عَيۡنًا قَدۡ عَلِمَ كُلُّ أُنَاسٍ مَشۡرَبَهُمۡ كُلُوا وَاشۡرَبُوا مِنۡ رِزۡقِ اللَّهِ وَلَا تَعۡثَوۡا فِی الۡأَرۡضِ مُفۡسِدِينَ

لَوۡ أَنۡزَلۡنَا هَذَا الۡقُرۡآنَ عَلَى جَبَلٍ لَرَأَيۡتَهُ خَاشِعًا مُتَصَدِّعًا مِنۡ خَشۡيَةِ اللَّهِ وَتِلۡكَ الۡأَمۡثَالُ نَضۡرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمۡ يَتَفَكَّرُونَ

فَفَتَحۡنَا أَبۡوَابَ السَّمَاءِ بِمَاءٍ مُنۡهَمِرٍ .وَفَجَّرۡنَا الۡأَرۡضَ عُيُونًا فَالۡتَقَى الۡمَاءُ عَلَى أَمۡرٍ قَدۡ قُدِرَ

یا سورۃ ''التکاثر'' پڑھ کر دم کریں اور پانی پر پڑھ کر پلائیں۔

پیشاب مین خون آنا

سورۃ ''القریش'' پڑھتے رہیں اور معمول بنالیں

ہر نماز کے بعد سورۃ ''الطارق'' اس طرح پڑھیں کہ جب ''انه على رجعه لقادر'' پر پہنچیں تو بیماری کا تصور ذہن مین لائیں، انشاءاللہ اکیس یوم تک شفا کامل ہوگی۔

گردے کا فعل ہونا یا جگر و گردہ کے جملہ امراض

''کان البحر مداد لکلمات ربی'' کاغذ پر لکھ کر اپنے ساتھ رکھیں

اور یہی آیت مبارکہ زعفران وگلاب سے پلیٹ پر لکھ کر وہ پانی مریض کو نہار منہ پلائیں انشاءاللہ شفا نصیب ہو گی۔

درد گردہ

سورۃ ''القریش'' پانی پر دم کر کے پلانا بہت مفید ہے۔

پتہ کی بیماری

یہ آیت مبارکہ گیارہ مرتبہ پانی پر پڑھ کر مریض کو پلائیں ''الرَّحْمَنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوَى سورۃ الناس'' گیارہ مرتبہ پانی پر پڑھ کر مریض کو پلائیں، انشاءاللہ پتہ کی تمام بیماریاں جاتی رہیں گی۔

گردہ مثانہ یا پتہ میں پتھری

وان من الحجارة لما يتفجر منه الانهار وان منها لما يشقق فيخرج منه الماء وان منها لما يحبط من خشية الله وما الله بغافل عما تعملون''۔ مریض یہ آیت ۱۴ مرتبہ پانی پر پڑھ کر پیتا رہے انشاءاللہ جلدی مرض سے نجات مل جائے گی۔

() دوسرا عمل

سورۃ ''الم نشرح'' پڑھ کر پانی پر دم کر کے پتھری والے کو پلایا جائے تو پتھری ریزہ ریزہ ہو کر نکل جاتی ہے۔

گردہ مثانہ اور پتہ کی پتھری

وَبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا .فَكَانَتْ هَبَاءً مُنْبَثًّا.وَحُمِلَتِ الْأَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَاحِدَةً . فَيَوْمَئِذٍ وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ .وَانْشَقَّتِ السَّمَاءُ فَهِيَ يَوْمَئِذٍ وَاهِيَةٌ.

لکھ کر پانی سے دھو کر اکیس دن تک پلائیں انشاءاللہ گردہ مثانہ اور پتہ کی پتھری ریزہ ریزہ ہو کر نکل جائے گی۔

دوسرا عمل پتہ کی پتھری کے لئے

درج ذیل آیات چینی کی پلیٹ پرلکھ کر دھوکر پلائیں، انشاءاللہ گردہ مثانہ اور پتہ کی پتھری تین دنوں میں ریزہ ریزہ ہوکر نکل جائے گی۔

لَوْ أَنْزَلْنَا هَذَا الْقُرْآنَ عَلَى جَبَلٍ لَرَأَيْتَهُ خَاشِعًا مُتَصَدِّعًا مِنْ خَشْيَةِ اللَّهِ وَتِلْكَ الْأَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُونَ .هُوَ اللَّهُ الَّذِى لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمَنُ الرَّحِيمُ .هُوَ اللَّهُ الَّذِى لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ الْمَلِكُ الْقُدُّوسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ سُبْحَانَ اللَّهِ عَمَّا يُشْرِكُونَ .هُوَ اللَّهُ الْخَالِقُ الْبَارِءُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنَى يُسَبِّحُ لَهُ مَا فِى السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ

() تیسرا عمل

یا یہ آیت لکھ کر پلادیں

وَإِذِ اسْتَسْقَى مُوسَى لِقَوْمِهِ فَقُلْنَا اضْرِب بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ فَانفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْناً قَدْ عَلِمَ كُلُّ أُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ كُلُواْوَاشْرَبُواْ مِن رِّزْقِ اللَّهِ وَلاَ تَعْثَوْاْ فِى الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ

یا ان آیات میں سے ایک آیت لکھ کر اور دھوکر مریض کو پلائیں

(۱)يَا أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاءَتْكُمْ مَوْعِظَةٌ مِنْ رَبِّكُمْ وَشِفَاءٌ لِمَا فِى الصُّدُورِ وَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِلْمُؤْمِنِينَ .قُلْ بِفَضْلِ اللَّهِ وَبِرَحْمَتِهِ فَبِذَلِكَ فَلْيَفْرَحُوا هُوَ خَيْرٌ مِمَّا يَجْمَعُونَ

(۲)قُلْ كُونُوا حِجَارَةً أَوْ حَدِيدًا.أَوْ خَلْقًا مِمَّا يَكْبُرُ فِى صُدُورِكُمْ فَسَيَقُولُونَ مَنْ يُعِيدُنَا قُلِ الَّذِى فَطَرَكُمْ أَوَّلَ مَرَّةٍ فَسَيُنْغِضُونَ إِلَيْكَ رُءُوسَهُمْ وَيَقُولُونَ مَتَى هُوَ قُلْ عَسَى أَنْ يَكُونَ قَرِيبًا.

(۳)فَلَمَّا تَجَلَّى رَبُّهُ لِلْجَبَلِ جَعَلَهُ دَكًّا

یا سورۃ ''التکاثر'' لکھ کر دھوکر پلائیں انشاءاللہ پتھری جاتی رہے گی۔

پتھری نکالنے کا ایک دن کا عمل

مریض عصر نماز سے مغرب تک لاتعداد یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم پڑھتا رہے اور اسی وضو سے مغرب پڑھے پتھری ریزہ ریزہ ہو کر نکل جائے گی۔ اگر زیادہ ضرورت ہو تو تین دن تک یہ عمل کریں۔

مقعد کی بیماریاں

بواسیر کے لئے

شہد پر ۳۳ بار سورۃ یاسین پڑھ لیں اور روزانہ ذرہ ذرہ کھاتے رہیں۔ انشاء اللہ مرض ختم ہو جائے گا۔

مریض کو چاہیے کہ ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ سورۃ ''الاعلیٰ'' پڑھتا رہے، انشاء اللہ اس مرض سے ہمیشہ کے لئے نجات مل جائے گی۔

خون کے دست، آنتوں کی خراش

درج ذیل آیت کریمہ لکھ کر پانی میں گھول کر روزانہ پلائیں، اکیس یوم مسلسل اور لکھ کر مریض ساتھ رکھے اور اللہ تعالیٰ کا نام ''یا حفیظ'' تین سو بار پانی پر پڑھ کر پلائیں۔

متفرق بیماریاں

ہر بیماری کے لئے

بسم اللہ شافی ، بسم اللہ کافی ، بسم اللہ معافی ، بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمہ شیء فی الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم

اس دعا کومناسب طریقہ سے جس طرح بھی ادا کریں بہتر یہ ہے کہ پڑھتے اور مریض پر پھونک مارتے جائیں، اور مریض سے پوچھتے جائیں کہ کتنی تخفیف ہوئی ہے؟ انشاءاللہ اسی وقت مرض میں خفت محسوس ہوتی جائے گی اور یہ دعا ہر مرض اور ہر درد کے لئے نہایت مفید ہے۔

ہر بیماری کے لئے

کلمہ طیبہ ۱۰۰۰۰

استغفار ۱۰۰۰۰

درود شریف ۱۰۰۰۰

اس کے بعد

کلمہ ۲۰۰۰

استغفار ۲۰۰۰

اس دوران بات چیت نہیں کرنی۔

اس کے بعد جب دم کریں تو اس طرح کریں۔

درود شریف، سورۃ فاتحہ بمع بسم اللہ ایک مرتبہ اور سورۃ اخلاص بمع بسم تین تین مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔

لاعلاج بیماری کے لئے

جس بیماری سے ڈاکٹرز و حکماء عاجز آچکے ہوں یا بیماری کو کوئی سمجھ نہ سکتا ہو یا بہت بیماریوں نے گھیر لیا ہو، شفا کا کہیں سے امکان نظر نہ آئے تو ایسے حال میں سیدنا حضرت ایوب علیہ السلام والی یہ دعا نہایت

مفیداورکرامت ہے،بہتر یہ ہے کہ مریض خود ہی پڑھے،اگر وہ پڑھنے سے عاجز ہوتواس کا کوئی ولی وارث پڑھے۔''رب انی مسنی الضر و انت ارحم الراحمین .

ہرلاعلاج مرض کے لئے ایک لاجواب عمل

سورۃ فاتحہ الگ الگ حروف سے کسی پلیٹ وغیرہ پر مارکر سے لکھ کر مریض کو پلائیں،انشاءاللہ ہر قسم کی لاعلاج یاعسیرالعلاج بیماری کے لئے عجیب وغریب تحفہ ہے،اللہ تعالی جلدی ہی شفاعطافر مائیں گے۔

دیگر

''یاحَیُّ حِینَ لا حَیَّ فی دَیْمُومَۃِ مُلکِہ و بقائہ یا حَیُّ''

اس دعا کوجس طرح چاہے مسلسل استعمال میں لائے اللہ تعالی شفاعطافرمائے۔چاہئے کہ مشک و زعفران سے پلیٹ پرلکھ کر پلائے اورفوراًشفاپائے۔

اگراس اسم کوحصول صحت امراض کے لئے سات دن تک روزانہ ایک ہزاراکتالیس مرتبہ پڑھے جمعرات کوطلوع آفتاب کے وقت شروع کرےتو بہت خوب

مایوس العلاج میریض کے لئے

سورۃ''مجادلہ'' تین بار پڑھ کر ہر بار مریض پردم کریں اور چالیس دنوں تک یہ عمل جاری رکھیں انشاءاللہ شفانصیب ہوگی۔

خطرناک یالاعلاج بیماری کے لئے ٹاپ کاعمل

اول وآخر درودابراہیمی ۱۱مرتبہ

سورۃ فاتحہ ایک مرتبہ

سورۃ حشر سات مرتبہ

سورۃ قریش ایک مرتبہ

یہ اونچی آواز سے پڑھیں اور مریض ادب سے بیٹھ کرسنتا جائے مریض پردم کرتے جائیں اور پانی بھی ساتھ رکھیں اس پربھی دم کرتے جائیں ان شاءاللہ تعالی آدھی بیماری اسی دم سے چلی جائے گی باقی

ایک ہفتہ تک نکل جائے گی ان شاءاللہ تعالی۔

لاعلاج مرض کا بہت آسان علاج

جمعۃ المبارک کے دن عصر اور مغرب نماز کے درمیان اللہ تعالی کے ان تین پاکیزہ اسماء کا لاتعداد ورد کیا جائے ،موت کے علاوہ ہر مرض سے شفا مل جائے گی انشاءاللہ تعالی

یا اللہ ،یا رحمن، یا رحیم

مایوس مریض

جب ہر طرف سے مایوسی نظر آئے اور کوئی دوا اثر نہ کرے اور شفا کی کوئی امید نہ رہے تو درج ذیل آیت کریمہ تین سو بار پانی پر دم کر کے دیں اور یہی عمل کم از کم گیارہ روز تک جاری رکھیں

فَإِذَا انسَلَخَ الْأَشْهُرُ الْحُرُمُ فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِينَ حَيْثُ وَجَدْتُمُوهُمْ وَخُذُوهُمْ وَاحْصُرُوهُمْ وَاقْعُدُوا لَهُمْ كُلَّ مَرْصَدٍ فَإِنْ تَابُوا وَأَقَامُوا الصَّلَاةَ وَآتَوُا الزَّكَاةَ فَخَلُّوا سَبِيلَهُمْ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ

ہر مرض کے لئے

یا ذالجلال والاکرام '' ۱۱۱ مرتبہ پانی پر دم کر کے اکیس یوم تک پلائیں۔

پیٹ اور وزن کم کرنے کے لئے

روزانہ پیٹ پر دایاں ہاتھ رکھ کر سورۃ مزمل ایک بار اور یا شافع سو بار پڑھیں۔

موٹاپا

لاالہ الا ھو

یہ اعداد کے مطابق روزانہ پڑھیں یا ان کو ان سے ضرب دے کر پڑھیں یا ایک گھنٹہ پڑھیں ان شاءاللہ چند روز میں خفت محسوس ہوگی۔

الرجی

ہر نماز کے بعد سات بار سورۃ القدر پانی پر دم کر کے پیئیں اور جسم پر پھونکیں۔

ہر قسم کی الرجی

پانچ خانوں کا نقش بنائیں ہر خانے میں ''ل'' لکھیں اور پینے اور نہانے کے لئے استعمال کریں۔

چیچک اور خارش

پانچ در پانچ خنوں کا نقش چبنائیں ہر خانے میں یا بدوح لکھیں بہت مجرب ہے

مسے

مونجھ کا نیوبان لیں جس سے چار پائی بنی جاتی ہے جتنے مسے ہوں اتنی گانٹھیں دیں گرہ دیتے وقت مسے پر انگلی شہادت رکھ کر یہ آیت پڑھیں۔ ''**فقطع دابر القوم الذین کفروا**''
اور اس رسی کو روڑی میں دفن کر دیں ایک ماہ کے بعد نکالیں ان شاءاللہ مسے دور ہو جائیں گے۔

کینسر کا تیر بہدف علاج

سورۃ ''الملک'' کی آیت نمبر ۱۳ دو ہزار بائیس مرتبہ پڑھیں اور پانی پر دم کر کے پیئیں ان شاءاللہ چالیس دنوں میں مکمل شفا ہو گی یہ ایک سے زائد آدمی بھی پڑھ سکتے ہیں۔

کینسر، جلندھر وغیرہ کا علاج

درود شفاء

اللھم صل علی سیدنا محمد طب القلوب و دوائھا و عافیة الابدان و شفائھا و نور الابصار و ضیائھا و علی آلہ و صحبہ وسلم

ترجمہ:

اے اللہ ہم ہمارے نبی پر رحمت بھیج (جو رحمت) دلوں کی دوا ہے اور بدنوں کی عافیت وشفا ہے اور آنکھوں کا نور وروشنی ہے اور ان کی آل پر بھی رحمت اور سلامتی بھیج۔

کینسر اور ناسور کا علاج

صبح کی سنتوں کے بعد اکتالیس مرتبہ سورۃ فاتحہ بمع بسم اللہ، بسم اللہ کی میم الحمد سے ملا کر پڑھیں پانی یا عرق وغیرہ پر دم کر کے دیں اور کینسر وغیرہ کے مریض کو پلائیں نہایت مفید و مجرب ہے۔

پھنسی، ناسور لا علاج کے لئے

ایسا ناسور ہو جس کے علاج سے اطباء و ڈاکٹر زعاجز آچکے ہوں تو درج ذیل آیت کریمہ ایک ہزار گیارہ مرتبہ پڑھ کر دوا، مرہم یا پٹی پٹی پر دم کریں، انشاء اللہ دس روز کے اندر اس کے نشانات بھی مٹ جائیں گے۔"**بسم اللہ الرحمن الرحیم مُسَلَّمَۃٌ لَا شِیَۃَ فِیھا**"۔

پھوڑے پھنسی کا علاج

جس کو بہت پھوڑے پھنسی ہوں وہ روزانہ درج ذیل آیات کریمہ سات بار پڑھے اور اور لفظ" فَأَصۡبَحَتۡ كَالصَّرِيمِ" سات بار دہرائے، انشاء اللہ جلدی ٹھیک ہو جائے گا۔

سَنَسِمُهُ عَلَى الۡخُرۡطُومِ .إِنَّا بَلَوۡنَاهُمۡ كَمَا بَلَوۡنَا أَصۡحَابَ الۡجَنَّةِ إِذۡ أَقۡسَمُوا لَيَصۡرِمُنَّهَا مُصۡبِحِينَ .وَلَا يَسۡتَثۡنُونَ .فَطَافَ عَلَيۡهَا طَائِفٌ مِنۡ رَبِّكَ وَهُمۡ نَائِمُونَ .فَأَصۡبَحَتۡ كَالصَّرِيمِ

پھوڑے پھنسی کے لئے دوسرا عمل

درج ذیک آیات کریمہ سیاہی سے لکھیں اور روغن بنفشہ سے مٹا کر وہ روغن بدن پر لگائیں، ہر قسم کے پھوڑے پھنسی کے لئے بہت مفید ہے

وَيَسۡأَلُونَكَ عَنِ الۡجِبَالِ فَقُلۡ يَنۡسِفُهَا رَبِّي نَسۡفًا .فَيَذَرُهَا قَاعًا صَفۡصَفًا .لَا تَرَى فِيهَا عِوَجًا وَلَا أَمۡتًا

قد بڑھانے کا وظیفہ

تہجد کے وقت ۳۱۳ مرتبہ استغفر اللہ واتوب الیہ اور ۳۱۳ مرتبہ" **یا قادر یا قوی**" کا ورد کریں،

انشاء اللہ قد بڑھنے لگے گا۔

ہر قسم کے زخم کا تیر بہدف علاج

شہادت کی انگلی پر لعب دہن لگائیں پھر تین بار بسم اللہ اللہ اکبر اور ایک بار ’’ ام ابر موا امر افانا مبر مو ن ‘‘ پڑھ کر دم کریں وہ لعاب زخم پر لگائیں عورتوں کے لئے یہی دم تیل کپر کر کے دیں یعنی لعاب پر دم کر کے تیل میں ڈبو دیں الحمد للہ اس عمل کی برکت سے کوڑھ والے مریض اور جن کے اعضاء گل سڑ گئے تھے وہ بھی ٹھیک ہو چکے ہیں۔

جلندرم سوزش اور پھوڑے واسطے

یہ آیت سات بار پڑھ کر دم کریں ان شاء اللہ سات یوم میں مریض ٹھیک ہو جائے گا۔

بلاء حسنا ان الله سميع عليم، بسم الله الرحمن الرحيم الم تر الى الذين خرجوا من ديارهم وهم الوف حذر الموت فقال لهم الله موتوا .

ناسور اور خراب پھڑے کے لئے

۹۲۱۹۸ مربع کے خانہ اول میں رکھیں اور کسر خانہ ۹ میں ہے یہ تین عدد نقوش لکھیں روزانہ پلائیں اللہ تعالی کے فضل و کرم سے مریض جلدی ٹھیک ہو جائے گا ہر قسم کی تکلیف جاتی رہے گی۔

بخار،حمیات

بخار

اس پر نماز عصر کے بعد ۳مرتبہ سورۃ ''مجادلہ'' پڑھے، انشاءاللہ شفا نصیب ہو۔

ایضا

مربع نقش بنائیں اول خانہ میں ۳۷۶۹۷ لکھیں اور خانہ ۱۳ میں کسر ہے اور ہر خانے میں یاشافی لکھیں یہ نقش سو فیصد کارگر ہے گولی بنا کر بخار آنے سے قبل کھلائیں سات دنوں تک متواتر ان شاء اللہ العزیز بخار کا نام ونشان ہی نہیں رہے گا۔

بخار کے ختم کرنے کے لئے عجیب وغریب عمل

ایک کاغذ پر تین جگہ یااللہ لکھیں ایک موٹا پھر اس سے کچھ چھوٹا پھر اس سے کچھ چھوٹا پھر گول دائرہ میں کاغذ کاٹ لیں سب سے پہلے موٹے دائرہ والے یااللہ کی گولی بنا کر پانی کے ساتھ کھلا دیں جس سے بخار پیچھا نہ چھوڑتا ہو۔ اگر پہلی گولی سے بخار نہ گیا تو دوسری سے جائے گا اگر دوسری سے بھی نہ گیا تو تیسری سے ان شاءاللہ ضرور جائے گا۔

پرانے سے پرانا بخار

جس شخص کو بخار آتا ہو اور کسی طرح نہ چھوڑتا ہو تو اتوار کے دن سات نیلے دھاگے کچے سوت کے مریض کے گلے میں ڈال دیں ان پر سات گرہیں لگائیں ہر گرہ پر ایک بار بسم اللہ، سورۃ الفاتحہ، اخلاص، فلق اور الناس پڑھ کر دم کریں ان شاءاللہ شفا پائے گا۔

ہڈیوں کا بخار در کرنا

دو لیموں لے کر ان پر سورہ الکافرون اکیس مرتبہ پڑھ کر پانی کی سکنجبین تیار کریں اور پی لیں یہ عمل دو ماہ مسلسل کریں ان شاءاللہ پرانے سے پرانا بخار دور ہو جائے گا۔

ہر قسم کے بخار کے لئے مجرب نقش

بسم	اللہ	الرحمٰن	الرحیم
اللہ	الرحمٰن	الرحیم	بسم
الرحمٰن	الرحیم	بسم	اللہ
الرحیم	بسم	اللہ	الرحمٰن

غدود، رسولیاں

رسولی اور غدود کا خاتمہ

یہ کلمات

"یا بدیع العجائب بالخیر یا بدیع"

زعفران وگلاب سے لکھ کر کم از کم تین وقت روزانہ مریض کو پلائیں، کم از کم چار ماہ تک عمل جاری رکھیں۔

لاعلاج وعسیر العلاج امراض

لاعلاج مرض

یہ آیت صبح کی نماز کے بعد سات مرتبہ پانی پر پڑھ کر مریض کو پلائیں، اللہ تعالی اپنی رحمت سے جلدی شفا عطا فرمائیں گے

بسم الله الرحمن الرحیم الله لااله الا هو رب العرش العظیم

ہر مرض کا سو فیصدی مجرب روحانی علاج

یہ دو آیات لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں

وننزل من القرآن ما هو شفاء و رحمة للمومنین ولا یزد الظالمین الا خسارا بالرحمن قل هو ربی لااله الاهو علیه توکلت و الیه متاب ولو ان قرآنا سیرت به الجبال اور قطعت به الارض اور کلم به الموتی بل لله الامر جمیعا .

پھوڑے، کینسر، ایڈز کس، امراضِ دل، امراض گرہ، امراضِ جگر طحال، دق سل وغیرہ کے لئے آخری اور حتمی علاج ہے سو ورقہ کاغذوں پر اپنے ہاتھ سے لکھیں۔

ہائپاٹائٹس بی اور سی

۴۱ بار سورہ یاسین ہر روز پانی پر پڑھ کر پیئیں صبح کے ٹائم۔

ہائی یا لو بلڈ پریشر

مندرجہ بالا آیت ہر فرض نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھیں۔

ہائی بلڈ پریشر کے لئے

لہسن کی ایک پوتھی پر ۵ بار سورۃ یاسین پڑھیں اور پانی سے کھالیں، انشاءاللہ یہ بیماری جڑ سے ختم ہو جائے گی۔

آپریشن سے نجات اور آپریشن تھیٹر سے واپسی

کسی شخص کی بیماری کا اگر آپریشن کے سوا کوئی علاج نظر نہ آئے یا مریض کو ڈاکٹر آپریشن تھیٹر میں لے بھی گئے ہوں، اگر اس وقت یہ عمل کیا جائے تو انشاءاللہ خیریت سے واپس آسکتا ہے۔

وہ ہے سورۃ ''یاسین'' کی تلاوت، ایک آدمی کرے یا سب مل جل کر کریں جہاں بھی ہوں چاہے بس میں ہوں یا جہاز میں۔

تمام لاعلاج امراض کا علاج

مراقبہ:

اگر کوئی ایسی بیماری لاحق ہوگئی ہے جس پر دوا اثر نہیں کرتی تو درج ذیل عمل کریں اور جتنی بیماری پرانی ہوگی، اتنا وقت زیادہ لے گی انسانی جسم میں گردن کی گدی یعنی Cereblaum وہ مقام ہے جس کو کمپیوٹر کی ہرڈ ڈسک کے مشابہ کہا جاسکتا ہے، وہاں سے اعصاب کو احکام ملتے ہیں، اگر اس مقام سے تمام جمع شدہ منفی لہریں ختم کر دی جائیں تو بیماری ختم ہو جائے گی۔

آنکھیں بند کر کے چشم تصور سے دیکھیں کہ لفظ ''اللہ'' Cereblaum میں نظر آرہا ہے۔

اور لفظ سے نور نکل رہا ہے۔

چند منٹوں کے کئے یہ منظر دیکھیں، اس کے بعد تصور میں ہی دائیں ہاتھ کی انگلی شہادت سے لفظ ''اللہ'' لکھیں اور پھر پہلے والا منظر لے آئیں یہ عمل مختلف اوقات میں بار بار کریں، اس سے آپ کو اپنا جسم ہلکا محسوس ہوگا، اسی طرح آہستہ آہستہ بیماری چلی جائے گی۔

وبائی امراض

خسرہ، چیچک، لاکڑا اور وبائی بیماریوں کے لئے عجیب عمل

سورۃ یاسین اس طرح پڑھیں کہ ہر مبین پہر جب پہنچیں تو لفظ مبین سات مرتبہ کہیں، اس کے بعد ایک مرتبہ آیۃ الکرسی اور ایک مرتبہ سورۃ فاتحہ اور فاتحہ کے بعد آمین سات مرتبہ کہیں، اسی طرح جب ساری سورۃ ختم کریں تو سات مرتبہ درود شریف پڑھیں اور ماش کے دانے پر دم کریں، اور وہ دانہ مکھن وغیرہ کے ساتھ مریض کو کھلا دیں اور دانہ کو چبانا نہیں ہے، اسی طرح ثابت ہی نگل جائے، انشاءاللہ تعالی مریض مندرجہ بالا امراض سے نجات پائے گا۔

چیچک

اگر چیچک نکل آئے تو درج ذیل آیت لکھ کر پانی مین گھول کر پلائے انشاءاللہ چیچک سے نجات ملے گی۔ ''بَلْ إِيَّاهُ تَدْعُونَ فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُونَ إِلَيْهِ إِنْ شَاءَ وَتَنْسَوْنَ مَا تُشْرِكُونَ

درد

جوڑوں کا درد، گنٹھیا، نقرس، ریڑھ کی ہڈی کا درد، اور گھٹنوں کے درد کے لئے

''یا غنی'' اٹھتے بیٹھتے پڑھنے سے انشاءاللہ درد جاتا رہے گا۔ یا مغنی'' پڑھ کر ہاتھوں پر دم کرنے کے ملنے سے سکون ملتا ہے۔

(۲) دوسرا عمل

نماز فجر کے بعد طلوع آفتاب کے پہلے سورۃ ''العلق'' سات مرتبہ پڑھیں پھر سجدہ تلاوت میں یہ کلمات پڑھیں سات مرتبہ پڑھیں ''حسبی الله و نعم الوکیل نعم المولی و نعم النصیر'' یہ عمل گنٹھیا و جوڑوں کے دردوں کے لئے نہایت مفید ہے، انشاءاللہ جلدی نجات مل جائے گی۔

(۳) تیسرا عمل

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِی خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمَاتِ وَالنُّورَ ثُمَّ الَّذِینَ کَفَرُوا بِرَبِّهِم یَعْدِلُونَ

(۴) چوتھا عمل

آیۃ الکرسی ۳ مرتبہ سوتے اور ۳ مرتبہ اٹھتے وقت ہاتھوں پر پڑھ کر مقام درد پر پھیر دے۔

(۵) پانچواں عمل جوڑوں کے درد کے لئے

روغن بلسان پر سورۃ یاسین دم کریں اور صبح وشام سات بار یاسین سورۃ پانی پر دم کر کے پیئیں۔

(۶) آیات شفاء سے ہر بیماری اور درد کا علاج

درج ذیل آیات کو آیات شفاء کہا جاتا ہے جو کہ ہر بیماری کے لئے شافی علاج ہے، یہ آیات پڑھ کر مقام درد پر پھونکیں یا ہاتھوں پر پڑھ کر مقام درد پر پھریں اللہ تعالی جلد شفا عطا فرمائیں گے۔

(۱) یَخْرُجُ مِن بُطُونِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ أَلْوَانُهُ فِیهِ شِفَاءٌ لِلنَّاسِ إِنَّ فِی ذَٰلِکَ لَآیَةً لِّقَوْمٍ

يَتفكَّرُونَ

(۲)وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاء وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ وَلاَ يَزِيدُ الظَّالِمِينَ إَلاَّ خَسَارًا

(۳)وَيَشْفِ صُدُورَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِينَ

(۴)يَا أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاءَتْكُم مَّوْعِظَةٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَشِفَاء لِّمَا فِي الصُّدُورِ وَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ

(۵)قُلْ هُوَ لِلَّذِينَ آمَنُوا هُدًى وَشِفَاء

()وَإِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِينِ

(۷)ایک اور عجیب عمل

مقام درد پر ہاتھ رکھ کر اس آیت کو پڑھیں اور پھر ہاتھ پر دم کر کے وہاں پھیریں، انشاءاللہ درد جاتا رہے گا'' وَبِالْحَقِّ أَنزَلْنَاهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلاَّ مُبَشِّرًا وَنَذِيرًا

زکوۃ

اس عمل کی زکات ادا کریں ت ان شاءاللہ جلدی فائدہ ہوگا اور زیادہ ہوگا۔شب جمعہ بعد نماز عشاء باوضوسو مرتبہ تخلیہ میں

یا یہ دعا پڑھیں

بسم الله و بحمد الله اسكن سكنتك بالذى يمسك السماء ان تقع على الارض الا باذنه ان الله بالناس لرؤف رحيم اسكن سكنتك بالذى يمسك السماوات والارض ان تزولا ولئن زالتا ان امسكهما من احد من بعده انه كا حليما غفوراسكن سكنتك بالذى ان يشا يسكن الريح فيظللن رواكد على ظهره ان فى ذالك لآيات لكل صبار شكور

(۸)جوڑوں کا درد

جس جگہ درد ہو اس کو مضبوطی سے پکڑیں سورۃ فاتحہ اور سورۃ'' الکافرون دس دس بار پڑھ کر دم

کریں اور ہاتھ چھوڑ دیں اور مریض سے دریافت کریں کہ آرام آیا ہے یا نہیں؟ اگر نہیں آیا تو دوبارہ اسی طرح کریں، انشاءاللہ آرام آجائے گا۔

(۹) سورۃ ''علق'' صبح کی نماز کے بعد سورج نکلنے سے پہلے سات مرتبہ پڑھنا اور اس کا سجدہ تلاوت کرنا اور سجدہ میں '' حسبی الله و نعم الوکیل نعم المولی و نعم النصیر'' سات مرتبہ پڑھنا جوڑوں کے درد کو زائل کرنے کے لئے نہایت مفید ہے۔

(۱۰) جوڑوں کے درد، رعشہ، فالج، لقوہ

اس مرض کے لئے پاؤ بھر روغن زیتون پر تین ہزار تین سو تیرہ مرتبہ ان آیات کو پڑھ کر دم کرے پھر دن مین تین مرتبہ اور رات کو ایک مرتبہ اس تیل سے ان اعضاء پر مالش کریں، انشاءاللہ بہت جلد آرام آجائے گا۔

أَلَا يَظُنُّ أُولَئِكَ أَنَّهُمْ مَبْعُوثُونَ. لِيَوْمٍ عَظِيمٍ .يَوْمَ يَقُومُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعَالَمِينَ

(۱۱) صبح کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان سورۃ فاتحہ اکتالیس بار پڑھ کر دم کرنے سے ہر قسم کے درد جاتے رہتے ہیں۔

(۱۲) سورۃ عنکبوت لکھ کر دھو کر پینے سے انشاءاللہ تعالی ہر قسم کا درد دفع ہو جاتا ہے بہت ہی مجرب ہے۔

سورۃ ''العادیات'' کو مٹی کے کورے برتن پر لکھ کر اس کو بارش کے پانی سے دھو کر پینے سے ہر طرح کا درد تین دنوں تک دفع ہو جاتا ہے۔

(۱۳) درج ذیل آیات سات مرتبہ پڑھ کر صبح کے ٹائم اپنے چہرہ پر ہاتھ پھیر دیں تو ہر قسم کے درد سے اللہ تعالی نجات عطا فرمائے۔

بسم الله الرحمن الرحیم.الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِی خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمَاتِ وَالنُّورَ ثُمَّ الَّذِینَ كَفَرُوا بِرَبِّهِمْ یَعْدِلُونَ

(۱۴) دیگر ہر درد کے لئے

یہ دعا ہر درد کے لئے مفید و مجرب ہے

اللھم اَذْھِب عَنِّی سُوءَ ما اَجِدُ

یہ دعا مقام درد پر ہاتھ رکھ کر سات مرتبہ پڑھیں، انشاءاللہ جلدی شفا ہوگی۔

لنگڑی کا درد

اگر ٹانگ میں درد ہو اور چلنا پھرنا مشکل ہو تو چرخے کا کاتے ہوئے سوت کے دھاگے سات عدد لیں اور ان پر سات گرہیں لگائیں اور درج ذیل آیت پڑھ کر ان میں دم کریں اور وہ دھاگہ درد کی جگہ باندھ دیں اللہ تعالی کے فضل وکرم سے درد جاتا رہے گا اور مکمل شفا حاصل ہوگی۔

وَإِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادَّارَأْتُمْ فِيهَا وَاللَّهُ مُخْرِجٌ مَا كُنتُمْ تَكْتُمُونَ. فَقُلْنَا اضْرِبُوهُ بِبَعْضِهَا كَذَلِكَ يُحْيِ اللَّهُ الْمَوْتَى وَيُرِيكُمْ آيَاتِهِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُونَ

ہر درد کے لئے

"بسم الله الرحمن الرحيم" سات مرتبہ ایک سانس میں پڑھ کر پھونک ماریں اور اسی طرح پڑھتے جائیں اور پھونک مارتے جائیں اور مریض سے پوچھتے جائیں، انشاءاللہ درد کم ہوتا جائے گا، جب بالکل ختم ہو جائے پھر عمل بند کریں۔ یہ عمل ایک دوست کو بتایا تھا، اللہ تعالی نے اس سے بہت لوگوں کو شفا عطا فرمائی اور فقیر کا عرصہ دراز سے معمول ہے۔

ناف کے ٹل جانے کے لئے

۴۱ مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر ناف میں دم کریں، انشاءاللہ یہ درد ہٹ جائے گا۔

جس کی ہڈی ٹوٹ جائے

قَالَ مَنْ يُحْيِي الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيمٌ ،قُلْ يُحْيِيهَا الَّذِي أَنشَأَهَا أَوَّلَ مَرَّةٍ وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيمٌ ،الَّذِي جَعَلَ لَكُم مِّنَ الشَّجَرِ الْأَخْضَرِ نَارًا فَإِذَاأَنتُم مِّنْهُ تُوقِدُونَ.

روغن زیت وقسط پر چالیس مرتبہ پڑھ کر ٹوٹی ہوئی ہڈی پر مالش کریں، انشاءاللہ ٹھیک ہو جائے گی۔

یا

لا أُقْسِمُ بِهَذَا الْبَلَدِ. وَأَنتَ حِلٌّ بِهَذَا الْبَلَدِ. وَوَالِدٍ وَمَا وَلَدَ. لَقَدْ خَلَقْنَا

الإِنسَانَ فِي كَبَدٍ. أَيَحْسَبُ أَن لَّن يَقْدِرَ عَلَيْهِ أَحَدٌ. يَقُولُ أَهْلَكْتُ مَالاً لُّبَدًا. أَيَحْسَبُ أَن لَّمْ يَرَهُ أَحَدٌ. أَلَمْ نَجْعَل لَّهُ عَيْنَيْنِ. وَلِسَانًا وَشَفَتَيْنِ. وَهَدَيْنَاهُ النَّجْدَيْنِ.

(۱) روغن زیت چار تولے

(۲) قسط ایک تولہ

(۳) شہد آدھ تولہ

(۴) زیرہ آدھ تولہ

کندر آدھ تولہ مذکورہ سورہ ان پر پڑھ کر ٹوٹی ہوئی ہڈی پر باندھ دیں، اللہ تعالیٰ جلد شفا عطا فرمائیں گے۔

جلدی امراض

خارش کے لئے

درج ذیل آیت کریمہ صبح وشام اکیس مرتبہ پڑھ کر پانی پردم کر کے میرض کو پلائیں، انشاءاللہ جلدی شفا نصیب ہوگی۔

فَكَسَوْنَا الْعِظَامَ لَحْمًا ثُمَّ أَنْشَأْنَاهُ خَلْقًا آخَرَ فَتَبَارَكَ اللَّهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِينَ

یا صبح وشام سات مرتبہ سورۃ ''القدر'' پڑھ کردم کریں۔

جذام کا علاج

درج ذیل آیت پڑھ کردم کریں اللہ تعالی جلدی شفاعطا فرمائیں گے۔

أَيُّوبَ إِذْ نَادَى رَبَّهُ أَنِّي مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَأَنْتَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ

برص کا علاج

مریض کو باوضو حالت میں " بسم الله الرحمن الرحیم "و ابری ء الابرص ...باذن الله '' ۳۰۰ مرتبہ پانی پر پڑھ کردیں سارادن وہی پانی پیئے۔

برص کا علاج

یہ آیت گیارہ مرتبہ گونگچی کے تیل پر پڑھے اوراس تیل کی مالش کی جائے نہایت مجرب ومفید ہے

۔

ثُمَّ نَكْسُوهَا لَحْمًا فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهُ قَالَ أَعْلَمُ أَنَّ اللَّهَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ

یا یہ آیت تین مرتبہ پڑھ کردم کریں

أَنِّي قَدْ جِئْتُكُمْ بِآيَةٍ مِنْ رَبِّكُمْ أَنِّي أَخْلُقُ لَكُمْ مِنَ الطِّينِ كَهَيْئَةِ الطَّيْرِ فَأَنْفُخُ فِيهِ فَيَكُونُ طَيْرًا بِإِذْنِ اللَّهِ وَأُبْرِءُ الْأَكْمَهَ وَالْأَبْرَصَ وَأُحْيِ الْمَوْتَى بِإِذْنِ اللَّهِ وَأُنَبِّئُكُمْ بِمَا تَأْكُلُونَ وَمَا تَدَّخِرُونَ فِي بُيُوتِكُمْ إِنَّ فِي ذَلِكَ لَآيَةً لَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ

سورۃ لم یکن الذین لکھ کر پاس رکھے نہایت مفید ہے۔

برص کا مریض

برص کا مریض صبح کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان سورۃ فاتحہ چالیس مرتبہ روزانہ پڑھے، اگر ایک دن ناغہ ہوگیا تو دوبارہ شروع کرے، انشاءاللہ جلدی شفایاب ہوگا۔

اگر برص والا ایام بیض میں روزہ رکھے اور افطار کے وقت اللہ تعالی کا نام ''المجید'' بکثرت ورد کرے انشاء اللہ جلدی شفایاب ہوگا۔

غصہ کا علاج

جس کو غصہ زیادہ آتا ہو وہ الملک القدوس السلام کو سوا لاکھ مرتبہ چلتے پھرتے پڑھے۔

غصہ اور ہائی بلڈ پریشر

''**الھم صل علی سیدنا محمد بعدد کل دء و دواء و بارک و سلم**'' جمعرات کی رات ۱۰۰۰ مرتبہ پڑھیں اور بوقت ضرورت صرف گیارہ بار پڑھیں

ایضا

''یا سلام یا مومن'' ۱۱۴ مرتبہ پانی پر پڑھ کر پلائیں

دوائی اثر کرے

اگر کسی مریض کو دواء اثر نہ کرتی ہو وہ یہ نقش اپنے ساتھ رکھے ان شاءاللہ دوا فوری اثر کرے گی

۱۴	۱۹	۱۲
۱۳	۱۰	۱۷
۱۲	۱۳	۲۲

خوف دور کرنا

یارؤف جو شخص اپنا معمول بنالے خوف دور ہو کر اطمینان نصیب ہو غصہ کو ٹھنڈا کرتا ہے جذبات قلب کی اس میں بہت تاثیر ہے

مردوں اور عورتوں کے امراض

کثرت احتلام

بستر پر جاتے وقت سورۃ ''الطارق'' پڑھ لیا کریں تو یہ مرض انشاء اللہ جاتا رہے گا مجرب ہے

(۲) سوتے وقت اپنے سینے پر اپنی شہادت کی انگلی سے عمر لکھیں اور جب رات کو جاگ ہو پھر لکھیں انشاء اللہ احتلام کبھی نہیں ہوگا۔

نامردی کے لئے

یا ایها لناس اتقوا ربکم الذی خلقکم من نفس واحدة و خلق منها زوجها و بث منهما رجالا کثیرا ونساء واتقوا الله الذین تسائلون به والارحام ان الله کان علیکم رقیبا

یہ آیت مرغی کے انڈے پر ۴۱ مرتبہ دم کر کے کھلائیں بہت مجرب ہے۔

(۲) دوسرا عمل

یہ آیت '' فاذا جاء وعد ربی جعله دکاء وکان وعد ربی حقا ، وترکنا بعضهم یموج فی بعض و نفخ فی الصور فجمعناهم جمعا'' یہ آیت گیارہ مرتبہ پانی پر پڑھ کر مریض کو پلائیں یا خود پڑھ کر پیئے۔

مردانہ کمزوری کے لئے

جو شخص جماع پر قادر نہ ہو، یہ اس عمل کرنے سے انشاء اللہ سات دن کے اندر قادر ہو جائے گا۔ بسیار مجرب است۔ ''قال من یحیی العظام وهی رمیم ،قل یحییها الذین انشاها اول مرة وهو بکل خلق علیم''

یہ آیت سو مرتبہ روزانہ پڑھے اور اپنے سینہ اور بطن کی طرف دم کر دے یا پانی پر پڑھ کر پی لے ، انشاء اللہ مقصد پورا ہوگا لیکن ناغہ نہ کرے۔

نس بندی کے لئے

اگر کسی کے ساتھ نس بندی کی گئی ہے (اپنی زوجہ پر قادر نہیں ہوسکتا) تو سورہ ''لم یکن الذین'' مکمل کسی پلیٹ پر لکھ کر پلائی جائے، انشاء اللہ معاملہ درست ہو جائے گا۔

﴾عورتوں کے امرض﴿

کثرت حیض

جس عورت کو خون حیض زیادہ آتا ہو اس کو سات یوم تک سورۃ ''الدہر'' پانی پر دم کر کے پلائی جائے اللہ تعالیٰ شفا عطا فرمائیں گے۔ سات یوم تک کامل شفا ہوگی۔

دیگر

تین سو تیرہ مرتبہ سورۃ ''الکوثر'' پانی پر دم کر کے پلانا کثرت حیض کے لئے بہت مفید ہے اگر بارش کا پانی مل جائے تو اور بھی بہتر ہے۔

دردزہ، بچہ پیدا ہونے کا درد

جس عورت کو بچہ کے درد شروع ہوں درج ذیل آیت سات بار پڑھ کر دم کریں، انشاء اللہ بچہ آسانی سے پیدا ہوگا۔ بہت ہی مجرب ہے۔

بسم الله الرحمن الرحيم. إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ .وَأَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّت. وَإِذَا الْأَرْضُ مُدَّتْ .وَأَلْقَتْ مَا فِيهَا وَتَخَلَّتْ .وَأَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ

اگر بچہ پیٹ میں مرجائے

کسی عورت کا بچہ اگر پیٹ میں مرجائے اور زچگی نہ ہوتی ہو تو درج ذیل آیت مشک وزعفران سے مٹی کے کورے برتن پر لکھے اور بارش کے پانی سے دھو کر پیئے، اللہ تعالیٰ صحت عطا فرمائیں گے۔

وَأَصْبَحَ فُؤَادُ أُمِّ مُوسَى فَارِغًا إِنْ كَادَتْ لَتُبْدِي بِهِ لَوْلَا أَنْ رَبَطْنَا عَلَى قَلْبِهَا لِتَكُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ

حمل ضایع نہ ہو

جس عورت کا حمل ساقط ہو جاتا ہو تو سوتے دھاگے سات یا گیارہ یا اکیس اس کے قد کے برابر لے کر ان پر ۹ گرہیں لگائیں اور ہر گرہ پر درج ذیل آیت اور سورۃ ''الکافرون'' پڑھیں اور پھونک ماریں وہ

دھا گہ عورت اپنی کمر پر باندھ لے، انشاءاللہ اس کا حمل ضایع نہیں ہوگا۔

وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُکَ إِلَّا بِاللَّهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَکُ فِي ضَيْقٍ مِمَّا يَمْكُرُونَ .إِنَّ اللَّهَ مَعَ الَّذِينَ اتَّقَوْا وَالَّذِينَ هُمْ مُحْسِنُونَ

بچہ پیٹ میں سوکھ جائے

درج ذیل آیت صاف برتن پر مشک وزعفران سے لکھیں اور بارش کے پانی سے دھوکر پلائیں انشاءاللہ تعالی بچہ ٹھیک اور بیدار ہوجائے گا۔

أَوَمَنْ كَانَ مَيْتًا فَأَحْيَيْنَاهُ وَجَعَلْنَا لَهُ نُورًا يَمْشِي بِهِ فِي النَّاسِ .قَالَ مَنْ يُحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيمٌ .قُلْ يُحْيِيهَا الَّذِي أَنْشَأَهَا أَوَّلَ مَرَّةٍ وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيمٌ.وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ لِلْمُؤْمِنِينَ

درج ذیل آیات سات پتوں پر لکھ کر دھو کر پلائیں

وَذَا النُّونِ إِذْ ذَهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ أَنْ لَنْ نَقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادَى فِي الظُّلُمَاتِ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَکَ إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِينَ .فَاسْتَجَبْنَا لَهُ وَنَجَّيْنَاهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذَلِکَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِينَ

وَنُفِخَ فِي الصُّورِ فَإِذَا هُمْ مِنَ الْأَجْدَاثِ إِلَى رَبِّهِمْ يَنْسِلُونَ.قَالُوا يَا وَيْلَنَا مَنْ بَعَثَنَا مِنْ مَرْقَدِنَا هَذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمَنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُونَ.إِنْ كَانَتْ إِلَّا صَيْحَةً وَاحِدَةً فَإِذَا هُمْ جَمِيعٌ لَدَيْنَا مُحْضَرُونَ.

وَإِنْ يَمْسَسْکَ اللَّهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهُ إِلَّا هُوَ وَإِنْ يَمْسَسْکَ بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ

امراض رحم اور لکوریا وغیرہ

سفید کاغذ پر سورۃ ''النجم'' لکھ کر آب زمزم یا سادہ پانی سے دھو کر پلایا جائے تو سات یوم کے مسلسل عمل سے مرض لکوریا اور رحم کے تمام امراض جاتے رہیں گے، انشاءاللہ تعالی۔

پستان میں درد و ورم

اگر عورت کے دائیں پستان میں درد یا ورم ہو تو بائیں پستان پر اگر بائیں میں ہو تو دائیں پستان پر سورۃ ''الفیل'' بغیر تسمیہ کے سات بار پڑھ کر دم کرے، انشاءاللہ جلدی آرام آجائے گا۔

دیگر

بِسۡمِ اللّٰهِ تُرۡبَةُ اَرۡضِنَا بِرِيۡقَةِ بَعۡضِنَا يَشۡفِىۡ سَقِيۡمَنَا بِاِذۡنِ رَبِّنَا

یہ مسنون دعا ہے، مٹی کے ڈیلے پر پڑھیں اور پھونک مارتے وقت اس پر تھوک کے ذرات بھی لگیں وہ ڈیلا عورت پستان پر تین یا چار مرتبہ دن میں پھیرے، انشاءاللہ جلدی شفا نصیب ہوگی۔

نوٹ:

یہ دعا ہر درد ہر ورم ہر پھوڑے، پھنسے زخم کے لئے معمول و مجرب ہے گویا انتہائی اور سریع التاثیر انٹی بایوٹک ہے۔

عورت کے پستانوں کا ڈھیلا پن

وان لکم فی الانعام لعبرة نسقیکم مما فی بطونه من بین فرث و دم لبنا خالصا سائغا للشاربین

یہ آیت پڑھ کر پستانوں پر دم کریں یا تیل پر دم کریں اور وہ تیل عورت روزانہ پستانوں کو لگائے۔

عورت کو دودھ کی کمی

یہ آیت بارش کے پانی پر دم کر کے پلایا جائے تو انشاءاللہ دودھ بکثرت پیدا ہو۔

وھی تجری بھم فی موج کالجبال اور" **فیھما عینان تجریان .**

()دوسرا عمل

سورۃ ''یاسین'' لکھ کر پلانے سے بھی دودھ بڑھتا ہے۔

ورم پستان (پنجابی تھن ٹھلن)

سورۃ الفیل بغیر بسم اللہ سات بار پڑھیں اگر عورت کا دایاں پستان ہو تو اپنے بائیں پستان پر دم کریں اگر عورت کا بایاں ہو تو اپے دائیں پستان پر دم کریں ان شاء اللہ آرام آ جائے گا۔

ایضا

یہ منتر بھی مفید ہے

سونے دی سوئی روپے دی کنوت   تھن ٹھلن اکھیں دکھن کچرالی تے لوت

الٰہی برکت محمد مصطفیٰ   یہ چارے بھسماں بھوت

دو تین بار پڑھ کر جس جس پستان پر ورم ہو اس پستان پر دم کرے۔

ولادت سے متعلق بہت تیز اثر تعویذ

اصحابِ کہف کے نام اور یہ آیت

إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ . وَأَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ .وَإِذَا الْأَرْضُ مُدَّت. وَأَلْقَتْ مَا فِيهَا وَتَخَلَّتْ .وَأَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ،اهيا و اشراهيا .

ولادت سے قبل ساتھ رکھے ان شاء اللہ آسانی سے ولادت ہوگی اس کے بعد تعویذ کہیں رکھ دیں۔

بچوں کے امراض

کمزور بچے کی صحت کے لئے

کوئی بچہ ہو یا بڑا اور سوکھتا جاتا ہو اور بظاہر کوئی بیماری معلوم نہ ہو، ایسے مریض کے لئے ۱۰۱۳ مرتبہ ذیل آیت مبارکہ کو نماز عشاء کے بعد پاؤ بھر چنبیلی یا سرسوں کے تیل پر دم کر کے رکھ دیں اور مریض کے بدن پر مالش کریں، انشاءاللہ گیارہ دنوں میں مریض درست ہو جائیگا۔

فانظر الی آثار رحمة الله کیف یحیی الارض بعد موتها ان ذالک لمحیی الموتی وهو علی کل شیء قدیر .

دن میں تین مرتبہ باوضو ہو کر سورۃ ''التین'' پڑھیں اور پانی پر دم کر کے بچے کو پلائیں یہ عمل گیارہ دنوں تک کریں، انشاءاللہ بچے کو صحت حاصل ہوگی۔

بچہ کی لاغری اور کمزوری

بچے کی لاغری اور کمزوری کے لئے یہ لاجواب عمل ہے

اکیس بیری کے پتے لیں اور ان پر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں

اور سورۃ ''الھکم التکاثر'' چار قل، سورۃ فاتحہ، آیت الکرسی سب ایک ایک مرتبہ اور درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھیں اور ان پتوں پر دم کریں یہ پتے بوتل میں ڈال کر رکھیں اکسی دن تک اس پانی سے بچہ کو غسل کرائیں اور یہی پانی تقریبا چار مرتبہ روزانہ پلائیں۔

بچے کا دودھ چھڑانا

اگر بچہ دودھ چھوڑنے سے پریشان ہوتا ہو اور روتا ہو تو سات مرتبہ ''یامتین'' لکھ کر کسی چیز میں گھول کر پلا دیں انشاءاللہ صبر کرے گا۔

اگر بچہ بول نہ سکتا ہو

اگر چار سال کا ہو جائے اور بول نہ سکتا ہو تو درج ذیل آیت لکھ کر کسی چیز میں گھول کر اس کو پلاؤ

انشاء اللہ جلدی بولنے لگے۔

قَالَ إِنِّی عَبۡدُ اللَّهِ آتَانِیَ الۡکِتَابَ وَجَعَلَنِی نَبِیًّا وَجَعَلَنِی مُبَارَکًا أَیۡنَ مَا کُنۡتُ وَأَوۡصَانِی بِالصَّلَاةِ وَالزَّکَاةِ مَا دُمۡتُ حَیًّا وَبَرًّا بِوَالِدَتِی وَلَمۡ یَجۡعَلۡنِی جَبَّارًا شَقِیًّا

بچے کا بستر پر پیشاب کرنا

اگر بچہ رات کو بستر پر پیشاب کرتا ہو تو درج ذیل آیت اس کو گھول کر پلائیں

وَقِیلَ یَا أَرۡضُ ابۡلَعِی مَاءَكِ وَیَا سَمَاءُ أَقۡلِعِی وَغِیضَ الۡمَاءُ وَقُضِیَ الۡأَمۡرُ وَاسۡتَوَتۡ عَلَى الۡجُودِیِّ وَقِیلَ بُعۡدًا لِلۡقَوۡمِ الظَّالِمِینَ

بچوں کے مچلنے، بات بات پر روٹھنے اور غصہ کرنے کے متعلق

ایسے بچوں کے لئے یہ عمل بہت ہی مجرب ہے، لوہے کی چھری پر درج ذیل کلمات لکھیں اور چھری آگ میں گرم کر کے پانی میں بجھائیں اور وہی پانی بچے کو پلائیں، انشاء اللہ بچہ خوش وخرم رہے گا۔

الفاظ یہ ہیں:

حق حق بار حسیب حکیم معید حفیظ حلیم قلنا یا نار کونی برداً

بچہ کی عمر درازی کے لئے

جس شخص کے بچے جلدی فوت ہو جاتے ہوں، وہ سات مرتبہ سورۃ ''المزمل'' سپاری چھالیہ پر پڑھ کر بچے کے ساتھ رکھیں تو اللہ تعالیٰ عمر میں برکت عطا فرمائے۔

بچہ کا رونا

سورۃ نبا ۳۳ مرتبہ پڑھ کر دم کریں، انشاء اللہ نہیں روئے گا۔

قد بڑھانے کا عمل

ایک گلاس پانی رکھیں درود ابراہیمی ایک بار، اس کے بعد

'' الر تِلۡكَ آیَاتُ الۡکِتَابِ الۡمُبِینِ ''الرحیم الرحیم الرحیم یا اللہ یا مرید'' تین

مرتبہ پڑھیں اس کے بعد ایک مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں گلاس پر پھونک ماریں اور اپنے قد کا تصور کریں اور پانی تین سانسوں میں پی لیں یہ عمل صبح وشام کرتے رہیں ان شاءاللہ جلدی قد میں اضافہ ہوگا۔

قد بڑھانے کا وظیفہ

تہجد کے وقت ۳۱۳ مرتبہ استغفر اللہ واتوب الیہ اور ۳۱۳ مرتبہ یا قادر یا قوی کا ورد کریں ان شاء اللہ قد بڑھنے لگے گا۔

چوپائیوں کے تمام امراض کے لئے

سورۃ لہب نمک پر سات مرتبہ پڑھ کر کھلاؤ یا یہ نقش لکھ کر باندھ دو ۵۲۰ سے شروع مربع۔ اس میں کوئی کسر نہیں۔

مال ومویشی کی بیماریاں

بیل بکری، بھیڑ، اونٹ، گائے، بھینس وغیرہ کو کوئی بیماری لاحق ہو تو گاچنی پر یا مٹی پر سورۃ ”تغابن“ سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس کو پانی میں مل کر جانوروں کو لگائیں، انشاءاللہ جانور صحت یاب ہونگے۔

﴿پڑھنے پڑھانے اور دماغ کے متعلق مسائل﴾

آج کل بچوں کے ان مسائل میں سارا جہان جکڑا ہوا ہے کہ بچے پڑھتے نہیں یا ان کا دل پڑھائی سے نہیں لگتا یا ذہن کام نہیں کرتا یا علماء کی تقریر کرنے میں زبان نہیں چلتی یا علم یاد نہیں رہتا، ان تمام مسائل کا روحانی حل موجود ہے، امید ہے کہ قارئین بھرپور فائدہ لیں گے۔

پڑھائی میں دل نہ لگتا ہو

جس کا پڑھائی میں دل نہیں لگتا وہ ہر نماز کے بعد پوری توجہ سے سات مرتبہ ذیل کلمات پڑھے انشاءاللہ العزیز پڑھائی میں دل لگ جائے گا "**یا حافظ یا علیم یا قادر یا شافی**"

(۲) دوسرا عمل

۴۱ مرتبہ سورالم نشرح پڑھ کر بسکٹ پر دم کر کے بچے کو کھلا دیں اور یہ عمل ۴۱ دنوں تک جاری رکھیں انشاءاللہ بچے کا دل پڑھائی کے ساتھ لگ جائے گا۔

(۳) تیسرا عمل

عصر نماز کے بعد ۱۱ مرتبہ یہ دعا پڑھے انشاءاللہ دل لگ جائے گا "**اللھم افرغ قلبی بحب العلم**

اولاد کی کامیابی کے لئے درود شریف

اللھم صل علی سید العالمین حبیبک محمد و آلہ صلوۃ انت لھا اھل و بارک وسلم کذالک

ترجمہ:

اے اللہ جہانوں کے سردار اپنے حبیب حضرت محمد ﷺ اور ان کی آل پر ایسی رحمتیں نازل فرما تو تیری شایان شان ہیں اور اسی طرح برکات وسلام۔

اگر کوئی شخص بعد نماز فجر اور مغرب ۷۱ بار اور دوسری نمازوں کے بعد سات سات بار پڑھے انشاء

اللہ تعالیٰ اس کی اولاد معاشرے میں عزت اور مقام حاصل کرے گی۔

بیٹا عالم فاضل اور ذہین ہو

وعلمک ما لم تکن تعلم و کان فضل الله علیک عظیما

۲۱ مرتبہ پانی پر دم کر کے روزانہ پلائیں، انشاءاللہ لڑکا عالم و فاضل ہوگا۔

علم کا شوق دلانا اور قوت حافظہ کے لئے

جو بچہ نہ پڑھتا ہو یا پڑھنے سے ڈرتا ہو یا بھاگ جاتا ہو یا سبق یاد نہ رہتا ہو اس کو سورۃ ''الم نشرح'' سات مرتبہ پانی پر پڑھ دیں اور وہ پانی اس کو پلاتے رہیں، انشاءاللہ اس کی برکت سے اس کا پڑھائی سے دل لگ جائے گا اور جو پڑھے گا وہ یاد رہے گا۔

کند ذہن کے لئے

جس کا ذہن کام نہ کرتا ہو اس کے لئے ہزار مرتبہ ''ا'' ریشمی کپڑے پر لکھ کر اس کے سینہ پر باندھ دیں ان شاءاللہ ذہن کھل جائے گا جو سنے گا یاد رکھے گا۔

فہم وسمجھ میں زیادتی کے لئے

یہ دعا اکتالیس روز تک کچی کالی روشنائی سے لکھیں اور بچے کو پلائیں ان شاءاللہ اس کا فہم تیز ہوگ جو کچھ پڑھے گا وہ یاد رہے گا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لانشرک بہ شیئا بسم اللہ العلی العظیم والحمدللہ علی دین الاسلام برحمتک یاارحم الراحمین۔

ایضا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، سات سو چھیاسی مرتبہ پڑھ کر ایک مٹی کے مٹکے پر دم کریں اور یہ پانی روزانہ تھوڑا تھوڑا پیتا رہے جو کچھ یاد کرنا چاہے فرفر یاد ہوگا۔

ایضا

سوتے وقت ہمیشہ دس آیتیں سورۃ بقرہ کی اول مفلحون تک اور آیت الکرسی خالدون تک پڑھیں

ان شاءاللہ حافظہ تیز ہوگا۔

حافظہ کی ترقی اور ذہن کی تیزی کے لئے

جس شخص کو بھول جانے کی عادت ہو اور حافظہ ساتھ نہ دیتا ہو وہ پاک نام ''محمد ﷺ'' چالیس مرتبہ کاغذ پر لکھ کر پانی سے دھو کر شہد ملا کر چالیس دنوں تک پیئے اور دعا کرے اے اللہ! اس نام کی برکت سے جو میں نے پیا ہے میرے حافظہ میں ترقی عطا فرما، پس اللہ تعالی اس کا حافظہ بے مثال بنا دے گا اور ظاہر و باطن اس پر کھول دے گا یہ عجیب رمز ہے۔

امتحان میں یقیقی کامیابی اور وسعت کے لئے

سورۃ طہٰ کی آیت ''قُلْنَا لَا تَخَفْ إِنَّكَ أَنْتَ الْأَعْلَى

روزانہ بعد نماز عصر پڑھنے سے علم میں وسعت اور امتحان میں کامیابی یقینی ہوگی، ہر مشکل میدان میں فتح ہوگی ان شاءاللہ تعالی، اور روزانہ ستر مرتبہ پڑھیں جب مطالعہ کرنے بیٹھیں اس وقت سات مرتبہ پڑھیں اور اپنے ہاتھوں پر پھونک کر اپنے چہرہ پر پھیر دیں ان شاءاللہ حافظ تیز ہوگا۔

انگریزی امتحان میں کامیابی

بسم الله الرحمن الرحيم اللهم يسر لنا امورنا مع الراحة لقلبنا و ابداننا والسلامة والعافية فى ديننا و دنيانا وكن صاحبنا فى سفرنا و خليفة فى اهلنا'' لکھ کر دائیں بازو پر باندھ لیں اور روزانہ پڑھنے سے قبل ۱۵۹ مرتبہ یاعلیم پڑھ کر قلب پر دم کریں ان شاءاللہ امتحان میں کامیابی ہوگی۔

امتحان میں کامیابی

عشاء کی نماز کے بعد اسی جگہ بیٹھ جائیں ''الملک القدوس'' ۳۰ مرتبہ پڑھیں پھر اپنی کامیابی کے لئے اللہ تعالی سے دعا مانگیں ان شاءاللہ کامیابی حاصل ہوگی۔

ایضا

"فَإِنَّ حَسْبَکَ اللَّهُ هُوَ الَّذِی أَیَّدَکَ بِنَصْرِهِ وَبِالْمُؤْمِنِینَ

امتحان سے پہلے سات مرتبہ یہ آیت پڑھیں۔

()دوسرا عمل

رات کو سوتے وقت ۲۰ مرتبہ یا علیم پڑھیں

صبح پرچہ شروع کرنے سے پہلے ۱۱ مرتبہ رب یسر ولا تعسر وتمم بالخیر پڑھیں اور اپنے اوپر دم کریں

پرچہ پر یہ آیت پڑھ کر دم کریں

حَسْبِیَ اللَّهُ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ عَلَیْهِ تَوَکَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیمِ ، انت ربی انت حسبی وولیی فی الدنیا والاخرۃ و افوض امری الی الله .

امتحان میں کامیابی کے لئے

ایک ہی نشست میں روزانہ قبلہ رو ہو کر گیارہ ہزار مرتبہ "**یا حسیب** "، پڑھا کریں، یہ عمل تین دن کریں، انشاءاللہ حسب منشا رزلٹ آئے گا۔

امتحان میں کامیابی

روزانہ فجر کی نماز کے بعد "یا علیم" ۱۵۰ مرتبہ پڑھیں اور امتحان کے روز کثرت سے پڑھیں۔

امتحان میں سہولت اور بے فکری

مندرجہ بالا اسم کو کثرت سے پڑھنے سے ہر قسم کی گھبراہٹ اور بے چینی دور ہو جاتی ہے اور حوصلہ مندی پیدا ہوتی ہے۔

امتحان میں کامیابی ہو

فان حسبک الله هو الذی ایدک بنصره وبالمومنین

امتحان سے پہلے سات مرتبہ یہ آیت پڑھیں۔

(۲)دوسرا عمل

رات کو سوتے وقت ۲۰۰ مرتبہ ''یا علیم'' پڑھیں۔

صبح پرچہ شروع کرنے سے پہلے ۱۱ مرتبہ۔

رب یسر و لا تعسر و تمم بالخیر ''پڑھیں اور اپنے او پر دم کریں۔

پرچہ پر یہ آیت پڑھ کر دم کریں

حسبی اللہ لا الہ الا ھو علیہ توکلت وھو رب العرش العظیم ، انت ربی انت حسبی انت ولیفی الدنیا والآخرۃ و افوض امری الی اللہ .

علم میں اضافہ اور ترقی علم اور جملہ رکاوٹیں ختم

جو شخص چاہتا ہے کہ علم کی بڑی ڈگریاں حاصل کرے اور علم میں ترقی و اضافہ ہو اور ہر قسم کی رکاوٹ ختم ہو چاہے مالی یا دماغی ہوں، اس کو چاہئے کہ درج ذیل عمل کرے

ہر فرض کے بعد یہ آیت ''سُبْحَانَکَ لَا عِلْمَ لَنَا إِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا إِنَّکَ أَنْتَ الْعَلِیمُ الْحَکِیمُ '' تین مرتبہ پھر ''رب زدنی علما ''گیارہ بار پڑھے۔

زبان پر علم کی باتیں ہوں

اور ''الدہر'' کو بکثرت پڑھنے سے زبان پر علم کی باتیں جاری ہوتی ہیں۔

علم و حکمت حاصل ہو

''العلیم '' بکثرت پڑھنے والے اور مداومت کرنے والے پر حقائق و معارف منکشف ہوتے ہیں اور حافظہ قوی ہوتا ہے۔

''الباعث'' سوتے وقت اپنے سینہ پر ہاتھ رکھ کر اس کو ایک سو بار پڑھا کرے تو اس کا قلب علم و حکمت سے معمور ہو۔

''الکبیر '' بکثرت ذکر کرنے سے باب علم و معرفت کشادہ ہو اگر کھانے کی کسی چیز پر دم کر کے میاں بیوی کو کھلایا جائے تو ان کے درمیاں الفت و محبت ہو۔

تصنیف و تالیف میں سہولت

صبح کی نماز کے بعدرب اشرح لی الخ ۲۱ مرتبہ پڑھیں اور یہ دعا پڑھ کر تصنیف وتالیف شروع کریں انشاءاللہ کام زیادہ ہوگا اور سستی وکاہلی اور تھکاوٹ بھی نہیں ہوگی۔اور وقت میں بھی برکت ہوگی۔

ذہن کی تیزی اور فصاحت وبلاغت کے لئے

جو شخص کمزور ذہن ہواور چاہتا ہو کہ بیان کرنے میں اس کو فصاحت وبلاغت حاصل ہو،اس کا بیان مؤثر ہواور اس کے علم مین اضافہ ہووہ یہ آیات برگ کیلہ پر بوقت صبح مشک وزعفران وگلاب سے لکھے وہ کسی برتن میں ڈال دے اور پانی سے بھر کر رکھے اور صبح وشام پیا کرے انشاءاللہ ذہن کشادہ ہواور جو چاہے وہ حاصل ہو۔

بسم الله الرحمن الرحيم،الَر كِتَابٌ أُحۡكِمَتۡ آيَاتُهُ ثُمَّ فُصِّلَتۡ مِن لَّدُنۡ حَكِيمٍ خَبِيرٍ ،أَلاَّ تَعۡبُدُواۡ إِلاَّ اللّهَ إِنَّنِي لَكُم مِّنۡهُ نَذِيرٌ وَبَشِيرٌ ،وَأَنِ اسۡتَغۡفِرُواۡ رَبَّكُمۡ ثُمَّ تُوبُواۡ إِلَيۡهِ يُمَتِّعۡكُم مَّتَاعًا حَسَنًا إِلَى أَجَلٍ مُّسَمًّى وَيُؤۡتِ كُلَّ ذِي فَضۡلٍ فَضۡلَهُ وَإِن تَوَلَّوۡاۡ فَإِنِّيَ أَخَافُ عَلَيۡكُمۡ عَذَابَ يَوۡمٍ كَبِيرٍ ،إِلَى اللّهِ مَرۡجِعُكُمۡ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيۡءٍ قَدِيرٌ

زبان میں فصاحت وبلاغت ہو

سورۃ بنی اسرائیل مشک وزعفران سے لکھ کر گھول کر پلائیں تو آدمی ذہین اور فصیح اللسان ہوجاتا ہے اللہ تعالی کے فضل وکرم سے۔

(۲) دوسرا عمل

بسم الله الرحمن الرحيم،الرَّحۡمَنُ ،عَلَّمَ الۡقُرۡآنَ ،خَلَقَ الۡإِنسَانَ ،عَلَّمَهُ الۡبَيَانَ ،الشَّمۡسُ وَالۡقَمَرُ بِحُسۡبَانٍ

(۳) تیسرا عمل

بسم الله الرحمن الرحيم،اقۡرَأۡ بِاسۡمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ ،خَلَقَ الۡإِنسَانَ مِنۡ عَلَقٍ ،اقۡرَأۡ وَرَبُّكَ الۡأَكۡرَمُ ،الَّذِي عَلَّمَ بِالۡقَلَمِ، عَلَّمَ الۡإِنسَانَ مَا لَمۡ يَعۡلَمۡ

ان آیات میں سے جس کا چاہیں وظیفہ بکثرت جاری رکھیں

یہ تینوں عمل خطباء، قضاۃ، وکلاء اور مناظرین کے لئے بے بہا نعمت ہیں۔

بہتر یہ ہے کہ یہ تینوں عمل اپنا وظیفہ رکھیں اور پانی پر دم کر کے پیتے بھی رہیں۔

حصول علم، ترقی علم اور تیزی ذہن کے لئے

مندرجہ ذیل آیات میں سے چاہے جو بھی آیت یاد کریں اور اپنا مقصد حاصل کریں، بہتر یہ ہے کہ درج ذیل تمام آیات سمجھیں اور عمل کریں۔

(۱) پہلا عمل

أَوَلَمْ يَرَ الَّذِينَ كَفَرُوا أَنَّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنَاهُمَا وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَاءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ أَفَلَا يُؤْمِنُونَ ،وَجَعَلْنَا فِي الْأَرْضِ رَوَاسِيَ أَن تَمِيدَ بِهِمْ وَجَعَلْنَا فِيهَا فِجَاجًا سُبُلاً لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُونَ، وَجَعَلْنَا السَّمَاءَ سَقْفًا مَّحْفُوظًا وَهُمْ عَنْ آيَاتِهَا مُعْرِضُونَ ،وَهُوَ الَّذِي خَلَقَ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ كُلٌّ فِي فَلَكٍ يَسْبَحُونَ ،وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّن قَبْلِكَ الْخُلْدَ أَفَإِن مِّتَّ فَهُمُ الْخَالِدُونَ.

(۲) دوسرا عمل

بسم الله الرحمن الرحيم، هُوَ الَّذِي أَنزَلَ عَلَيْكَ الْكِتَابَ مِنْهُ آيَاتٌ مُّحْكَمَاتٌ هُنَّ أُمُّ الْكِتَابِ وَأُخَرُ مُتَشَابِهَاتٌ فَأَمَّا الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِمْ زَيْغٌ فَيَتَّبِعُونَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَاءَ الْفِتْنَةِ وَابْتِغَاءَ تَأْوِيلِهِ وَمَا يَعْلَمُ تَأْوِيلَهُ إِلَّا اللَّهُ وَالرَّاسِخُونَ فِي الْعِلْمِ يَقُولُونَ آمَنَّا بِهِ كُلٌّ مِّنْ عِندِ رَبِّنَا وَمَا يَذَّكَّرُ إِلَّا أُولُوا الْأَلْبَابِ ،رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوبَنَا بَعْدَ إِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِن لَّدُنكَ رَحْمَةً إِنَّكَ أَنتَ الْوَهَّابُ ،رَبَّنَا إِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيهِ إِنَّ اللَّهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيعَادَ

(۳) تیسرا عمل

وَكَذَلِكَ أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ رُوحًا مِّنْ أَمْرِنَا مَا كُنتَ تَدْرِي مَا الْكِتَابُ وَلَا الْإِيمَانُ وَلَكِن جَعَلْنَاهُ نُورًا نَّهْدِي بِهِ مَنْ نَّشَاءُ مِنْ عِبَادِنَا وَإِنَّكَ لَتَهْدِي إِلَى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ .صِرَاطِ اللَّهِ الَّذِي لَهُ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ أَلَا إِلَى اللَّهِ تَصِيرُ الْأُمُورُ .

پاک برتن پر لکھ کر پانی سے دھو کر پیئے انشاء اللہ سستی و کاہلی دور ہو قوت حافظہ میں اضافہ ہو اور شوق عبادت پیدا ہو۔

(۴) چوتھا عمل

وَأَنزَلْنَا مِنَ السَّمَاءِ مَاءً بِقَدَرٍ فَأَسْكَنَّاهُ فِي الْأَرْضِ وَإِنَّا عَلَى ذَهَابٍ بِهِ لَقَادِرُونَ 18)) فَأَنشَأْنَا لَكُم بِهِ جَنَّاتٍ مِّن نَّخِيلٍ وَأَعْنَابٍ لَّكُمْ فِيهَا فَوَاكِهُ كَثِيرَةٌ وَمِنْهَا تَأْكُلُونَ.

(۵) پانچواں عمل

وَالنَّجْمِ إِذَا هَوَى ، مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوَى ،وَمَا يَنطِقُ عَنِ الْهَوَى، إِنْ هُوَ إِلَّا وَحْيٌ يُوحَى، عَلَّمَهُ شَدِيدُ الْقُوَى ، ذُو مِرَّةٍ فَاسْتَوَى، وَهُوَ بِالْأُفُقِ الْأَعْلَى ،ثُمَّ دَنَا فَتَدَلَّى، فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ أَوْ أَدْنَى، فَأَوْحَى إِلَى عَبْدِهِ مَا أَوْحَى ،مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَأَى ،أَفَتُمَارُونَهُ عَلَى مَا يَرَى ، وَلَقَدْ رَآهُ نَزْلَةً أُخْرَى ، عِندَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهَى ، عِندَهَا جَنَّةُ الْمَأْوَى ،إِذْ يَغْشَى السِّدْرَةَ مَا يَغْشَى، مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغَى، لَقَدْ رَأَى مِنْ آيَاتِ رَبِّهِ الْكُبْرَى.

(٦) چھٹا عمل

وَلَوْ أَنَّمَا فِي الْأَرْضِ مِن شَجَرَةٍ أَقْلَامٌ وَالْبَحْرُ يَمُدُّهُ مِن بَعْدِهِ سَبْعَةُ أَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ كَلِمَاتُ اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ

(۷) ساتواں عمل

وَلَقَدْ آتَيْنَا دَاوُودَ وَسُلَيْمَانَ عِلْمًا وَقَالَا الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي فَضَّلَنَا عَلَى كَثِيرٍ مِّنْ عِبَادِهِ الْمُؤْمِنِينَ ، وَوَرِثَ سُلَيْمَانُ دَاوُودَ وَقَالَ يَا أَيُّهَا النَّاسُ عُلِّمْنَا مَنطِقَ الطَّيْرِ وَأُوتِينَا

مِن كُلِّ شَيْءٍ إِنَّ هَذَا لَهُوَ الْفَضْلُ الْمُبِينُ ،وَحُشِرَ لِسُلَيْمَانَ جُنُودُهُ مِنَ الْجِنِّ وَالإِنسِ وَالطَّيْرِ فَهُمْ يُوزَعُونَ ، حَتَّى إِذَا أَتَوْا عَلَى وَادِي النَّمْلِ قَالَتْ نَمْلَةٌ يَا أَيُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوا مَسَاكِنَكُمْ لا يَحْطِمَنَّكُمْ سُلَيْمَانُ وَجُنُودُهُ وَهُمْ لا يَشْعُرُونَ ،فَتَبَسَّمَ ضَاحِكًا مِّن قَوْلِهَا وَقَالَ رَبِّ أَوْزِعْنِي أَنْ أَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِي أَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلَى وَالِدَيَّ وَأَنْ أَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضَاهُ وَأَدْخِلْنِي بِرَحْمَتِكَ فِي عِبَادِكَ الصَّالِحِينَ.

آب زمزم یا آب باراں یا آپ سادہ پر ستر مرتبہ پڑھ کر وہ آب سات روز تک سات گھونٹ پیتا رہے اللہ تعالی کے فضل و کرم سے فتح دل، قبول علم اور صفائی ذہن نصیب ہو۔

حافظہ تیز کرنے کے نفسیاتی اعمال

حافظے کے چار دشمن

(۱) لاپرواہی

(۲) تھکاوٹ

(۳) منقسم توجہ

(۴) ذہن کا استعمال نہ کرنا

حافظے کے چار دوست

(۱) ہوشیاری

(۲) خواہش

(۳) یکسوئی

(۴) ذہن کا استعمال

حافظہ کی ترقی کے چار نفسیاتی اصول

(۱) صحیح تصور قائم کرنا

آپ کے دماغ میں کسی چیز کا جتنا زیادہ واضح تصور ہوگا، اسی قدر زیادہ مدت تک وہ آپ کے ذہن میں محفوظ رہے گا، لہذا تصور واضح کرنے کی مشق کرتے رہیں۔

(۲) تعلق پیدا کرنا

ہمارے حافظہ میں بہت سی ایسی چیزیں موجود ہیں جنہیں ہم اپنی زندگی میں دیکھ چکے ہیں، ان تمام تصویروں نے دماغ میں اپنے لئے مستقل جگہیں پیدا کر لی ہیں، جب ہم کوئی نئی چیز اپنے حافظہ میں لانا چاہتے ہیں تو اس کی تصویر کی قائم ہو جاتی ہے لیکن بہت ہلکی ہوتی ہے، اگر ہم اس تصویر کا تعلق کسی ایسی تصویر سے پیدا کریں جو ہمارے ذہن میں پہلے سے موجود ہے تو اس کا نقش گہرا ہو جاتا ہے۔

(۳) حواس سے کام لینا

جن حقائق کو ہم اپنے ذہن میں محفوظ رکھنا چاہتے ہیں ان کے لئے اپنے تمام احساسات کو بیک وقت متوجہ کرنا چاہئے اپنی قوتِ ارادی سے کام لیکران حقائق کے متعلق اپنے ذہن میں ایک نئے خیال کو اپنے تمام حواس کے سامنے پیش کیجئے ،اگر کسی چیز کو غیر معمولی طور پر دیکھنے اور محسوس کرنے کی کوشش کریں تو آپ کے ذہن مین اس کا نقش گہرا ہو جائے گا۔

(۴) ذہن میں کسی چیز کو متحرک رکھنا

متحرک چیزیں ہمیں جلد متوجہ کرتی ہیں جن چیزوں کو یاد رکھنا ہے انہیں بار بار اپنے ذہن میں متحرک کریں۔

ذہن اور حافظہ قوی ہو جائے

۷۸۶ بار بسم اللہ شریف پڑھ کر پانی پر دم کر کے طلوع آفتاب کے وقت پیئے تو ذہن کھل جائے گا، حافظہ تیز ہو جائے گا۔

حافظہ

() رب الشرح لی الخ گیارہ بار

رب زدنی علما ۱۳ بار پڑھیں

() سورۃ یاسین کی یہ آیت پلیٹ پر لکھیں اور لیموں کے پانی میں چینی ڈال کر اس سے وہ پلیٹ دھو کر پلائیں

إِنَّا نَحْنُ نُحْيِ الْمَوْتَى وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوا وَآثَارَهُمْ وَكُلَّ شَيْءٍ أَحْصَيْنَاهُ فِي إِمَامٍ مُبِينٍ

() سورۃ انشراح گلاب وزعفران سے لکھ کر اکتالیس روز تک پلائیں۔

() **سُبْحَانَکَ لَا عِلْمَ لَنَا إِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا إِنَّکَ أَنْتَ الْعَلِيمُ الْحَکِيمُ** "رات کو سوتے وقت ورد کیا جائے۔

() سورۃ اخلاص ،اور معوذتین تین تین مرتبہ چنے یا بادام پر دم کر کے نسیان والے کو کھائی جائیں تو نشاء اللہ شفا ہو گی

حافظہ کی تیزی

سبق پڑھنے سے پہلے روزانہ یہ دعا ایک بار پڑھ لیا کریں انشاءاللہ ذہن میں ترقی ہوگی

اللهم ارزقني علما نافعا و حفظا كاملا و فهما ذكيا الى تحصيل العلم برحمتك يا ارحم الراحمين .

قرآن مجید کا بغیر استاد کے حفظ کرنا

کوئی شخص استاذ یا بغیر استاذ کے قرآن مجید حفظ کرنا چاہے اس کو چاہئے کہ ایک ہزار مرتبہ درج ذیل آیت پڑھا کرے، انشاءاللہ قرآن پاک جلدی اور آسانی سے حفظ ہو جائے گا۔

وَإِنَّكَ لَتُلَقَّى الْقُرْآنَ مِنْ لَدُنْ حَكِيمٍ عَلِيمٍ

(۲) دیگر

کشلش پر سات مرتبہ سورۃ ''الم نشرح بمع بسم اللہ'' پڑھ کر کشمش کے سات دانے ہر روز کھائے ،انشاءاللہ ذہن کھل جائے گا۔

حافظہ اور ذہن کی ترقی

حضور پرنور امام الانبیاء حضرت محمد کریم ﷺ کا بابرکت نام ''محمد ﷺ'' چالیس بار کاغذ پر لکھیں، اور پانی سے دھو کر شہد ملا کر چالیس دنوں تک پیئے اور یہ دعا کرے کہ اے میرے اللہ! اس نام کی برکت سے جو میں نے پیا ہے میرے حافظہ میں ترقی عطا فرما دے۔ اللہ تعالیٰ اس کے لئے ظاہر و باطن علم کی راہیں کھول دے گا، یہ ایک نہات مجرب عمل ہے اور یہ ایک سینہ کا راز ہے جو سمجھے گا وہ مشاہدہ کرے گا۔

() ہر نماز کے بعد اللہ تعالیٰ کا پاک نام ''یا علیم'' پڑھ لیا کریں انشاءاللہ ذہن کھل جائے گا۔

قرآن حفظ کرنا

''یا علیم'' صبح کی نماز کے بعد ایک پچاس بار پڑھیں اور اپنے دل پر دم کر دیا کریں۔

حافظہ بڑھانے کے لئے

ہر فرض نماز کے بعد ہاتھ اٹھا کر درج ذیل دعا تین مرتبہ پڑھیں

یا علیم علمنی ، اَبۡصِرنی ، اَخۡبِرنِی ویا بصیرُ اَبۡصِرنی

جو شخص سورۃ اعلیٰ لکھ کر اپنے پاس رکھے گا انشاء اللہ اس کا حافظہ تیز ہوگا اور ذہن کھل جائے گا۔

(۲) سورۃ فاتحہ چالیس روز تک سات عدد کشمش پر سات مرتبہ پڑھ کر سات دانے کھائیں۔ انشاء اللہ ذہن کھل جائے گا اور حافظہ تیز ہوگا۔

حافظہ کمزور ہو

کسی بچہ کا حافظہ کمزور ہے یا سبق بھول جاتا ہے تو تازہ روٹی پر سات بار ''یا اللہ'' لکھیں اور وہ صبح سویرے کھائے اور یہ عمل گیارہ سے اکیس دنوں تک جاری رکھیں، انشاء اللہ بچہ کا حافظہ بہت تیز اور قابل رشک ہو جائے گا۔

حافظہ کے لئے نہایت مجرب نسخہ

رَبِّ اَنِّی مَغۡلُوبٌ فَانۡتَصِرۡ

یہ دعا سو مرتبہ روزانہ پڑھیں

یہ دعا سیدنا حضرت ناح علیہ السلام کی دعا ہے جو دشمنوں کے شر سے محفوظ ہونے کے لئے ایک مضبوط ڈھال ہے لیکن قوۃ حافظہ کو مضبوط کرنے کئے بھی بہت طاقت ورجوہر ہے۔

نسیان دور کرنا

یہ مسنون دعا صبح وشام پڑھنا نسیان کو دور کرنے کا ایک عجیب نسخہ ہے

''یا حی یا قیوم برحمتک استغیث''

کند ذہنی

جس کا ذہن کام نہ کرتا ہو اور کند ذہن ہو اس واسطے حرف الف ایک ہزار بار ریشمی کپڑے پر لکھ کر اس کے سینہ پر باندھ دیں، انشاء اللہ اس کا ذہن کھل جائے گا اور جو سنے گا وہ یاد رہے گا۔

حافظہ کی تیزی کے لئے

جس شخص کا حافظہ اچھا نہ ہو قرآن مجید یا علم یاد نہ رہتا ہو وہ سوتے وقت سورۃ بقرہ کی شروع سے مفلحون تک اور آیۃ الکرسی خالدون تک سوتے وقت پڑھ لیا کرے، انشاءاللہ حافظہ تیز ہو جائے گا۔

کند ذہن بچہ کے لئے

کسی میٹھی چیز ہر یہ آیت تین مرتبہ پڑھ کر کھلائیں انشاءاللہ ذہن کھل جائے گا۔

الَّذِينَ ضَلَّ سَعْيُهُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُونَ أَنَّهُمْ يُحْسِنُونَ صُنْعًا . أُولَئِكَ الَّذِينَ كَفَرُوا بِآيَاتِ رَبِّهِمْ وَلِقَائِهِ فَحَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ فَلَا نُقِيمُ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَزْنًا .ذَلِكَ جَزَاؤُهُمْ جَهَنَّمُ بِمَا كَفَرُوا وَاتَّخَذُوا آيَاتِي وَرُسُلِي هُزُوًا .إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ كَانَتْ لَهُمْ جَنَّاتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا. خَالِدِينَ فِيهَا لَا يَبْغُونَ عَنْهَا حِوَلًا. قُلْ لَوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِكَلِمَاتِ رَبِّي لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ أَنْ تَنْفَدَ كَلِمَاتُ رَبِّي وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهِ مَدَدًا . قُلْ إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ مِثْلُكُمْ يُوحَى إِلَيَّ أَنَّمَا إِلَهُكُمْ إِلَهٌ وَاحِدٌ فَمَنْ كَانَ يَرْجُو لِقَاءَ رَبِّهِ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهِ أَحَدًا

ذہن کی ترقی

یہ عمل حافظہ کے لئے نہایت مجرب ہے یہ ۱۰۱ مرتبہ روزانہ پڑھیں یا صبح کی سنتوں اور فرض کے درمیان ۲۷ مرتبہ پڑھیں، جو بات سنیں گے یا دیکھیں گے وہ یاد رہے گی، اور کبھی نہیں بھولے گی۔

"یا قیومُ فَلا یَفُوْتُ شَیءٌ مِّنْ عِلْمِہٖ وَلَا یَئُودُہٗ یا قیومُ

برائے حفظ و حافظہ

سورۃ الم نشرح لکھ کر پانی میں گھول کر پلانا حفظ قرآن اور تحصیل علم کے لئے خاص ہے۔

دیگر:

جن کا حافظہ کمزور ہو وہ سات دن تک ان آیاتِ کریمہ کو روٹی کے ٹکڑوں پر لکھ کر کھالیا کریں ترتیب اس طرح ہے۔

ہفتہ فتعالی اللہ الملک الحق

اتوار رب زدنی علما

پیر سنقرئک فلا تنسیٰ

منگل انه یعلم الجهر و ما یخفیٰ

بدھ لا تحرک به لسانک لتعجل به

جمعرات ان علینا جمعه و قرآنه

جمعہ فاذا قرائناه فاتبع قرآنه .

یہ سب آیات صبح کے وقت باوضو لکھ کر کھلائیں، انشاءاللہ حافظہ قوی ہوگا۔

حافظہ ودماغ تیز ہو

(۱) دوسو مرتبہ ''یاقوی اور یاعلیم'' پڑھیں۔

(۲) تین مرتبہ سورۃ الم نشرح پڑھیں

تین مرتبہ ''رب اشرح لی صدری و یسر لی امری واحلل عقدة من لسانی یفقهو قولی'' پڑھیں۔

(۳) تین مرتبہ ''سبحانک لا علم لنا الا ما علمتنا انک انت العلیم الحکیم'' پڑھیں۔

(۴) تین مرتبہ '' حسبنا الله و نعم الوکیل ''پڑھیں۔

اس کے بعد سینہ پر دم کریں یا پانی پر دم کر کے پی لیں۔

حفظ کرنے والے بچوں اور کند ذہن لوگون کے لئے بے حد مفید ہے۔

قوت حافظہ بڑھانے کے لئے

ہر نماز کے بعد اپنے سر پر ہاتھ رکھ کر ۱۱ مرتبہ ''یاقوی'' پڑھیں انشاءاللہ حافظہ تیز ہوگا۔

(۲) نماز فجر کے بعد ۱۱۵ مرتبہ ''یاعلیم'' پڑھ کر دل پر دم کرنے سے اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے حافظہ تیز فرمادیں گے۔

نماز فجر کے بعد ۱۱ مرتبہ درج ذیل آیت پڑھنے سے حافظہ قوی ہوتا ہے اور سبق جلدی یاد ہوتا

ہے۔

"فمن یرد الله ان یهدیه یشرح صدره

(۳) کسی بھی وقت مینں درج ذیل دعاؤں میں سے کوئی دعا دس مرتبہ پڑھنا قوت حافظہ کو بڑھانے میں نہایت مفید ہے۔

اللھم ارزقنی فهم النبیین ، و حفظ المرسلین ، والملائکة لمقربین

اللھم ارزقنی الفهم ، وارزقنی العلم والحکمة والعقل برحمتک یا ارحم الراحمین

ذہن تیز کرنے کے لئے

ہرروز''الہادی''۱۰۱مرتبہ پڑھنے سے ذہن تیز ہوجاتا ہے

(۲)اور عمل

کمزور شخص کو اگر سورۃ فاتحہ بسکٹ پر لکھ کر کھلایا جائے ۴۰ دنوں تک تو ذہن تیز ہوجاتا ہے۔

(۳)اور عمل

اگر کوئی کمزور ذہن والا نماز فجر کے بعد ۲۱ مرتبہ ''رب الشرح لی صدری'' پڑھنے کا معمول بنادے تو انشاءاللہ اس کا ذہن تیز ہوجائے گا۔

سبق کا بھول جانا

اللہ تعالی کا نام ''**الرحمن** ''۱۰۱ مرتبہ ہر نماز کے بعد پڑھیں یا روزانہ ''**المعید** ''دس مرتبہ پڑھیں تو انشاءاللہ تعالی سبق نہیں بھولے گا۔

قوت حافظہ اور غالب ہونے کے لئے

سورۃ یاسین کے بہت فوائد وخواص ہیں من جملہ ان میں سے ایک یہ ہے کہ اس کو زعفران وگلاب سے لکھ کر روزانہ ساٹھ روز تک پانی میں گھول کر پیئیں تو جو سنیں وہ یاد رہے اور جس سے گفتگو کریں اس پر غالب آئیں۔انشاءاللہ تعالی۔

درستی ذہن وزبان

وَلَوْ أَنَّمَا فِي الْأَرْضِ مِن شَجَرَةٍ أَقْلَامٌ وَالْبَحْرُ يَمُدُّهُ مِن بَعْدِهِ سَبْعَةُ أَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ كَلِمَاتُ اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ. مَّا خَلْقُكُمْ وَلَا بَعْثُكُمْ إِلَّا كَنَفْسٍ وَاحِدَةٍ إِنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ بَصِيرٌ. أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ يُولِجُ اللَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُولِجُ النَّهَارَ فِي اللَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ كُلٌّ يَجْرِي إِلَى أَجَلٍ مُّسَمًّى وَأَنَّ اللَّهَ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ.

جس کا ذہن بگڑ گیا ہو یا تقیر یر میں مضمون کی آمد نہ ہو، یہ آیتیں کندر پر پڑھ کر اور نصف مثقال شہد یا شکر میں ملا کر کھایا کرے ذہن اچھا ہو جائے گا اور آمد مضمون بھی خوب ہو۔

ذہن کھولنے کے لئے

جس بچہ کا ذہن بند ہو اور الٹے سیدھے کام کرتا ہو اور پڑھنے میں کمزور ہو تو فجر کی نماز کے بعد ایک مرتبہ سورۃ ''الصّف'' پانی پر پڑھ کر پلا دیں، انشاءاللہ اس کا ذہن کھل جائے گا۔

حافظہ کو تیز کرنے کا عجیب عمل

نوچندی جمعرات سے عصر کے وقت ۱۴۰۰ مرتبہ آنکھیں بند کر کے یا ودود پڑھیں، تین دن تک شربت پر دم کر کے خود پی لیں، تصور محبوب لازمی شرط ہے، تین دن کے بعد پردہ خواجہ اجمیری کا فاتحہ دلا کر خود کھائیں۔

(۱۹) حب کی الائچیاں

۱۷ الائچیوں پر یہ دعا ۲۱ مرتبہ پڑھیں اور مطلوب کو کھلائیں اور قدرت خدا کا تماشہ دیکھیں۔

بسم الله الرحمن الرحيم نستعين اللهم اجعل محبوب فی قلبی یا بدوح یا بدوح یا بدوحْ"

نوٹ یہ جملہ یوں ہونا چاہیے

"الهم اجعلنی محبوبا فی قلبه"

(۲۰) تسخیر حکام

جمعہ کی پہلی ساعت میں کافور مشک سے سورۃ فاتحہ آمین تک بمع بسم اللہ لکھیں اور دھو کر رکھ لیں بوقت ملاقات اپنے چہرے پر وہ پانی لگا کر جائیں ان شاءاللہ حکام مہربان ہوں گے۔

سات دن والے اعمال

(۱) مٹھی والا محبت کا عمل

صبح کی نماز کے بعد مٹھی کھول کر "یا مجیب یا لطیف" ۹۰۰ مرتبہ پڑھیں اور مٹھی بند کر دیں، اسی طرح سات دن تک کریں۔

(۲) محبت میں پاگل کرنے والا عمل آسان اور مختصر

یہ عمل صرف سات دن کرنا ہے اور ایک دن میں اس کو اکتالیس بار کرنا ہے۔ سو گرام چینی لے کر اس کی سات پڑیاں بنانی ہیں اور روزانہ ایک پڑی پر پڑھیں اور یہ پڑی چیونٹیوں کو ڈال دیں۔

(۳) محبت میں پاگل کرنے والا عمل

الم تر کیف بستم خواب وخور فلان بن فلان ،فعل ربک باصحاب الفیل. الم یجعل کیدھم بستم خواب فلان بن فلان فی تضلیل و ارسل علیھم طیرا ابابیل. ترمیھم بحجارۃ من سجیل. فجعلھم کعصف ماکول. بستم خواب فلان بن فلان علی حب فلا ن بن فلان. ان شاءاللہ سات دن تک مطلوب بے قرار ہو کر حاضر ہوگا۔ اور اس کو پتہ بھی نہیں چلے گا کہ اس کے ساتھ کیا ہوا ہے؟

(۴) محبت کا عجیب عمل

اتوار کے دن مغرب اور عشاء کے درمیان گلاب کے تازہ پھولوں پر یہ دعا سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں

" الھم تحس علی ابصار ظلمته و المریدین بی السوء و ان تصرف قلوبھم عن شر ما یضمرو نه الی خیر لایملکه غیرک"

(۵) مطیع کرنے کے لیے (ان شاءاللہ ایک ہفتہ میں کامیابی ہوگی)

زعفران اور کالی مرچ ایک ایک ماشہ لیں دو ٹکڑے سیسے کے ان کو پانی میں گھسا کر اور کاغذ پر سات

جگہ ''یااللہ اور یارحمٰن''، لکھیں اس کے بعد یہ عبارت لکھیں:

''لین قلب فلان بن فلان واجعل لی عنده الرأفة والرحمة والحنان والقبول فان تولوا فقل حسبی الله لا اله الا هو علیه توکلت وهو رب العرش العظیم . واذ قال ابراهیم رب ارنی کیف تحی الموتی قال اولم تؤمن قال بلی ولکن لیطمئن قلبی قال فخذ اربعة من الطیر نصر هن الیک ثم اجعل علی کل جبل منهن جزء ا ثم ادعهن یأتینک سعیاً واعلم ان الله عزیز حکیم کذالک یاتی فلان بن فلان خاضعا ذلیلاً فکشفنا عنک غطائک فبصرک الیوم حدید''

پھر جس کو مطیع کرنا ہو، اس کے سر پر سات مرتبہ پھیریں سوتے میں یا جاگتے میں۔

اگر وہ شخص ایسا ہے جس کے پاس جانا ممکن نہیں یا دور ہے تو دور سے ہی تصور میں سامنے لا کر پھیر دے اور ہر مرتبہ ''اللہ اکبر'' کہے پھر وہ کاغذ اپنے پاس رکھے، ان شاء اللہ مطلوب پیچھے پیچھے ہوگا۔ یہ عمل جمعرات کے دن طلوع آفتاب کے وقت کریں۔

(۶) آیت کریمہ سے سات دن کا محبت کا عمل

آیت کریمہ ۳۱۳ مرتبہ پڑھیں، اس کے ساتھ یا حی یا قیوم، یہ عمل سات دن کرنا ہے۔

(۷) سورۃ فاتحہ سے محبت

سورۃ فاتحہ نماز فجر کے بعد ۴۱ مرتبہ پڑھ کر میٹھی چیز پر دم کرتے رہیں۔

(۸) سورۃ فاتحہ کا سات دن کا تیز ترین عمل

مطلوب کالی مرچ کی طرح جلتا ہوا بیقرار ہوگا ان شاء اللہ تعالیٰ۔

سات دن تک سات عدد کالی مرچ لیں اور ہر مرچ پر سات مرتبہ یہ عمل پڑھیں اور جلا دیں۔

بسم اللہ کے آخری میم سے ملا کر سورۃ فاتحہ اور اس کے بعد بستم بستم بستم سرتا پا ہر ہر عضو فلان بن فلان تا من نہ کشا یم کسی نہ کشاید بحق العجل العجل الساعۃ الساعۃ الساعۃ الوحا الوحا الوحا برحمتک یا ارحم الراحمین۔

(۹) محبت کا سورۃ قدر کا عمل

سورۃ قدر راکیس بنولہ کے دانہ پر پڑھیں اور آگ میں جلائیں، ہر دانہ پر ایک ایک مرتبہ پڑھیں،
ان شاء اللہ تعالیٰ ایک ہفتہ میں کام ہوجائے گا۔

(۱۰) محبت کا انڈے والا سات دن کا عمل

دیسی مرغی کا انڈا دھولیں اس ہر زعفران سے ''لقد جائکم ۔۔۔رحیم'' تک لکھ لیں اور طالب و مطلوب کے نام مع والدہ لکھیں اس کو مٹی کے برتن میں رکھ کر مٹی سے بھرلیں اور دفن کر دیں اس پر متواتر آگ جلائیں کہ ہیٹ پہنچتی رہے۔آٹھویں دن اس برتن کو دریاء میں بہادیں۔

(۱۱) نماز عشاء کے بعد تصویر پر ساٹھ مرتبہ سورۃ الکوثر پڑھیں۔

(۱۲) محبت کے لیے

مطلوب کے اعداد کے مطابق صبح وشام اس آیت کریمہ کا پڑھنا نہایت مفید ہے۔

'' عسى الله ان يجعل بينكم وبين الذين عاديتم منهم مودة والله قدير ولله غفور رحيم ''

اس کے علاوہ ہر روزانہ ''یاودود'' ۳۰۰۰ مرتبہ پڑھیں۔ان شاء اللہ مطلوب ایک ہفتہ کے اندر مطیع ہوگا۔

یا مندرجہ بالا آیت لکھ کر طالب اپنے ساتھ رکھے۔تو بھی بہت تیز اثر کرتی ہے باذن اللہ تعالیٰ۔

(۱۳) محبّ کا آیۃ الکرسی اور سورۃ فاتحہ کا سات دنوں کا عمل

نماز مغرب کے بعد اکتالیس مرتبہ سورۃ فاتحہ اور اکتالیس مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھیں ان شاء اللہ سات دنوں میں کام ہوجائے گا۔

(۱۴) محبت کا یابدوح کا سات دنوں کا عمل

بحق یابدوح ۱۱۱ مرتبہ پڑھیں اور اول آخر درود پڑھیں کسی بھی میٹھی چیز پر دم کر کے کھال دیں یا ان تصور پر پھونک ماریں۔ان شاء اللہ سات دنوں کے پہلے وہ تابع ہوگا۔

(۱۵)ایضا

یا مقلب القلوب قلبها الی فلانة بنت فلانة بحق حبب حبب یا بدوح

بعد نماز مغرب مطلوب اوراس کے ماں کے اعداد کے مطابق سات یوم تک پڑھے باذن اللہ جل وعلا مطلوب مسخر ہو جائے گا۔

(۱۶)مطلوب کو اپنے قابو میں کرنا

۱۰۱ مرتبہ" **و القیت علیک محبة منی**" پڑھ کر دم کریں اور فلان بن فلان کہیں اور سات دن بعد وہ کیل اٹھائیں اور کسی لکڑی میں لگا ئیں۔ان شاءاللہ مطلوب تابع ہو جائے گا۔

گیارہ دنوں کے اعمال

(۱)یااللہ و یالطیف کا عمل

اول وآخر درود ابراہیمی ۱۱ مرتبہ" یااللہ یالطیف"۱۱۱ مرتبہ یہ عمل نماز فجر کے بعد کریں اور گیارہ دن کریں۔

(۲)ایضا

یاودود یالطیف بمع نام مطلوب مع والدہ کالی مرچ کے گیارہ دانوں پر پڑھیں ہر دانہ پر ۲۱ مرتبہ پڑھیں اور مرچیں آگ میں جلائیں۔

(۳)اپنے محبوب کو اپنا بنانے کا وظیفہ

عروج ماہ میں نوچندی جمعرات کو باوضو اپنے بستر پر لیٹ جائیں۔اور وآخر گیارہ مرتبہ درود پڑھیں، پھر سورۃ یوسف آیت ۳۰ کو ۱۰۱ بار پڑھیں، یہ عمل گیارہ دن کا ہے، اگر گیارہ دنوں میں فائدہ نہ ہو تو اکیس دن پڑھیں، مطلوب بے قرار ہو کر حاضر ہو گا۔

(۴)محبت کا گیارہ دن کا عمل

گیارہ کالی مرچ کے دانے لیں اور ہر دانہ پر اکیس مرتبہ" یالطیف یاودود" پڑھ کر دم کریں اور آگ

میں جلا دیں اور ساتھ ساتھ مطلوب واس کی والدہ کا نام لیں۔

(۵) آیت کریمہ کا عمل محبوب ملاقات کرنے کے لئے خود آئے

آیت کریمہ ۳۱۳ مرتبہ نماز مغرب کے بعد بلا ناغہ پڑھیں۔ان شاءاللہ مطلوب خود آ جائے گا۔

(٦) تصویر پر دم کیا جانے والا محبت کا عمل

یہ آیت مبارکہ ۱۱ مرتبہ پڑھ کر مطلوب کی تصویر پر دم کریں۔ ''ان ولی اللہ الذی نزل الکتاب وھو یتولی الصالحین'' اور رات کو سوتے وقت وہ تصویر اپنے سرہانے کے نیچے رکھیں اور رکھتے وقت ایک مرتبہ پڑھ پھونک دیں۔ یہ گیارہ دنوں کا عمل ہے۔

(۷) کسی کا دل و دماغ اپنی طرف مائل کرنا

چلتے پھرتے اٹھتے بیٹھتے یا لیٹی حالت میں یہ عمل کیا جا سکتا ہے ''قد شغفھا حبا'' ۱۰۱ مرتبہ یہ گیارہ دن کا عمل ہے۔

(۸) محبت کا تیز عمل

اللہ تعالیٰ کا نام ''یا مانع'' ہر نماز کے بعد ۱۴۱ مرتبہ پڑھیں، گیارہ دن تک اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگتے رہیں۔

یا

نماز عشاء کے بعد یا مانع ۱۰۰ مرتبہ پڑھیں۔ پھر اللہ تعالیٰ سے دعا کریں اسی طرح گیارہ دن عمل کریں۔

(۹) تسخیر امیرانہ مستورات

''الغنی المغنی یا زکی الغنی المغنی یا لطیف'' روزانہ ۱۰۰۱ بار بارہ دنوں تک عشاء نماز کے بعد پڑھیں۔

(۱۰) مطلوب طالب بن جائے

اول آخر درود شریف گیارہ مرتبہ درمیان میں درج ذیل آیت گیارہ مرتبہ پڑھ کر مطلوب کے

بائیں کان میں پھونک دیں۔اسی طرح یہ آیت کسی فروٹ پر پڑھ کراس کوکھلا دیں کم ازکم گیارہ روزعمل کریں،اس عمل کی برکت سے ان شاءاللہ وہ طالب بن جائے گا۔سبحان الذی سخرلناھذا وما کنالہ مقرنین۔

(۱۱)دیگر

حمعسق ۶۷۸ مرتبہ پڑھیں بمع نام یہ عمل تین مرتبہ کرنا ہے۔

(۱۲)محبت کا عجیب عمل

کالی مرچ پرسورۃ زلزال ۳ مرتبہ پڑھیں،اوراللہ تعالیٰ سے دعا مانگیں اوروہ مرچ خود کھالیں، یہ عمل گیارہ دنوں تک کریں،ان شاءاللہ اسی دوران اس کے دل میں بے پناہ محبت پیدا ہوگی۔

(۱۳)دیگر

عصرنماز کے بعد دعا سے پہلے سورۃ کوثر ۲۱ مرتبہ، گیارہ دن تک عمل کریں۔

دو ہفتوں کے اعمال

(۱) کیلوں والا محبت یا یاسین سورۃ کا تیز عمل

کیلوں کو اوپر نیچے کرتے رہیں، ان پر پانچ مرتبہ سورۃ یاسیم پڑھیں، پھر وہ کیل آگ پر یا دھوپ میں رکھیں، جوں ہی ان کو ہیٹ پہنچے گی اسی طرح مطلوب تڑپنا شروع کر دیگا یہ عمل دو ہفتوں تک کرنا ہے جب مطلب پورا ہو جائے تو کیل زمین میں دفن کر دینے ہیں۔

اکیس دن والے اعمال

(۱) گندم والا محبت کا عمل

گندم کی مٹھی پر اکیس مرتبہ سورہ اخلاص پڑھیں اور وہ دانے پرندوں کو کھلا دیں، اسی طرح اکیس دن کریں۔

(۲) اپنی محبت میں حیران کرنا

رات کو ۱۱ بجے کمرہ میں خوشبو پھیلا دیں اور طالب، مطلوب کے اعداد کو ۲۱ پر تقسیم کر دیں، ان اعداد مطابق یہ آیت پڑھیں
"ولمن خاف مقام ربه جنتان" ٹائم کی پابندی کریں۔ مچھلی گوشت اور ادرک و لہسن وغیرہ نہ کھائیں۔

(۳) محبت کا اکیس دن کا عمل

سورۃ الم نشرح مغرب کے بعد سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور نمک آگ میں ڈالیں اکیس دن تک۔

(۴) لوہے کے کیل والا عمل

ایک عدد لوہے کا کیل کسی بھی دیوار میں گاڑ دینا ہے، اس کے بعد روزانہ نماز عشاء کے بعد سورۃ فاتحہ اور سورۃ اخلاص اکتالیس اکتالیس مرتبہ پڑھیں اور تصور قائم رکھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا کریں۔

اکیس دن یہ عمل کریں جب کام ہو جائے تو کیل کو نکال کر کسی نہر میں ڈال دیں۔

(۵) محبت میں پاگل کرنے والا اکیس دن کا عمل

ایک چمچ نمک لیں اس پر ۱۱۱ مرتبہ سورۃ الم نشرح پڑھیں اول آخر ۱۱ مرتبہ درود پڑھیں اور نمک آگ میں ڈال دیں۔

اکتالیس دنوں والے اعمال

(۱) سورۃ اخلاص کا عمل

نماز مغرب کے بعد سورۃ اخلاص ۱۴۱ مرتبہ اور آیت الکرسی ۱۴۱ مرتبہ اور لازمی درود ابراہیمی پڑھیں اور اللہ سے دعا مانگیں۔

(۲) بسم اللہ شریف کا تصویر والا عمل

اول و آخر درود اور ۷۸۶ مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھ کر مطلوب کے تصور پر دم کریں۔ ۴۱ دنوں تک۔

(۳) دلی محبت

بسم اللہ شریف ۷۸۶ بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے جس کو پلائے وہ محبت کرنے لگے ان شاء اللہ۔

یا دو رکعت نفل پڑھ کر روزانہ ۷۸۶ مرتبہ پڑھیں ۴۱ دنوں تک۔

(۴) محبت کا عمل

بسم اللہ شریف ۷۸۶ مرتبہ پڑھنا ہے۔ فلان بن فلان کی فلان بن فلان سے محبت ہو جائے۔ تین مرتبہ کہیں۔

(۵) بیوی کے ساتھ دوسرے رشتہ دار راضی کرنا

اگر کوئی چاہے کہ اس کی بیوی، بہن، بھائی، والد، والدہ سب اس سے خوش ہوں اور محبت کرنے لگیں تو اکیس مرتبہ درود شریف پڑھیں، اس کے بعد درج ذیل کلمات ۳۰۰ مرتبہ پڑھیں اور آخر میں اکیس بار درود شریف پڑھیں یہ عمل اکتالیس دنوں تک جاری رکھیں متعلقہ لوگوں کا تصور رکھیں۔ ''یا قابض اقبض، ثم قبضناہ الینا قبضا یسیرا''

(۶) طبیعت کا آجانا

اگر کسی کی کسی شخص پر طبیعت آجائے تو بعد نماز عشاء یہ آیت ''قد شغفھا حبا انا لنرٰھا فی ضلال مبین''

۱۱۰۰ گیارہ سو مرتبہ پڑھیں اور اول و آخر ۲۱ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ اکتالیس دنوں تک ان شاءاللہ مطلب پورا ہوگا۔

(۷) دیگر

یہ آیت ۵۰ مرتبہ پڑھیں مع طالب و مطلوب مع والدہ نام لیتے جائیں۔ چالیس دنوں تک ان شاء اللہ مطلوب مسخر ہو جائے گا۔

رشتہ کے مسائل

یادرہے کہ اولادلڑکا یالڑکی جوان ہوجائے توان کی فوری طور پرشادی کرنا ضروری ہے،

(۱)۔بہت ایسے لوگ ہمارے ملک میں موجود ہیں جوشریعت کے مبلغ ہونے کا دعوی توکرتے ہیں لیکن شادی کرنے کوکوئی اہمیت نہیں دیتے۔

(۲)۔اوراس ٹوٹل کوپورا کرنے کے لئے منگنی یاصرف نکاح پڑھادیتے ہیں لیکن صرف نکاح پڑھ لینے سے نکاح کے مقاصد پورے نہیں ہوتے جب تک میاں بیوی ملیں نہ۔

(۳)۔اورکبھی اپنی جہالت کی شرائط پیش کرتے ہیں اورپھرعذرپیش کرتے ہیں کہ کوئی مناسب رشتہ نہیں مل رہا،کیاہم لڑکیوں کواسی طرح پھینک دیں؟کیااسلام نے اسی طرح گھرسے نکال دینے یاپھینک دینے کا حکم کرتاہے؟

(۴)۔اوربعض نے لفظ''الکُفُوْ''کی غلط تشریح کرکے اس سے مراداپنی قوم اوراپناقبیلہ اوراپنا خاندان مراد لیتے ہیں،پھرعذرپیش کرتے ہیں کہ ہمیں کوئی''الکفو''میسرنہیں ہورہا۔

(۵)۔بعض کی نظرجہیزکی طرف اورنوکری وکمائی کی طرف ہوتی ہے۔میں عرض کروں گا کہ نوکری اورجہیز شادی کے لئے شرط نہیں ہے،اگراتناہی اس شرط کوپوارکرنے کاشوق ہےتووہ ان کے جوان ہونے سے پہلے بنالیں،اگرنہیں بناسکےتووہ اپنی ہی نالائقی ہےاوراپنی نالائقی کی وجہ سےاسلام کے حکم میں تاخیرنہیں کی جاسکتی۔

(۶)۔بعض لوگ یہ عذرپیش کرتے ہیں لڑکایالڑکی پڑھ رہے ہیں،توپڑھناشادی کی تاخیرکی کوئی معقول وجہ نہیں ہے،کیاشادی کرنے کے بعدپڑھائی کےاسباب مسدود ہوجائیں گے؟کیاشادی کوئی ایسافعل سے جوتعلیم سے روکتی ہے؟بہت ایسے لوگ موجود ہیں جنہوں نے شادی کے بعدعلمی کام پہلے سے زیادہ کیئے ہیں۔

ایسے لوگ موجود ہیں جنہوں نے پندرہ سال کی عمرمیں شادی کی،اس حال میں کہ انتہائی غربت میں تھےاور والدین معذورتھے،اس شخص نے شادی کے بعدعلم حاصل کیا،عالم بناپھرحفظ کیاپھرمیٹرک،ایف اے

،اس کے بعد دوسری شادی کی ، پانچ بچوں اور دو بیویوں کے باوجود بی اے، ڈبل ایم اے کیا،اس کے بعد تیسری شادی کی پھر ایم فل اور پی ایچ ڈی کی ،حکمت اور کمپیوٹر کے کورس کیئے۔کون کہتا ہے کہ شادی علم سے روکتی ہے؟

(۷)۔اگر کوئی پڑھ رہا ہے،تو کیا پڑھ رہا ہے؟اگر وہ خالص اسلام پڑھ رہا ہےتو وہی اسلام ہی شادی کا حکم دے رہا ہے۔

(۸)۔بعض لوگ اپنے خاندان سے باہر نہیں نکلتے اور عذر یہ پیش کرتے ہیں کہ دوسرے خاندان کا شخص جب آئے گا تو ہم سب ڈسٹرب ہونگے ،اپنا آنے جانے والا ہوتا ہےتو کوئی فکر نہیں ہوتی۔اس کے لئے عرض یہ ہے کہ ہم نے اپنے معاشرہ نے آنے کانے کا رواج غلط رکھا ہوا ہےاور شرعی پردے کا انتظام نہیں کیا تو کیا ہمارے غلط رویہ کا غلط عمل کا اسلام ذمہ دار ہے کہ ہم اپنے غلط فعل کا عذر پیش کر کے سوالا کھ انبیاء کرام علیہ السلام کی سنت کو اسٹاپ لگا دیں۔

(۹)۔اور بعض وٹے کے سودے ہوتے ہیں،اگر لڑکی کے بدلے لڑکی نہیں ملتی تو لڑکیاں بیٹھی رہتی ہیں،ان کی شادیاں نہیں ہوتیں، یہ بھی اسلام کی تعلیمات سے غفلت اور انحراف ہے۔

(۱۰)۔بعض لوگ لڑکوں اور لڑکیوں کو کھلا چھوڑ دیتے ہیں، جب کسی کی سیٹنگ ہو جاتی ہے پھر غیرت جاگ اٹھتی ہے، پھر کہتے ہیں کہ یہاں شادی کرنی ہے اور یہاں نہیں کرنی اور والدین کی مرضی چلے گی۔تو اس غیرت کا ٹائم ان کے جوان ہونے سے پہلے ہے،اگر یہ سوچ ہےتو شرعی پردہ کا انتظام پہلے سے ہی سکھایا جائیےاور بچپن میں عادت ڈال دی جائے۔

(۱۱)۔بعض لوگ دوسروں کو تبلیغ کرنے کے بڑے جرات مند ہوتے ہیں لیکن اپنے لڑکے یا لڑکی کو شادی کی بات نہیں کر سکتے ، وہاں ان کا دل کانپ جاتا ہے،ان سے کسی طریقہ سے پوچھ کر ان کی چائس معلوم کی جائے اور وہاں ہی رشتے کیئے جائیں۔

(۱۲)۔بعض لوگ اپنی لڑکیوں کے رشتہ کی بات بہت لوگوں کو کرتے ہیں اور بہت لوگوں کے ساتھ وعدہ کر کے پھر جاتے ہیں۔اس وجہ سے بہت فسادات ہو رہے ہیں اور یہ بڑی بداخلاقی اور گھٹیا قسم کی عادت ہے۔

(۱۳)۔اور لڑکے کو دیکھا جاتا ہے کہ وہ نوکری میں ہے یا نہیں اور دن میں کتنا کماتا ہے، یہ عذر بھی قابل قبول نہیں ہے۔کیونکہ شادی خود ایک مبارک عمل ہے، اسی کے ذریعہ اللہ تعالی رزق میں برکت ڈال دیتے ہیں اور یہ مادہ پرستی کا خیال توکل علی اللہ کے خلاف ہے۔جب شادی ہوگی تو از خود روزگار کے راستے کھلتے ہوئے نظر آئیں گے۔

(۱۴)۔بعض حضرات یہ عذر پیش کرتے ہیں کہ لڑکا یا لڑکی سمجھدار ہو جائیں اور کچھ سیکھیں پھر شادی کریں گے۔میں عرض کروں کا کس چیز کی سمجھداری؟ اور کیا سیکھیں گے؟ اور انسان کی عقل بچپن سے آہستہ آہستہ بڑھتی جاتی ہے، جوانی کے بعدان کی فوری شادی کردی جائے تو انسان کے بیوی کے ساتھ گذارنے کی ایک نئی زندگی بن جاتی ہے اور مجرد زندگی سے جوڑے کی زندگی پھر بچوں والی زندگی پیش آتی ہے تو اس میں عقل میں اضافہ ہوگا یا کمی ہوگی؟ ظاہر ہے کہ عقل میں اضافہ ہو جائے گا نئی نئی فکر پیدا ہوگی۔اور سیکھنا کیا ہوگا ؟ اگر اس سے مراد ازدواجی زندگی کا سیکھنا ہے تو وہ شادی کے بعد ہی ممکن ہے اور شادی سے ہی سیکنا ہے ۔اگر بیس سال تک شادی نہ کریں شادی کے بغیر ازدواجی معمالات کا سیکھنا ناممکن ہے۔اگر اس سیکھنے سے مراد کوئی اور بات سیکھنے ہے تو اس کا شادی سے کیا تعلق؟

اور جہاں سمجھداری کا تعلق ہے تو وہ ہر گھر کا اپنا معیار ہے، جس کو میں سمجھداری سمجھتا ہوں شاید دوسرا معاشرہ اس کو جہالت اور نادانی سمجھے، جس چیز کو ایک شخص سمجھداری سمجھ کر کہیں رشتہ کردے، جب ان کے گھر میں جائے تو وہ اس سمجھداری کو نادانی سمجھیں۔لہذا سمجھداری کے پیچھے لگ کر عمر ضائع نہیں کی جاسکتی اور نہ اس وجہ سے شادی روکی جاسکتی ہے۔اور اس سمجھداری کی بنیاد پر بہت نقصان ہو رہا ہے، اس زمانہ میں لڑکی یا لڑکا جب سمجھدار ہو جاتے ہیں تو وہ اپنا تعلق کہیں فٹ کر دیتے ہیں پھر کہتے ہیں کہ میرے والدین اور سارا کنبہ نادان اور بے وقوف ہے اور سب سے زیادہ ہم سمجھدار ہیں، بہتر یہ ہے کہ اتنا سمجھدار بنائیں جو آپ سے زیادہ سمجھدار نہ ہو جائیں۔آپ یہ تجربہ کر کے دیکھیں ایک دس سال کے لڑکے کو موبائل کی دکان یا کپڑوں کی دکان پر لے جائیں، وہاں موبائل یا کپڑوں کا آپ بھی انتخاب کریں اور وہ لڑکا بھی کرے پھر دکان دار سے یا کسی اور سے فیصلہ کروائیں کہ زیادہ چالاک باپ ہے یا دس سال کا بیٹا؟

اسی طرح دس سال کی لڑکی کو چوڑیوں کی اور میک اپ کی بازار میں لے جائیں پھر دیکھ لینا کہ کون

زیادہ ہوشیار رہے؟ یادرہے کہ آج کے دس سال کے لڑکے یا لڑکیاں ماں باپ سے زیادہ ہوشیار و چالاک ہیں لہذا ہوشیار ہونے کی آپ فکر ہی چھوڑ دیں۔

(۱۵) بعض لوگ یہ عذر پیش کرتے ہیں کہ لڑکا کچا ہے اور کچی عمر ہے، شادی سے اس کی کمر ٹوٹ جائے گی، کمزور ہوجائے گا۔ یہ بھی کوئی عذر نہیں ہے۔ اسلام نے یہ مسائل بھی حل کئے ہیں اور جماع کے آداب بتائے ہیں اور اسلامی طب اور ایلوپیتھی اور ہومیوپیتھی میڈیکل موجود ہے۔

(۱۶) بعض لڑکیاں خود انکار کرتی ہیں کہ وہ اسی طرح ہی مجرد زندگی گذاریں گی اور ان کو شادی کی خواہش یا ضرورت نہیں ہے۔ یہ بھی ان کو نفسیاتی بیماری ہوتی ہے وہ کسی چیز سے مرعوب ہوئی ہوتی ہیں۔ ان کا نفسیاتی علاج کرنا ضروری ہے اور ان کو ترغیب دے کر شادی کرنا ضروری ہے۔

(۱۷) بعض لڑکیاں کوئی ہنر سیکھ لیتی ہیں یا کوئی ہلکی نوکری ان کو مل جاتی ہے تو والدین خوش ہوجاتے ہیں کہ گذارہ اچھا ہو رہا ہے لہذا شادی کی ضرورت نہیں، یہ بھی کوئی معقول عذر نہیں ہے پھر بھی شادی لازم ہے۔ شادی کا مقصد کھانے پہنے کے لئے سامان اکٹھا کرنا صرف نہیں۔ ایک نیا معاشرہ تشکیل دینا، بچے پیدا کرنا اور اپنی جنسی جائز خواہش جائز طریقے سے پوری کرنا، اپنے حق کے ساتھ اپنی عفت وعصمت محفوظ کرنا، اپنے خارجی تمام امور کے لئے ایک مرد کو حاکم بنانا، اور مرد عورت کا لباس ہے عورت مرد کا، اس لباس کو پہننا وغیرہ وغیرہ۔ صرف ہنر سیکھنے اور پیسے کی آمدنی سے شادی والے مقاصد پورے نہ ہونگے۔

(۱۸)۔ ٹائم پر شادی نہ کرنے سے بہت سی بیماریاں جنم لے رہی ہیں وہ والدین کے لئے آخرت کی سزا کے ساتھ ساتھ دنیاوی سزا بھی ہے کہ شادی لیٹ کرنے کی وجہ سے بیماریوں کا مقابلہ بھی کرے اور بعض ایسی بیماریاں ہیں جن کا سوائے شادی کے اور کوئی علاج ہی نہیں ہے۔

مزید معلومات کے لئے محترمہ ام عبدمنیب کی کتاب ''رشتے کیوں نہیں ملتے'' کا مطالعہ کریں۔

رشتے کیوں نہیں ملتے؟

کہا جاتا ہے کہ بڑی کوشش کی ہے لیکن رشتے نہیں ملتے، میں ایک مشورہ پیش کرتا ہوں کہ لڑکی یا لڑکے کا باپ، اس نے جو لڑکے یا لڑکی کو اس زمانہ کے مطابق پڑھایا اور سکھایا ہے اور دین کی تعلیم دی ہے

مثلا

(۱) ایک لڑکی قرآن مجید کی حافظہ ہے اور عالمہ ہے

(۲) فلاں فرقہ سے تعلق رکھتی ہے۔

(۳) مکمل دیندار، پرہیزگار پابند صوم وصلوۃ ہے۔

(۴) دیندار گھرانے سے تعلق ہے۔

(۵) شرعی پردہ کی پابند ہے۔

(٦) دنیاوی علوم میں سے ایف ایس سی کر چکی ہے اور اچھے نمبر لئے ہیں۔

یا

حکمت یا درزی کا کام یا فلاں ہنر بھی ہے۔ یا ٹیچنگ کا تجربہ رکھتی ہے یا مدرسہ میں حفظ کی کلاس کا عربی کی کلاس پڑھا رہی ہے۔

اسی کوائف کا لڑکا درکار ہے اور یہ اشتہار اخبار میں یا مدارس کے کسی ماہانہ رسالہ میں دے دیں اور بے شک اپنا پتہ نہ بتائیں صرف خط کا کوڈ نمبر دے دیں پھر دیکھنا کہ کتنے رشتے ملتے ہیں پھر دیکھ بھال کر وہاں رشتہ کریں۔

باقی اگر کوئی لڑکی جاہل ہے اور خود بھی جاہل ہے یا اسلام سے لڑکے لڑکیاں دور اور خود بھی دور پھر واقع رشتے نہیں ملتے لیکن پھر بھی مادہ پرست اور دنیا دار طبقہ کے لئے ہمیشہ بازار کھلی ہوئی ہے، اگر صرف یہ اشتہار دیا جائے کہ ایک لڑکی ایم بی بی ایس ڈاکٹر ہے یا انجینئر ہے یا اس کی لاکھ روپیہ ماہانہ تنخواہ ہے، اس کے لئے اس کوائف کے مطابق رشتہ درکار ہے پھر دیکھیں کس طرح رشتے ملتے ہیں؟

اگر کسی کے پاس نہ دین ہے نہ ہنر نہ دنیا، اس کے لئے رشتے آٹو میٹک نہیں ملتے اور اپنی برادری میں دھکے کھانے پڑتے ہیں لیکن یہ قصور ہمارا اپنا ہوتا ہے اور اس کا کفارہ لڑکا یا لڑکی ادا کرتے رہتے ہیں اور یہ شادی کو روکنے کی معقول وجہ نہیں ہے۔

اسلام پر عمل کرنے کے بعد اگر رشتے طے نہیں ہوتے تو کچھ اعمال درج کئے جاتے ہیں

پیغام نکاح قبول ہونے کا عمل

درج ذیل آیت لکھ کر بازو پر باندھیں انشاءاللہ جہاں پیغام نکاح بھیجیں گے منظور ہوگا۔

قل ان الفضل بید الله یوتیه من یشاء و الله و اسع علیم یختص برحمته من یشاء والله ذو الفضل العظیم

(۲)ولا تمدن عینیک الی ما متعنا به ازواجا منهم زهرة الحیٰوة الدنیا لنفتنهم فیه و رزق ربک خیر و ابقی وامر اهلک بالصلوۃ واصطبر علیها لا نسئلک رزقا نحن نرزقک والعاقبة للتقوی .

(۲)دوسرا عمل

سورۃ احزاب کو کاغذ پر لکھ کر ایک ڈبہ میں بند کر کے گھر میں رکھیں۔انشاءاللہ لڑکی کے لئے نکاح کے پیغامات بکثرت آئیں گے۔

جس لڑکی کا پیغام نکاح نہ آتا ہو

اس کے لئے کوئی شخص ''یامغنی'' نماز عشاء کے بعد گیارہ ہزار مرتبہ پڑھے گیارہ دنوں تک انشاءاللہ مراد پوری ہوائے گی۔

شادی میں بندش کا درود ابراہیمی سے حل

جس لڑکے یا لڑکی کی شادی میں رکاوٹ ہو وہ یا ان کے والدین مغرب کی نماز کے بعد پانچ سو مرتبہ درود ابراہیمی پڑھیں،انشاءللہ رکاوٹ دور ہوجائے گی۔

رشتہ نہ ملتا ہو

اگر کسی کی شادی نہ ہوتی ہو یا رشتہ نہ ہوتا ہو عشاء نماز کے بعد سجدہ میں جا کر یہ آیت پانچ سو بار پڑھیں،انشاءاللہ جلدی رشتہ ہوجائے گا۔

''وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهِ وَهَمَّ بِهَا لَوْلَا أَنْ رَأَى بُرْهَانَ رَبِّهِ كَذَلِكَ لِنَصْرِفَ عَنْهُ السُّوءَ وَالْفَحْشَاءَ إِنَّهُ مِنْ عِبَادِنَا الْمُخْلَصِينَ (یوسف۲۴)

رشتہ کے لئے غیب سے سامان

جس لڑکی کا رشتہ نہ ہوتا ہو یا اس کا سامان جہیز نہ بن سکتا ہو یا کہیں سے پیغام نہ آئے، وہ شخص گیارہ ہزار بار عشاء کی نماز کے بعد اللہ تعالی کا پاکیزہ نام ''یا مُعْطِیُ'' پڑھے جمعرات سے شروع کرے اور اتوار پر عمل ختم کرے گیارہ روز عمل کرے اور دیکھے کہ غیب سے کیا ظاہر ہوتا ہے؟

(۲) دیگر

جس لڑکی یا لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو تو وہ تازہ وضو کرے اور نفل پڑھے نماز سے فارغ ہو کر اپنے مقصد کو پیشِ نظر رکھ کر سو مرتبہ ''یا لطیف'' پڑھے، انشاءاللہ تعالی ایک ماہ کے اندر مقصد پورا ہوگا۔
اگر یہ اسم گیارہ سو مرتبہ اور اسکے اول و آخر گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھا جائے اور اس کے بعد سجدہ میں دعا مانگی جائے تو دیکھنا کہ کس طرح لڑکیوں کے نصیب کھلتے ہیں۔

رشتہ کے لئے ایک لاجواب عمل

یہ آیت کریمہ ایک ہزار بار یا ۳۱۳ بار لڑکا یا لڑکی خود پڑھیں، انشاءاللہ جلدی رشتے آنے لگیں گے۔ ''وَهُوَ الَّذِى خَلَقَ مِنَ الْمَاءِ بَشَرًا فَجَعَلَهُ نَسَبًا وَصِهْرًا وَكَانَ رَبُّكَ قَدِيرًا ''

رشتہ نہ ملتا ہو

اگر کسی لڑکی کا اچھا رشتہ نہیں مل رہا یا کہیں سے کوئی پیغام نہیں آ رہا تو عروج ماہ میں با وضو اکتالیس مرتبہ سورۃ یاسین پڑھیں پھر اللہ تعالی سے دعا مانگیں انشاءاللہ نیک رشتہ کا پیغام آ جائے گا۔

من پسند رشتہ کے لئے درود شریف

جو چاہے کہ اسے من پسند رشتہ ملے اور ظاہر و باطن میں با کمال ہو وہ تہجد کے وقت گیارہ سو مرتبہ درج ذیل درود شریف پڑھے اور بارگاہِ الٰہی میں دعا کرے، انشاءاللہ اس کی جائز مراد پوری ہوگی اور اس رشتہ سے باہم الفت و محبت ہوگی مدت عمل اکیانوے دن ہے

الحمد لله ذی العزة والكبرياء وصلى الله على محمد خاتَم الانبياء

بیٹے اور بیٹی کی شادی اچھی جگہ ہو

۳۳۱۳ مرتبہ عشاء کے بعد یہ آیت روزانہ پڑھیں

سبحن الذی خلق الازواج کلھا مما تنبت الارض ومن انفسھم ومما لا یعلمون.

حسب پسند شادی کرنا

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اس کی مرضی کے مطابق پسند کی شادی ہو جائے تو وہ درج ذیل کلمات ۳۱۳ مرتبہ پڑھے نہ کم کرے نہ زیادہ اور بلا ناغہ عمل کرے

یا ستار العیوب ، یا مسبب الاسباب ایاک نعبد وایاک نستعین یا حی یا قیوم برحمتک استغیث

انشاءاللہ ضرور اور جلدی کامیابی ہوگی۔

حسب منشا شادی ہو

چار نمازوں کے بعد ۳۳ مرتبہ اور نماز عشاء کے بعد ۳۳۳ مرتبہ یہ آیت مبارکہ پڑھیں

إِنَّمَا أَشْكُو بَثِّي وَحُزْنِي إِلَى اللَّهِ

مقصد کے حصول تک اس کا بڑھنا ضروری ہے اور بے حد اکسیر ہے لیکن شرط یہ ہے کہ وظیفہ پڑھنے کے بعد اس طرح دعا کرے: اے میرے اللہ! میرا کام فلاں جگہ کر دے اگر میرے دین و دنیا کے لئے مفید ہے تو اس جگہ کر دے ورنہ جہاں تیری رضا ہو وہاں مجھے منظور ہے انشاءاللہ چند دنوں میں کامیابی حاصل ہوگی۔

() بیوی کے ساتھ دوسرے رشتہ دار راضی کرنا

اگر کوئی چاہے کہ اس کی بیوی، بہن، بھائی، والد، والدہ سب اس سے خوش ہوں اور محبت کرنے لگیں تو اکیس مرتبہ درود شریف پڑھیں، اس کے بعد درج ذیل کلمات ۳۰۰ مرتبہ پڑھیں اور آخر میں اکیس بار پھر درود شریف پڑھیں یہ عمل اکتالیس دنوں تک جاری رکھیں متعلقہ لوگوں کا تصور رکھیں۔

يَا قَابِضُ اِقْبِضْ ،ثُمَّ قَبَضْنَاهُ إِلَيْنَا قَبْضًا يَسِيرًا

لڑکیوں کی خوش قسمتی

جوکوئی سورۃ سجدہ اکتالیس بار پڑھے تو اللہ تعالی اپنے فضل وکرم سے لڑکیوں کو عیش وخوشی کی زندگی عطا فرماتے ہیں۔

رشتوں کی لائن لگ جائے

ظہر کی نماز کے بعد تین مرتبہ سورۃ رحمٰن، پڑھیں تو رشتوں کی لائن لگ جاتی ہے اور یہ تین دن کا عمل ہے۔

ہدایات برائے کشائش رزق

جاننا چاہئے کہ رزق کمانے کا اللہ تعالی نے حکم دیا ہے اور ہمارے ذمہ لگایا ہے، اور رزق ہم نے ہی کمانا ہے، اور ہم کہا کرتے ہیں کہ اللہ تعالی رزق کا ضامن ہے تو اس جملے کا مطلب یہ ہے کہ ہم اپنی سو فیصد کوشش اور حیلہ کریں پھر جو ہمیں رزق میسر ہوتا ہے وہ اللہ تعالی کے علم میں جو ہمارے مقدر میں لکھا ہوا تھا وہ ملا، اور وہ جو اللہ تعالی نے دیا وہ بھی اپنے فضل وکرم سے دیا، اس پر کوئی ذمہ داری نہ تھی۔ اور تمام مسلمانوں کا متفقہ عقیدہ ہے کہ اللہ تعالی بے پرواہ اور بے نیاز ہے، اس پر کوئی باز پرس نہیں ہے، اس پر کوئی چیز واجب یا فرض نہیں ہے۔ جس کے ادا کرنے پر وہ مجبور ہو۔

اگر کوئی بھوک یا پیاس سے مرجاتا ہے تو وہ اس کا اپنا ہی قصور ہے، اللہ تعالی پر کوئی الزام نہیں آسکتا، اس زمانہ میں ہزارہا لوگ بھوک اور پیاس میں مر رہے ہیں، وہ ان کی اپنی کوتاہیاں ہیں۔ بنگلہ دیش میں بہت لوگ بلکہ ہمارے ملک میں بہت لوگ بھوک میں مر گئے اور امام حسینؓ سمیت ۷۲ ساتھی، معصوم بچوں سمیت پیاس میں جان دے گئے وہاں اللہ تعالی کی ضمانت کا کسی نے کوئی سوال نہیں کیا۔

بعض لوگ کہا کرتے ہیں کہ وہ تو امتحان تھا، امتحان واقع ہوتا ہے اور اللہ تعالی نے سورۃ بقرۃ میں آزمائش و امتحان سے آگاہ کیا ہے لیکن اللہ تعالی نے کسی کو یہ نہیں بتایا کہ فلاں پر تنگی اس لئے ہے کہ میں اس سے امتحان لے رہا ہوں لہذا کسی مصیبت کو اللہ تعالی کے حوالے کر کے اللہ تعالی کی طرف منسوب نہیں کیا جاسکتا، مصیبت، مشکل اور جو بھی برائی ہوگی وہ شیطان کی طرف منسوب ہوگی وہی تمام خرابیوں اور برائیوں کا ضامن ہے۔ انبیاء علیہم السلام پر امتحانات آئے ہیں جن میں سے حضرت ایوب علیہ السلام کے امتحان کو کون نہیں جانتا؟ لیکن انہوں نے شیطان کی طرف منسوب کرتے ہوئے یوں فریاد کی ہے:

وَاذْكُرْ عَبْدَنَا أَيُّوبَ إِذْ نَادَىٰ رَبَّهُ أَنِّي مَسَّنِيَ الشَّيْطَانُ بِنُصْبٍ وَعَذَابٍ (ص ۴۱)

اے میرے رب! مجھے شیطان نے تکلیف اور عذاب پہنچایا ہے۔

اور حضرت ابراہیم علیہ السلام پر جو امتحانات آئے ان سے کون ناواقف ہے؟ انہوں نے اپنی بیماری کی شکایت یوں فرمائی:

وَإِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِينِ

یہ میں جب بیمار ہو جاتا ہوں تو اللہ تعالی شفا دیتے ہیں۔

بیماری کی نسبت اپنی طرف فرمائی نہ کہ اللہ تعالی کی طرف۔

اللہ تعالی ارشاد فرماتے ہیں:

مَا أَصَابَکَ مِنْ حَسَنَةٍ فَمِنَ اللَّهِ وَمَا أَصَابَکَ مِنْ سَيِّئَةٍ فَمِنْ نَفْسِکَ

جو تمہیں بھلائی پہنچے تو وہ اللہ کی طرف سے ہے اور جو برائی پہنچے تو وہ تمہاری طرف سے ہے۔

لہذا امتحان میں بھی جو برائی پہنچے گی اس کا ضامن برائی پہنچانے والا ہوگا۔جن لوگوں نے انبیاء کرام علیہم السلام کو تکلیفیں اور ایذا دئے اگر چہ وہ تکلیفیں انبیاء کے لئے آزمائشیں تھیں لیکن ان ایذا دینے والوں سے مواخذہ ہوگا، وہ اس کا حساب دیں گے۔

بعض لوگ کہا کرتے ہیں کہ حضرت امام حسینؓ کربلا میں لشکر سمیت شہید ہوئے، اللہ تعالی کی رضا ہی یہی تھی

یہ جملہ بہت غلط ہے، ان کے مارے جانے اور اہل بیت کی بے حرمتی پر بالکل اللہ تعالی راضی نہ تھے، بلکہ اللہ تعالی ان لوگوں پر سخت ناراض تھے جنہوں نے یہ حرکت کی اور امام حسینؓ کے قتل میں حصہ لیا یا راضی ہوا۔اللہ تعالی ان پر ناراض ہیں۔

مومن کے کام

اور مومن کے جو کام ہیں جیسے اللہ تعالی کے فرائض بجالانا اور حقوق العباد ادا کرنا تو مکمل دینداری سے رہنا اللہ تعالی کے تمام فرائض ادا کرنا ایک طرف سے اللہ تعالی اور بندے کے درمیان معاملہ کی بات ہے اور دوسری طرف سے حقوق العباد میں سے اچھا کاروبار کرنا، اس کو ایماندار سے نبھانا، اس کو تمام اسلامی احکامات کے مطابق چلانا، اللہ تعالی پر توکل کرنا، کچھ نفع ہونے پر اللہ تعالی کا شکر بجالانا اور کسی نقصان ہونے پر صبر کرنا اور اللہ تعالی سے التجا کرنا اور اللہ تعالی کے ذکر و عبادت کی طرف زیادہ رجوع کرنا یہ ساری باتیں مومن کی شایان شان ہیں

رزق میں برکت نے بنیادی عوامل

اگرکوئی شخص اسلام کے تمام احکام بجالاتا ہےتو اس کے رزق میں برکت ہی ہوتی ہے،اس کے لئے یہ ساری زمین برکتوں سے بھری ہوئی ہے۔اس نے شیطان منحوس کو چھوڑ دیا تو برکتیں ہی برکتیں ہیں۔

اوررزق کی کشادگی کے لئے بہت سے شرعی اعمال ہیں جس طرح

(۱)۔توبہ واستغفار۔

(۲)۔تقوی۔

(۳)۔توکل علی اللہ۔

(۴)۔اللہ کی عبادت کی کثرت۔

(۵)۔حج وعمرہ کرنا۔

(۶)۔رشتہ داروں سے حسن سلوک۔

(۷)۔اللہ تعالی کی راہ میں خرچ کرنا۔

(۸)۔دین کے علوم کے لئے اپنے آپ کو وقف کرنا۔

(۹)۔کمزوروں،غریبوں،یتیموں،مسکینوں سے بھلائی کرنا،ان کی مدد کرنا۔

(۱۰)۔جہاں اسلام پرعمل ممکن نہ ہو وہاں سے ہجرت کرنا۔

(۱۱)۔دنیا کے حرص کو چھوڑ کر آخرت کی طرف پوری توجہ دینا۔

یادرہے:

کہ دنیا کے لالچی اورحریص کے رزق میں برکت نہیں ہوتی،اگراس کو مال کثیر ملتا ہےتو وہ اس کے لئے ایک ڈھیل ہےاورشیطان کا کھلونا ہے،اسی مال کے ذریعہ اس سے شیطان بہت غلط کام کرواتا ہے لیکن وہ نادان گمان رکھتا ہے کہ میں برکتوں سے بھرا ہوا ہوں۔

یادرہے کہ طالبِ دنیا کی اللہ تعالی کے ساتھ محبت نہیں ہوسکتی،بےشک وہ چہرہ وعمل سے بڑا مومن وبزرگ نظر آئے،اوراس کے دل میں نورپیدا نہیں ہوسکتا۔

اوروہ کسی انسان کے لئے بھی مخلص وسچا نہیں ہوسکتا کیونکہ جو اپنے رب کریم سے سچا نہیں جس نے

اس کو پیدا کیا، اس کو رزق دیا، اور وہ اس کے سامنے پیش ہوگا تو وہ انسان کے لئے کیسے سچا ہو سکتا ہے؟

(۱۲)۔اللہ تعالی کے احکامات پر قرآن وحدیث پر عمل کے لئے ہمیشہ تیار رہنا۔

(۱۳)۔تمام صالح اعمال کے لئے پیش پیش رہنا۔

(۱۴)۔اسلام کی اشاعت وتبلیغ میں پیش پیش رہنا۔

(۱۵)۔اپنے اہل، اہل محلّہ اور اہل وطن کے لئے اسلامی تبلیغ کی جدوجہد کرنا۔

(۱۶)۔اللہ کا ذکر کثرت سے کرنا اور درود شریف کا ورد کثرت سے کرنا۔

(۱۷)۔جوان ہوتے ہی نکاح وشادی کرنا۔

اس موضوع پر رشتہ کے موضوع میں ہم خوب بحث کر آئے ہیں، اس باب میں یہ مسئلہ ملاحظہ کریں اور یہ اہم مسئلہ ہے جب کہ بہت جاہل ونادان اس مسئلہ سے غافل ہیں۔

(۱۸)۔اور اپنے لڑکوں اور لڑکیوں کا جوان ہوتے ہی شادی کروانا۔

(۱۹)۔ہر مبارک کام صبح کے اندھیرے میں کرنا۔

(۲۰)۔ہر کام میں سچائی ایمانداری کرنا، کسی کو نقصان نہ دینا نہ کسی کے لئے نقصان سوچنا۔

(۲۱)۔سلام کہہ کر گھر میں داخل ہونا اور ہر جگہ سلام کے آداب کو ملحوظ رکھنا۔

(۲۲)۔مساجد کی زیادہ وقت صرف کرنا اور مساجد کی طرف چل کر جانا۔

(۲۳)۔اللہ کی راہ میں نکلنا۔

(۲۴)۔مریض کی عیادت کرنا اور بیماروں کی خدمت کرنا۔

(۲۵)۔کہیں بھی کسی کی غیبت نہ کرنا۔

(۲۶)۔تمام رزائل (بری باتوں) سے اپنے آپ کو بچانا۔

(۲۷)۔اللہ تعالی کی حدود کا خیال رکھنا، ان کو پورا کرنے کی سو فیصد کوشش کرنا۔

حدود سے مراد اللہ تعالی کی نازل کی ہوئی وہ سزائیں ہیں جو چور، زانی، قاتل، اور شرابی وغیرہ کے لئے اللہ تعالی نے مقرر فرمائی ہیں، ان کا مقصد قیام امن ہے اور وہ سزائیں ہمارے ملک میں مفقود ہیں لیکن یہ چیز تو ہمارے بس میں ہے کہ ایسے لوگوں سے ہم میل میلاپ ختم کردیں اور اپنے معاشرہ سے نکال دیں۔اور ان

لوگوں سے دوستی لگانا، ان کی مجلس میں بیٹھا باعثِ بدبختی ونحوست ہے۔

(۲۸)۔اپنے سچے اور خالص دین اسلام پر استقامت سے رہنا۔

(۲۹)۔بدعات سے گریز کرنا۔

یادرہے:

کہ بدعتی کے رزق میں برکت نہیں ہوتی، ظاہری اس کو مال زیادہ ملتا ہے اور وہ خوشی میں چوڑا ہو جاتا ہے، یہ اس کے ساتھ شیطان کی حرکت ہوتی ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہر بدعت ضلالت وگمراہی ہے اور ہر گمراہی جہنم میں لے جانے والی ہے تو گمراہی، تو ظاہر ہے کہ گمراہی نحوست وبدبختی ہے۔

(۳۰)۔ادعیہ ماثورہ کی ادائگی کا زیادہ اہتمام کرنا۔

(۳۱)۔فضول پیسہ خرچ نہ کرنا۔

اللہ تعالی فرماتے ہیں:

إِنَّ الْمُبَذِّرِينَ كَانُوا إِخْوَانَ الشَّيَاطِين (بنی اسرائیل ۲۷)

کہ فضول خرچ کرنے والے شیطان کے بھائی ہیں۔

فضول کرنے والا شیطان کا شریک اور اس کا پیروکار ہے، وہ بدبخت ومنحوس ہے۔

روزی میں برکت کے فطری عمل

اللہ تعالی کی عبادت شریعت پرعمل اللہ تعالی پر توکل، تلاش رزق میں محنت

کھانے پینے کی اشیاء اور رزق کی چیزوں کو ضایع نہ کریں

دسترخوان پر بچے ہوئے اور سوکھے ہوئے ٹکڑے کھالیں، اگرچہ زمین پر گرے پڑے ہوں وہ صاف کریں خود کھائیں یا کسی جانور کو کھلادیں۔

پلیٹ کو اچھی طرح صاف کریں اس طرح نظر آئے کہ دھلی ہوئی ہے۔

جو بھی رزق ملے اللہ تعالی کا شکر کریں چاہے سوکھا ٹکڑا کیوں نہ ہو۔

اپنی غربت، بھوک، وافلاس ی شکایت اللہ تعالی کے سوا کسی سے نہ کریں۔

اپنی کوتاہی کی طرف نظر کریں اور اپنے اندر جھانکیں کہ یہ غربت اپنی کس کوتاہی سے واقع ہوئی ہے۔

اپنے اعمال کی اصلاح کرنے کی سو فیصد کوشش کریں۔
رزق کا حصول جائز و مسنون راہ سے کریں
ان شاء اللہ رزق کے دروازے کھل جائیں گے

نوٹ:

آج کا ہمارا نظام بہت اطراف سے فضول خرچی کا شکار ہے، جس میں شادی کی رسمیں، مرنے کی رسمیں، گھریلو معاملات میں، خرید و فروخت میں کھانے اور پینے میں، ہر جگہ فضول خرچی زیادہ کی جاتی ہے۔ ان تمام فضولیات کو ختم کرنا ہماری ذمہ داری ہے اور ہر ممکن کوشش کرنی ہے۔

(۳۲) بے وقوف و نادان کے ہاتھ مال نہ دینا۔

یہ بھی ایک اہل مسئلہ ہے، ہمارے معاشرے میں بہت نادان و نالائق پائے جاتے ہیں، اور پیسہ مال ہے جس پر انسان کی زندگی کا انحصار ہے، یہ نادان کے ہاتھ میں دینا باعث نحوست ہے اور شیطان کی پیروی ہے اللہ تعالی ارشاد فرماتے ہیں:

وَلَا تُؤْتُوا السُّفَهَاءَ أَمْوَالَكُمُ الَّتِي جَعَلَ اللَّهُ لَكُمْ قِيَامًا (سورۃ نساء ۵)

اور نادانوں کو اپنا مال نہ دو جنہیں اللہ تعالی نے تمہاری (زندگی کے) لئے سہارا بنایا ہے۔

(۳۳) اور قناعت کرنا۔

(۳۴)۔ اپنے لئے حلال رزق کی تلاش کرنا اور سوٗ فیصد محنت اور کوشش کرنا۔

(۳۵) ایسا کاروبار کرنا جس کی وجہ سے اسلام کے احکام میں کوتاہی نہ ہو نہ اللہ و رسول ﷺ کی نافرمانی لازم آئے، نہ کوئی کاروبار نافرمانی کا باعث بنے۔

مندرجہ بالا تمام وہ شرعی اعمال ہیں جن سے مومن کا رزق کشادہ ہوتا ہے۔
تفصیل کے لئے کتاب ''رزق کی کنجیاں'' پروفیسر ڈاکٹر فضل الہی کی کتاب کا مطالعہ کریں۔

نوٹ:

اس زمانہ میں بہت ایسے کاروبار رائج ہیں جن میں اسلامی احکام آسانی سے ادا نہیں ہو سکتے، یاد

رہے کہ ان کاروباروں میں برکت نہیں ہے۔

جیسے:

گاڑیوں کا کام

کوئی شخص، بس، ریل گاڑی، ٹرک، سزکی، ڈاٹسن، وین، یا رکشہ چلانے کا کاروبار کرتا ہے تو اگر چہ یہ بھی انسان کی ضرورت ہے اور انسانی خدمت ہے لیکن ان سے فرض نماز جماعت سے ادا نہیں کر سکتا اور بہت مشکل ہو جاتا ہے۔

اور پھر ان گاڑیوں میں گانے چلانا موت کی گھاٹ پر بیٹھ کر شیطان کو دعوت دینے کے مترادف ہے کہ اگر اچانک موت واقع ہو تو شیطان آسانی سے جہنم میں پہنچا سکے۔ اگر ایمان اور خوف خدا ہو تو گاڑیوں میں قرآن مجید کی تلاوت، اس کا ترجمہ، کوئی اچھا اسلامی وعظ چلایا جا سکتا ہے یا اللہ تعالی کی حمد و نعت۔

الیکٹرونس وغیرہ

الیکٹرونکس میں سے میوزک کا کام، اسی طرح نائی کا داڑھی مونڈنے والا کام، اسی طرح طرح طرح دھوکے وفریب کی دلالی، سینیما و میوزک کے کام، انٹرنیٹ کے کیفے چلانا جس میں غلط کاموں کی پابندی نہ لگائی گئی ہو، غلط لٹریچر بیچنا، وغیرہ بہت کام ہیں جن کا شرعی جواز نہیں ہے۔ ان کاموں میں برکت نہیں ہوگی، اگر نظر آئے بھی سہی تو وہ ایک شیطان کا دھوکہ ہے جس طرح ہندوؤں کے کاروبار میں بڑی برکت نظر آتی ہے اور ہر ہندو مالدار نظر آتا ہے تو یہ برکت نہیں، بلکہ اللہ کی طرف سے ایک مہلت ہے۔

سب سے زیادہ منحوس فعل

سود سب سے زیادہ منحوس فعل ہے لہذا سود کھانے والا، دینے والا، اس میں شریک ہونے ولا، گواہ ہونے والا، سود خور سے دوستی لگانے والا، اس کے ساتھ رہنے والا، سود خور سے راضی رہنے والا یہ سب کے سب اس نحوست میں پکڑے جاتے ہیں، اسی طرح بینک کے سودی قرض کا معاملہ ہے، انسان تو اپنے آپ کو چالاک سمجھتے ہوئے اپنے ذہن میں بہت تدبیریں اور ترکیبیں بناتا ہے کہ میں اگر سود پر لاکھ رپیہ کے

لوں اس کا فلان کوروبار کرلوں وہاں سے ترقی ہوجائے گی یا کم از کم ایسی جگہ پر پلاٹ لے لوں جو ایک سال کے بعد پانچ لاکھ کا فروخت ہوگا، اگر پچاس ہزار سود کے زیادہ ہوئے تو کوئی مسئلہ نہیں ساڑھے تین لاکھ تو بچ جائیں گے۔

میں عرض کروں کہ یہاں صرف پیسے کی کمی یا زیادتی اور کاروبار میں نفع ونقصان کی بات نہیں ہو رہی
۔

پہلی بات یہ ہے کہ سود کے معاملہ میں آنا اللہ تعالی سے جنگ کا اعلان ہے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَذَرُوا مَا بَقِيَ مِنَ الرِّبَا إِنْ كُنتُمْ مُؤْمِنِينَ فَإِنْ لَمْ تَفْعَلُوا فَأْذَنُوا بِحَرْبٍ مِنَ اللَّهِ وَرَسُولِهِ(بقرہ۲۷۹)

اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو جو سود باقی رہ گئی ہے اس کو چھوڑ دو اگر تم مومن ہو۔ اگر تم نے ایسا نہ کیا تو اللہ اور اس کے رسول سے اعلان جنگ سن لو۔

کیا کوئی مسلمان ایسا ہے؟ جو اس بات کو قبول کرے کہ وہ اللہ ورسول ﷺ سے جنگ کرے ۔یہاں سودخوروں کو اپنے اندر جھنا کنا چاہئے کہ ہم اللہ ورسول ﷺ کے خلاف جنگ کر رہے ہیں اور اس کو اپنے متعلق فیصلہ کر لینا چاہئے کہ میں کتنی برکت کا مستحق ہوں؟ میں لعنت اور بدبختی کے گھیرے میں تو نہیں آ گیا؟

اللہ تعالی ارشاد فرماتے ہیں:

يَمْحَقُ اللَّهُ الرِّبَا وَيُرْبِي الصَّدَقَاتِ وَاللَّهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ كَفَّارٍ أَثِيمٍ(بقرہ۲۷۶)

اللہ تعالی سود کو مٹاتا ہے اور صدقات کو بڑھاتا ہے، اور اللہ تعالی ہر ناشکرو گناہگار کو دوست نہیں رکھتا۔

یہاں بھی سودخوروں کو فیصلہ کرنا چاہئے کہ جب اللہ تعالی سود کو مٹاتا ہے تو اس میں برکت ہوگی یا لعنت ہوگی؟ اور وہ کتنا نفع کما سکتا ہے اور اس کو نفع اور برکتیں کون دے گا؟

یاد رہے کہ

ذہن میں یہ خیالات شیطان لاتا ہے، جس نے شیطان کی اتباع کرتے ہوئے سودی معاملہ میں ہاتھ ڈالا، اس نے اپنی ساری کمائی میں لعنت ڈال دی اور بدبختی سے اپنا گھر بھر دیا، اس کو چاہئے کہ وہ سچے

دل سے توبہ کرے کہ کبھی کسی بھی وقت سود کے کسی بھی معاملہ میں نہیں آئے گا، چاہے بھوک میں مرجائے ، چاہے بازاروں میں جا کر بھیک مانگنی پڑے، چاہے کچھ بھی ہو جائے۔

گھر میں غربت آنے کے اسباب

چند ایسے اسباب ہیں جن کی وجہ سے غربت واقع ہوتی ہے وہ مختصر بیان کئے جاتے ہیں

غسل؛ خانے میں پیشاب کرنا

گھر میں کوڑا کرکٹ رکھنا صفائی نہ کرنا

رشتہ داروں سے بدسلوکی کرنا

مغرب وعشاء کے درمیان سونا

مہمان آنے پر ناراض ہونا

آمدنی سے زیادہ خرچ کرنا

صبح سورج نکلنے تک سونا

درخت کے نیچے پیشاب کرنا

قبرستان میں ہنسنا

برے خیالات کرنا

بغیر وضو قرآن مجید پڑھنا

اپنی اولاد کو کوسنا

درج ذیل اسباب بعض لوگوں نے بیان کئے ہیں

جوتا چپل الٹا دیکھ کر سیدھا نہ کرنا

استنجا کرتے وقت باتیں کرنا

الٹا سونا

بیت الخلاء میں باتیں کرنا

پھٹے ہوئے کپڑے جسم پر سینا

عورتوں کا کھڑے کھڑے بال باندھنا

کھڑے کھڑے پائجامہ وغیرہ پہننا

دانتوں سے ناخن کاٹنا

چالیس دنوں سے زیادہ زیرناف رکھنا

دانتوں سے کاٹ کر کھانا

بائیں پیر سے پاجامہ وغیرہ پہننا

ٹوٹا ہوا سامان استعمال کرنا

ٹوٹی ہوئی کنگی سے کنگی کرنا

حالت جنابت میں حجامت کرنا

مکڑی کا جالا گھر میں رکھنا

گھڑے میں منہ لگا کر پانی پینا۔

مانع برکت اور منحوس اعمال

درج ذیل تین ایسے اعمال ہیں جن سے نحوست پیدا ہوتی ہے اور اللہ تعالی رزق کی برکتیں اٹھالیتا ہے

(۱)۔غیر فطری فعل اور شرمگاہوں کی طرف نظر وقرب۔

(۲)۔ساس وسسر کو بدالفاظ سے یاد کرنا اور گالیاں وغیرہ دینا۔

(۳)۔بیوی اور گھریلو افراد کو گالیاں دینا۔

ہر عمل کی اول شرط دین اسلام پر عمل کرنا ہے اور تمام بھلائیاں وہ ہیں جن کی تعلیم رسول اللہ ﷺ نے فرمائی ہے اگر ہم ادعیہ ماثورہ پر اکتفا کرلیں تو پھر کسی غیر ماثور وظیفہ کی ضرورت ہی نہیں پڑتی۔

رزق کی کشادگی کا ایک نسخہ

(۱)رزاق اللہ تعالی کو سمجھنا چاہیئے

(۲)اللہ تعالی کے سامنے پکا عہد کرنا کہ حرام وناجائز طریقہ سے روزی نہیں کمائیں گے یہ پکا عہد کریں

(۳)اللہ تعالی کی راہ میں خرچ کرنا اور یہ حصہ پہلے ہی نکال لینا۔

کھانے پینے کے اذکار

کھانے سے پہلے کی دعا

سیدنا عمر بن ابی سلمہ ؓ سے مروی ہے کہ مجھے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ کا نام لے اور دائیں ہاتھ سے کھا اور اپنے سامنے سے کھا۔(بخاری(5376)مسلم(2022)

طبرانی کبیر 14/9 اور کتاب الدعا للطبرانی (886) میں اس طرح ہے کہ آپ نے فرمایا جب تو کھانا تناول کرنے لگے تو ((بسم اللہ)) کہتے

جب کوئی کھائے تو شروع میں اللہ کا نام لے یعنی بسم اللہ کہے اگر شروع میں بسم اللہ بھول جائے تو کہے

(بِسْمِ اللّٰهِ اَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ)

اللہ کے نام کے ساتھ اس کے شروع میں اور آخر میں۔

[ابوداؤد(3767)ترمذی(1809)]

کھانا کھانے کے بعد کی دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيْرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيْهِ غَيْرَ مَكْفِيٍّ وَلَا مُوَدَّعٍ وَلَا مُسْتَغْنًى عَنْهُ رَبُّنَا))

تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں تعریف بہت زیادہ، پاکیزہ، برکت دی ہوئی جسے نہ کافی سمجھا گیا اور نہ چھوڑا گیا اور نہ اس سے بے پروائی کی گئی ہے ہمارے رب۔

(بخاری(5458)ابوداؤد(3849)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِی كَفَانَا وَاَرْوَانَا غَيْرَ مَكْفِيٍّ وَلَا مَكْفُوْرٍ"

تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں جس نے ہماری کفایت کی اور ہمیں سیراب کیا جو کہ نا کافی سمجھا گیا ہے اور نہ روکا گیا ہے۔

(بخاری (5459)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِی اَطْعَمَ وَسَقٰى وَسَوَّغَهٗ وَ جَعَلَ لَهٗ مَخْرَجاً "

تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جس نے کھلایا اور پلایا اور اسے برابر کیا اور اس کے نکلنے کا راستہ بنایا

(ابوداؤد (3851) عمل الیوم واللیلہ (275)

" اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِی اَطْعَمَنِی هٰذَا الطَّعَامَ وَرَزَقَنِیهِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّی وَلاَ قُوَّةٍ"

تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں جس نے مجھے یہ کھانا کھلایا اور میری کوشش وقوت کے بغیر مجھے عطا کیا۔

(ابوداؤد (4023) ابن ماجہ (3285)

اَللّٰهُمَّ اَطْعَمْتَ وَسَقَیْتَ وَاَغْنَیْتَ وَاَقْنَیْتَ وَهَدَیْتَ وَاَحْیَیْتَ فَلَکَ الْحَمْدُ عَلٰی مَا اَعْطَیْتَ))

اے اللہ تو نے کھلایا اور پلایا اور غنی کیا اور قناعت پسند بنایا اور ھدایت دی اور زندگی عطا کی۔ تیرے لئے ہی تعریف ہے اس چیز پر جو تو نے عطا کی

(ابن السنی (465) مسند احمد 62/4 `337 `375/5)

امام نووی نے اس کی سند کو حسن قرار دیا ہے کتاب الاذکار 299 حافظ ابن حجر نے اس حدیث کو فتح الباری 571/9 سنن کبری نسائی سے تخریج کرنے کے بعد فرمایا: اس کی سند صحیح ہے۔

مہمان کی میزبان کے لئے دعا

اَللّٰهُمَّ بَارِکْ لَهُمْ فِیمَا رَزَقْتَهُمْ وَاغْفِرْ لَهُمْ وَارْحَمْهُمْ

اے اللہ جو تو نے ان کو رزق دیا ہے اس میں برکت ڈال اور انہیں معاف کر اور ان پر رحم فرما۔

(مسلم (2042) عمل الیوم واللیلہ (291-294)

کھانا کھانے کے بعد ہاتھ دھونے کی دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِی یُطْعِمُ وَلاَ یُطْعَمُ مَنَّ عَلَیْنَا فَهَدَانَا وَاَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَکُلَّ بَلاَءٍ حَسَنٍ اَبْلاَنَا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ غَیْرَ مُوَدَّعٍ وَّلاَ مُکَافًا وَّلاَ مَکْفُوْرٍ وَّلاَ مُسْتَغْنًی عَنْهُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِی اَطْعَمَ مِنَ الطَّعَامِ وَسَقٰی مِنَ الشَّرَابِ وَکَسٰی مِنَ الْعُرْیِ وَهَدٰی مِنَ الضَّلاَلَةِ وَبَصَّرَ مِنَ الْعُمْیِ وَفَضَّلَ عَلٰی کَثِیْرٍ مِّنْ خَلْقِهٖ تَفْضِیْلاً اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ

تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جو کھلاتا ہے کھلایا نہیں جاتا۔ اس نے ہم پر احسان کیا، ہمیں

ھدایت دی اور ہمیں کھلایا اور پلایا اور ہمیں عمدہ نعمت سے نوازا تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں اس حال میں کہ وہ نعمت نہ چھوڑی گئی اور نہ اس سے کفایت کی گئی اور نہ اس کی ناشکری کی گئی اور نہ ہی اس سے بے پرواہی کی گئی۔ اور تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جس نے ہمیں کھانا کھلایا اور پانی پلایا اور ننگے پن سے لباس پہنایا اور گمراہی سے ھدایت دی اور اندھے پن سے بینا کیا اور اپنی بہت سی مخلوق پر فضیلت دی اور تمام تعریفیں رب العالمین کے لئے ہیں۔

(عمل الیوم واللیلہ (301) موارد الظمآن (1352) 318/4 مستدرک 546/1)

جو شخص دودھ پلائے اس کے لئے دعا

اَللّٰھُمَّ اَطْعِمْ مَنْ اَطْعَمَنِی وَاسْقِ مَنْ سَقَانِی

اے اللہ جس نے ہمیں کھلایا تو اسے کھلا اور جس نے ہمیں پلایا تو اسے پلا۔

(مسلم (2055)

قرض سے نجات حاصل کرنا

سیدنا علیؓ سے مروی ہے کہ ان کے پاس ایک مکاتب غلام آیا اس نے کہا کہ میں اپنی کتابت سے عاجز آ گیا ہوں آپ میرا تعاون کریں تو انہوں نے کہا کیا میں تمہیں وہ کلمات نہ سکھا دوں جو رسول اللہ ﷺ نے مجھے سکھلائے اگر تجھ پر پہاڑ جتنا بھی قرضہ ہو تو اللہ وہ اتار دے گا۔

(اَللّٰھُمَّ اکْفِنِی بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِی بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ)

اے اللہ اپنے حلال کے ذریعے اپنے حرام سے میری کفایت کر اور اپنے فضل کے ساتھ مجھے اپنے علاوہ سب سے غنی کر دے۔

یہ دعا پڑھنے والے پر اگر پہاڑ جتنا بھی قرض ہوا تو اللہ تعالیٰ اتار دے گا۔ ان شاء اللہ

(ترمذی (3574) مسند احمد 153/1 حاکم 538/1)

قرض وغم کی دعا

سیدنا انسؓ رسول اللہ ﷺ سے قرض وغم وغیرہ کی یہ دعا نقل کرتے ہیں۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْھَمِّ وَالْحُزْنِ وَالْعَجزِ وَالْکَسلِ وَالْبُخلِ وَالْجُبنِ وَضَلَعِ الدَّیْنِ وَغَلَبَۃِ الرِّجَالِ

اے اللہ میں تجھ سے فکر وغم، عاجزی وسستی، بخل وبزدلی، قرض کے چڑھ جانے اور لوگوں کے غالب آنے سے پناہ مانگتا ہوں۔

(بخاری (2893)

جمعہ نماز سے پہلے درود ۱۰۰ بار

سورۃ اخلاص ۱۰۰ بار

"اَللّٰھُمَّ اکْفِنِی بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَ اغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَن مَّنْ سِوَاکَ" ۷۰ بار

پھر درود ۱۰۰ بار

انشاءاللہ قرض جلدی اتر جائے گا جس کے ادا ہونے کا گمان بھی نہ ہو آدمی حیران رہ جاتا ہے۔
یا بعد نماز عشاء قبل از وتر اکتالیس بار یا صرف یہ دعا کثرت سے پڑھیں۔

قرض سے نجات

اگر کوئی شخص اتنا مقروض ہو گیا ہے کہ قرض اتارنا مشکل ہو وہ صبح کی نماز کے بعد روزانہ سورۃ ''النصر'' اکتالیس مرتبہ پڑھے اور پھر دعا کرے، انشاءاللہ قرض جلدی اتر جائے گا۔

ادائگی قرض کے لئے نہایت ہی مجرب عمل

یہ عمل بہت بزرگوں کا آزمودہ و معمول ہے شروع ماہ سے اکتالیس روز تک پڑھیں

''بسم الله الرحمن الرحيم اللهم صل على محمد عبدک و رسولک وصل على المومنين والمومنات والمسلمين والمسلمات .

مذکورہ بالا درود شریف کے بعد سجدہ کر کے ادائے قرض کی دعا مانگے، انشاءاللہ مال میں برکت ہوگی۔

اگر ایک کروڑ بھی قرض ہو اتر جائے

عشاء کی نماز کے بعد سورۃ النصر اکتالیس مرتبہ پڑھیں
قرض اگرچہ ایک کروڑ کیوں نہ ہو اللہ تعالی اتار دیں گے۔

سورۃ الکہف کا عمل

نماز جمعہ کے بعد ایک ہی مجلس میں سات مرتبہ سورہ الکہف پڑھیں اللہ تعالی قرض سے نجات عط فرمائیں گے۔

قرض کی ادائگی کا عمل

قُلِ اللّٰهُمَّ مَالِکَ الْمُلْکِ تُؤْتِی الْمُلْکَ مَنْ تَشَاءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْکَ مِمَّنْ تَشَاءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَاءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَاءُ بِیَدِکَ الْخَیْرُ إِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ .تُولِجُ اللَّیْلَ فِی النَّهَارِ وَتُولِجُ النَّهَارَ فِی اللَّیْلِ وَتُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَیِّتَ مِنَ الْحَیِّ

وَتَرۡزُقُ مَنۡ تَشَاءُ بِغَیۡرِ حِسَابٍ

صبح وشام سات سات مرتبہ پڑھنے سے انشائی اللہ جلدی قرض ادا ہو جائے گا۔

()ایضا

صبح اور عشاء کی نماز کے بعد ''یا قدیر'' سات مرتبہ پڑھیں، انشاءاللہ قرض کی ادائگی کے اسباب غیب سے پیدا ہو جائیں گے۔

قرض سے نجات

اگر کوئی شخص قرض سے نجات حاصل کرنا چاہتا ہے، اسے چاہئے کہ صبح سحر کے وقت نماز تہجد ادا کرے اور یہ دعا ۲۰۰ مرتبہ پڑھے۔ ''رَبِّ اَنِّی مَغۡلُوبٌ فَانۡتَصِر

قرض سے نجات اور ہر مشکل کا حل

سورة ''نصر'' بلا ناغہ اور درج ذیل تعداد کے مطابق پڑھے نہ کم اور نہ زیادہ، انشاءاللہ قرض سے جلدی نجات مل جائے گی اور ہر مشکل حل ہو جائے گی اور اسی پر مداومت کامیابی کی کلید ہے۔

صبح کی نماز کے بعد ۲۱ مرتبہ

ظہر کی نماز کے بعد ۲۲ مرتبہ

عصر کی نماز کے بعد ۲۳ مرتبہ

مغرب کی نماز کے بعد ۲۴ مرتبہ

عشاء کی نماز کے بعد ۲۵ مرتبہ

کشائش رزق کے لئے

ایک چلہ تک معین وقت پر ''یا مغنی'' ۱۱۱ مرتبہ پڑھیں اس کے بعد سورة ''المزمل'' ۱۱ بار، انشاءاللہ اس عمل کی برکت سے غیب سے روزی ملے گی۔

قرض سے نجات کے لئے دعا

اللھم انی اسئلک بلاالہ الا انت ،ان ترحمنی بلاالہ لا انت ،اللھم انی اسئلک بلاالہ الا انت ،ان تغفر لی بلاالہ الا انت" ہر نماز کے بعد یہ دعا تین مرتبہ پڑھیں ان شاءاللہ قرض سے نجات مل جائے گی۔

ملازمت حاصل کرنا

اس فصل میں ملازمت کے حصول کے لئے چند اعمال درج کئے جاتے ہیں، اللہ تعالی نفع کامل عطا فرمائے۔

حصول ملازمت کے لئے سورۃ ''الضحیٰ'' کا خاص عمل

اس سورۃ میں نو مقامات پر ''ک'' آیا ہے، ہر کاف کے بعد ۹ مرتبہ ''یا کریم'' پڑھیں، انشاءاللہ ۹ دن میں ملازمت مل جائے گی۔ اگر نہ ملی تو ۱۸ مرتبہ ۱۸ دن تک پڑھیں، اگر خدانخواستہ پھر بھی نہ ہو تو ۲۷ مرتبہ ۲۷ دنوں تک پڑھیں۔

حصول ملازمت و روزگار

بے روزگار حضرات نماز عشاء کے بعد ۱۴۱۴ مرتبہ ''یا وَهَّابُ''، اور ۱۱۲ مرتبہ یَا وَهَّابُ هَبْ لِیْ مِن نِّعْمَةِ الدُّنْیَا وَالآخِرَةِ اِنَّکَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ، پڑھ کر اللہ تعالی سے دعا مانگیں۔ انشاءاللہ چند دنوں میں روزگار مل جائے گا۔

ملازمت کا بہترین عمل

جو شخص بے روزگار ہو اور روزگار کے سلسلہ میں پریشان ہو، وہ درج ذیل عمل کرے، عشاء کی نماز کے بعد یا تہجد کے وقت اور یہ عمل تیر بہدف اور اکسیر احمر ہے، اس کے پڑھنے سے فوری نوکری مل جاتی ہے اور بے روزگاری نہیں رہتی۔

بسم الله الرحمن الرحيم حٰم تنزيل الكتاب من الله العزيز العليم ، غافر الذنب و قابل التوب شديد العقاب ذى الطول لاالٰه الا هو اليه المصير .بسم الله يا ربنا تبارك حيطاننا (يٰس)

جب ملازمت مل جائے پھر بھی چالیس دن پورے کرنے ہیں پھر انشاءاللہ اسی نوکری میں مزید عزت ہوگی۔

حصول ملازمت

ملازمت کے حصول کے لئے

وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِی لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَلَمْ یَکُنْ لَهُ شَرِیکٌ فِی الْمُلْکِ وَلَمْ یَکُنْ لَهُ وَلِیٌّ مِنَ الذُّلِّ وَکَبِّرْهُ تَکْبِیرًا

یہ آیت مبارکہ ۳۱۳ مرتبہ پڑھیں اور پڑھنے کا ایک وقت مقرر کر لیں، انشاءاللہ جلدی ملازمت مل جائے گی۔

صرف پانچ منٹ کا وظیفہ

یااللہ یاباسط ۳۱۳ مرتبہ پڑھیں

چند دن عمل کرنے سے ان شاءاللہ نوکری مل جائے گی۔

صبح کی نماز کے بعد اول و آخر ۲۱ مرتبہ درود اور چار قل ایک ایک مرتبہ سورۃ النصر ۲۱ مرتبہ پڑھیں

نماز ظہر کے بعد ۲۲ مرتبہ

نماز عصر کے بعد ۲۳ مرتبہ

نماز مغرب کے بعد ۲۴ مرتبہ

نماز عشاء کے بعد ۲۵ مرتبہ

انشاءاللہ جلدی نوکری مل جائے گی۔

برائے دفع نحوست وحصول ملازمت

حسبنا الله و نعم الوكيل روزانہ ۴۵۰ بار اور سوتے وقت سورۃ واقعہ پڑھنے سے گھر کی نحوست دور ہوتی ہے اور رزق میں برکت ہوتی ہے۔

دس دنوں میں ملازمت یا نوکری کا مل جانا

درج ذیل دعا ۱۰۰ امرتبہ بعد نماز عشاء پڑھیں، انشاءاللہ دس دنوں میں ملازمت مل جائے گی یا کوئی روزگار مل جائے گا۔اور عمل کے بعد اللہ تعالی سے دعا سجدہ کی حالت میں کریں، انشاءاللہ نوکری جلدی مل جائے گی۔

یا مفتح الابواب ، یا مسبب الاسباب ، یا مقلب القلوب و الابصار ، یا دلیل المتحیرین ، یا غیاث المستغیثین اغثنی ، ارشدنی ، تو کلت علی الله یا رب و افوض یا رب لا حول و لا قوة الا بالله العلی العظیم

ترجمہ:

اے (رزق کے) دروازے کھولنے والے، اے اسباب بنانے والے، اے دلوں اور آنکھوں کو پھیرنے والے، اے حیران لوگوں کی دلیل، اے فریادرسی کرنے کے دعوے کرنے والوں کی فریادرسی کرنے والے، میری فریادرسی فرمائیں اور مجھے سیدھی راہ دکھائیں، میں نے اللہ تعالی پر توکل کی اے میرے رب میں اپنا معاملہ تیری طرف سونپتا ہو اللہ تعالی کے سوا کوئی طاقت وقوۃ نہیں ہے جو اللہ تعالی بہت بلند اور عظمت والے ہیں۔

نوٹ:

انڈر لائن لفظ ''المستغیثین '' کا ترجمہ میں نے ''فریادرسی کرنے کے دعوے کرنے والے'' اور یہی مناسب ہے جو مجازی طور پر غیر اللہ کے لئے استعمال ہوا ہے ورنہ فریادرسی کرنے والا اور مشکلات کو حل کرنے والا اللہ تعالی کے سوا کوئی نہیں اور غیر اللہ کو مشکل کشا یا فریادرس سمجھنا شرک ہے اور یہ طاقت غیر اللہ کو نہ ذاتی ہے نہ عطائی۔ اللہ تعالی نے کوئی آیت نازل نہیں فرمائی کہ میں نے اپنی قدرت فلاں کو بخش دی ہے اور عطا کر دی ہے، بلکہ اس کے خلاف قرآن مجید کی تعلیمات موجود ہیں۔ یا اس کا معنی ہے اے فریاد طلب کرنے والوں کی فریادرسی کرنے والے کیونکہ یہ باب استفعال ہے جو طلب کرنے کے معنی میں ہے اور ہے بھی اسم فاعل کا صیغہ تو معنی ہوا فریاد طلب کرنے والوں کی فریادرسی کرنے والے اور اس طرح کے الفاظ کتب حدیث، تفسیر اور شروح حدیث میں وارد ہوئے ہیں۔ جیسے

اس آیت کی تفسیر بیان کرتے ہوئے عینی لکھتے ہیں:

اذ تستغیثون بدل من قوله إذ یعدکم (الأنفال ۷...استغاثتهم أنهم لما علموا أنه لا بد من القتال طفقوا یدعون الله تعالی أی رب انصرنا علی عدوک یا غیاث

المستغيثين أغثنا (عمدة القاری)

اور معجم الاوسط اور کتاب الدعا للطبرانی میں حدیث کے یہ الفاظ منقول ہیں

یا ذا الجلال و الإكرام یا صریخ المستصرخین ویا غیاث المستغیثین و منتهی العابدین

اور جامع فی الحدیث لابی محمد المصری میں یہ الفاظ ہیں:

ویا رجاء المضطرین ویاغیاث المستغیثین ویا الله الرحمن الرحیم

حصول ملازمت یا منظوری پیغام نکاح

اس آیت مبارکہ کو کاغذ پر لکھ کر اپنے ساتھ رکھیں "قُلْ إِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللَّهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَشَاءُ وَاللَّهُ وَاسِعٌ عَلِيمٌ (آل عمران ۸۳)

بحالی روزگار یا حصول نوکری و ملازمت

کسی شخص کو نوکری نہیں مل رہی یا نوکری سے معطل ہو گیا ہے تو عروج ماہ میں پہلی جمعرات اور جمعہ کو روزہ رکھے اور جمعہ کی رات کو بستر پر لیٹتے وقت سورۃ "یوسف پڑھے، پھر جمعہ کے دن ظہر و عصر کے درمیان اس سورۃ کو پڑھے اور

"لاالٰه الال الله "۱۰۰ بار

"الله اکبر "۱۰۰ بار

"سبحان الله"۱۰۰ بار

"استغفر الله ربی" ۱۰۰ بار

درود شریف ۱۰۰ بار

پڑھ کر سو جائے۔

اگلے دن صبح کو گھر سے نکلے اور سورۃ "یوسف" لکھی ہوئی اپنے ساتھ رکھے اور دل میں پکا اور پختہ ارادہ کرے کہ میں کسی شخص پر ظلم نہیں کروں گا۔ اور اسی عہد پر قائم رہے، انشاءاللہ ایک ہفتہ میں نوکری مل

جائے گی، اگر سورۃ یوسف نہیں پڑھ سکتا تو کسی سے پڑھوا کر سن لے اور ادب سے بیٹھ کر سنے۔

حصول ملازمت

تہجد کے ٹائم پر دو رکعت پڑھیں ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے ساتھ پہلی رکعت میں الکافرون ا ایک مرتبہ دوسری رکعت میں سورۃ اخلاص ایک مرتبہ پڑھیں

سلام کے بعد سجدہ میں جا کر ۱۵ مرتبہ کلمہ تمجید پڑھیں اور اللہ تعالی سے دعا کریں ملازمت ملنے تک یہ عمل کرتے رہیں۔

ملازمت حاصل کرنے کے لئے

عشاء کی نماز کے بعد لا الہ الا اللہ

ہزار بار پڑھیں

یہ عمل آزما کر دیکھیں بہت ہی مجرب ہے۔

ٹرانسفر کے لئے

اگر کوئی چاہے کہ اس کا تبادلہ کسی اچھی جگہ پر ہو جائے اور پسندیدہ جگہ پر ہو تو اس کو چاہئے کہ سات مرتبہ درود پاک پڑھے اور اس کے بعد ۷۰ بار "وَقُلْ رَبِّ أَدْخِلْنِي مُدْخَلَ صِدْقٍ وَأَخْرِجْنِي مُخْرَجَ صِدْقٍ وَاجْعَلْ لِي مِنْ لَدُنْكَ سُلْطَانًا نَصِيرًا

اور "مُدْخَلَ صِدْقٍ کہتے وقت اس منتخب جگہ کا تصور کرے۔

اور "مُخْرَجَ صِدْقٍ کہتے وقت جہاں سے جا رہا ہے، اس کا تصور کرے۔

اور "سُلْطَانًا نَصِيرًا کہتے وقت عزت کے ساتھ تبادلہ کا خیال رکھے۔ اور پھر سات مرتبہ درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ من پسند جگہ پر تبادلہ ہو جائے گا۔

اعمال برائے وسعت رزق

رزق میں یک دم اضافہ

توکلت علی الحی الذی لا یموت والْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِی لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَلَمْ یَکُنْ لَہُ شَرِیکٌ فِی الْمُلْکِ وَلَمْ یَکُنْ لَہُ وَلِیٌّ مِنَ الذُّلِّ وَکَبِّرْہُ تَکْبِیرًا

رزق کی فراخی وترقی کے لئے

رزق کی فراخی وترقی کے لئے درج ذیل کلمات عشاء کی نماز کے بعد پڑھے ورنہ جب بھی آسانی ہو پڑھے۔

(۱)یاغنی ۱۰۶۰بار

(۲)یافتاح ۴۸۹بار

انشاءاللہ رزق میں خوب ترقی ہوگی اور کسی قسم کی رکاوٹ نہیں ہوگی۔

کشائش رزق کے لئے

ایک چلہ تک معین وقت پر ''یا مغنی''۱۱۱مرتبہ پڑھیں اوراس کے بعد سورۃ المزمل ''۱۱بار پڑھیں ان شاءاللہ غیب سے روزی ملے گی۔

فراخی رزق کے لئے

کشائش رزق وادائگی قرض کے لئے یہ عمل نہایت ہی مجرب ہے، یہ آیت ایک سو بار پڑھ کر اپنے اوپردم کرلیں صبح کی نماز کے بعد اوراسی کو معمول بنادیں۔''اللّٰہُ لَطِیفٌ بِعِبَادِہِ یَرْزُقُ مَنْ یَشَاءُ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیزُ

کشادگی رزق

یہ دعا ہفتہ کے دن شروع کریں اور صبح کی نماز کے بعد دس مرتبہ پڑھیں

سبحانک القادر القاھر القوی الکافی لا الہ الا ھو الحی القیوم ذو الجلال

والاکرام لا حول ولا قوة الا باللہ العلی العظیم

برائے وسعت رزق

سورۃ ''المزمل'' مغرب اورعشاء کے درمیان ۱۱مرتبہ روزانہ پڑھیں۔کم ازکم ۲۱دن متواتر۔

(۱)یاغنی ۱۰۶۰مرتبہ

(۲)اور یافتاح ۴۸۹مرتبہ بعدازنمازعشاء پڑھیں،انشاءاللہ روزی کے دروازے کھل جائیں گے۔

کاروبار میں برکت

جوشخص اپنی دکان یاکاروبار کی جگہ پر یہ درود بکثرت پڑھے گا،تو انشاءاللہ اس کے کاروبار میں خوب ترقی ہوگی۔

اللھم صل علی محمد عبدک ورسولک وصل علی جمیع المومنین والمومنات والمسلمین والمسلمات

()دیگر

روزانہ نماز فجر کے بعد سومرتبہ ''اللہ الصمد '' اوراول وآخر گیارہ مرتبہ درود پڑھنے سے رزق مین برکت ہوتی ہےاورقرض بھی اتر جاتے ہیں۔

()دیگر

نماز فجراورمغرب کے بعد۱۰۱مرتبہ پڑھیں،یہ عمل نہایت مجرب ہے،برکت کے لئے

سبحان اللہ وبحمدہ سبحان اللہ العظیم ،استغفر اللہ .

گشادگی رزق کے لئے عجیب عمل

ہرنماز کے بعدبیس مرتبہ سورۃ فاتحہ اورعشاءنماز کے بعددس مرتبہ اوروتر کے بعددس مرتبہ۔

سورۃ فاتحہ کے بعد''لاالہٰ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین ''۱۰۰مرتبہ۔

''لاحول والا قوۃ الاباللہ العلی العظیم استغفر اللہ ربی من کل ذنب واتوب الیہ ''۱۰۰

مرتبہ۔

حسبنا الله و نعم الوكيل "۱۰۰ مرتبہ۔

مغرب نماز کے بعد دو رکعت نفلوں میں سورۃ واقعہ پڑھتے رہیں۔

انشاءاللہ کسی کا محتاج نہ ہوگا اور رزق اللہ تعالی کے غیب کے خزانوں سے ملتا رہے گا۔

رزق کی کشادگی کے لئے سورۃ یاسین کا عجیب عمل

سورۃ یاسین اس طرح پڑھیں

(۱) پہلے دس مرتبہ درود شریف

(۲) سورۃ "النصر" ۲۵ مرتبہ

(۳) درود شریف ۱۳ مرتبہ

(۴) لفظ یاسین دس مرتبہ

(۵) "آیت" **ذالک تقدير العزيز العليم** "چار مرتبہ

(۶) آیت "**سلام قول من رب رحيم**" پندرہ مرتبہ۔

(۷) لفظ "**مَثَلُهُمْ**" چار مرتبہ

(۸) سورہ کے پورے ہونے کے بعد درود شریف دس مرتبہ

(۹) پھر آسمان کی طرف پھونک دیں

انشاءاللہ رزق میں کسی کا محتاج نہ ہوگا اور اللہ تعالی کے خزانہ غیب سے رزق ملتا رہے گا۔

رزق کے لئے عجیب عمل

جمعہ کی آذان کے بعد تازہ وضو سے سلام وکلام کے پہلے "**اَلْمَلِکُ**" ہزار مرتبہ پڑھیں اس کے بعد اللہ تعالی سے رزق کی کشادگی کی دعا مانگیں، انشاءاللہ وہ دعا اللہ تعالی کی بارگاہ میں قبول ہوگی۔

غیب کے خزانہ سے رزق حاصل کرنے کا عجیب عمل

جمعہ کے دن صبح کی نماز کے بعد یہ عمل کریں

(۱) درود شریف ۱۰ مرتبہ

(۲) یارزاق یافتاح یاغنی یامغنی'' گیارہ مرتبہ

(۳) پھر یہ دعا سات مرتبہ

اللهم یا فتاح افتح لی ابواب رحمتک الواسعة اللهم یا رزاق ارزقنی من من فضلک الواسعة تغننی به عن التعرض لاحد من خلقک یا کریم .اللهم یا غنی یا مغنی اکرمنی بحلالک عن حرامک و بطاعتک عن معصیتک واغننی عن من سواک واحفظنی بما حفظت به الذکر وانصرنی بما نصرت به الرسل انک علی کل شیء قدیر

اگر پہلے ہفتہ میں رزق کی کشادگی شروع ہوگئی تو فائدہ سے خالی نہیں ہے۔

اگر دوسرے ہفتہ میں شروع ہوئی تو وہ ہمیشہ قائم رہے گی۔

اس وظیفہ کا حامل انسان انشاءاللہ ساری مخلوق سے بےفکر رہتا ہے اور بےشمار رزق حاصل کرتا ہے۔

رزق کی کشادگی کے لئے عجیب عمل

(۱) صبح صادق کے بعد، صبح کی سنتوں سے پہلے سورۃ ''طٰہٰ'' ایک مرتبہ

(۲) صبح کی نماز کے بعد سورۃ ''یاسین'' تین مرتبہ

(۳) مغرب کی نماز کے بعد سورۃ ''الواقعہ'' ایک مرتبہ

اس طرح ہمیشہ کرنے سے انشاءاللہ رزق میں خوب برکت ہوگی۔

() ایک عجیب عمل

جو غریب ونادار، روزانہ ۹۰ بار ''یاملک'' پڑھے، انشاءاللہ غربت سے نجات پائے۔

روزانہ پانچوں نمازوں کے بعد ۸۰ بار ''یاحکیم'' پڑھنے سے کسی کا محتاج نہ ہوگا۔

خیروبرکت کا ایک عجیب ونایاب عمل

عمل کی ترتیب

(۱) کپڑے کی ایک تھیلی بنوالیں جیب کی طرح اس پر صبح وشام ۱۲۹مرتبہ سورۃ ''الکوثر'' مع تسمیہ اوراول و آخر درودسات مرتبہ پڑھ کردم کرتے رہیں۔

(۲) رمضان المبارک کی چاندرات کو۳۱۳مرتبہ سورۃ ''الکوثر'' بمع تسمیہ اول وآخر درودسات باررات کے کسی بھی حصے میں۔

(۳) رمضان المبارک کی گیارھویں رات کو۳۱۳مرتبہ سورۃ ''الکوثر'' بمع تسمیہ وسات باراول وآخر درود۔

(۴) اکیسویں رات رمضان المبارک کوبھی اسی طرح۔

(۵) ستائیسویں رات کو۱۰۰۱مرتبہ سورہ ''الکوثر'' بمع تسمیہ اور۱۱مرتبہ اول وآخر درود۔

(۶) عید کے دن عیدنماز کے بعد۳۱۳مرتبہ سورۃ ''الکوثر'' مع تسمیہ اوراول وآخر درود ۷مرتبہ۔

اس کے علاوہ اس تھیلی میں جب ہی پیسے ڈالی یا نکالیں، ان پر ایک مرتبہ سورہ ''الکوثر'' پڑھ کردم کر لیا کریں اور یہ زندگی کا معمول بنالیں۔

یہ عمل ساری زندگی کے لئے ہے، اسی تھیلی کو اپنے جیب یا بٹوئے میں محفوظ رکھیں، انشاء اللہ پیسے اللہ تعالی کی قدرت سے کبھی ختم نہ ہونگے، اگر آپ نے اسلامی اصول کے تحت استعمال کئے تو۔

ایک خیروبرکت کا عمل

جب رزق کی کشادگی کے لئے کوئی وسیلہ نظر نہ آئے اور ہر طرف سے مایوسی ہی مایوسی ہواور سخت پریشانی ہوتواس عمل کرنے سے انشاءاللہ رزق کے دروازے کھل جائیں گے۔

اللّٰهُمَّ رَبَّنَا أَنزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَاءِ تَكُونُ لَنَا عِيداً لِّأَوَّلِنَا وَ آخِرِنَا وَ آيَةً مِّنكَ وَارْزُقْنَا وَأَنتَ خَيْرُ الرَّازِقِينَ.

یہ آیت بکثرت پڑھتا رہے۔خصوصی طور پر گیارہ مرتبہ پڑھکر آسمان کی طرف پھونک دے اوردل میں ہی دعامانگے اورخصوصی طور پر ''رمضان المبارک'' میں افطاری کے وقت۔

رزق کی کشادگی بلکہ ہر مطلب دو بے مثال عمل

مندرجہ ذیل دونوں عمل بہت عجیب وغریب اور مجرب ہیں اوراپنے شوق سے کر کے دیکھیں۔

(۱) مسجد کی صفائی کرنا، اوراس کی خدمت کرنا، ایک نایاب اور بے مثال عمل ہے، انسان جیسا ہی معزز و اونچے درجے کا مالک ہو وہ مسجد میں جائے اور اللہ تعالی کے سامنے خود کو عاجز ثابت کرے اور عاجزی و انکساری سے اپنے ہاتھوں سے جھاڑو دے اور صفیں وغیرہ صاف کرے اور بچھائے اور دل ہی میں اللہ تعالی سے جو چاہے اس مطلب کا سوال کرتا جائے۔

(۲) قرآن مجید کی تلاوت شروع کر دیں اور دن کا زیادہ حصہ اسی میں ہی صرف کریں اور قرآن مجید کے ترجمہ پر بھی دھیان رکھیں اور جو مطلب ہو وہ دل میں اللہ تعالی سے مانگتے جائیں۔

رزق کی کشادگی کے لئے مجرب عمل

جو شخص گھر میں داخل ہو چاہے کوئی گھر میں موجود ہو یا نہ ہو سلام کہے اور پھر درود اور سورۃ اخلاص پڑھے، انشاءاللہ رزق میں برکت ہوگی۔

رزق میں حیرت انگیز اضافہ

روزانہ صبح کی نماز کے بعد ''**الله الصمد**'' ایک ہزار مرتبہ پڑھنے سے انشاءاللہ روزی میں حیرت انگیز اضافہ ہوگا، اس کی مداومت کر کے دیکھیں اور اللہ تعالی پر توکل کریں۔

سورۃ انشراح کا عمل مالدار و غنی ہونے کے لئے

نماز فجر کے بعد سورہ انشراح چالیس مرتبہ پڑھیں ان شاءاللہ سات دنوں میں رزق کے دروازے کھل جائیں گے۔

رزق کی کشادگی کا آسان عمل

''**وھو یُطعِمُ و لا یُطعَمُ**'' بمع بسم اللہ بعد نماز عشاء ۶۶ مرتبہ روزانہ پڑھے تو رزق میں ان شاء اللہ اضافہ ہوگا۔

وسعت رزق

جو شخص ان اسماء کو زیادہ پڑھے گا، اس سے اللہ تعالی معاش کی تنگی دور فرما دے گا اور اس کے ایسی

جگہ سے رزق ملے گا جہاں اس کا گمان نہیں ہوگا۔

''الکریم ، الوھاب ، ذوالطول

کم ازکم روزانہ پچاس مرتبہ پڑھیں یا۱۲۸ا مرتبہ اور اوّل و آخر درود شریف۔

(ا) فراخی رزق کے لئے سورۃ القدر'' کا عمل

روزانہ پندرہ پرتبہ پڑھنے سے زرق میں کشادگی ہوتی ہے

۳۶۰ مرتبہ پڑھ کراس کا ختم پورا کیا جائے تو رزق میں کشادگی اور تونگری حاصل ہوتی ہے اور ادائگی قرض کے لئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔اوراس کی مداومت سے وہاں سے رزق ملتا ہے جہاں سے وہم وگمان نہیں ہوتا۔

(۲) سورۃ العادیات کو۱۰۰ مرتبہ پڑھنے سے رزق میں فراخی ہوتی ہے۔

(۳) ''بسم اللہ لرحمن الرحیم'' کوسوالاکھ مرتبہ پڑھا جائے اور چند افراد مل کر بھی عمل پورا کر سکتے ہیں اس سے ان شاءاللہ رزق میں اضافہ ہوگا اور ہر مشکل حل ہوگی۔

سورۃ الکوثر کا عمل

جب پیسہ ملے اس پر۱۲۹ مرتبہ سورۃ الکوثر پڑھ لیں، پھر دیکھیں خیر و برکت، صبح یا عشاء کی نماز کے بعد۱۲۹ مرتبہ پڑھیں

سورۃ المزمل کا عمل وسعت رزق کے لئے

مغرب نماز کے بعد۴۱ مرتبہ سورۃ المزمل پڑھیں ۴۱ دنوں تک اس کے اثر اشروع ہو جائیں گے۔

وسعت رزق کا ایک آسان عمل

اپنے ملک کا سکہ لیں اس کو عرق گلاب سے دھوئیں اور لوبان کی دھونی دیں، اس پر یہ بابرکت پاک نام ''محمد'' لکھیں پھر لوبان کی دھونی دیں اور ڈبی میں بند کر کے محفوظ رکھیں، اب اس ڈبی پر ایک ہزار مرتبہ ''یا مغنی یا غنی'' پڑھیں اور پیسوں کی تھیلی میں رکھ دیں۔

رزق غیبی کالاجواب عمل

جوشخص صبح وشام ۲۵ یا ۲۷ مرتبہ مومنین ومومنات کے لئے مغفرت کی دعا کرے گا اللہ تعالی اس کو مستجاب الدعوات بنادے گا۔

برائے کشادگی رزق

صرف سات یوم پڑھیں اوراس کا اثر مستقل ہے، جمعرات کوشروع کریں بدھ پرختم کریں اول ماہ میں شروع کریں۔

''الحسیب'' ۱۰۰۰ مرتبہ اوراس کے بعد یہ کلمات ''حسبی الله الحسیب'' ۷۰ مرتبہ۔

عمل دست غیب

وعنده مفاتح الغيب لا يعلمها إلا هو ويعلم ما فى البر والبحر وما تسقط من ورقة إلا يعلمها ولا حبة فى ظلمات الارض ولا رطب ولا يابس إلا فى كتاب مبين.

سب سے پہلے سات روزے رکھیں، اس کے بعد یہ آیت ہزار مرتبہ

اس کے بعد یاحی ایک ہزار مرتبہ

اور''یاقیوم'' ایک سو پچاس مرتبہ

اللہ تعالی غیب سے روزی عطا فرمائیں گے۔

وَمَنْ يَتَّقِ اللَّهَ يَجْعَلْ لَهُ مَخْرَجًا وَيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ وَمَنْ يَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ فَهُوَ حَسْبُهُ إِنَّ اللَّهَ بَالِغُ أَمْرِهِ قَدْ جَعَلَ اللَّهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا

یہ آیت ایک ہزار مرتبہ پڑھیں اس کا اثر پانچویں یا چھٹے دن شروع ہوجاتا ہے، غیب سے ایک چیز ملے گی، مگرلانے والے سے کوئی سوال نہیں کرنا، نہ کچھ پوچھنا ہے اورنہ یہ پوچھنا ہے کہ وہ کونسی چیز ہے، بس خاموشی سے لے لیں اور حفاظت سے رکھ دیں اوراپنے عمل کو جاری رکھیں، جب چالیس دن ختم ہوجائیں پھر فجر کی نماز کے بعداس آیت کو دس مرتبہ پڑھتے رہیں بہتر ہے کہ ہرنماز کے بعد پڑھتے رہیں۔

(۲) دیگر

مندرجہ بالا آیت مغرب اور عشاء کے درمیان ۶۳۸ بار پڑھیں یا ہر نماز کے بعد سو سو مرتبہ۔

رزق کی کشادگی کے تین بہت آسان عمل

(۱) جب روپیہ خرچ کریں، اس وقت ''انا لله و انا اليه راجعون'' آہستہ پڑھ لیں اور جب لیں تو ''بسم اللہ شریف'' پڑھ لیں۔

(۲) جب کھانا کھائیں تو گھر کے سب افراد اکٹھے ہو کر کھائیں۔

(۳) جب کھانا سامنے آئے تو اللہ تعالیٰ سے برکت کی دعا مانگ کر پھر کھائیں اور سنت مطابق شرع کرتے وقت ''بسم الله و على بركة الله'' کہیں اور بعد میں مسنون دعا:

''الحمد لله الذى اطعمنا و سقانا و جعلنا من المسلمين'' پڑھیں۔

تنگی معاش

جس شخص کی روزی تنگ ہو اور مشکل سے گذارہ ہوتا ہو وہ یہ کلمات روزانہ ۱۰۰ مرتبہ پڑھے، یہ عمل گیارہ روز کا ہے، ان شاء اللہ رزق میں برکت ہوگی۔

''اللهم تب علينا قبل الموت وهون علينا شدة الموت و اَرِحنا عند لموت و لا تعذبنا يا خلاق الحيوة والموت و توفنا مسلمين والحقنا بالصالحين''

برائے ترقی تنخواہ

روزانہ ہر نماز کے بعد بسم اللہ شریف کو سو مرتبہ پابندی سے پڑھنے سے آمدنی میں اضافہ ہوتا ہے اور دلی خواہشات پوری ہوتی ہیں۔

مالدار و امیر ہونا

بوقت طلوع آفتاب اول تین سو بار درود

اس کے بعد تین سو مرتبہ ''بسم اللہ شریف'' پڑھیں ان شاء اللہ ایک سال کے اندر ہی امیر ہو جائیں گے۔

نوٹ:

اگر غسل کی حاجت پیش ہو تو طلوع آفتاب کے پہلے ہی غسل کر لے ورنہ عمل زائل ہو جائے گا۔

قرض و کشائش رزق

قرض سے نجات کے لئے درج ذیل کلمات اس ترکیب سے پڑھیں۔

"حسبی اللہ ونعم الوکیل" پانچ سو بار

"لا حول ولا قوۃ الا باللہ ولا ملجأ من اللہ الا الیہ" پانچ سو بار

برائے کشائش رزق

کشائش رزق اور معاش کی تنگی دور کرنے کے لئے درج ذیل یاسین سورۃ کا عمل نہایت مفید ہے یاسین سورۃ کی پہلی مبین تک پڑھ کر دوبارہ شروع کریں پھر دوسری مبین تک پڑھ کر دوبارہ شروع کریں، اسی طرح سات مبین پر کریں اور پورے چالیس دنوں تک یہ عمل جاری رکھیں، ان شاء اللہ اسی دوران رزق میں کشادگی حاصل ہوگی۔

تنگی رزق ختم کرنے کے لئے شاندار عمل

"یا بدیع العجائب بالرزق یا بدیع" ۱۱۱۱ گیرہ سو گیارہ مرتبہ بعد نماز عشاء پڑھیں، ان شاء اللہ گیارہ دنوں میں آثار ظاہر ہونگے۔

برائے کشائش رزق اور مہمات دنیاوی

ہر قسم کی پریشانی اور رزق کی تنگی دور کرنے کے لئے یہ عمل بہترین وظیفہ ہے

درود شریف

"اللھم صل علی سیدنا و مولانا محمد بعدد کل شیء معلوم لک" پانچ سو بار

روزانہ بعد نماز فجر

استغفار

"استغفر الله الذی لاالٰه الا هو الحی القیوم و اتوب الیه" پانچ سو بار بعد از نماز فجر مغرب کی نماز کے بعد سورۃ واقعہ اور عشاء کی نماز کے بعد سورۃ ملک" پڑھیں۔

کشائش رزق کے لئے دوسرا عمل

"یا مغنی" گیارہ سو بار

سورۃ "مزمل" گیارہ مرتبہ ایک وقت میں پڑھیں یا ہر نماز کے بعد دو مرتبہ اور صبح کی نماز کے بعد تین مرتبہ۔ ان شاءاللہ یہ وظیفہ کشائش رزق کے لئے کافی ہے اور دنیا و دین کے منافع کے لئے کافی ہے۔

حصولِ ترقیات اور دینی و دنیاوی منافع و ہر مقصد میں کامیابی کے لئے

درج ذیل عمل ہر قسم کی پریشانی، رنج و غم، قرض، مرض، اور ہر مشکل کو آسان کرنے کے لئے عجیب و غریب ہے لیکن پڑھنے کی تعداد میں نہ کمی کرنی ہے نہ زیادتی اور وقت جو بھی مقرر کریں۔

یا فتاح یا وہاب، یا رزاق اور یا مُعِزّ سو سو مرتبہ

غنی ہونے کے لئے

صبح کی نماز کے بعد طلوع آفتاب کے پہلے درج ذیل دعا ۱۰۰ مرتبہ پڑھیں

"بسم الله الرحمن الرحيم سبحان الله و بحمده سبحان الله العظيم و لا ملجأ من الله الا اليه"

غنی النفس کے لئے

سورۃ "مزمل" گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھیں، ان شاءاللہ مفلسی دور ہو جائے گی اور تونگری آجائے گی

دوم

یا غنی ۱۱۰۰ مرتبہ ایک وقت معین پر روزانہ پڑھنے سے ظاہر و باطنی غنا نصیب ہوتی ہے۔

برائے فراخی رزق

"یا رحمان کل شیء و راحمه یا رحمان" چالیس ایام تک روزانہ ہزار مرتبہ پڑھیں یا کم

ازکم ۵۰۰ مرتبہ۔

فراخی رزق

رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيلًا" جو شخص یہ آیت مبارکہ بکثرت پڑھے گا اللہ تعالی اس کی مفلسی وتنگی دور فرمادے گا۔

وسعت رزق کا بہت آسان عمل

"ان لک فی النهار سبحا طویلاً" روزانہ دس مرتبہ پڑھنے سے انسان ایک ماہ کے اندر تونگر ہو جاتا ہے۔

حصول تونگری

"یا مالک ذوالجلال والاکرام"

یہ وظیفہ بلا تعداد حد سے زیادہ پڑھیں، ایک رات مقرر کر کے اس میں توجہ دل سے ایک ہزار بار پڑھیں، اس کے بعد اس کا جلوہ ظاہر ہوگا، اس کا ادنی کرشمہ یہ ہے کہ اللہ تعالی کے فضل وکرم سے فقیری ،غربت محتاجی غنی میں بدل جاتی ہے اور دیگر خوبیاں عمل کرنے والے کو معلوم ہونگی۔

تونگری کا ایک عجیب، غریب و مجرب عمل

پانچ پانچ ہزار یا ہزار ہزار، یا پانچ پانچ سو، یا سو سو کے پانچ نوٹ لیں

ہر نوٹ پر بزرگ ملائکہ کا نام لکھیں

ایک پر ابراہیم علیہ السلام لکھیں

ایک جگہ خالی مکان میں جائے نماز بچھائیں، وہاں اور کوئی بھی داخل نہ ہو۔

ابراہیم نام والا نوٹ جائے نماز کے نیچے درمیان میں رکھیں

باقی چار نوٹ اس کے نیچے ہر کونے میں رکھیں

نوٹ:

خیال کرنا اسماء کی بے حرمتی نہ ہو، آداب کا خیال رکھنا۔

اس جائے نماز پر بیٹھ کر درج ذیل آیت مبارک گیارہ سو مرتبہ روزانہ وقت مقرر پر پڑھیں

وَظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ وَأَنْزَلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوَى كُلُوا مِنْ طَيِّبَاتِ مَا رَزَقْنَاكُمْ وَمَا ظَلَمُونَا وَلَكِنْ كَانُوا أَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ.

چالیس دنوں کے بعد ان شاء اللہ جب آپ جائے نماز اٹھائیں گے تو نوٹ سارے اکٹھے ہو چکے ہونگے، یعنی کونوں والے نوٹوں کا درمیانی نوٹ سے ملنا لازم ہے۔ اب درمیانی نوٹ کو سنبھال کر رکھیں بکس میں تالا لگا رکھیں اور باہر والے نوٹ جو بیس ہزار یا چار ہزار یا دو ہزار یا چار سو ہیں وہ بازار میں خرچ آئیں، شام کو دیکھیں گے وہی نوٹ ڈبے میں پڑے ہونگے، جس میں درمیانی نوٹ رکھا تھا۔ اسی طرح بیس ہزار ہر روز خرچ کریں وہ شام کو واپس آجائیں گے۔

دوسرا عمل

ثابت مہینہ کے بدھ کو یہ عمل شروع کرے، بکرے کی عمدہ بریانی کھائے، روزہ سے رہے اور خالی وقت میں درود اور تلاوتِ کلام پاک کرے۔

وَإِذْ نَجَّيْنَاكُمْ مِنْ آلِ فِرْعَوْنَ يَسُومُونَكُمْ سُوءَ الْعَذَابِ يُذَبِّحُونَ أَبْنَاءَكُمْ وَيَسْتَحْيُونَ نِسَاءَكُمْ وَفِي ذَلِكُمْ بَلَاءٌ مِنْ رَبِّكُمْ عَظِيمٌ"

ہر نماز کے بعد ۷۰۰ سات سو مرتبہ پڑھیں ایک ہفتہ تک، حصار کے اندر بیٹھیں۔

() ایک اور عمل

"فَخُذْ أَرْبَعَةً مِنَ الطَّيْرِ فَصُرْهُنَّ إِلَيْكَ ثُمَّ اجْعَلْ عَلَى كُلِّ جَبَلٍ مِنْهُنَّ جُزْءًا ثُمَّ ادْعُهُنَّ يَأْتِينَكَ سَعْيًا وَاعْلَمْ أَنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ"

۱۰۰۰ ہزار بار پڑھیں، یہ عمل بیس دنوں کا ہے

پرہیز شرعی

عطیہ از خطیب عبدالستار

نوٹ:

یہ مندرجہ بالا تین عمل شرعی طور پر ناجائز ہیں کسی صورت میں اگر شرعی جواز ملتا ہے تو مصنف سے اجازت لینا لازم ہے تاکہ اس کی رموز وشرائط سے آگاہ کیا جاسکے اور یہ ہیں مجرب۔

غنی ہونے کا عمل

جو شخص سورۃ الم نشرح بمع بسم اللہ ۴۰ بار سات دن تک متواتر پڑھے گا وہ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے جلدی غنی ہوجائے گا۔

برائے فراخی رزق

روزانہ عشاء کی نماز کے بعد درج ذیل کلمات پڑھے، ان شاءاللہ رزق میں برکت ہوگی اور رزق وافر مقدار میں ملے گا۔

(۱) **یا کریم یا وھاب یا ذا الطول ۱۰۶۶ بار**

(۲) یافتاح ۴۸۹ بار

(۳) یارزاق ۳۸۰

(۴) یاکافی ۱۱۱ بار

(۵) یامغنی ۱۱۰۰ بار

برائے وسعتِ رزق اور دفعِ قرض

"**الله الله ربی و لا اشرک به شیئا**" یہ کلمات صبح وشام ۳۱۳ بار پڑھیں، اگر نمازوں کے بعد پڑھیں تو زیادہ بہتر ہے، ان شاءاللہ آمدنی میں برکت ہوگی اور قرض سے نجات ملے گی۔

رزق میں برکت کے لئے مجرب عمل

"**المَعْطِی هُوَ الله**" اسے پابندی کے ساتھ نماز جمعہ میں فرض کے بعد بحالت تشہد قبلہ رخ ہوکر بیٹھے بیٹھے ستر بار توجہ سے پڑھے۔

رزق کے دروازے کھل جائیں

اللّٰہُ یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَشَاءُ مِنْ عِبَادِہٖ وَیَقْدِرُ لَہٗ اِنَّ اللّٰہَ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ

(العنکبوت ٦٢)

۱۱ مرتبہ پڑھ کر دعا کریں صبح کی اور عشاء کی نماز کے بعد ان شاءاللہ رزق کے دروازے کھل جائیں گے۔

صرف تصور کرنے سے رزق کے دروازے کھل جائیں

صبح کو اٹھتے ہی یہ تصور کریں کہ آج میں اللہ و رسول ﷺ کی فرمانبرداری کس طرح کروں گا؟ اور ان کو راضی کیسے کروں گا؟ اللہ تعالی اس کے لئے روزی کے دروازے کھول دیتے ہیں۔

رزق عزت اور تمام مشکلات کا حل

اللہ تعالی کا مبارک نام ''یاعظیم'' روزانہ ۱۲۰۰۰ بارہ ہزار مرتبہ چالیس دنوں تک پڑھیں۔

خیر و برکت

سات دانہ جو پر ۹۷ مرتبہ ''یافتاح یارزاق'' پڑھ کر اپنے پرس یا تھیلی میں رکھیں اور روزانہ خرچ کرتے رہیں بے حد خیر و برکت ہو۔

سبحان اللہ و بحمدہ کا اکسیر عمل

روزانہ ''سبحان الله و بحمده'' پانچ سو بار پڑھیں، ان شاءاللہ روزی کے دروازے جلدی کھل جائیں گے۔ اور خصوصاً صبح کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان ۱۰۰ مرتبہ ضرور پڑھیں۔

سورۃ فلق کا لاجواب عمل

جو شخص کثرت سے سورۃ ''فلق'' پڑھے ان شاءاللہ اس پر روزی بارش کی طرح برسے گی۔

رزق کی کشادگی کے لئے تین عمل مجرب

تین کام کریں تو روزی کے لئے بے فکر ہو جائیں لیکن حاسدوں کے حسد سے اللہ تعالی کی پناہ

مانگیں۔

(۱) رزق دینے والا صرف اللہ تعالیٰ کو ہی جانیں اور دل میں کسی غیر کا خیال ہی نہ لائیں کہ میری روزی اس کے ہاتھ میں ہے۔

نوٹ:

انسان فطری طور کمزور پیدا کیا گیا ہے، اس لئے اچانک کوئی اگر حادثہ پیش آئے، جیسے اچانک نوکری چلی جائے، یا عورت بیوہ ہوجائے تو اس وقت عارضی طور پر خیال ہوتا ہے کہ اب کیا کریں گے؟ یا کیسے کریں گے؟ اسوقت اپنے دل کو مضبوط کر کے یہ عقیدہ قائم کرنا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہی رزق دینے والا ہے مخلوق کے ہاتھ میں کچھ بھی نہیں ہے۔

(۲) دو رکعت پڑھ کر مسجد میں بیٹھ کر اللہ تعالیٰ کے سامنے پکا اقرار اور وعدہ کریں کہ میں حرام روزی کبھی بھی نہیں کھاؤں گا۔ اور اس وعدہ پر پابند رہنے کی سو فیصد کوشش کریں۔

(۳) تھوڑا یا زیادہ جتنا مال ملے، اس میں سے اللہ تعالیٰ کے نام کا حصہ غرباء، فقراء و مساکین اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں اللہ تعالیٰ کے کاموں میں خرچ کرنے کے لئے پہلے نکالوں گا۔

ان شاء اللہ دیکھنا کہ برکت کس طرح پیدا ہوتی ہے۔

مال جلد فروخت ہوجائے

اگر کوئی شخص واپار کر رہا ہے تو ذیل عمل کرنے سے ان شاء اللہ اسکا مال جلدی فروخت ہوجائے گا۔

یہ آیت مبارکہ لکھ کر اپنے مال میں پاک جگہ پر رکھ دیں۔

بسم الله الرحمن الرحيم . فَاسْتَبْشِرُوا بِبَيْعِكُمُ الَّذِى بَايَعْتُمْ بِهِ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ. وصلى الله تعالى على خير خلقه سيدنا محمد و آله و صحابه اجمعين .

غربت ومحتاجی دور کرنے کا آیت الکرسی کا عجیب عمل

جو شخص گھر میں داخل ہوتے وقت ''آیۃ الکرسی'' پڑھ لے تو اس گھر سے مفلسی دور ہوجائے گی۔

وسعت رزق کے لئے

یا وہاب ۱۴۴۰ مرتبہ پڑھیں

یہ دعا ۱۰۰ مرتبہ پڑھیں کشائش رزق کے لئے مجرب ہے اور یہ کیمیائے درویشوں کے نام سے موسوم ہے۔

"یا وھاب ھب لی من نعمة الدنیا و الآخرة انک انت الوھاب"

فراخی رزق اور تنگی میں آسانی کے لئے۔

جو شخص چاہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو مخلوق کے شر سے محفوظ رکھے اور اس پر رزق آسان کر دے اور مخلوق کے دلوں میں اس کی محبت ڈال دے وہ روزانہ چار سو پچاس مرتبہ " حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ " پڑھے۔

پھر سات مرتبہ "الَّذِينَ قَالَ لَهُمُ النَّاسُ إِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوا لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ فَزَادَهُمْ إِيمَانًا وَقَالُوا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ اور ساتویں مرتبہ۔

"فَانْقَلَبُوا بِنِعْمَةٍ مِنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ لَمْ يَمْسَسْهُمْ سُوءٌ وَاتَّبَعُوا رِضْوَانَ اللّٰهِ وَاللّٰهُ ذُو فَضْلٍ عَظِيمٍ "

جو اس کی پابندی کرے گا، تو ان کے کام عجیب طرح سے پورے ہوتے جائیں گے ان شاء اللہ تعالیٰ۔

ایک دن میں کشادگی رزق

لا اللہ الا اللہ یرزق من یشاء بغیر حساب "اول و آخر درود ابراہیمی اور کے بعد یہ آیت ۳۱۳ مرتبہ پڑھیں۔

دعا برائے کشادگی رزق

درج ذیل دعا سے رزق میں فروانی اور وسعت حاصل ہوتی ہے اور کبھی بھی فاقہ نہیں ہوتا۔

"بسم اللہ الرحمن الرحیم اللھم اغفر لی ذنبی و وسع لی فی داری و بارک لی

فی رزقی یا ارحم الراحمین.

پیسے واپس لینا

فجر نماز کے بعد یاذالجلال والاکرام ۱۰۰۰ بار پڑھیں۔

پیسے واپس لینے کا دوسرا عمل

عصر نماز کے بعد ''یامعید ۱۱۰۱ بار مشرق کی طرف منہ کر کے پڑھیں اور تصور سامنے لا کر پھونک دیں اور کہیں کہ میرے پیسے واپس کرو۔

دوسرے دن مغرب کی طرف منہ کر کے

تیسرے دن شمال اور چوتھے دن جنوب کی طرف منہ کر کے

اتنے دن عمل کریں جب تک وہ پیسے واپس نہ کرے۔

نماز عشاء کے بعد سورۃ بقرہ کی آیت ۴۷ یہ ۴۷ بار پڑھیں۔

دولت کے خزانے اور دولت کے انبار

سورۃ ''قریش'' کی تلاوت کثرت سے کریں اگر ہر نماز کے بعد سات بار اور نماز فجر کے بعد ۷۰ بار پڑھیں تو زیادہ مناسب ہے اور کسی نہ بتائیں۔

دولت مند بننے کے لئے

سورۃ مائدہ کی آیت ۱۱۴

اللّٰهُمَّ رَبَّنَا أَنْزِلْ عَلَيْنَا مَائِدَةً مِنَ السَّمَاءِ تَكُونُ لَنَا عِيدًا لِأَوَّلِنَا وَآخِرِنَا وَآيَةً مِنْكَ وَارْزُقْنَا وَأَنْتَ خَيْرُ الرَّازِقِينَ

۱۱۰۰ بار پڑھیں

وسعت، عیش اور برکت کے لئے

جب کوئی نیا کپڑا پہنیں تو سورۃ انا انزلنہ یا سورہ اخلاص گیارہ مرتبہ پڑھ پانی پر دم کر کے وہ پانی کپڑوں پر چھڑکیں۔

عالم غیب سے روزی حاصل کرنے کا بے نظیر عمل

صبح کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان ۱۰۰ امرتبہ یہ آیت کریمہ پڑھیں، اس کے بعد سر سجدہ میں رکھ کر عجزی اور انکساری سے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگیں اللہ تعالیٰ غیب سے مدد کرنے کا انتظام فرما دیں گے۔

ثُمَّ أَنْزَلَ اللَّهُ سَكِينَتَهُ عَلَى رَسُولِهِ وَعَلَى الْمُؤْمِنِينَ وَأَنْزَلَ جُنُودًا لَمْ تَرَوْهَا

رزق میں غیبی برکت

نصف رات کے وقت اکیس سو اکیس مرتبہ اکیس دنوں تک یہ عمل کریں اور عمل کے دوران خوشبو جلائیں، اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے غیبی رزق عطا فرمائیں گے۔

یا باسط یا باسط یا باسط الذی یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَشَاءُ بِغیر حساب

کشائش رزق کے لئے لاجواب عمل

فَإِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللَّهُ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ

یہ آیت کریمہ ایک عظیم نعمت ہے کثرت سے پڑھیں ساتویں دن سے اس کا اثر ظاہر ہوگا پھر قدرتِ خدا کے مناظر دیکھتے جائیں اور اپنے آپ کو سنبھالیں۔

کشائش رزق

یہ درود شریف کشائش رزق کے لئے مجرب ہے

اللھم صل علی محمد و علی اٰل محمد بعدد کل معلوم لک

صبح اور مغرب یا عشاء نماز کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھیں

کھانے کو بابرکت بنانا

جو شخص سورۃ قریش کھانے پر دم کر کے کھائے گا تو وہ کھانا بابرکت بن جائے گا اور جسمانی صحت کو کوئی نقصان نہیں پہنچے گا۔

دست غیب کے لئے بسم اللہ شریف کا عمل

مغرب اور عشاء کے درمیان وقت و جگہ معین پر ۷۸۶ مرتبہ بسم للہ شریف پڑھیں اور پھر وقت ضرورت پر یہی عمل کرے تو غیب سے سامان مہیا ہوگا۔

فتوحات کے لئے

شروع اتوار سے شروع کریں سورۃ فاتحہ ۴۹ مرتبہ پڑھیں اور الفاظ '' **ایاک نعبد و ایاک نستعین** ''سات مرتبہ دہرائیں، یہ عمل اکیس دن کریں۔ان شاءاللہ رزق غیب سے ملے گا۔

اپنی سمت بدلیں یاسین سورۃ سے

سورۃ یاسین سات مرتبہ اس طرح پڑھیں

ہر مبین پر ایک مرتبہ سورۃ مزمل پڑھیں اور لفظ ''و کیلا ''پر'' **یا بدیع ابدل لی من کل اسرار الغیب** ''سات مرتبہ پڑھیں۔

نوچندی جمعرات سے شروع کریں، اکیس دن عمل کریں جو چاہیں وہ بن جائیں۔ان شاءاللہ تعالی

اپنا مقدر بدلیں

روزانہ ایک روپیہ لے کر اس پر گیارہ مرتبہ سورہ مزمل

گیارہ مرتبہ سورہ انشراح

ایک سو ایک مرتبہ سورا خلاص

پڑھ کر فقیر کو خیرات دے دیں، اسی طرح چالیس دنوں تک چالیس فقیروں کو دیں، ان شاءاللہ تعالی مقدر بدل جائے گا۔

معلومات فن کیمیا

جو شخص فن کیمیا میں دلچسپی اور مہارت رکھتا ہو اس کے رموز سمجھتا ہو لیکن کسی وجہ سے اس میں خطا ہو جاتی ہو وہ اللہ تعالی کے نام ''یا حلیم یا حکیم'' کا کثرت سے ورد کرے اس کی غیب سے درستگی کر دی جائے گی۔

ظاہری و باطنی غنا کے لئے سورۃ مزمل کا عمل

سورۃ مزمل گیارہ مرتبہ پڑھیں ہر نماز کے بعد دو دو مرتبہ اور عشاء کے بعد تین مرتبہ اور گیارہ سو مرتبہ یا مغنی پڑھیں۔

رزق کی بارش

جو شخص سورۃ ''الفلق'' کثرت سے پڑھے گا اس پر رزق بارش کی طرح اترے گا۔ ان شاءاللہ تعالیٰ۔

() صبح کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان سو سو مرتبہ یا غنی اور یا مغنی پڑھیں

مغرب کے بعد سورۃ الواقعہ پڑھیں اور رزق ملاحظہ کریں۔

فتوحات کے لئے عجیب عمل

صبح کی نماز کے بعد سورۃ الرحمٰن'' کی تلاوت کریں اس کے ''فَبِاَیِّ آلاَءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبَانِ''۱۶۸ بار پڑھیں۔

مسافر جس کے پاس کچھ نہ ہو

اگر زندگی میں ایسا وقت آجائے کہ کہیں اجنبی جگہ پر جائیں اور کوئی راہ نظر نہ آئے تو درخت کے نیچے ننگے سر بیٹھ کر یہ آیت ۳۱۳ مرتبہ پڑھیں۔ رَبِّ إِنِّی لِمَا أَنْزَلْتَ إِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیرٌ ''
ان شاءاللہ جلدی غیب سے مدد حاصل ہوگی یہ عمل دہراتے رہیں جب تک کام نہ ہو۔

تنگ دست کے لئے آسان عمل اور رزق کی بارش

جو غریب، تنگ دست محتاج ہو وہ روزانہ اشراق کی نماز کے بعد'' لاالہ الا اللہ الملک الحق المبین وھو نعم المولی و نعم النصیر'''' پڑھے

() چار سو پچاس بار حسبنا اللہ و نعم الوکیل'' پڑھیں۔

سورہ واقعہ کا چلہ کشادگی رزق کے لئے

ہر نماز کے بعد ۲۵ مرتبہ سورۃ الواقعہ پڑھیں

نمازِ عشاء کے بعد یہ سورہ پڑھ کر ہزار مرتبہ درود شریف پڑھیں۔
جمعہ کے دن شروع کریں سات دن مسلسل یہ عمل کریں اور روزہ بھی رکھیں۔
دوران عمل فارغ ٹائم میں استغفار درد شریف اور تلاوت کلام پاک کریں۔
اس کے بعد آپ اس کے عامل ہو گئے
آئندہ مغرب کے بعد صرف ایک بار پڑھ لیا کریں۔

طعام میں زیادتی اور برکت

جمعہ کی رات بارہ سو مرتبہ یہ آیت کریمہ پڑھیں۔
أَمْ أَبْرَمُوا أَمْرًا فَإِنَّا مُبْرِمُونَ
عمل پورا ہو جائے گا۔

پھر جب کھانے پر دم کر کے کھائیں گے ان شاء اللہ ایک آدمی کا کھانا دس آدمیوں کے لئے کافی ہو گا

() اللہ تعالی کا مبارک نام ''یا شکور'' سات سدو پار پڑھ کر کھانے پر دم کریں تو کھانا بابرکت ہو گا۔

برکت اور کامیابی

''سَلَامٌ قَوْلًا مِنْ رَبٍّ رَحِيمٍ'' پانچ سو بار پڑھنے سے برکتیں اور کامیابیاں ہوتی ہیں اور روزانہ پڑھا جائے تو نور علی نور ہے۔

رزق کی کشادگی کے لئے

بارہ رکعت تہجد پڑھیں، ہر دو رکعت کے بعد بسم اللہ شریف ۱۰۰۰ ابار پڑھیں اور اللہ تعالی سے رزق کی کشادگی کی دعا مانگیں یہ تین رات کا عمل ہے۔

() دیگر

اللہ تعالی کا نام ''متین'' ۳۶۰ مرتبہ ایک اتوار سے گلے اتوار تک پڑھیں فجر نماز کے بعد درود

ابرہیمی ۳ بار

یاعزیز یا معز ۲۱ بار

درود ابراہیمی ۳ بار

نماز عشاء کے بعد کلمہ سوم ۳ بار

سورۃ جاثیہ کی یہ آیت مبارکہ ۱۱ بار، فَلِلَّهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمَاوَاتِ وَرَبِّ الْأَرْضِ رَبِّ الْعَالَمِينَ . وَلَهُ الْكِبْرِيَاءُ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ. یہ پانی پر پڑھ کر پی لیں۔

رزق کی کشادگی اور پریشانی کے لئے دو مجرب المجرب تیر بہدف نسخے

اب آخر میں دو عجیب وغریب عمل پیش کئے جاتے ہیں، ہے کوئی انسان کہ ان کو آزما کر دیکھے، یہ انسان ذات کی بھلائی کے لئے درج کئے جارہے ہیں اور یہ سینہ میں راز تھے اگرچہ بزرگوں نے مختلف انداز اور الفاظ میں یہ راز بیان کئے ہیں لیکن میں صاف صاف بیان کرتا ہوں۔

(۲) صحیح بخاری کا ختم

جب دیکھیں کہ کوئی راہ نظر نہیں آرہی اور ہر طرف سے مایوسی ہی مایوسی نظر آرہی ہے تو صحیح بخاری شریف کا سیٹ کہیں سے لے آئیں اور اس کو بہت انتہائی ادب واحترام کے ساتھ پڑھیں یا چند حضرات اکٹھے ہو کر پڑھیں پاک جگہ، پاک لباس پہن کر اور ہر حدیث میں قال رسول اللہ ﷺ کے وقت درود صحیح تلفظ اور اچھے انداز سے ادا کریں اور بارگاہ الٰہی میں بیٹھ کر حدیثِ رسول ﷺ پڑھتے وقت اس طرح سمجھیں گویا آپ جناب رسول اللہ ﷺ کے سامنے بیٹھے ہوئے ہیں اور ان سے تعلیم سیکھ رہے ہیں اور حدیث رسول اللہ پر عمل کرنے کا پکا عہد کرلیں اور یہ عقیدہ رکھیں کہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت فرض ہے، دین کے معاملہ میں ان کے علاوہ کسی کی اطاعت فرض نہیں بلکہ باعثِ انتشار وفساد اور دین ودنیا میں خرابی کا باعث ہے۔ اگر آپ یہ عمل ایک ہی دن میں مل جل کر کرلیں ان شاء اللہ اسی دن سے آپ کو رزق کے دروازے کھلتے ہوئے نظر آئیں گے۔

(۲) امام بخاری اور صحیح بخاری کی خدمت

دوسرا عمل یہ ہے کہ مندرجہ بالا نیت اور عقیدہ کے ساتھ آپ صحیح بخاری کی خدمت کرنے کا عہد کر لیں، مثلاً

امام المحدثین، امیر المومنین فی الحدیث حضرت امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کی زندگی کے وہ وہ واقعات جن میں انسان کے لئے سبق حاصل ہو جیسے ان کی تقوی، ان کا حفظ، ان کے بخاری شریف لکھنے کے آداب، ان کا صبر و تحمل وغیرہ۔

یا
صحیح بخاری کی خدمت

جیسے:

اس کا سیٹ لے کر لوگوں کو پڑھنے کے لئے دینا، اس پر عمل کرنے کی لوگوں کو ترغیب دینا، ان کے فضائل بیان کرنا، اس پر حاشیہ لگانا، اس پر جو اعتراض کر رہا ہے اس کو بردباری و تحمل سے جواب دینا، بہر حال کسی بھی طریقہ سے جو خدمت ہو سکتی ہے اس کا عہد کرنا اور شروع کر دینا،

آپ مندرجہ بالا دونوں عملوں میں سے جو بھی کریں گے تو آپ کو رزق کے دروازے کھلتے ہوئے نظر آئیں گے۔ ان شاء اللہ تعالی

نوٹ:

کوئی اگر اعتراض کرے کہ امام بخاریؒ ہی کیوں؟ بندہ اللہ تعالی جل جلالہ اور امام الانبیاء حضرت محمد ﷺ کی تعریف کیوں نہ کرے؟

اس لے کئے عرض ہے کہ اللہ اور رسول اللہ ﷺ اول ہیں، اللہ و رسول ﷺ کی محبت اور اطاعت پر پورا اترنے کے بعد یہ عمل کرنے ہیں جو شخص اللہ و رسول ﷺ کی کوئی بھی نافرمانی کرتا ہے تو اس شخص کے لئے اس کتاب میں کوئی بھی عمل نہیں ہے نہ اس کے عمل کا کوئی اثر ہوگا۔

اور دوسری بات یہ ہے

کہ جملہ محدثین کے ساتھ ساتھ حضرت امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نبی کریم ﷺ تک پہنچنے کا ایک

عظیم واسطہ اور وسیلہ ہیں اور محدثین کرام کے علاوہ کوئی شخص رسول اللہ ﷺ کی تعلیمات حاصل کر ہی نہیں سکتا اور دین اسلام پر عمل کر ہی نہیں سکتا، یہ لوگ ہیں جنہوں نے اللہ تعالی کا دین ہم تک پہنچایا ہے۔اور تمام فقہاء واولیاء اس معاملہ (احادیث کی جمع آوری اور انتخاب صحیح احادیث) میں امام بخاریؒ کے بعد ہیں۔

تیسری بات یہ ہے

کہ امام بخاریؒ صاحبِ کرامت اللہ تعالی کے ولی تھے اور مستجاب الدعوات بھی تھے، انہوں نے صحیح بخاری پڑھنے والوں کے لئے دعا کی ہے۔

چوتھی بات یہ ہے

کہ اعدائے اسلام اور اہلِ بدعت ہر طرف سے امام بخاریؒ اور صحیح بخاری پر حملہ آور ہیں تا کہ اسلام کی بنیادوں کو گرایا جا سکے کیوں کہ صحیح بخاری ہی سنت رسول کی اول اور صحیح ترین کتاب ہے، اس کا حل امام بخاری اور صحیح بخاری کی خدمت ہے اور یہ اسلام کا دفاع ہے۔

اپنے ذاتی گھر کا حصول

''یامالک الملک'' ہر نماز کے بعد ۸۰۰ بار پڑھتے رہیں، تھوڑے عرصہ کے بعد خوشخبری مل جائے گی ان شاء اللہ تعالی۔

گھر کا حصول

سات دن تک توزانہ یہ آیت مبارکہ ۱۵۱ مرتبہ پڑھیں، وظیفہ کے دوران ان شاء اللہ گھر مل جائے گا، ہر کرایہ دار کو یہ وظیفہ لازمی کرنا چاہئے۔ وَلَقَدْ مَكَّنَّاكُمْ فِي الْأَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيهَا مَعَايِشَ قَلِيلًا مَا تَشْكُرُونَ.

() ذاتی گھر کا حصول فوری طور پر

اللَّهُمَّ رَبَّنَا أَنْزِلْ عَلَيْنَا مَائِدَةً مِنَ السَّمَاءِ تَكُونُ لَنَا عِيدًا لِأَوَّلِنَا وَآخِرِنَا وَآيَةً مِنْكَ وَارْزُقْنَا وَأَنْتَ خَيْرُ الرَّازِقِينَ۔ گیارہ مرتبہ پڑھیں اور آسمان کی طرف پھونک دیں، ان شاء اللہ تعالی جو دولت گھر وغیرہ طلب کریں گے وہ ملے گا۔

ذاتی مکان

اللہ تعالی کا نام ''یامالک'' روزانہ دس ہزار مرتبہ پڑھیں بیشک گھر کے سب افراد مل جل کر پڑھیں تین سالوں تک پڑھتے رہیں اللہ تعالی ایسے ذرائع پیدا فرمائیں گے کہ انسان سوچ ہی نہیں سکتا۔

اپنا گھر خریدنے کا عمل

یہ عمل کرنے والا کبھی رہائش کے حوالے سے پریشان نہیں ہوگا۔

اللھم صل علی محمد النبی الامی وآلہ و سلم

جمعہ کے دن عصر نماز کے بعد ہزار مرتبہ پڑھیں اور ہر نماز کے بعد ۲۱ مرتبہ

() دیگر

آیت اکرسی نماز عشاء کے بعد ۴۱ مرتبہ چالیس دنوں تک پڑھیں۔

دولت گاڑی گھر سب کچھ مل جائے گا

اللَّهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ وَيَقْدِرُ لَهُ إِنَّ اللَّهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ

گھر گاڑی آپ کے لئے

اللہ تعالی کا نام ''یا قابض'' جو شخص روٹی کے پچاس ٹکڑوں پر لکھ کر کھائے گا ۴۰ دنوں تک

دولت رکھنے کی جگہ نہ ہو

یامالک الملک یاذالجلال والاکرام' روزانہ فجر نماز کے بعد سورج نکلنے کے بعد تک کسی بھی دروازہ پر ہاتھ رکھ کر ۱۰۱ مرتبہ پڑھیں اول وآخر سات مرتبہ درودشریف پڑھیں، دانوں پر دم کریں اور وہ دانے پرندوں کو کھلائیں۔

۵ دنوں میں گھر مل جائے

''یا وہاب یامالک'' کسی بھی ٹائم دس ہزار مرتبہ پڑھیں دورہ الکوثر والا عمل بھی عجیب ہے۔

جھونپڑی سے محل تک

بعد نماز فجر ۱۰۰ ابار پڑھیں

لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِينَ

پلاٹ صحیح قیمت پر بیچنا

دورکعت صلات الحاجۃ پڑھیں، سورہ یاسین تین مرتبہ پڑھیں، پھر اللہ تعالی سے دعا مانگیں یہ عمل صبح وشام کریں۔

دشمن کے متعلق اعمال

جاننا چاہئے کہ دشمن سے مراد کافر، فاسق، فاجر، سرکش، متکبر وظالم ہے اور جب وہ ناحق کسی پر ظلم کرتا ہو اور کسی طریقہ سے نہ سمجھتا ہو، یا انگریز ٹائب حاکم جو یہود کے نقش قدم پر چلتا ہو اور دین اسلام اور دیندار کی عزت نہ کرتا ہو۔ اس کے لئے درج شدہ اعمال بے شک کریں، لیکن بعض لوگ اپنی جہالت کی وجہ سے اور خواہشِ نفس کے تحت کسی پر اگر ناراض ہوتے ہیں تو مخالف کو دشمن سمجھتے ہیں یا کسی کو اگر حق و سچ کہا جائے تو وہ حق کہنے والے کو دشمن سمجھتے ہیں۔

میرے ایسے چند رشتہ دار ہیں، ان سے بھلائی کی اور ان کے اہم اہم کام کئے، وہ ان کی بھلائی کے لئے، کہ ان کو نقصان ہونے والا تھا، اس سے بچانے کے لئے، لیکن وہ ان کاموں کے کرنے سے مجھے اپنا دشمن سمجھتے ہیں۔

ایسے مسلمان بھائی کو دشمن سمجھ کر اس کے خلاف عمل کرنا خود ہو ہلاکت میں ڈالنے والا فعل ہے، وہ نقصان عامل خود ہی اٹھائے گا، ایسے نادان عامل کے لئے اس کتاب میں کوئی بھی عمل نہیں ہے۔ ہر شخص کے لئے لازم ہے کہ اپنے اندر جھانکے جب مُحقّق ہو جائے کہ فلاں دشمن ہے جس کی وجہ سے دین کو نقصان اور معاشرے میں فساد ہو رہا ہے یا کسی مومن کا حق مارا جا رہا ہے، اس وقت بے شک اس کتاب کو کھول کر عمل کرے۔ اور اس زمانہ میں کچھ عہدیدار لوگ مغربی تہذیب کے ڈسے ہوئے اور یہود کے نقشِ قدم پر چلنے پر تلے ہوئے ہیں اور یہود کی روش اختیار کرنے کو اپنا فخر سمجھتے ہوئے دینداروں کے پیچھے پڑے ہوئے ہیں اور اسلام کو بہت حقارت کی نظر سے دیکھتے ہیں، ایک شخص سے میرا واسطہ پڑا، اس نے مجھے کہا کہ میرے سامنے اسلام کا نام ہی نہیں لینا، میں نے اس کو بتایا کہ یہ ''ملک پاکستان'' اسلام کے لئے حاصل ہوا تھا اور اسلام کے نام پر ہمارے اکابر کا خون اس پر قربان ہوا ہے اور آپ جس عہدہ پر فائز ہیں یہ آپ کو اسلام کی خاطر ملا ہے لہذا میں جب ہی آپ سے بات کروں گا تو اسلام کی ہی کروں گا اور آپ نے جب ہی مجھ سے بات کرنی ہے تو اسلام کے حوالے سے ہی کریں۔ بہرحال ایسے لوگوں کے لئے آپ کو جب ہی ضرورت پڑے میری کتاب کھول کر عمل شروع کر دیں۔

دشمن یا مخالف سے کوئی بھی مشکل کام نکالنا

جس شخص کے دشمن زیادہ ہوں یا اس کو ناحق تنگ کرتے ہوں یا ان سے کوئی کام ہو وہ کسی صورت میں نہ نکلتا ہو، اس کے لئے یہ عمل بہت عجیب وغریب اور اکسیر ہے، ان شاءاللہ جو بھی کام ہو وہ کرے گا اور اس کی زبان و جوارح اس وقت خلاف نہیں کر سکیں گے۔

اس کی روح جمل الکبیر سے لے کر اس کے مطابق عمل درج ذیل شرائط سے پڑھے۔

(۱) سورۃ فاتحہ بمع بسم اللہ مکمل۔ اور بسم اللہ کی میم ملا کر پڑھیں جیسے **بسم الله الرحمن الرحیمِ الْحَمْدُلِلّٰهِ**

(۲) اس کے بعد ''**یا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ قَلِّبْ اِلَیَّ**''۔

(۳) اول وآخر درود دس مرتبہ۔

(۴) اپنا مطلب اور مطلوب کی صورت دل میں رکھے۔

(۵) کسی الگ، اکیلے مکان میں۔

(۶) عشاء کے بعد رات کے کسی بھی ٹائم میں۔ ایمرجنسی میں کسی بھی ٹائم۔

(۷) اس کے بعد مطلوب کا تصور سامنے لا کر پھونک دے۔

صبح کو اس کے پاس جائے، اس سے وہ چیز مانگے یا وہاں خاموش بیٹھ جائے، ان شاءاللہ وہ انکار نہیں کر سکے گا اگرچہ بیٹی کوئی نکاح کے لئے بھی مانگے۔ انکار نہیں کر سکے گا۔

کوئی شخص دشمنوں کے گھیرے میں آجائے اور نکلنے کی کوئی راہ نظر نہ آئے

اگر کوئی شخص دشمن کے گھیرے میں آجائے اور راہ نجات نظر نہ آئے یا جنات وشیاطین کے جال میں پھنس جائے یا ڈاکوؤں کے چکر میں پھنس جائے تو درج ذیل ترکیب کرنے سے ان شاءاللہ نجات مل سکتی ہے۔

مصیبت آنے سے پہلے ''کٓھٰیٰعٓصٓ اور حٰمٓعٓسٓقٓ'' کا وظیفہ جاری رکھیں، بہت دنوں تک لا تعداد پڑھتے رہیں پھر اگر خیال ہو کہ میں اس کے اسرار دیکھوں تو عین مصیبت کے وقت '' کٓھٰیٰعٓصٓ

، حٰمٓعٓسٓقٓ" پڑھتے جائیں اور پاک زمین پر اپنے گرد دائرہ کھینچتے جائیں، یہ الفاظ گیارہ مرتبہ پڑھنے سے دائرہ مکمل ہو جائے، اس کے بعد خاموش ہو کر اسی دائرہ کے اندر بیٹھے رہیں اور اللہ تعالی کو یاد دل میں ہی کرتے رہیں۔ اس وقت آپ سارے جہان سے غائب رہیں گے کسی کو نظر نہیں آئیں گے۔

دشمن سے مشکل سے کام نکالنے کا دوسرا عمل

دشمن یا متکبر اور سرکش انسان سے کام نکالنے اور اس کی زبان بند کرنے کے لئے یہ عمل ایک نایاب اور عجیب وغریب ہے، اس عمل کرنے سے دشمن کیسا ہی قوی اور کیسا ہی ظالم کیوں نہ ہو ان شاء اللہ فوری اسکی زبان بند ہو جائے گی اور کام کرے گا۔

"**کھیعص اور حمعسق** "کو بے تعداد پڑھتے رہیں، جب دشمن کے سامنے جائیں تو اس وقت ستر مرتبہ پڑھیں اور پھر ایک مرتبہ پڑھیں اور ہر حرف پر ایک ایک انگلی بند کرتے جائیں، دس حروف سے دس انگلیاں بند ہو جائیں گی، اسی طرح اس ظالم کے پاس چلے جائیں اور وہاں اس کو سلام کریں، سلام کرتے وقت مٹھی وہاں ہی کھولیں، ان شاء اللہ آپ کے خلاف اس کی زبان بند ہو جائے گی۔ اور وہ فوری کام کرے گا۔

دوسرا عمل

اگر آپ پوری توجہ سے "**ایاک نعبد و ایک نستعین** " پڑھتے رہیں تو ان شاء اللہ مخالف سے کام نکل سکتا ہے۔

دشمن پر عزت اور غلبہ

کسی شخص کے اگر دشمن زیادہ ہوں کوئی شخص چاہے کہ میں ان کے شر سے محفوظ رہوں اور چاہے کہ میں عزت کے ساتھ رہوں اور تمام دشمنوں کا سر میرے سامنے جھکا ہوا ہو، اس کے لئے درج ذیل عمل اکسیر و کبریت احمر ہے، صبح کی نماز کے بعد کلام کرنے سے پہلے ۱۰۰۰ مرتبہ پڑھے۔"**اللہ لطیف بعبادہ یرزق من یشاء وھو القوی العزیز.**

دشمن جو کرے اس کے اپنے گلے میں پڑے

اگر کسی کے دشمن زیادہ ہوں، کسی بھی صورت سے اپنی شرارت سے نہ ہٹیں اور کوئی چاہے کہ دشمن جو کچھ میرے خلاف کریں، وہ انہی کے گلے میں پڑ جائے اور میرا کوئی نقصان نہ ہو، اس کے لئے درج ذیل تین مجرب المجرب عمل پیش کئے جاتے ہیں، ہر ایک عمل کروڑوں سے زیادہ قیمتی اور عظیم کرامت ہیں۔

(۱) دعا حیدری

دعا حیدری ایک عجیب وغریب ڈھال ہے، اس کا صبح کی نماز اور مغرب کی نماز کے بعد صرف گیارہ مرتبہ پڑھنا دشمن کے خلاف اور مخالف کی زبانوں کو بند کرنے کے لئے اکسیر ہے۔ دشمن اس کے خلاف جو بھی سوچے یا کرے گا، وہ نقصان اسی کے گردن میں ہوتا جائے گا۔

الهم سخر لی اعدائی کما سخرت الریح لسلیمان بن داوود علیه السلام ، و لینهم کما لینت الحدید لداوود علیه السلام و ذللهم کما ذللت فرعون لموسیٰ علیه السلام و قهر هم کما قهرت ابا جهل لمحمد علیه السلام بحق کهیعص حمعسق ، صم بکم عمی فهم لا یرجعون ، صم بکم، عمی بکم عمی فهم لا یعقلون ، صم بکم عمی فهم لا یبصرون ،ایاک نعبد و ایاک نستعین ، فسیکفیکهم الله وهو السمیع العلیم والحمد لله رب العالمین.

ترجمہ :

اے اللہ! مجھے دشمن اس طرح تابع کردے جس طرح تو نے سیدنا حضرت سلیمان علیہ السلام کے تابع ہوا کو کیا۔

اور ان کو اس طرح موم کر جس طرح تو نے سیدنا حضرت داوود علیہ السلام کے ہاتھ پر لوہے کو موم کیا۔

اور ان کو اس طرح نرم کر جس طرح تو نے سیدنا حضرت موسیٰ علیہ السلام کے سامنے فرعون کو پست کیا۔

اور ان کو اس طرح مجبور و زیر کر جس طرح تو نے ابوجہل کے سیدنا و مرشدنا حضرت محمد ﷺ کے سامنے مقہور و مجبور کیا تھا۔

(قران مجید کی آیات وحروف مقطعات) کھیعص اور حمعسق کے واسطہ سے۔

(دشمن) بہرے، گونگے، اور اندھے ہوئے نہ لوٹ سکتے ہیں نہ سمجھ سکیں نہ دیکھ سکیں۔

اے اللہ ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں۔
(عامل خود کو کہتا ہے) تجھے اللہ تعالی کی ذات بابرکات کافی ہے، وہ سننے والا اور جاننے والا ہے اور تمام تعریفیں اللہ تعالی کے لئے ہیں تو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے۔

(۲) عجیب وغریب دعا

دشمن کی زبان بند کرنے اور اس سے کام نکالنے اور ان کے شر کو دفع کرنے کے لئے یہ مسنون دعا نہایت عجیب وغریب ہے۔

"اللهم انا نجعلک فی نحورهم و نعوذبک من شرورهم"

ترجمہ:

اے اللہ! ہم تیری پکڑ اس کے گردن میں ڈالتے ہیں اور اس کی شر سے تیری پناہ مانگتے ہیں۔
یہ بے تعداد پڑھتے رہیں، ان شاء اللہ دشمن خلاف کرنے میں اندھا ہو جائے گا، کوئی شر نہیں پہنچا سکے گا۔ فقیر نے یہ عمل اس وقت کئے کہ ایک فاسق فاجر افسر پیچھے پڑا ہوا تھا اور اس کا دعوی تھا کہ وہ فقیر کو نوکری سے نکالے گا لیکن اللہ تعالی کے فضل وکرم سے خود پاگل ہو کر نوکری سے نکل گیا اور اس کی اولاد نے خودکشی کی اور وہ بے اولاد بھی ہو گیا۔ اور مندرجہ بالا مسنون دعا ہے جس کے اثر میں کوئی شک ہی نہیں۔

(۳) صلوۃ تنجینا

اللهم صل علی سیدنا محمد و علی آل سیدنا محمد صلوة تنجینا بها من جمیع الاحوال و الآفات و تقضٰ لنا بها جمیع الحاجات و تطهرنا بها من جمیع السیئات و ترفعنا بها عندک اعلی الدرجات و تبلغنا بها اقصی الغایات من جمیع الخیرات فی الحیات و بعد الممات انک علی کل شیء قدیر

یہ عمل صرف دشمن کے لئے نہیں بلکہ جس طرح اس کا معنی ومفہوم ہے یعنی ہر مصیبت کے دفع کے لئے ہر حاجت کے پورا کرنے کے لئے اور تمام برائیوں سے بچنے کے لئے، اور دنیاوی اور اخروی درجات کی بلندی کے لئے اکسیر اعظم ہے۔ ۳۶۰ مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ ان شاء اللہ ایک ہفتہ کے اندر مطلب

حاصل ہوگا۔اور دشمن یا تو دشمنی سے باز آئے گا یا وہاں سے کوچ کر کے چلا جائے گا یا حیران اور پریشان رہے گا۔

دشمن کو سزا دینا

اگر کوئی ایسا دشمن ہے جو ایذا دیتا رہتا ہے کسی بھی صورت میں باز نہیں آتا، تو اس کے لئے درج ذیل عمل ایک مجرب ہے۔

ہفتہ کے دن صبح کی نماز کے بعد ''کٓھٰیٰعٓصٓ'' اور '' حٰمٓعٓسٓقٓ'' اس طرح پڑھیں کہ دائیں ہاتھ کے انگوٹھے سے شروع کریں اور ہر انگلی ایک ایک حرف پر بند کرتے جائیں، اور حمعسق کے وقت بائیں ہاتھ کی انگلیاں چھچی سے شروع کریں۔

پھر سورۃ فیل پڑھیں اور ''ترمیھم'' پر ایک ایک انگلی کھولتے جائیں۔

اسی طرح سو مرتبہ روزانہ کریں، اور تنہائی میں کریں، کوئی دوسرا شخص نہ دیکھ سکے، ان شاء اللہ ایک ہفتہ میں دشمن طرح طرح کی پریشانیوں اور مصیبتوں میں مبتلا ہو جائے گا۔

دشمن کے تمام شرور سے بچنے کے لئے

کسی کے دشمن زیادہ ہوں اور کوئی چاہے کہ وہ ان کی ہر حرکت اور ہر شر سے محفوظ رہے تو درج ذیل ترکیب کرنے سے ان شاء اللہ دشمن اس کو کوئی شر نہیں پہنچا سکیں گے۔ یہ دعا سیدنا حضرت نوح علیہ السلام کی دعا ہے جو کہ ایک اکسیر احمر اور کبریت ہے اور بے مثال ہے۔

رب انی مغلوب فانتصر ''

صبح اور مغرب کی نماز کے بعد ۳۶۰ مرتبہ ڈیلی پڑھیں، اس سے نہ کم نہ زیادہ۔ ان شاء اللہ تھوڑے ہی دنوں میں تمام دشمن مغلوب ہونگے۔ بہت مجرب ہے۔

دشمنوں اور ہر بلا سے حفاظت

دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنے اور ہر بلا سے بچنے کے لئے رزانہ سورۃ قریش'' سو مرتبہ صبح اور سو مرتبہ مغرب کی نماز کے بعد پڑھیں۔

مقدمہ میں کامیابی

سورۃ ''حشر'' کی آخری آیات روزانہ نماز صبح کے بعد تین بار پڑھیں۔

مقدمہ کے واسطے۱۲ بار رات کے ٹائم اپنا سر ننگا کر کے مخالفین کے لئے ان کی گھر کی طرف رخ کر کے پڑھے اور قتل کے کیس میں ۱۰۱بار پڑھے۔

دشمنوں سے حفاظت

دشمن کی حفاظت کے درج ذیل چار اعمال اکسیر اعظم ہیں

سات مرتبہ یہ دعا پڑھیں ''اللہ ناصرنا، اللہ حافظنا ، اللہ ناظرنا ، اللہ معنا ''

عشاء کی نماز کے بع پچاس بار '' حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ

وَأُفَوِّضُ أَمْرِي إِلَى اللّٰهِ إِنَّ اللّٰهَ بَصِيرٌ بِالْعِبَادِ

یہ آیت بکثرت پڑھیں۔

اور کثرت سے یہ ''یا ارحم الراحمین'' ورد رکھیں۔

دشمن کے دل کو نرم کرنے کا عمل

جو شخص صبح کی نماز کے بعد پوری توجہ سے ''یارحیم'' پانچ سو مرتبہ پڑھے گا، ان شاءاللہ ساری مخلوق اس پر مہربان ہوگی اور کوئی دشمن نقصان نہیں پہنچا سکے گا اور وہ بھی نرم ہو جائے گا۔

ہر قسم کے مقدمہ میں کامیابی

جیسا بھی مقدمہ ہو اور اس میں کوئی اگر بری طرح پھنس جائے، وہ خود یہ عمل کرے یا اس کے عزیز و اقارب عمل کریں، ان شاءاللہ نجات مل جائے گی اور ملزم بری ہو جائے گا۔

یا رحمان کل شیء و وارثه و راحمه یا رحمن

ہر مقصد میں کامیابی

سورۃ ''البقرہ'' جس مقصد کے لئے سات مرتبہ پڑھی جائے، ان شاءاللہ وہ مقصد پورا ہوگا۔

دشمنوں سے تحفظ

دشمنوں کے دفعیہ کے لئے ہر نماز کے بعد سورۃ ''الفلق'' سات مرتبہ پڑھیں اور یہ عمل ہمیشہ جاری رکھیں، اگر دشمن سامنے آجائے تو'' **اللھم ان نجعلک فی نحورھم و نعوذ بک من شرورھم** '' پڑھ کر ان کی طرف پھونک ماردیں۔

یا یہ دعا نماز مغرب کے بعد ۳۱۳ مرتبہ روزانہ پڑھیں۔

ہر مقدمہ میں کامیابی کے لئے

ہر قسم کے مقدمہ میں کامیابی کے لئے روزانہ صبح کی نماز کے بعد اور ''فتح'' اور سورۃ ''الطّور'' ایک ایک مرتبہ پڑھیں، ان شاءاللہ ضرور کامیابی ہوگی۔

برائے مغلوبی دشمن

کسی بھی نماز کے بعد سورۃ ''المزمل'' بغیر بسم اللہ کے ۲۱ بار رائی کے دانوں پر پڑھ کر دانے آگ میں جلادیں، ان شاءاللہ دشمن مغلوب ہونگے۔

ہر مشکل کا حل، دشمن کے شر کا خاتمہ اور مقدمہ میں کامیابی کے لئے

جو شخص دشمنوں میں گھرا ہوا ہو اور وہ اسے ستاتے ہوں یا کوئی ایسی مشکل آگئی ہو جس کا حل نظر نہ آتا ہو یا ایسی پریشانی طاری ہوجائے کہ دماغ کام ہی نہ کرے، تو ایسی صورت میں درج ذیل عمل بہت مجرب ہے:

نماز عشاء کے بعد تین سو بار'' **إِنَّمَا أَشْكُو بَثِّي وَحُزْنِي إِلَى اللّٰهِ**۔

اور پانچ سو چھہتر بار'' **حَسْبُنَا اللَّهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ**

اس کے بعد سو مرتبہ سورۃ ''قریش''

پھر اللہ تعالی سے نہایت عاجزی وانکساری سے گڑگڑا کر دعا مانگے، ان شاءاللہ بڑی سے بڑی مشکل حل ہوجائے گی اور دشمنوں کے شر سے حفاظت ہوگی اور مقدمہ میں کامیابی ہوگی جیسا بھی مقدمہ ہو چاہے خون کیوں نہ کیا ہو۔

دشمن کو برباد کرنا

چوراہے کی مٹی لا کر تین رات متواتر آدھی رات کو باوضو ہو کر درج ذیل دعا اس پر اکہتر مرتبہ پڑھ کر دشمن کے گھر کی طرف اس کو اڑا دے تو دشمن یا تو ہلاک ہو جائے گا، یا اگر ایذا رسانی کی نیت سے کیا ہے تو ہمیشہ تکلیف میں مبتلا ہو جائے گا۔

یا قاهر ذا البطش الشدید انت الذی لا یطاق انتقامه

(۲) اگر دشمن کسی بھی صورت میں باز نہ آئے تو عشاء کی نماز کے بعد بغیر درود کے اکتالیس مرتبہ درج ذیل کلمات پڑھے اور اپنے ذہن میں تصور کرے کہ گویا دشمن میرے پاؤں کے نیچے ہے

رَمَیْتُ مَنْ یَبْغی علی بسم الله و سَیْفِهِ القاتِلِ

دشمن کو تباہ کرنا

دشمن کو تباہ و نیست و نابود کرنے کے لئے درج ذیل آیت کریمہ کا ورد کریں

وَیَسْأَلُونَکَ عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ یَنْسِفُهَا رَبِّی نَسْفًا .فَیَذَرُهَا قَاعًا صَفْصَفًا. لَا تَرَی فِیهَا عِوَجًا وَلَا أَمْتًا

دشمن کو ہلاک کرنا

جو شخص درج ذیل دعا کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا اور اس کا ورد کرے گا تو اللہ تعالی اس کے دشمنوں کا ہلاک کر دے گا اور ورد کرنے والے کا خاتمہ بالخیر ہو گا اور بڑے لوگوں کی نظروں میں عزت ہو گی، ان شاء اللہ تعالی۔

سبحان ذی الملک و الملکوت ، سبحان ذی العزة و العظمة و الهیبة و القدرة و الجمال و الکمال و الجبروت ، سبحان الذی لا ینام و لا یموت سبوح قدوس ربنا و رب الملائکة و الروح برحمتک یا ارحم الراحمین ببرکة وبحق محمد صلی الله علیه و آله و صحبه و سلم .

دشمن ذلیل ہوں

سورۃ ''العصر'' اکیس مرتبہ پڑھیں، تمام دشمن، بدخواہ سرگردان وذلیل ہونگے۔

دشمن کی تباہی وبربادی

سورۃ الکوثر'' اور ''یا قاھر ذا البطش الشدید انت الذی لا یطاق انتقامه یا قاھر اقھر علی الاعداء

مٹی کے کچے پیالے پر لکھ کر کوٹ کر دشمن کے گھر میں وہ خاک ڈال دیں، ان شاءاللہ وہ تباہ وبرباد ہوجائے گا۔

دشمنوں پر تباہی

صبح کی نماز، عصر اور عشاء کی نماز کے بعد سیدنا حضرت لوط علیہ السلام کی یہ دعا ''رَبِّ انۡصُرۡنِی عَلَی الۡقَوۡمِ الۡمُفۡسِدِینَ''

ایک ہزار مرتبہ پڑھے، ان شاءاللہ مخالفین کی مخالفت سے نجات مل جائے گی یا وہ مخالفت چھوڑ دیں گے، یا ان پر مصیبتیں اور تباہی آجائے گی۔ اگر صبح کی نماز کی بجائے تہجد کے ٹائم پڑھی جائے تو زیادہ بہتر ہے

دشمن کو مغلوب کرنے کے لئے

اَللّٰهُ الۡغَالِبُ ، اَللّٰهُ الۡقَاهِرُ ،مُذِلُّ کُلِّ جَبَّارٍعَنِیۡدٍ قَاهِرُ الۡحَقِّ حَیۡثُ کَانَ وَبِهِ الۡحَوۡلُ وَالۡقُوَّةُ . اِنۡ کَانَتۡ اِلَّا صَیۡحَةً وَاحِدَةً فَإِذَا هُمۡ خَامِدُونَ

یہ دعا عجیب التاثیر اور سریع التاثیر ہے فوراً اثر ہوتا ہے، بہت مجرب ہے اور جلالی ہے خیال رکھنا۔

دشمن سے غائب ہونے کا عمل

درج ذیل آیات کریمہ پڑھنے والا دشمنوں سے مستور ہوجاتا ہے

أُولَئِکَ الَّذِینَ طَبَعَ اللَّهُ عَلَی قُلُوبِهِمۡ وَسَمۡعِهِمۡ وَأَبۡصَارِهِمۡ وَأُولَئِکَ هُمُ الۡغَافِلُونَ

(النحل ۱۰۸)

یس ،وَالْقُرْآنِ الْحَكِيمِ ،إِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ ،عَلَى صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ ،تَنْزِيلَ الْعَزِيزِ الرَّحِيمِ ، لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَا أُنْذِرَ آبَاؤُهُمْ فَهُمْ غَافِلُونَ ،لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلَى أَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ، إِنَّا جَعَلْنَا فِي أَعْنَاقِهِمْ أَغْلَالًا فَهِيَ إِلَى الْأَذْقَانِ فَهُمْ مُقْمَحُونَ ،وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ أَيْدِيهِمْ سَدًّا وَمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَأَغْشَيْنَاهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُونَ

أَفَرَأَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ إِلَهَهُ هَوَاهُ وَأَضَلَّهُ اللَّهُ عَلَى عِلْمٍ وَخَتَمَ عَلَى سَمْعِهِ وَقَلْبِهِ وَجَعَلَ عَلَى بَصَرِهِ غِشَاوَةً (الجاثیہ ۲۳

یہ آیات صبح وشام تین تین بار پڑھیں اور بوقت ضرورت پڑھتے رہیں۔

دشمن سے غائب ہونے کا مختصر عمل

بوقت ضرورت سورۃ یاسین کی اس آیت مبارکہ کا ورد کیا جائے'' وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ أَيْدِيهِمْ سَدًّا وَمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَأَغْشَيْنَاهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُونَ ''

دشمن کو شکست دینے کے لئے

یہ آیت تین سو تیرہ مرتبہ روزانہ پڑھیں۔''سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَيُوَلُّونَ الدُّبُرَ''

دشمن نا کام ہو

درج ذیل کلمات ۳۱۳ مرتبہ پڑھنے سے دشمن اپنی تمام حرکتوں میں نا کام رہتا ہے۔

دشمن کی زبان بند کرنے کے لئے

اگر دشمن چرب لسان ہواور اپنی زبان زوری کی وجہ سے پریشان کرتا ہو یا عدالت یں جھوٹی گواہی دیتا ہو،اس کی زبان بند کرنے کئے لئے درج ذیل آیت کریمہ مسلسل بلا ناغہ پڑھتے رہیں،ان شاءاللہ مخالف کی زبان بند ہوجائے گی ،اور مخالفت میں وہ کچھ نہیں کہہ سکے گا۔

قَالَ رَجُلَانِ مِنَ الَّذِينَ يَخَافُونَ أَنْعَمَ اللَّهُ عَلَيْهِمَا ادْخُلُوا عَلَيْهِمُ الْبَابَ فَإِذَا دَخَلْتُمُوهُ فَإِنَّكُمْ غَالِبُونَ وَعَلَى اللَّهِ فَتَوَكَّلُوا إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ

دشمن کو زیر کرنا

اگر دشمن طاقت ور ہو، کوئی اس کو نہ پہنچ سکے تو درج ذیل آیت کریمہ لکھ کر اپنے پاس رکھے اور ۳۰۳ مرتبہ ورد کریں، ان شاء اللہ دشمن زیر رہے گا اور اس کے خلاف کچھ نہیں کر سکے گا۔" فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللَّهُ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ

ظالموں کی صحبت سے نجات

ظالموں کی صحبت سے نجات کے درج ذیل آیت کریمہ بکثرت پڑھیں۔

رَبَّنَا أَخْرِجْنَا مِنْ هَذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ أَهْلُهَا وَاجْعَلْ لَنَا مِنْ لَدُنْكَ وَلِيًّا وَاجْعَلْ لَنَا مِنْ لَدُنْكَ نَصِيرًا

دشمن کی زبان بند کرنے کے لئے

یہ دعا تین مرتبہ پڑھ کر دشمن کی طرف دم کر دیں، ان شاء اللہ اس کی زبان بند ہو جائے گی۔

اللهم من شافهٖا كفايةٍ و سُرادَقتِ الرِعَايَةِ من هو الغاية و النِهايَةُ اِخْتِم على لِسانِ فلان بن فلان وعلى سمعه و قلبه أَفَلَا يَتَدَبَّرُونَ الْقُرْآنَ أَمْ عَلَى قُلُوبٍ أَقْفَالُهَا

اس کے بعد یہ آیت تین بار پڑھیں: صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُونَ، خَتَمَ اللَّهُ عَلَى قُلُوبِهِمْ وَعَلَى سَمْعِهِمْ وَعَلَى أَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ، كٓهٰيٰعٓصٓ لا يتكلمون .

دشمن کو ذلیل کرنا

صبح کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان سو مرتبہ "یا قہار" پڑھنے سے دشمن ذلیل و خوار ہوتے ہیں۔

حاسد اور دشمن کی زبان بندی کا عمل

صبح و شام درج ذیل آیات کو تین مرتبہ پڑھیں اور ایک کاغذ پر لکھ کر اپنے ساتھ رکھیں، ان شاء اللہ حاسدین اور دشمنوں کی زبان بند ہو جائے گی۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تُبْطِلُوا صَدَقَاتِكُمْ بِالْمَنِّ وَالْأَذَى كَالَّذِي يُنْفِقُ مَالَهُ رِئَاءَ

النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَمَثَلُهُ كَمَثَلِ صَفْوَانٍ عَلَيْهِ تُرَابٌ فَأَصَابَهُ وَابِلٌ فَتَرَكَهُ صَلْدًا لَا يَقْدِرُونَ عَلَى شَيْءٍ مِمَّا كَسَبُوا وَاللَّهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكَافِرِينَ

دشمن کی بربادی کے لئے

سورۃ ''الکوثر'' پچاس بار مٹی پر پڑھ کر دشمن کے گھر میں ڈال دیں، ان شاءاللہ دشمن برباد ہو جائے گا۔

دوسرا عمل

یا قھار اُقْهُرْهُ بحق لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَکَ إِنِّی کُنْتُ مِنَ الظَّالِمِینَ

مغرب نماز کے بعد ۳۶۰ بار پڑھیں، ایک تاریک گوشہ میں بیٹھ کر اور یہ عمل بلا ناغہ اکتالیس دنوں تک کرتے رہیں اور پڑھتے وقت دشمن کی صورت اس طرح دل میں رکھیں کہ وہ میرے سامنے تڑپ رہا ہے۔

خرابی وہلاکت دشمن

اگر کوئی دشمن جان سے مارنا چاہتا ہو یا جائیداد یا مکان پر قبضہ کر کے بیٹھا ہو، تو اس کے لئے درج ذیل عمل کرے۔

ہفتہ کے دن چاند کی آخری تاریخوں میں، ان آیات کو کاغذ پر لکھ کر ایک شیشی میں رکھیں اور اس شیشی میں درخت کے پتوں کا رس ڈال کر دشمن کے گھر میں دفن کر دیں، ان شاءاللہ دشمن طرح طرح کی آفات ومصائب میں مبتلا ہو جائیگا۔

أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّکَ بِعَادٍ. إِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ .الَّتِی لَمْ يُخْلَقْ مِثْلُهَا فِی الْبِلَادِ .وَثَمُودَ الَّذِينَ جَابُوا الصَّخْرَ بِالْوَادِ. وَفِرْعَوْنَ ذِی الْأَوْتَادِ.الَّذِينَ طَغَوْا فِی الْبِلَادِ .فَأَكْثَرُوا فِيهَا الْفَسَادَ. فَصَبَّ عَلَيْهِمْ رَبُّکَ سَوْطَ عَذَابٍ .إِنَّ رَبَّکَ لَبِالْمِرْصَادِ فَيَوْمَئِذٍ لَا يُعَذِّبُ عَذَابَهُ أَحَدٌ وَلَا يُوثِقُ وَثَاقَهُ أَحَدٌ

ظالم کا ظلم دفع ہو اور دشمن برباد ہو

فقطع دابر القوم الذین ظلموا والحمد للہ رب العالمین

روزانہ ۲۱ بار تین دن تک پڑھیں، یہ عمل جلالی ہے، جب ظلم ناقابلِ برداشت ہو تو پڑھیں۔ ان شاءاللہ چند دنوں میں دشمن برباد ہو جائے گا۔

دشمن کا گھر ویران کرنا

اس آیت کو سفال کہنہ پر لکھ کر دشمن کے گھر میں ڈال دیں، ان شاءاللہ اس کا گھر ویران ہو جائے گا۔

’’لِيَقْطَعَ طَرَفًا مِّنَ الَّذِينَ كَفَرُواْ أَوْ يَكْبِتَهُمْ فَيَنقَلِبُواْ خَآئِبِينَ ، لَيْسَ لَكَ مِنَ الأَمْرِ شَيْءٌ أَوْ يَتُوبَ عَلَيْهِمْ أَوْ يُعَذَّبَهُمْ فَإِنَّهُمْ ظَالِمُونَ .

دشمن کا ذہن خراب کرنے اور برباد کرنے کے لئے

قُلْ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ هَلْ تَنقِمُونَ مِنَّا إِلاَّ أَنْ آمَنَّا بِاللَّهِ وَمَا أُنزِلَ إِلَيْنَا وَمَا أُنزِلَ مِن قَبْلُ وَأَنَّ أَكْثَرَكُمْ فَاسِقُونَ ،قُلْ هَلْ أُنَبِّئُكُم بِشَرٍّ مِّن ذَلِكَ مَثُوبَةً عِندَ اللَّهِ مَن لَّعَنَهُ اللَّهُ وَغَضِبَ عَلَيْهِ وَجَعَلَ مِنْهُمُ الْقِرَدَةَ وَالْخَنَازِيرَ وَعَبَدَ الطَّاغُوتَ أُوْلَئِكَ شَرٌّ مَّكَاناً وَأَضَلُّ عَن سَوَاء السَّبِيلِ .

نمازِ عشاء کے بعد اپنے کف میں خاک پاک پر پڑھیں، اس کے بعد کہیں ’’یا قدیم الازلی یا من یعلم خائنة الاعین و ما تخفی الصدور ملیک فلان بن فلان‘‘ بچینکے در خانہ دشمن ان شاءآل خانہ تباہ و ویران شود۔

دشمن کی اولاد نافرمان ہو جائے

ایں آیت بر عظم جمل کہنہ بخواند

’’ فَلَمَّا نَسُواْ مَا ذُكِّرُواْ بِهِ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ أَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ حَتَّى إِذَا فَرِحُواْ بِمَا أُوتُواْ أَخَذْنَاهُم بَغْتَةً فَإِذَا هُم مُّبْلِسُونَ ،فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِينَ ظَلَمُواْ وَالْحَمْدُلِلّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ‘‘ پھر اس کو در خانہ دشمن۔ ان شاءاللہ مقصد تمام شود۔

دشمن کا گھر برباد کرنا

سہ برگ درخت صفصاف طلوع آفتاب سے پہلے لے بروز یک شنبہ ہر سہ برگ پر ایک طرف سے دشمن کا نام لکھے اور دوسری طرف سے آیت مذکورہ اور پھر اس کے گھر میں ڈال دے۔

وَلَوْ تَرَى إِذِ الظَّالِمُونَ فِي غَمَرَاتِ الْمَوْتِ وَالْمَلآئِكَةُ بَاسِطُواْ أَيْدِيهِمْ أَخْرِجُواْ أَنفُسَكُمُ الْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُونِ بِمَا كُنتُمْ تَقُولُونَ عَلَى اللَّهِ غَيْرَ الْحَقِّ وَكُنتُمْ عَنْ آيَاتِهِ تَسْتَكْبِرُونَ .وَلَقَدْ جِئْتُمُونَا فُرَادَى كَمَا خَلَقْنَاكُمْ أَوَّلَ مَرَّةٍ وَتَرَكْتُم مَّا خَوَّلْنَاكُمْ وَرَاء ظُهُورِكُمْ وَمَا نَرَى مَعَكُمْ شُفَعَاء كُمُ الَّذِينَ زَعَمْتُمْ أَنَّهُمْ فِيكُمْ شُرَكَاء لَقَد تَّقَطَّعَ بَيْنَكُمْ وَضَلَّ عَنكُم مَّا كُنتُمْ تَزْعُمُونَ.

یا

جَابُوا الصَّخْرَ بِالْوَادِ .وَفِرْعَوْنَ ذِي الْأَوْتَادِ ،الَّذِينَ طَغَوْا فِي الْبِلَادِ .فَأَكْثَرُوا فِيهَا الْفَسَادَ .فَصَبَّ عَلَيْهِمْ رَبُّكَ سَوْطَ عَذَابٍ . إِنَّ رَبَّكَ لَبِالْمِرْصَادِ

سات برگ صفصاف سرخ پر آب آہنگر اس کے لکھے، بعد ازاں سایہ میں خشک کرے اور خوب باریک پیس کر پھر اس میں خردل یا اسپند دانہ ملائے اور اس مکان میں ڈال دے جو مطلوب ہو۔

یا سورۃ ''تکویر'' کو سات مرتبہ سفال گلے خام پر قلم آہنی سے لکھے بعدہ پیس کر اس کے خانہ میں ڈالے۔

ظالم کو مسلوب الفہم کرنا

جو شخص اپنی ذہانت سے ظلم کے طریقے ایجاد کر کے تکلیف دیتا ہو، اس کو مسلوب الفہم کرنا ہو تو یہ آیت ہفتہ کے دن کسی مٹھائی پر لکھ کر اس کو کھلا دیں۔

وَإِذْ أَخَذْنَا مِيثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّورَ خُذُوا مَا آتَيْنَاكُمْ بِقُوَّةٍ وَاسْمَعُوا قَالُوا سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا وَأُشْرِبُوا فِي قُلُوبِهِمُ الْعِجْلَ بِكُفْرِهِمْ قُلْ بِئْسَمَا يَأْمُرُكُمْ بِهِ إِيمَانُكُمْ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ

دشمن پر ہیبت ڈالنا

جب اس کے سامنے ہوتو یہ کلمات کہے:

اَللّٰهُ الْغَالِبُ ، اَللّٰهُ الْقَاهِرُ ،مُذِلُّ كُلِّ جَبَّارٍعَنِيْدٍ قَاهِرُ الْحَقِ حَيْثُ كَانَ وَبِهِ الْحَوْلُ وَالْقُوَّةُ . اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَاحِدَةً فَاِذَا هُمْ خَامِدُوْنَ

یہ دعا عجیب التاثیراور سریع التاثیر ہےفوراًاثر ہوتا ہے، بہت مجرب ہےاور جلالی ہے خیال رکھنا۔

ان شاءاللہ دشمن ہیبت کھائے اور حیران رہ جائے اور خاموش رہے۔

() دوسرا عمل

اسی طرح سورۃ ’’عبس‘‘ کا اثر ہے۔

() تیسرا عمل

ظالم کے سامنے ۵۰ مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھ لیں، ان شاءاللہ اس کے دل میں ہیبت طاری ہو جائے گی اور وہ کوئی شر نہیں پہنچا سکے گا۔

دشمن برباد ہو

اللہ تعالی کا نام ’’ یا ممیت ‘‘ بکثرت پڑھیں دشمن یا تو راہ راست پر آجائے گا یا تباہ و برباد ہو جائے گا۔

دشمن کو مصیبتوں میں مبتلا کرنا

قبرستان سے بارہ کنکریاں لیں ہر کنکری پر یہ آیت بارہ مرتبہ پڑھیں

’’كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ.وَيَبْقَى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ‘‘ ،ان شاءاللہ دشمن مصیبتوں میں مبتلا ہو جائے گا۔

دشمن کا مال، زمین جائداد برباد ہو جائے

درج ذیل آیت ہر نماز کے بعد سو مرتبہ پڑھیں اور دشمن کو نقصان پہنچانے کے تصور سے پڑھیں ان شاءاللہ چند دنوں میں دشمن کی زمین، پلاٹ، مال، پیسہ برباد ہو جائے گا اور بھیک مانتا پھرے گا۔

وَيْلٌ لِكُلِّ هُمَزَةٍ لُمَزَةٍ. الَّذِى جَمَعَ مَالًا وَعَدَّدَهُ .يَحْسَبُ أَنَّ مَالَهُ أَخْلَدَهُ .كَلَّا لَيُنبَذَنَّ فِى الْحُطَمَةِ .

دشمن کی جائداد، پیسہ برباد کروانے کا ایک عجیب عمل

رَبَّنَا اطْمِسْ عَلَى أَمْوَالِهِمْ

یہ دعا ہفتہ کے دن شروع کریں مکمل تصور کے ساتھ ایک سو مرتبہ طلاع آفتاب کے وقت

یا یہ آیت

فَخَسَفْنَا بِهِ وَبِدَارِهِ الْأَرْضَ فَمَا كَانَ لَهُ مِنْ فِئَةٍ يَنْصُرُونَهُ مِنْ دُونِ اللَّهِ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُنْتَصِرِينَ.

دفع حسد حاسد

صبح اور مغرب کی نماز کے بعد ستر بار ''یامُذِلُّ'' پڑھیں اور اللہ تعالی سے دعا کریں۔

(۲) حاسدین کے حسد سے حفاظت کے لئے معوذتین پڑھنے کے برابر دنیا میں کوئی بھی عمل نہیں ہے۔

دشمن کو تباہ و برباد کرنا

قمری ماہ کے آخری ہفتہ یا منگل کو اندھیرے کمرے یا اندھیری رات میں بیٹھ کر سورہ القدر ۳۳ بار پڑھیں اور اللھم ان نجعلک فی نحورھم و نعوذ بک من شرورھم'' ۴۰۰ مرتبہ پڑھیں ۱۴ دنوں تک یہ عمل جاری رکھیں۔

دشمن کو اذیت دینا

اپنے گھر کی چھت پر جا کر ۷۰ رتبہ حرف ''ذ'' پڑھیں اور دشمن کے لئے بددعا کریں

دشمن کو ذلیل کرنا

''ھوالآخر'' ۸۰۱ بار روزانہ بمع تعوذ وتسمیہ ۴۱ دنوں تک پڑھیں۔

دشمن کو ذلیل کرنے کا تین دنوں کا عمل

یا منتقم المذل ذو البطش الشدید المقتدر

ہفتہ یا منگل کے دن دوپہر کے وقت ۳۱۳ مرتبہ پڑھیں۔

دشمن کو ذلیل کرنے کا سات دنوں کا عمل

بیس تاریخ کے بعد کسی بھی منگل کے روز منہ میں کڑوی چیز رکھ کر اپنے سامنے آگ جلائیں غصہ کی حالت بنائیں ''یا ممیت'' ۳۰۱ بار اول وآخر درود ابراہیمی پڑھیں۔

دشمن کو تباہ کرنے کا عمل

چار چوراہوں کی کنکریاں لے کر ہفتہ یا منگل کے روز بارہ بجے یہ عمل کریں

سورہ کوثر ۱۱ مرتبہ

سورہ فیل ۱۱ مرتبہ

سورہ لہب ۱۱ مرتبہ

ہر ایک کنکری پر دم کریں اور مطلوب کا نام لیتے جائیں اور دل میں اس کی بردباری کو تصور کریں جہاں وہ اٹھتا بیٹھتا ہو اور گزرتا ہو وہاں ڈال دیں۔ تین چوراہوں کی تین تین اور ایک کی دو کنکریاں لیں تاکہ گیارہ کنکریاں پوری ہو جائیں۔

چند دنوں میں دشمن کی تباہی و بربادی شروع ہو جائے گی ان شاءاللہ

دشمن کو تباہ و برباد کرنا

کسی بھی وقت یا حافظ ۵۰۰ مرتبہ پڑھیں

اس سے پہلے کوئی مٹی لے کر اپنے سامنے رکھیں

اس پر ۷۰۰ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور دشمن کے دروازے پر پھینک دیں ورنہ تین دن لگاتار روزہ رکھنا ہے (زکوۃ کے لیے)

چوتھے دن ایک ہی نشست میں پانچ سو مرتبہ پڑھ کر تصویر پر پھونک دیں۔

دشمن کا ستیاناس کرنا

صم بکم عمی فھم لایرجعون

صم بکم عمی فھم لایتکلمون

۱۴۱ مرتبہ پڑھیں

دشمن کو برباد کرنے کا تین دن کا عمل

حرف الف

پہلے دن ۱۱۱۵ مرتبہ

دوسرے دن ۲۲۵ مرتبہ

تیسرے دن ۴۵ مرتبہ

پڑھ کر اس کے چہرے اور سینہ پر (تصور میں) دم کریں وقت کی کوئی پابندی نہیں جتنی مرتبہ کریں۔

دشمن کو بیمار کرنا

دشمن کو بیمار کرنے کی نیت سے دو رکعت نفل پڑھیں۔

پہلی رکعت میں سورۃ فیل ۱۰ مرتبہ۔

دوسری رکعت میں سورۃ لہب ۱۰ مرتبہ۔

نماز سے فارغ ہو کر سورۃ ضحیٰ ۱۰ بار۔

اس کے بعد "**یا بدیع یا عجائب یا بدیع**" ۱۲۰۰ مرتبہ

یہ عمل بارہ دن تک کریں، اگر اس دوران اس کے بیمار ہونے کی اطلاع ملے تو عمل موقوف کر دیں ورنہ وہ ہلاک ہو جائے گا۔

دشمن کا پیشاب بند کرنا

ریشمی دھاگے پر سورۃ فیل ستر مرتبہ پڑھیں اور پھر میں پڑھیں "بستم بول فلاں بن فلاں" اور دم کریں اسی طرح ۷۱ گرہیں لگائیں اور سترہ دن یہ عمل کریں پھر وہ دھاگہ کسی جگہ دفن کر دیں۔ دشمن کا

پیشاب بند ہوجائے گا۔ باذن اللہ تعالیٰ جل وعلا۔

دشمن کو خوار کرنا

اگر دشمن سے ہلاکت کا خوف ہوتو چند افراد مل کر سورہ نحل ۱۰۰ مرتبہ پڑھیں۔ ان شاء اللہ دشمن یا تو فرمانبردار ہوجائے گیں یا خوار و ذلیل ہوں گے اور ان کا جتھہ منتشر ہوجائے گا۔

دشمن ذلیل ہو

سورۃ ''روم'' لکھ کر بوتل میں ڈال دیں مکان میں کسی کونہ میں رکھ دیں یا پھر ۲۱ مرتبہ پڑھیں اور پھر اللہ تعالیٰ سے دعا کریں۔

دشمن کا غرور خاک میں ملانا

وَلَا تَسۡتَوِی الۡحَسَنَةُ وَلَا السَّيِّئَةُ ادۡفَعۡ بِالَّتِی هِیَ أَحۡسَنُ فَإِذَا الَّذِی بَيۡنَکَ وَبَيۡنَهُ عَدَاوَةٌ كَأَنَّهُ وَلِیٌّ حَمِيمٌ

یہ عمل بدھ یا ہفتہ کے دن بعد نماز عشاء ۴۱ مرتبہ پڑھیں اور تصور میں لا کر اس کے سینہ پر دم کریں۔ یہ عمل سات دن تک کریں۔

دشمن رسوا

وہ گھٹیا بنے، بے کار ہوجائے، نظروں سے گرا رہے غریب اور مفلس ہوجائے۔

مغرب کی اَذان سن کر کالی مرچ جلانی ہے پیر کو شروع کرے

کالی مرچ سات عدد

پڑھنا کچھ نہیں ہے

صرف اس نیت سے جلائے کے دشمن ذلیل ہو۔

دشمن کو برباد کرنا

منگل کے روز دوپہر کے وقت قبرستان سے کوے کا پر لانا ہے

دن کو گیارہ سے چھ بجے شام تک چھپ کر یہ عمل کرنا ہے

اس پر ۳۳۳ مرتبہ سورہ فیل پڑھیں

شروع میں تعوذ وتسمیہ پڑھیں پھر نہ پڑھیں

۳۵ منٹ کے اندر اندر دشمن کے گھر میں ڈال دینا ہے، اگر ڈال نہیں سکتے تو کہیں دور جگہ وہ پھینک دینا ہے۔

دشمن کے لیے بددعا خاص

اس عمل کے کرنے سے دیکھا گیا ہے کہ بددعا پوری ہوتے ہوئے دیر نہیں لگتی۔

بسم اللہ ۱۰۰۰ بار

الحمد اللہ ۱۰۰۰ بار

کلمہ شریف ۱۰۰۰ بار

درود شریف ۱۰۰۰ بار

کلمات بددعا ۱۰۰۰ بار

پھر سجدہ کرے

یہ ایک ایسا تیر ہے کمان سے نکلتے ہی نشانے پر پہنچتا ہے خطا ہی نہیں کرتا۔

دشمن کو خوفزدہ کرنا

سورہ اخلاص کو شیر کی کھال یا سونے کی لوح پر کندہ کروائیں اور اپنے پاس رکھیں تو دشمن مغلوب ہوگا اور سر اوپر نہ کر سکے گا یہ عمل شرف یا اوج مریخ کے وقت کریں یا کنندہ کرتے وقت قمر سعد حالت میں ہو اور متعلقہ کواکب نحس ناظر بھی نہ ہوں۔

زبان بندی کے لئے

جس وقت دربار میں یا کسی حاکم کے دفتر میں کسی بزرگ کے پاس کسی حاجت کے لئے جائے تو اس کو تین بار پڑھ کر اپنے بدن پر دم کر کے جائے، وہ دیکھتے ہی مہربان ہو جائے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم لاالٰہ الا اللہ بَرُزَبَانَش عصائے کلیم اللہ محمد رسول اللہ بحق یا رحمان یا رحمان یا رحمان یا رحمان یا رحیم یا رحیم یا رحیم یارحیم صم بکم عمی فھم لا یرجعون

تفریق کے اعمال

اب تفریق کے کچھ اعمال دئے جا رہے ہیں یاد رہے کہ یہ میاں اور بیوی کے درمیان میں نہیں کرنے، ہاں اس صورت میں کہ شوہر ظالم ہے وہ نہ بساتا ہے نہ چھوڑتا ہے اور بطور دشمنی عورت کو ذلیل کرنے کے لئے اس نے لٹکائے رکھا ہے اور اس معاملہ میں عورت مظلوم ہو اور وہ اس سے چھوٹ جانے کی فریاد کرتی ہو اور ان کے درمیان صلح وصفائی کی کوئی راہ نہ ہو۔

یا عورت ظالم ہے جس نے ایک مسکین شوہر کو کسی چکر میں پھنسا دیا ہے اور بطور دشمنی وہ شوہر کو ذلیل اور رسوا کرنے کے چکر میں ہے اور ان کے درمیاں صلح وصفائی کی کوئی راہ نہ ہو اور شوہر اس سے نجات چاہتا ہو اور اولاد پر کوئی برا اثر نہ پڑتا ہو۔

یا ایسے میاں بیوی ہیں جن کے ساتھ رہنے سے معاشرہ میں خرابی ہوتی ہے یا وہ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی پر کمر بستہ ہیں یا وہ ایسی حرکت کرتے ہیں جس سے دین کا نقصان ہوتا ہے۔

یا کسی عورت کے کسی مرد سے ناجائز تعلقات ہیں یا کسی مرد کے کسی عورت سے ناجائز تعلقات ہیں۔

یا چند شرارتی افراد ہیں، ان کے اکٹھے ہونے سے اسلام کو نقصان پہنچتا ہو یا معاشرہ میں خرابی پیدا ہوتی ہو یا بدعات کی اشاعت ہوتی ہو یا کسی پر ظلم ہوتا ہو۔

مندرجہ بالا باتوں کے علاوہ اگر کوئی اور شرعی مجبوری ہے تو درج ذیل عمل بے شک کریں لیکن صاحبِ کتاب سے اجازت لازمی ہے ورنہ ان کا اثر کرنے والے کے سر پر آجائے گا۔

قلب سے محبت نکالنے کا عمل

جس مرد یا عورت کا دل کسی سے ہو، یا کسی سے جائز نکاح کرنے کی قدرت نہ رکھتا ہو اور چاہے کہ وہ اس کو بھول جائے تو ان حروف کو اپنی ہتھیلی پر لکھ کر نہار منہ چاٹ لے یا برتن میں لکھ کر پی لے، تین دن اسی طرح کرے، ان شاء اللہ اس کو بھول جائے گا۔

اب ق ال ہ ول در ک م ہ

پھر یہ کلمات پڑھے۔

وَقِيلَ الْيَوْمَ نَنْسَاكُمْ كَمَا نَسِيتُمْ لِقَاءَ يَوْمِكُمْ هَذَا .وَنَسِيَ مَا قَدَّمَتْ يَدَاهُ.وَلَقَدْ عَهِدْنَا إِلَى آدَمَ مِنْ قَبْلُ فَنَسِيَ وَلَمْ نَجِدْ لَهُ عَزْمًا .كذالک ينسى فلان بن فلان

ناجائز تعلق توڑنے کے لئے عجیب عمل

جن دو شخصوں کے ناجائز تعلقات ہوں اور شرعی طور پر ان کا توڑنا لازم ہو تو ان کے روح جمل الکبیر کے مطابق ایک پاؤں پر اتوار کی رات (بصورت ایمرجنسی کسی بھی رات) کھڑے ہو کر درج ذیل آیت پڑھے ان شاء اللہ اسی رات جدائی ہوگی۔

وَأَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاءَ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

جدائی و تفریق کا عمل

جن لوگوں کے درمیان جدائی کروانی ہو ان کے سر کے بال اور زرد سرسوں لے کر ان پر سورۃ ''لہب'' اکیس مرتبہ پڑھیں اور ہر مرتبہ فلان بن فلان کے درمیان جدائی ہو بھی کہیں اور ان کو کسی بھی وقت جلا دیں، ان شاء اللہ ان کے درمیان جلدی جدائی ہو جائے گی۔

دیگر:

سات بنولے کر، ہر دانہ پر سات سات مرتبہ سورہ ''زلزال'' پڑھیں اور کہیں کہ فلان بن فلان اور فلان بن فلان کے درمیان جدائی ہو اور اس کو آگ میں جلا دیں۔

دیگر:

آک کے سات پتوں پر ہر ایک پتہ پر سورۃ کوثر لکھیں اور فلان بن فلان کے درمیان جدائی ہو یہ لکھیں اور آگ میں جلا دیں، ان شاء اللہ تعالی جلدی جدائی ہوگی۔

جدائی

کچی اینٹ پر سیاہی سے سورۃ ''القارعۃ'' لکھیں اور ان کے نام بھی لکھیں ''الْبُغْضُ وَالنِّفَاقُ وَالْعَدَاوَةُ بَيْنَ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ و فلان بن فلان'' اور دریا یا نہر میں ڈال دیں۔

یہ عمل سات روز تک جاری رکھیں ان شاءاللہ ان سات دنوں میں جدائی ہوگی۔

دیگر:

اگر دو شخصوں کے درمیان جدائی ڈلوانی ہوتو تو اس آیت مبارکہ کو لکھ کر ان میں سے کسی ایک کے تکیہ میں رکھ دیں، ان شاءاللہ فوراً جدائی ہوگی۔

يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ أَخِيهِ. وَأُمِّهِ وَأَبِيهِ. وَصَاحِبَتِهِ وَبَنِيهِ. لِكُلِّ امْرِءٍ مِنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَأْنٌ يُغْنِيهِ

دیگر:

اتوار کے دن ظہر نماز کے بعد قبلہ رو ہو کر بتصور تفریق سورۃ ''لہب'' اور یہ آیت اکتالیس بار پڑھیں اور اگلے اتوار تک پڑھتے رہیں، ان شاءاللہ اسی ہفتہ میں جدائی واقع ہو جائے گی۔

وَأَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاءَ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

جدائی وتفریق کرانے کا عجیب عمل

درج ذیل عمل تفریق وجدائی کروانے کے لئے عجیب وغریب ہے، ان شاءاللہ گیارہ دنوں کے اندر تفریق ہو جائے گی۔

ہفتہ کے دن دوپہر کے وقت دھوپ میں بیٹھ کر گیارہ مرتبہ گیارہ دنوں تک درج ذیل کلمات پڑھیں

وَظَنَّ أَنَّهُ الْفِرَاقُ، وَالْتَفَّتِ السَّاقُ بِالسَّاقِ. إِلَى رَبِّكَ يَوْمَئِذٍ الْمَسَاقُ. اللهم فرق بينهما كما فرقت بين السماء والارض وكما فرقت بين آدم عليه السلام و ابليس وكما فرقت بين ابراهيم عليه السلام والنمرود وكما فرقت بين بين موسى عليه السلام و فرعون و كما فرقت بين محمد ﷺ و ابى جهل .

دشمن کی شرارت سے بچنے کے لیے

۲۱ مرتبہ معوذتین پڑھیں دشمنوں کا انجام برا ہوگا ان کی زبانیں بھی بند ہوں گی۔

() طلاق دلوانا

۹۹ لال مرچ خشک لیں۔ منگل کے دن بارہ بجے ۹۹ مرتبہ سورۃ ''انشراح'' پڑھیں اوران دونوں کا نام بولیں کہ ان کے درمیان عداوت و طلاق ہو۔ جب تک مرچیں آگ میں جلتی رہیں آپ سورۃ ''انشراح'' پڑھتے رہیں، اسی طرح تین منگل تک کرنا ہے۔ اس دوران ان شاء اللہ تعالیٰ طلاق واقع ہو جائے گی۔

() طلاق دلوانے کا عجیب عمل

۹۹ مرتبہ ''ط'' لکھیں، حنظلہ میں ڈالیں اوراس پر ۹۹ مرتبہ سورۃ زلزال پڑھیں، بخور پیاز کے چھلکے کا جلائیں اوراس کو گھر یا قبرستان میں دفن کردیں۔ باذن اللہ طلاق واقع ہوجائے گی۔

عداوت کے لیے

کچے کوزے پر اکتالیس مرتبہ سورۃ یاسین پڑھیں اوران دونوں شخصوں کے درمیان اس کو توڑ دیں ان کی دوستی ٹوٹ جائے مجرب وآزمودہ ہے۔

ناجائز تعلقات توڑنا

یہ آیت مبارکہ ۱۱ دنوں تک کسی کھانے کی چیز پر دم کرکے کھلا دیں ان شاء اللہ جدائی ہوگی۔

'' قل لا یستوی الخبیث والطیب ولو اعجبک کثرۃالخبیث فاتقو ا اللہ یااولی الالباب ''

جدائی کا تیز ترین عمل چند دنوں میں

انار کی دوکلیاں جو کچی ہوں وہ لائیں، زوال ماہ، منگل کے روز ہر ایک پر ۱۰ مرتبہ سورۃ عبس پڑھیں اورجلادیں اوران کی راکھ ان کے گھروں میں ڈال دیں ان شاء اللہ اسی وقت جدائی ہوجائے گی۔

مشکلات اور ان کا حل

انسان پر مشکلات آتی رہتی ہیں، ان کی خاص وجہ اپنے اعمال ہوتے ہیں، کوئی نہ کوئی خطا ہوتی ہے جو اللہ تعالی کے علم میں ہوتی ہے۔

اور دوسری وجہ شیطان کی حرکت ہوتی ہے کیونکہ وہ دشمن ہے کسی بھی صورت میں خیر خواہ نہیں ہوسکتا، وہ ہم سے کروڑ ہا بہتر لوگوں پر مشکلات کے انبار لایا اور مصائب کے پہاڑ ان پر گرائے، تو اس کو ہم کوئی درخواست نہیں کریں گے کہ وہ ہم پر مشکلات نہ ڈالے، وہ دشمن ہے، اس کو اللہ تعالی نے قیامت تک مہلت دے رکھی ہے وہ اپنی مہلت سے بے شک بھرپور فائدہ اٹھائے۔

اور مشکلات اور مصائب کی نسبت اللہ تعالی کی طرف نہیں کرنی چاہئے وہ پاک اور بلند و بالا تر ہے اور اللہ تعالی کی طرف سے جو مشکلات آتی ہیں وہ اپنے اعمال کا بدلہ ہوتا ہے لیکن کیسے پتہ چلے کہ یہ فلان عمل کا بدلہ ہے، لہذا ایسی صورت میں استغفار اور درود پاک اور اپنے بد اعمال سے سچی توبہ ایک واحد حل ہے، لیکن اپنے اعمال پر نظر ثانی اور تمام ظاہری اسباب اختیار کرنا لازمی ہے اور مصائب کی راہ معلوم کرنا صحیح راہ اختیار کرنا لازمی ہے، اگر اپنی سو فیصد کوشش کے باوجود بھی مشکل حل نہیں ہوتی تو پھر بھی کوئی مسئلہ نہیں ہے ، ہم سے کروڑ ہا بہتر لوگ گذرے ہیں جن کی مشکلات حل نہ ہوئیں، وہ صبر کر گئے، ہم نے بھی صبر کرنا ہے ۔ذیل میں چند اعمال ذکر کئے جاتے ہیں، اللہ تعالی تمام انسانوں کی مشکلات حل فرمائے اور اللہ تعالی کے سوا کوئی مشکل کشا نہیں ہے۔ نہ کسی کے ہاں مشکلات حل کرنے کی قدرت ذاتی ہے نہ عطائی۔ اللہ تعالی نے کوئی آیت نازل نہیں فرمائی کہ فلاں کو میں نے دنیا کی مشکلات حل کرنے کی قدرت عطا کی ہے یا اس کو بخش دی ہے، اب اسی کو پکارو وہ تماری مشکلات حل کرے گا، بلکہ اس کے خلاف قرآن وحدیث کی تعلیمات موجود ہے۔

عقلی دلیل

کوئی شخص اگر قرآن وحدیث کے سمجھے سے عاجز ہے لیکن اگر انسان ہے تو اس کے اندر کچھ عقل تو ضرور ہوگی وہ اس طرح سمجھے کہ

(۱) جس کو اللہ تعالی نے مشکلات حل کرنے کے لئے مقرر کیا ہے وہ زندہ ہے یا مردہ ہے؟

(۲) اگر وہ زندہ ہے تو وہ کون ہے؟

(۳) اس کو لے آؤ وہ ہمیں وہ تحریر دکھائے کہ اللہ تعالی نے اس کے ساتھ وعدہ کیا ہے۔

(۴) اگر وہ فوت ہو گیا ہے تو اس کا کیا ثبوت ہے کہ اس کو اللہ تعالی نے مقرر کیا ہے، اس کی کیا دلیل اور تحریری میعاد ہے؟

(۵) کیا اس کو یہ رتبہ زندگی میں ملا تھا یا مرنے کے بعد؟ کب اور کس تاریخ کو ملا تھا؟

(۶) وہ صرف پاکستان میں مشکلات حل کرتا ہے یا کسی اور ملک میں بھی؟ یا ساری دنیا میں؟

(۷) اگر وہ پاکستانیوں کا مشکل کشا ہے تو دوسری دنیا کا کون ہے؟ وہ کس کو پکاریں؟

(۸) اگر وہ ساری دنیا کی مشکلات حل کرتا ہے تو ساری دنیا میں چوبیس گھنٹے میں سورج گھوم رہا ہوتا ہے، ایک طرف رات ہوتی ہے تو دوسری دنیا میں دن ہوتا ہے۔ تو اس کی نینداور ریسٹ کا کوئی ٹائم بھی ہے یا اس کو نیند نہیں آتی اور نہ اونگھ۔؟

(۹) اگر اس کو کسی ٹائم نیند یا اونگھ آتی ہے تو اس وقت مشکل کشا کون ہوتا ہے؟

(۱۰) ساری دنیا سے جب اس کو لوگ پکاریں گے تو کوئی عربی میں پکارے گا، کوئی انگلش میں، کوئی اردو میں کوئی سندھی میں کیا وہ سب بولیاں سمجھتا ہے؟

(۱۱) اگر سمجھتا ہے تو اس کو یہ بولیاں زندگی میں آتی تھیں یا موت کے بعد ان کو تعلیم ملی ہے؟

(۱۲) اور اس کو یہ تعلیم کس نے دی ہے اور کب دی ہے اس کا ثبوت؟

(۱۳) اور دنیا میں مختلف جگہوں سے جب اس کو لوگ پکاریں گے کیا وہ ایک جیسی آواز سب کی سنتا ہے یا صرف نزدیک والوں کی سنتا ہے اور دور والوں کی دھیمی دھیمی آواز سنتا ہے؟

(۱۴) اگر سب کی برابر سنتا ہے تو آوازوں کے خلط ملط ہونے میں کیسے تمیز کرتا ہے اور یہ قدرت اس کو کس نے؟ اور کب دی ہے؟

(۱۵) اللہ تعالی کے سوا جس کو مشکلات حل کرنے کی قدرت عطا کی گئی ہے وہ اللہ تعالی کی طرح ساری مشکلات حل کرتا ہے یا بعض حل کرتا ہے اور بعض نہیں کرتا؟

(۱۶) اگر وہ اللہ تعالی کی طرح تمام مشکلات حل کرتا ہے تو اللہ تعالی اور اس کے درمیان کیا فرق ہے؟

(۱۷) اگر وہ بعض مشکلات حل کرتا ہے بعض نہیں کرتا تو اس کو پکارنا بہتر ہے یا جو اللہ تعالی تمام مشکلات حل کرتا ہے اس کو پکارنا بہتر ہے؟

(۱۸) اگر وہ بعض حل کرتا ہے اور بعض نہیں کرتا تو وہ اللہ تعالی کی طرح اپنی بے نیازی کی وجہ سے اس طرح کرتا ہے یا اپنے عجز کی وجہ سے؟

(۱۹) اگر وہ کبھی عاجز ہوتا ہے تو اس عاجز کو پکارنا بہتر ہے یا بے نیاز اللہ تعالی کو؟

(۲۰) اگر وہ اللہ تعالی کی طرح بے نیاز ہے تو اس کا اور اللہ تعالی کا کیا فرق ہے؟

کوئی بھی انسان اگر ٹھنڈے دل سے غور وفکر کرے اور مندرجہ بالا سوالوں کے جواب تلاش کرے تو انسان سمجھ سکتا ہے کہ اللہ تعالی کے سوا کوئی مشکل کشا نہیں ہے، نہ ذاتی نہ عطائی۔ اور عطائی عطائی کا شوشہ چھوڑنے والے ہمیں مندرجہ بالا سوالوں کا جواب دیں کہ وہ عطا کب اور کیسے ہوئی؟ اس کا کوئی ثبوت؟ کوئی تحریر، کوئی معاہدہ؟ اور اہل بدعت کی نشانیوں میں سے ایک نشانی یہ بھی ہے کہ وہ قرآن مجید کی خالص سچی اور حق تعلیم کو چھوڑ کر دور دراز کی تاویلیں تلاش کرتے ہیں، ان کا چاہئے کہ وہ اپنے دل کی کجی کی اصلاح کریں اپنے اندر جھانک کر دیکھیں۔

ذاتی اور عطائی کا فرق

کوئی بھی چیز ذاتی ہو یا عطائی، اس کا اعطاء کے وقت کا فرق ہے لیکن بحیثیت استعمال کوئی فرق نہیں ہے، جیسے زید کے پیسے ذاتی ہیں کہ اس نے کما کر اکٹھے کئے ہیں، اس کا بینک بیلینس کروڑ روپیہ ہے۔ اور بکر کے عطائی ہیں کہ اس کو نتھو خان نے کروڑ روپیہ بخش دیا ہے، اس کا وہ کروڑ بینک میں ہے، اس کا بینک بیلینس کروڑ روپیہ ہے۔

ان دونوں کا کوئی فرق نہیں ہے، دونوں جو چاہیں وہ کھا پی سکتے ہیں اور کار لے کر عزت سے گھوم سکتے ہیں۔ یہ نہیں ہے کہ ہم مان لیں کہ زید تو کروڑ روپے کا مالک ہے لیکن بکر بیچارہ مسکین ہے کیونکہ اس کے ہاں جو کروڑ روپیہ ہے، وہ ذاتی نہیں بلکہ عطائی ہے۔ یہاں زید اور بکر کا کروڑ روپے میں شرکت ہے اور اب دوں کا پیسے کے معاملہ میں کوئی فرق نہیں ہے۔

اسی طرح زید کے پاس موبائل ذاتی ہے، اس نے خود خریدا ہے اور بکر کے پاس عطائی ہے، اس کو اس کے چاچے نے عطا کیا ہے، اب یہ نہیں کہا جا سکتا کہ زید تو موبائل پر بات کر سکتا ہے اور سن بھی سکتا ہے لیکن بکر نہ بات کر سکتا ہے نہ کسی کی بات سن سکتا ہے کیونکہ اس کا جو موبائل ہے وہ ذاتی نہیں اور عطائی ہے۔ یہاں سننے اور بات کرنے کے متعلق زید کا بکر برابر کا شریک ہے۔ اسی طرح اگر اللہ تعالی نے اپنی قدرت وعلم غیب کسی کو اگر بخش دیا ہے عطا کر دیا ہے تو یہ ماننا لازم ہے کہ وہ علم اور قدرت میں اللہ تعالی کا برابر کا شریک ہے (نعوذ باللہ)

اور ایسی بات کرنے والے ہمیں یہ بھی بتائیں کہ جب اللہ تعالی نے علم غیب یا قدرت جس کو بخش دی تھی تو اللہ تعالی نے اپنے لئے بھی کچھ رکھا ہے یا نہیں رکھا؟

ذاتی یا عطائی علم غیب اور قدرت ماننے کا شرعی جرم

اگر کوئی شخص کسی کو ذاتی عالم الغیب مانتا ہے تو یہ شرک ہے اور قرآن وسنت کا صاف انکار ہے

اگر کوئی عطائی عالم الغیب مانتا ہے تو یہ دوگنا جرم ہے، ایک شرک ہے دوسرا اللہ تعالی پر بہتان ہے، کیونکہ اللہ تعالی نے قرآن مجید میں کوئی آیت نازل نہیں فرمائی جس میں ہو کہ میں نے فلاں کو قدرت یا علم غیب عطا کیا ہے یا بخش دیا ہے۔

جن قرآن مجید کی آیات سے استدلال کیا جاتا ہے وہ یہ ہیں:

وَمَا كَانَ اللَّهُ لِيُطْلِعَكُمْ عَلَى الْغَيْبِ وَلَكِنَّ اللَّهَ يَجْتَبِي مِنْ رُسُلِهِ مَنْ يَشَاءُ.

(ال عمران ۱۷۹

اور اللہ تعالی کسی کو غیب پر اطلاع نہیں کرتا لیکن اپنے رسولوں میں سے چن لیتا ہے

عَالِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلَى غَيْبِهِ أَحَدًا إِلَّا مَنِ ارْتَضَى مِنْ رَسُولٍ فَإِنَّهُ يَسْلُكُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهِ رَصَدًا (الجن ۲۷)

اللہ تعالی عالم الغیب ہے اور وہ اپنے غیب پر کسی کو نہیں آگاہ کرتا مگر اپنے جس رسول کو وہ پسند کرے

لفظ "اظهر" کے مترادف الفاظ" ابدأ ، اعثر ، جهر ، اعلن

لفظ "اظهار" کے مترادف "كشف ، افصاح ، مهاجره ، مُصَارَحَة، تعبير ، تصريح . بيان ،

التعریب عن شیء .

لفظ"**اطلاع** "کے مترادف "**بلاغ ، اعلام ، انذار ، اخطار ،اشعار ، اِطّلاع، اعلان ،بیان ،اذاعة**

مندرجہ بالا دونوں آیات میں اطلاع کرنے اور آگاہ کرنے کی بات ہے، کہاں آگاہ کرنا اور اطلاع دینا اور کہاں عطا کرنا اور بخش دینا۔

القاموس الجدید میں " **عطاء**"کا معنی "**التخویل** "ہے۔القاموس الوحید میں"**خوله الشیء**"کا معنی ہے کسی کو ازراہِ کرم کوئی چیز دینا، سپرد کرنا، کسی چیز کا اختیار دینا۔

اور قرآن وحدیث میں علم غیب یا قدرت کے معاملہ میں لفظ'**عطاء** "اور لفظ "**تخویل** "کسی کے لئے استعمال نہیں ہوا۔لہذا عطائی عطائی کا رٹا لگانا اللہ ورسول ﷺ پر بہتان ہے۔ہاں یہ کہہ سکتے ہیں کہ اللہ تعالی نے اپنے نبی ﷺ کو بعض علوم غیبیہ پر اطلاع دی تھی یا بعض علوم غیبیہ کا اظہار فرمایا تھا۔

ہاں مکہ کے مشرک ابوجہل والے یہ عقیدہ رکھتے تھے جب حج کرتے تھے تو یوں کہتے تھے:

" لبیک لا شریک لک إلا شریکاً هو لک تملکه وما ملک "

اے اللہ! میں حاضر ہوں، تیرا کوئی شریک نہیں صرف وہ شریک ہے جس کا تو ہی مالک ہے اور اس کی ملکیت کا بھی تو مالک ہے۔

اور مشرکین کے اس جملہ کو تقریبا تمام مفسرین نے لکھا ہے۔

اطلاع کی مثال

کوئی شخص اگر لاہور فون کرے کہ آگاہ رہنا، راوی دریا سے سیلاب آرہا ہے، کیا اس کا مطلب یہ ہے کہ جس نے فون سنا وہ ساری دنیا کے ذرے ذرے کا علم اس کو عطا ہو گیا اور اس کو بخش دیا گیا؟

اللہ تعالی کی تعلیمات

قرآن پاک نے بتایا ہے کہ اللہ تعالی اپنے نبی کریم ﷺ پر مشکل ڈال دے تو اللہ تعالی کے سوا کوئی حل کرنے والا نہیں ہے اور فرمایا ہے کہ اے نبی آپ بتائیں کہ میں اپنے آپ کو نفع یا نقصان نہیں دے سکتا

۔تو ساری دنیا میں اللہ تعالی کے بعد رتبہ حضرت محمد ﷺ کی ہے، اگر وہ نفع یا نقصان نہیں دے سکتے تو ہمارے نبی کریم ﷺ سے زیادہ افضل ہستی وہ کونسی ہے جسکو یہ اختیارات بخشے گئے ہیں۔

وَإِنْ يَمْسَسْكَ اللَّهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهُ إِلَّا هُوَ وَإِنْ يَمْسَسْكَ بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ (انعام ۱۷)

اگر اللہ تعالی تجھے کوئی دکھ پہنچائے تو اس کو اللہ تعالی کے سوا کوئی دور کرنے والا نہیں ہے، اگر تجھے کوئی بھلائی پہنچائے تو اس کو کوئی نہیں روک سکتا، وہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔

وَإِنْ يَمْسَسْكَ اللَّهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهُ إِلَّا هُوَ وَإِنْ يُرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَادَّ لِفَضْلِهِ يُصِيبُ بِهِ مَنْ يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ وَهُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ .(سورۃ یونس ۱۰۷)

اس کا بھی تقریبا وہی معنی ہے

قُلْ لَا أَمْلِكُ لِنَفْسِي نَفْعًا وَلَا ضَرًّا إِلَّا مَا شَاءَ اللَّهُ وَلَوْ كُنْتُ أَعْلَمُ الْغَيْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ وَمَا مَسَّنِيَ السُّوءُ إِنْ أَنَا إِلَّا نَذِيرٌ وَبَشِيرٌ لِقَوْمٍ يُؤْمِنُون

(الاعراف ۱۸۸)

اے نبی! آپ کہیں کہ میں اپنے آپ کے لئے نفع ونقصان کا مالک نہیں ہوں مگر جو اللہ تعالی چاہے ۔اگر میں علم غیب جانتا تو خود ہی بہت جمع کر لیتا اور مجھے کوئی تکلیف نہ پہنچتی۔

قُلْ إِنِّي لَا أَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَلَا رَشَدًا (الجن ۲۱)

اے نبی! آپ فرمائیں کہ میں تمہارے نقصان یا بھلائی کا مالک نہیں ہوں۔

آفات ومصائب کی دعائیں

غم اور مصیبت کی دعا

سیدنا عبداللہ بن عباسؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ سخت غم اور مصیبت میں کہتے۔

" لاَ اِلٰـہَ اِلاَّ اللّٰـہُ الْـعَظِیْمُ الْحَلِیْمُ لاَ اِلٰہَ اِلاَّ اللّٰہُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ لاَ اٰلٰہَ اِلاَّ اللّٰہُ رَبُّ السَّمٰوَاتِ وَرَبُّ الاَرْضِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ"

اللہ عظمت والے اور بردبار کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں' اللہ عرش عظیم کے پروردگار کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں' اللہ آسمانوں کے رب' زمین کے رب اور عرش کریم کے رب کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں۔ (بخاری (2346) مسلم (2730)

عبداللہ بن جعفر سیدنا علیؓ سے روایت کرتے ہیں کہ مجھے رسول اللہ ﷺ نے ان کلمات کی تلقین فرمائی اور حکم دیا کہ اگر تجھے کوئی سخت مصیبت یا تکلیف پہنچے تو یہ کلمات کہہ

"لاَ اٰلٰہَ اِلاَّ اللّٰہُ الْکَرِیْمُ الْحَلِیْمُ سُبْحَانَہٗ ' تَبَارَکَ اللّٰہُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ' اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ"

اللہ کریم بردبار کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں میں اس کی تسبیح بیان کرتا ہوں۔ اللہ عرش عظیم کا رب برکت والا ہے۔تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جو دونوں جہانوں کا پروردگار ہے۔

عبداللہ بن جعفر ان کلمات کی تلقین فرماتے تھے اور بخار والے آدمی پر پڑھ کر پھونکتے تھے اور اپنی ان بیٹیوں کو سکھلاتے جن کی شادی قریبی رشتہ داروں کے علاوہ کرتے تھے۔

(عمل الیوم واللیلہ (630)مسند احمد 94/1 موارد الظمان (2371)

" اَللّٰھُمَّ رَحْمَتَکَ اَرْجُوْ فَلاَ تَکِلْنِی اِلَی نَفْسِی طَرْفَۃَ عَیْنٍ وَاَصْلِحْ لِی شَأنِی کُلَّہ لاَ اِلٰہَ اِلاَّ اَنْت"

اے اللہ میں تیری رحمت کا امیدوار ہوں۔ مجھے میرے نفس کی طرف ایک آنکھ جھپکنے کے برابر بھی سپرد نہ کر اور میری تمام حالت درست کردے۔ تیرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔

(ابوداؤد (5090) عمل الیوم واللیلہ (651) موارد الظمآن (2370)

سیدہ اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ مجھے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کیا میں تجھے ایسے کلمات نہ سکھاؤں جنہیں تو دکھ اور بے قراری کے وقت پڑھے پھر آپ نے فرمایا

''اَللّٰهُ اَللّٰهُ رَبِّی لَا اُشْرِکُ بِهٖ شَیْئًا''

اللہ، اللہ میرا رب ہے میں اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں بناتی (یا بناتا)

[ابوداؤد (1525) ابن ماجہ (3882) مسند احمد 369/6]

آیت کریمہ کی فضیلت

سیدنا سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

''ذوالنون (سیدنا یونس علیہ السلام) کی دعا جو انہوں نے مچھلی کے پیٹ میں کی، جو بھی مسلمان جس چیز کے متعلق پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی دعا قبول فرماتا ہے۔

''لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّی کُنْتُ مِنَ الظَّالِمِیْنَ''

اے اللہ تیرے سوا کوئی معبود برحق نہیں تو پاک ہے بے شک میں ناانصافوں میں سے ہوں

(ترمذی (3505) عمل الیوم واللیلہ (656) مستدرک حاکم 505/1)

جب آدمی کسی معاملے میں مغلوب ہو تو کیا کہے

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا قوی مومن ضعیف مومن سے اللہ کے ہاں بہتر اور محبوب ہے اور ہر ایک میں بھلائی ہے جو چیز تجھے نفع دے اس پر حرص رکھ اور اللہ تعالیٰ سے مدد طلب کر تو ہرگز عاجز نہیں ہوگا اگر تجھے کوئی چیز مصیبت میں مبتلا کر دے تو اس طرح نہ کہہ اگر میں یوں کرتا تو یوں، یوں ہو جاتا لیکن تو کہہ۔

''قَدَّرَ اللّٰهُ وَمَا شَاءَ فَعَلَ''

اللہ تعالیٰ نے مقدر بنایا اور اسی نے جو چاہا کیا بے شک کلمہ لو (اگر) شیطان کا عمل کھولتا ہے۔

(مسلم (2664) مسند احمد (366/2) ابن ماجہ (4168)

جب کوئی کام مشکل ہوتو یوں کہے

سیدنا انسؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

"اَللّٰھُمَّ لاَ سَھْلَ اِلَّا مَا جَعَلْتَهُ سَھْلاً

وَّاَنْتَ تَجْعَلُ الْحَزْنَ اِذَا شِئْتَ سَھْلاً"

اے اللہ کوئی کام آسان نہیں مگر جسے تو آسان بنائے اور تو غم کو جب چاہے آسان بناتا ہے۔

(مواردالظمان (2427) ابن السنی (351)

مشکل کوفوری حل کرنے کے لئے عجیب عمل

یہ عمل نہایت عجیب وغریب ہے جس کو بیان نہیں کیا جاسکتا، مردمومن کی ضرورت ہے جو اللہ تعالی پرتوکل رکھتا ہے، جو اللہ تعالی کو مشکل کشا و حاجت روا مانتا ہے، جو اعمال صالح کا مالک ہے، اس کے لئے یہ ایک تحفہ ہے جو تقریبا آدھ گھنٹہ کے اندر غموں سے نجات ملتی ہے اور پہاڑوں سے زیادہ بڑی مصیبت آدھ گھنٹہ کے اندر دور ہوتی ہے۔ اگر کسی کا ٹائم زیادہ لگ جائے تو اس کو اپنی کوتاہی کی طرف نظر کرنی چاہئے ورنہ فقیر کا ذاتی تجربہ ہے کہ فقیر نے ۱۵ منٹوں کے اندر اللہ تعالی سے اپنی مشکلات حل کروائی ہیں۔

وہ عمل سیدنا ومرشدنا حضرت یونس علیہ السلام کی دعا ہے "لاَاِلٰہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین"

اس کو اللہ تعالی کے سامنے عاجزی وانکساری سے پڑھتے جائیں اور اپنے مقصد کو دل میں رکھیں، ان شاء اللہ آدھ گھنٹہ کے اندر غم دور ہونگے اور مشکل آسان ہوجائے گی۔ اگر اپنا ایمان کچا ہے یا کمزور ہے تو مسلسل پڑھتے جائیں یہاں تک کہ مشکل آسان ہو۔

ایک عجیب ونایاب عمل تمام مسائل کے حل کے لئے

(۱)سورۃ فاتحه

(۲)آیۃ الکرسی

(۳)شهد الله انه سے سریع الحساب تک (آل عمران ۱۸،۱۹)

(۴)قل اللھم مالک الملک سے بغیر حساب تک () آل عمران ۲۶،۲۷

(۵)لقد جائکم رسول سے العرش العظیم تک (توبہ ۱۲۸،۱۲۹

(۶)اس کے بعد یہ دعا

اللھم انت ربی لاالٰہ الا انت علیک توکلت و انت رب العرش الکریم .ماشاء الله کان وما لم یشا لم یکن .ولا حول ولا قوۃ الال بالله العلی العظیم . اعلم ان الله عالی کل شئیء قدیر و ان الله قد احاط بکل شیء علما .اللھم انی اعوذ بک من شر نفسی و من شر کل دابۃ انت اٰخذ بناصیتھا ان ربی علی صراط مستقیم

(دعاءمسنون،منقول ازحضرت ابی الدرداءؓ)

مندجہ بالا آیات ودعا ہر فرض کے بعد ایک ایک مرتبہ پڑھیں تمام مشکلات،مصائب کا حل اور تمام جائز مقاصد کے لئے تیر بہدف ہے۔

اس دعا کی برکت سے درج ذیل فوائد بہت لوگوں کو حاصل ہو چکے ہیں:

رزق کی تنگی کے بعد خوشحالی،نوکری کی بحالی،ایکسیڈنٹ سے نجات،دشمنوں سے نجات،نظر بد کا علاج،دشمن کے زہر سے بچاؤ،ناجائز تعلقات کا خاتمہ،گھریلو ناچاکی دور،کینسر سے نجات،فصل کی کیڑوں اور تباہی سے نجات،بیرون ملک میں سفر کی آسانی،لڑکیوں کے رشتہ میں آسانی،کند ذہنی سے نجات اور حیرت انگیز حافظہ میں اضافہ،جیل سے رہائی،جادوگر کا جادو اس کے ہی گلے میں،تمام مسائل حل ،پریشانیوں سے نجات،کشف کا حصول وغیرہ۔

مشکل اور مصیبت کو حل کرنے کے لئے ایک عجیب وغریب نسخہ

جب کوئی انتہائی شدید مشکل آئے اور اس کے حل کی کوئی راہ نظر نہ آئے،تو اس طرح کریں کہ دو رکعت صلوۃ الحاجت کی نیت سے ادا کریں اور نماز میں ہی سورۃ فاتحہ کے بعد اور سلام سے پہلے یہ آیت پڑھیں ''أَمَّن يُجِيبُ الْمُضْطَرَّ إِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوءَ وَيَجْعَلُكُمْ خُلَفَاءَ الْأَرْضِ أَإِلَٰهٌ مَّعَ اللَّهِ قَلِيلاً مَّا تَذَكَّرُونَ ''اس کے بعد بھی اسی آیت کو نہایت عاجزی وانکساری سے پڑھتے رہیں ان شاء اللہ جلدی ہی مشکل حل ہو جائے گی۔

قضائے حاجت کا تیر بہدف عمل

یہ دعا

بسم الله الرحمن الرحیم لاحول و لا قوة الا بالله العلی العظیم ، بسم الله الملک الحق المبین من عبده الذلیل الی الرب الجلیل رب انی مسنی الضر و انت ارحم الراحمین.

یہ دعا لکھ کر آب رواں میں بہادے اور ساتھ ساتھ اس دعا کا ورد بھی کرتا رہے۔

ایک دوست نے بتایا کہ مجھے رشتہ دار رشتہ نہیں دیتے تھے میں نے یہ عمل تین دن کیا تیسرے دن میرے رشتہ دار مجھے رشتہ دینے کے لئے میرے پیچھے پڑ گئے اور بڑے شوق اور جذبے سے مجھے رشتہ دیا۔

پریشانی، غم وفکر دور کرنا

اس آیت کریمہ کو بکثرت پڑھنا غموں اور دکھوں کو دور کرتا ہے ''اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِی أَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ إِنَّ رَبَّنَا لَغَفُورٌ شَكُورٌ''

مصیبت راحت میں بدل جائے

درج ذیل دعا سو مرتبہ روزانہ پڑھنے سے مصیبت راحت میں بدل جاتی ہے اور اگر کوئی چیز ضایع ہوگئی ہے، اس کے بدلے اس سے بہتر چیز اللہ تعالی عطا فرماتے ہیں۔

انا لله و انا الیه راجعون اللهم اجرنی فی مصیبتی و اخلُف لی خیراً منها .

قضائے حاجت کا عمل

عشاء کی نماز کے بعد صلاۃ الحاجت پڑھیں، اس کے بعد گیارہ بار سورۃ الم نشرح اور گیارہ بار درود شریف پڑھیں، اس کے بعد سولہ ہزار چھ سو اکتالیس ۱۶۶۴۱ بار ''یا لطیف'' پڑھیں اور آخر میں گیارہ مرتبہ درود پڑھیں، اور اپنے مقصد کے لئے اللہ تعالی سے دعا مانگیں۔

قضائے حاجت کے لئے بہت عجیب اور سریع التاثیر عمل

درج ذیل جس مطلب کے لئے پڑھنا ہو وہ آیت مبارکہ سولہ ہزار چھ سو اکتالیس مرتبہ پڑھیں ۱۶۶۴۱

(۱) فَلَمَّا دَخَلُوا عَلَى يُوسُفَ آوَى إِلَيْهِ أَبَوَيْهِ وَقَالَ ادْخُلُوا مِصْرَ إِنْ شَاءَ اللَّهُ آمِنِينَ . وَرَفَعَ أَبَوَيْهِ عَلَى الْعَرْشِ وَخَرُّوا لَهُ سُجَّدًا وَقَالَ يَا أَبَتِ هَذَا تَأْوِيلُ رُؤْيَايَ مِنْ قَبْلُ قَدْ جَعَلَهَا رَبِّي حَقًّا وَقَدْ أَحْسَنَ بِي إِذْ أَخْرَجَنِي مِنَ السِّجْنِ وَجَاءَ بِكُمْ مِنَ الْبَدْوِ مِنْ بَعْدِ أَنْ نَزَغَ الشَّيْطَانُ بَيْنِي وَبَيْنَ إِخْوَتِي إِنَّ رَبِّي لَطِيفٌ لِمَا يَشَاءُ إِنَّهُ هُوَ الْعَلِيمُ الْحَكِيمُ جو قید و بند کی مصیبت کا شکار ہو۔

(۲) لَا تُدْرِكُهُ الْأَبْصَارُ وَهُوَ يُدْرِكُ الْأَبْصَارَ وَهُوَ اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ" دشمنوں کی طرف سے تکلیف و مشکل کا شکار ہو۔

(۳) "اللَّهُ لَطِيفٌ بِعِبَادِهِ يَرْزُقُ مَنْ يَشَاءُ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيزُ" روزی کی تنگی و مشکلات کا شکار ہو

(۴) "أَلَا يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ وَهُوَ اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ" جو کسی مرتبے، مقام، عہدے یا درجے یا طلب گار ہو۔

برائے قضا حاجت

سورۃ فاتحہ سات بار

اور یہ درود شریف ۲۰۰ بار" اللهم صل على محمد نبى الامى واٰله و بارک و سلم خفى اللطف اَدْرِکنى بلطفک الخفى

اور یا "قاضى الحاجات "۲۰۰ مرتبہ

اس کے بعد اپنی حاجت اللہ تعالیٰ سے گڑ گڑا کر مانگے بہت جلد مشکل آسان ہو گی ان شاء اللہ تعالیٰ۔

ہر مشکل آسان کرنے کے لئے

جمعہ کی رات نماز عشاء کے بعد چار رکعتیں نفل پڑھیں پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد" لا الٰه

الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین فاستجبنا له و نجیناه من الغم و کذالک ننجی المومنین ۔۱۰۰مرتبہ

دوسری رکعت میں"و ایوب اذ نادا ربه انی مسنی الضر و انت ارحم الراحمین "۱۰۰مرتبہ

تیسری رکعت میں" واُفوض امری الی الله ان الله بصیر بالعباد "۱۰۰مرتبہ

چوتھی رکعت میں" حسبنا الله و نعم الوکیل ، نعم المولی و نعم النصیر "۱۰۰مرتبہ

سلام کے بعد۱۰۰مرتبہ" رب انی مسنی الضر وانت ارحم الراحمین "اس کے بعددرود پڑھے

یہ تمام مشکلات کے آسان کرنے کے لئے تیر بہدف ہے،اس کی قدر اس شخص کومعلوم ہوگی جوعمل کرے گا

دوسرا عمل عجیب

جمعہ کے دن نمازصبح کے بعد

(۱)"لااِلٰه الا الله محمد رسول الله"

(۲)" لااِلٰه الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین .

(۳)"وما ارسلناک الا رحمة للعالمین"

(۴)"فالله خیر حافظا وهو ارحم الراحمین"

(۵)"حسبی الله الااِلٰه الا هو علیه توکلت وهو رب العرش العظیم" .

(۶)" حسبنا الله و نعم الوکیل ، نعم المولی و نعم النصیر"

(۷)"سلام قولا من رب رحیم "

(۸)"رب انی مغلوب فانتصر"

(۹)"رب انی مسنی الضر و انت ارحم الراحمین"

(۱۰)"لا حول ولا قوة الا بالله العلی العظیم"

(۱۱)"لااِلٰه الله الملک الحق المبین" .

(۱۲)درودشریف پانچ پانچ مرتبہ پڑھ کراس عمل کے وسیلہ سے اللہ تعالی سے دعامانگیں۔ان شاءاللہ مشکل جلدی آسان ہوگی۔

ہر مشکل اور ہر مطلب کے لئے

جمعہ کے دن غسل کر کے، صاف کپڑے پہن کر جمعہ کی نماز کے بعد کسی سے کلام نہ کرے اور درج ذیل عمل کرے:

یہ دعا ۱۰۰ مرتبہ پڑھیں:

"بسم الله الرحمن الرحیم ،یا الله یا رحمن یا رحیم یا حی یا قیوم لا حول و لا قوة الا بالله العلی العظیم یا حنان یا منان یا قدیم یا فرد یا وتر یا واحد یا صمد یا لم یلد ولم یولدولم یکن له کفوا احد یا ذا الجلا ل والاکرام حسبنا الله و نعم الوکیل ، نعم المولی و نعم النصیر برحمتک یا ارحم الراحمین .

اس کے بعد سجدہ میں جا کر اللہ تعالی سے دعا مانگے، ان شاء اللہ اسی وقت مطلب حاصل ہوگا۔

مشکل کا حل

یارؤف یارحیم اول وآخر درود ایک ہزار مرتبہ روزانہ پڑھیں، ان شاء اللہ پریشانی دور ہوگی۔

ہر مشکل کے لئے

جو بھی مشکل درپیش ہو، اور اس کے حل کی کوئی صورت نظر نہ آ رہی ہو، تو دو رکعت نفل پڑھیں اور اللہ تعالی کے سامنے منت مانیں کہ اے میرے اللہ! میرے مالک! میرا یہ کام آسان فرما دے تو میں تیری عبادت میں سو، دوسو، یا ہزار نفل ادا کروں گا، یا روزے رکھوں گا یا صدقہ دوں گا، یا قرآن مجید کے دس یا پندرہ ختم پورے کروں گا یا صحیح بخاری یا فلاں حدیث کی کتاب پڑھوں گا۔

اس عمل سے فقیر کے بہت مسائل حل ہوئے ہیں بعض تو پانچ منٹ کے اندر حل ہوئے۔

قضائے حاجت کے لئے سورۃ اخلاص کا عمل

باوضو قبلہ رخ ہو کر سورۃ اخلاص ایک ہزار مرتبہ پڑھیں پہلی مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھیں اور اول و آخر سات مرتبہ درود شریف، پڑھیں پھر اپنے مطلب کے لئے دعا مانگیں، یہ عمل بہت طاقت ور ہے بعض علماء نے کہا کہ یہ اسم اعظم ہے۔

قضائے حاجت کے لئے سورۃ فاتحہ کا عمل

اچھی طرح وضو کریں اور خلوت میں صلاۃ الحاجت پڑھیں، پھر گیارہ مرتبہ درود شریف اور پھر دو مرتبہ بسم اللہ شریف اور دوسرے بسم اللہ کی آخری میم سورۃ فاتحہ سے ملا کر اکتالیس بار پڑھیں۔ پھر سجدہ میں چلے جائیں اور اپنی حاجت اور مشکلات کا حل اللہ تعالی سے عرض کریں، ان شاء اللہ ضرور دعا قبول ہوگی، اس عمل میں سورۃ فاتحہ اکتالیس مرتبہ اور بسم اللہ بیاسی مرتبہ ہو جائے گا۔ اگر یہ عمل صبح کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان کریں تو زیادہ بہتر ہے۔

غم اور پریشانی دور کرنے کا مجرب نسخہ

تین ہزار بار ''استغفر اللہ ربی و اتوب الیہ'' ایک ہی دن یا ایک ہی رات میں پڑھیں ،ان شاء اللہ عجیب وغریب اثر کا مشاہدہ کریں گے۔

خوشیوں کا خزانہ

غموں اور پریشانیوں کو دور کرنے کے لئے سورۃ یاسین کی تلاوت عجیب وغریب عمل ہے، اس کو اگر دلی توجہ سے پڑھا جائے تو عجیب اثرات نظر آتے ہیں جو شخص صبح کو پڑھ لے تو سارا دن سرور حاصل ہوتا ہے جو شام کو پڑھ لے تو ساری رات خوشی ومسرت حاصل ہوتی ہے۔

غموں کو دور کرنے کا نسخہ

''اللہ الصمد'' بکثرت اور بے تعداد اور نہایت عاجزی اور محبت سے پڑھیں، کبھی ایسا ہوتا ہے کہ ایک ہی گھنٹہ میں غم خوشیوں میں بدل جاتے ہیں۔

سخت ترین مشکل کا حل

أَمَّنْ يُجِيبُ الْمُضْطَرَّ إِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوءَ وَيَجْعَلُكُمْ خُلَفَاءَ الْأَرْضِ أَإِلَٰهٌ مَعَ اللَّهِ قَلِيلًا مَا تَذَكَّرُونَ''

سات سو بار روزانہ پڑھیں، ان شاء اللہ ایک ہفتہ میں مشکل حل ہو جائے گی۔

مشکل کی آسانی کے لئے عجیب عمل

پچیس یا ستائیس مرتبہ مومنین ومومنات کے لئے روزانہ مغفرت کی دعا مانگنے سے اللہ تعالی مشکلات آسان کرتے ہیں۔

اللھم اغفر لی ولوالدی و جمیع المومنین والمومنات والمسلمین والمسلمات من الجنة والناس.

مشکلات کا حل

سورۃ یونس دومرتبہ پڑھیں یا سورۃ ہود یا روزانہ سورۃ یوسف اور سورۃ ہود سے دشمن مغلوب رہتا ہے۔

مقدمہ میں کامیابی کے لئے

اگر کوئی شخص کسی مقدمہ میں پھنس گیا ہے اور عدالت میں جانا پڑے تو درج ذیل کلمات کا ورد کرے ان شاء اللہ کامیاب ہو کر واپس آئے "**یا ھو یا من لا ھو الاھو**"

مشکلات کیوں آتی ہیں؟

اس کے متعلق میں مختصر عرض کروں گا کہ مشکلات اور مصیبت کی بڑی وجہ اپنا کوئی ایسا عمل یا کوئی ایسی خطا ہوتی ہے جو ہمیں بھولی ہوئی ہوتی ہے۔ اس لئے جب ہی کوئی مصیبت آئے تو اپنے اندر ہی جھانکے، اور اپنے گناہ نظر آئیں یا نہ آئیں، اللہ تعالی کے سامنے اپنے گناہوں اور خطاؤں کا اعتراف کرے اور اس کا حل اس مشکل کشا سے طلب کرے، اور اس کے سوا مخلوق میں سے کسی کو مشکل کشا نہ سمجھے۔ مزید معلومات کے لئے مولانا محمد عظیم حاصل پوری کی کتاب ''پریشانیاں کیوں آتی ہیں؟'' اور حافظ حمزہ کاشف کی کتاب ''پریشانیوں اور مشکلات کا حل'' محمد راشد کی کتاب ''مصائب اور ان کا علاج'' میاں محمد جمیل کی کتاب ''مشکلات کیوں۔۔۔؟ اور نکلنے کے الہامی راستے'' کا مطالعہ کریں۔

تین دنوں میں مشکل ختم

ہر اسلامی مہینے کی تیرہ چودہ اور پندرہ تاریخ کو روزہ رکھیں
کھلے آسمان کے نیچے ننگے سر بیٹھیں (خواتین دوپٹہ لیں)
ہر رات ساری رات جاگیں سورۃ فاتحہ پڑھتے رہیں چلتے رہیں تھک جائیں تو بیٹھ جائیں، کھانا کھا سکتے ہیں ،گھر کے صحن اور کمرہ میں بھی بیٹھ سکتے ہیں ان شاء اللہ ان تین راتوں میں مشکل ختم ہو جائے گی اور اس کے آثار بھی ختم ہو جائیں گے آپ کو محسوس ہوگا کہ وہ مشکل آئی بھی نہیں تھی۔

جنات سے دوستی لگانا

یہ آیت پڑھیں

"والقیت علیک محبة منی ولتصنع علی عینی"

یہ آیت گیارہ سو مرتبہ روزانہ خالی مکان میں باپرہیز شرعی پڑھیں، اکیس دن تک اور جنات سے دوستی کرنے کی نیت سے اوران کا تصور رکھیں، تو آپ کے پاس دو جن مرد اور ایک لڑکی آئیں گے، ان میں سے ایک حافظ قرآن بھی ہے اور اپنے حصار کو قائم رکھیں، جب وہ جائز شرائط پیش کریں، ان کی پابندی کریں۔ اور شریعت کے خلاف کوئی بھی شرط قبول نہ کریں اور نہ کوئی ایسی شرط قبول کریں جو آپ پوری نہ کر سکیں یا جو مشکل سے ادا ہو، جیسے ہمیشہ باوضو رہنا، گوشت نہ کھانا وغیرہ۔

نوٹ:

جنات سے دوستی کے اعمال شرعی طور پر ٹھیک نہیں ہیں، اور خطرات سے خالی بھی نہیں، لیکن کوئی اگر بضد ہے تو اس عمل کے لئے فقیر، مصنف کتاب ہذا سے اجازت لازمی ہے۔

چوری پکڑنے کے چند اعمال

حاضرات کا عمل

ایک پاک صاف لڑکا یا لڑکی کو غسل یا وضو کروا کہ بٹھائیں، خوشبو لگائیں اور اگر بتی جلائیں، ایک دو معزز اور شریف آدمی اگر ساتھ بیٹھیں تو ٹھیک ورنہ بے شک کوئی ساتھ نہ بیٹھے، درج ذیل آیت سات مرتبہ پڑھ کر لڑکے یا لڑکی کی آنکھوں پر دم کریں۔

یامعشر الجن والانس ان استطعتم ان تنفذوا من اقطار السماوات والارض فانفذوا لا تنفذون الا بسلطان ''

اس کے بعد کاغذ پر نقش مثلث بنائیں اور درمیانی خانہ میں کلمہ طیبہ لکھیں اور محمد ﷺ کے نام کے درمیانی میم میں سیاہی پھیلا دیں اور لڑکے کو تاکید کریں کہ اس سیاہی میں غور سے دیکھے اور اسی جگہ نظر کرے اور طرف نہ دیکھے اور نیچے والے الفاظ ۲۱ مرتبہ پڑھتے لڑکے پر دم کرتے جائیں

یاباسط ، یا باسط یا نصیر یا عزیز یا دیان یا بیان ، یا الله اؤیا الله یا الله جنات بادشاہ حاضر شو حاضو شو حاضر شو.

لڑکے کو جب کوئی انسان نظر آئے تو ان کو عامل لڑکے سے کہلوائے کہ بہشتی آئے پانی چھڑکائے، اس کے بعد کہے فراش بچھائے، خیمہ لگائے۔

جب ہر چیز ہو جائے اور لڑکا بتائے کہ دربار لگ گیا ہے اور بادشاہ آ گیا ہے تو بادشاہ سلامت سے عرض کرے کہ وہ چور جس نے فلاں جگہ سے چوری کی ہے وہ دکھائے اور جو اہم اہم سوال کرنے ہیں وہ کرے

جب سولات کے جوابات مکمل ہو جائیں تو اس کے بعد کہے ''**بارک الله علیکم انصرفوا مع السلام**''، سلامتی کے ساتھ بادشاہ اور لشکر کو رخصت کرے

اس کے بعد لڑکے کی آنکھوں پر ہاتھ رکھ دے اور آیت الکرسی اور سورۃ فاتحہ کا دم کرے

نوٹ:

مندرجہ بالا عمل نقصان سے خالی نہیں ہے، ممکن ہے کہ وہ لڑکا یا لڑکی ہر میدان میں ہمیشہ کے لئے

ناکارہ ہوجائیں، یا جن کے مریض ہوجائیں اور یہ بھی ممکن ہے کہ عامل کے گھروبا پھیل جائے۔اور یہ عمل لکھا اس لئے ہے کہ بدعتی یہ نہ سمجھیں کہ ہم شعبدے جانتے ہیں اور دوسروں کو پتہ نہیں۔اس عمل کرنے کے لئے صاحبِ کتاب سے اجازت ضروری ہے۔

دوم:

یہ کہ اس ذریعہ یا کسی بھی ذریعہ سے چور ظاہر ہوں تو ان پر اعتبار نہیں ہوگا اور نہ شرعی احکام کے تحت ان عملیات کی بنا پر کسی پر چور کا حکم لگایا جاسکتا ہے جو کہ ایک بداخلاقی اور باعثِ فساد ہے۔

سوم:

یہ کہ خواہ مخواہ اور ٹیسٹ کے لئے یہ عمل نہیں کرنا، بہت بڑے معاملہ میں جب سخت پریشانی ہوا ایک اندازہ کرنے کے لئے عمل کرنا ہے۔

چہارم:

یہ کہ اپنے حرز اور تحفظ کے لئے جو کچھ کرنا ہے وہ پہلے کرلیں۔

پنجم:

یہ کہ جن کے مریض کے سامنے یہ عمل نہیں کرنا اور نہ اس کے قریب۔

ششم:

یہ کہ فضول اور لغو سوالات نہیں کرنے، اہم اہم کرنے ہیں اور مستقبل علم غیب کا سوال نہیں کرنا، جو لازمی سوالات ہیں وہ پہلے نوٹ کرلیں۔

ہفتم:

یہ کہ ان کی باتوں پر یقین کفر کے مترادف ہے لیکن یہ بات ان کو محسوس نہ ہونے دیں صرف دل میں ہی رکھیں۔

سورۃ یاسین کا عمل کٹورہ چلانا

یہ ترکیب نہایت عجیب ہے لیکن یہ وہ شخص کرسکتا ہے جو سورۃ یاسین کا عامل ہے

گھر میں چور نہ آئے

یا قیوم فلا یفوت شیء من علمه و لا یؤده یا قیوم

یہ اسم روزانہ ۱۴۱ مرتبہ پڑھتے رہیں

جس گھر میں پڑھا جائے، ان شاء اللہ اس میں چور نہیں آئے۔ اگر آیا تو بندھ جائے یا پکڑا جائے گا

ایک تانبے کا برتن لائیں جس میں کھانے کا اثر نہ پہنچا ہو، اس میں تین دائرے کھینچیں آہنی کیل سے اور خوشبو لگائیں اور عود جلائیں مکمل باطہارت ہو کر اس اسم کو ایک ہزار ننانوے بار پڑھیں اور اس برتن پر دم کریں وہ طباق وہاں سے چلے گا اور مال مسروقہ پر جا کے ٹھہرے گا۔

دوسری ترکیب آٹے کی گولیاں بنانا

جن لوگوں میں گمان یا شک ہے، ان کے نام لکھیں اور دوسری سائیڈ پر یہ آیت "**و الله مخرج ما کنتم تکتمون**"، لکھیں۔

یاد رکھیں کہ کاغذ کے ٹکڑے برابر کے ہوں کوئی چھوٹا یا موٹا نہ ہو، ان کو گوندھے ہوئے آٹے گندم سے گولیاں بنائیں اور تمام گولیاں برابر کی ہوں پھر ان پر

(۱) درود شریف ۱۰ مرتبہ۔

(۲) آیت الکرسی ایک مرتبہ۔

(۳) سورۃ یاسین کا پہلا رکوع۔

(۴) سورۃ اخلاص ۱۰۰ مرتبہ۔

(۵) جبریل، میکائیل، اسرافیل اور عزرائیل علیہم السلام کا نام مبارک چار چار مرتبہ۔

(٦) اور مذکورہ آیت اور آیۃ الکرسی چار مرتبہ۔

یہ پڑھ کر ان گولیوں پر دم کریں۔

پھر ایک پانی سے بھرے ہوئے برتن میں اللہ تعالی کا نام لیتے ہوئے وہ گولیاں ڈال دیں، ان شاء اللہ تعالی چور والی گولی تیرتی رہے گی باقی سب ڈوب جائیں گی۔

دوسری ترکیب بہت آسان

والسارق والسارقة فاقطعوا ايديهما جزاء بما كسبا نكالا من الله والله عزيز حكيم

کاغذ کی ایک سائیڈ پر یہ آیت اور دوسری سائیڈ پر مشکوک لوگوں کے نام لکھیں مذکورہ طریقہ مطابق گولیاں بنائیں اور پانی میں ڈالیں۔

اور ترتیب

ایک پیالی لیں اس کی باہر والی سائیڈ پر معزز فرشتوں کے نام لکھیں اور اندر والی سائیڈ میں مشکوک لوگوں کے نام لکھیں پھر ایک نیک بخت مرد یا عورت کا بال لیں، اس میں کوڑی باندھیں اور بال کے ایک سرے کو اپنے ہاتھ سے پکڑیں پھر سورۃ یاسین '' مکرمین ''تک پڑھتے رہیں وہ کوڑی پیالی کے اندر گھومنا شروع کرے گی اور بار بار مشکوک نام کو لگے گی اور کوڑی تیز اور زور سے گھومے اور آواز نکالے گی۔

لوٹے پھیرانے کی ترکیب

ایک پاکیزہ لوٹا لیں اس کے چاروں طرف معزز ملائکہ کے نام لکھیں لوٹا پانی کا بھریں

(۱) ایک کاغذ کے ٹکڑے پر سورۃ اخلاص بمع موکلات لکھیں۔

(۲) دوسرے کاغذ کے ٹکڑے پر مشکوک لوگوں کے نام لکھیں۔

یہ لوٹے کے منہ (نلی) میں ڈالیں۔

(۳) سورۃ اخلاص بمع بسم اللہ اس کی نلکی میں ڈالیں۔

(۴) پھر تین مرتبہ سورۃ یاسین "مکرمین" تک پڑھیں لوٹے پر دم کریں۔

اور دو آدمی پاک وصاف ہوں آمنے سامنے بیٹھ کر شہادت کی انگلی سے لوٹے کو رکے رکھیں اور وہ بھی سورۃ یاسین مکرمین تک پڑھیں۔

پھر اگر لوٹا پھرے اور گھومے تو ان ناموں میں چور ہے۔ اگر نہ گھومے تو ان میں چور نہیں ہے۔

اگر گھومے تو وہ نام سارے نکال دے پھر ایک ایک نام ڈالتے سورۃ یاسین پڑھتے جائے جس کے نام پر پھرے وہ چور ہوگا۔

ایک اور ترتیب

ایک لوہی کی ایسی میخ لائیں جس کے چار طرف سیدھے ہوں کوئی چیز لکھی جا سکے

(۱) ایک سائیڈ پر ص والقرآن ذی الذکر۔

(۲) دوسری سائیڈ پر یاسین والقرآن الحکیم۔

(۳) تیسری سائیڈ پر کہیعص۔

(۴) چوتھی سائیڈ پر حمعسق۔

پھر جن لوگوں میں چوری کا شک ہو ان کو حلقہ باندھ کر عزت واکرام سے بٹھائیں اور وہ میخ ان کے درمیاں زمین میں گاڑ دیں تا کہ زمین میں غائب ہو جائے۔

پھر سورۃ فرقان اور سورۃ ملک پڑھ کر ان لوگوں پر دم کریں۔

پھر ان لوگوں کو کہیں کہ وہ وہاں سے اٹھیں، ان شاء اللہ جو چور ہوگا وہ اٹھ نہیں سکے گا یا گر پڑے گا۔

لیکن ان کو یہ نہ بتائیں کہ وہ اٹھ نہیں سکیں گے، ان کو کسی اور واقعہ یا حادثہ سے ڈرا دیں یا ان کو محسوس ہی نہ ہونے دیں کہ یہ عمل کیا جا رہا ہے۔

چوری شدہ، گم شدہ، بھاگے ہوئے کے لئے عجیب وغریب عمل

جس کی جو چیز چوری ہو جائے یا گم ہو جائے یا کوئی شخص بھاگ جائے تو فوراً یہ آیت

يَا بُنَيَّ إِنَّهَا إِن تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُن فِي صَخْرَةٍ أَوْ فِي السَّمَاوَاتِ أَوْ فِي الْأَرْضِ يَأْتِ بِهَا اللَّهُ إِنَّ اللَّهَ لَطِيفٌ خَبِيرٌ

۱۱۹ مرتبہ پڑھ کر تصور کر کے اس شہر کے گرد کڑا لگا دیں، ان شاء اللہ وہ چیز اس کڑے سے باہر نہیں جائے گی، جو لے گیا ہے وہ جب تک واپس نہیں پہنچائے گا، اتنے تک اس کو آرام نہیں آئے گا، اگر گم ہوگئی ہے تو جلدی واپس آجائے گی یا گریختہ واپس آجائے گا لیکن جب تک واپس نہ ملے اتنے تک عمل جاری رکھیں۔اور بار بار کڑا لگائیں۔

گریختہ کے لئے

ایک قفل لے لیں سات بار سورۃ یاسین ''مکرمین ''تک پڑھیں، اس وقت قفل بند کر دیں اور اس وقت بھاگے ہوئے کا نام لیں وہ قفل پانی میں ڈال دیں، ان شاء اللہ بھاگا ہوا سرگرداں ہو کر واپس آئے گا۔

(۲) ہزار بار یہ آیت پڑھیں اور اس دوران کسی سے کلام نہ کریں، ان شاء اللہ گریختہ جلدی واپس آجائے گا

أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ إِنَّ ذَلِكَ فِي كِتَابٍ إِنَّ ذَلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرٌ

(۳) عشاء کی نماز کے بعد چالیس بار سورۃ الضحیٰ'' پڑھیں اور گھر میں چاروں طرف اذان واقامت کہیں ان شاء اللہ گریختہ جلد واپس آئے۔

(۴) چاروں طرف گھر میں اذان واقامت کہیں اور یہ آیت ایک بار پڑھیں۔

(۵) إِنَّا جَعَلْنَا فِي أَعْنَاقِهِمْ أَغْلَالًا فَهِيَ إِلَى الْأَذْقَانِ فَهُم مُّقْمَحُونَ .وَجَعَلْنَا مِن بَيْنِ أَيْدِيهِمْ سَدًّا وَمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَأَغْشَيْنَاهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُونَ

انشاء اللہ بھگا ہوا جلدی واپس آجائیگا۔

یا

اصبحت فی جوار اللہ ۱۰۰۰ بار پڑھیں۔

(الف)"امسیت باللہ و اصبحت فی جوار اللہ" سوالاکھ پڑھیں ان شاءاللہ ضرور کامیابی ہوگی۔

(ب) پہلے درج ذیل کلمات سوالاکھ مرتبہ پڑھ لیں، اس کے بعد سورۃ "والضحیٰ" سات بار پڑھیں پھر اپنی انگشت شہادت پھیریں اور درج ذیل کلمات کہیں "اصبحت فی امان اللہ و امسیت سی جوار اللہ ، امسیت فی جوار اللہ و امسیت سی امان اللہ و اصبحت فی جوار اللہ"

پھر دستک دیں ہر صبح وشام گم شدہ چیز کو۔ انشاءاللہ ضرور مقصد برآوری ہوگی۔

اگر کسی کا مال چور لے گیا ہے اور بھاگ گیا تو درج ذیل کلمات پڑھے اور ایک آڑد کے دانے پر دم کرے اور آگ میں ڈالے وہ جل جائے تو دوسرے دانے پر پڑھے، اسی طرح گیارہ دانوں پر پڑھے، ان شاءاللہ چور کے پیٹ میں درد ہوگا اور وہ مال واپس لے آئے گا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم عزمت علیکم ، یا اللہ فتوکل علی اللہ ای اللہ یا اللہ یا رحمن یا رحیم یا حق شھد اللہ انہ لا الٰہ الا ھو بسم اللہ ما شاء اللہ لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم و صلی اللہ علی خٰر خلقہ محمد و آلہ اجمعین

گم شدہ چیز

اگر کوئی چیز گم ہوجائے تو بیس مرتبہ "یاحفیظ" پڑھیں تا کہ وہ چیز محفوظ ہوجائے اور آئندہ مل جائے

فرار شدہ کو واپس لانے کے لئے

کوئی شخص کہیں بھاگ گیا ہے، اس کو بلانا مقصود ہو تو سورۃ یاسین اکیس مرتبہ بمع بسم اللہ پڑھیں اور یہ خیال رکھیں کہ وہ واپس آرہا ہے، ان شاءاللہ اسی دن واپس آجائے گا، اگر دور ہو تو اتنا انتظار کریں۔

گم ہوئی چیز کی دستیابی اور بھاگے ہوئے کی واپسی

درج ذیل تعویذ اور یہ آیت کریمہ لکھ کر ایک کپڑے میں لپیٹ کر کسی گھونٹی میں بلند جگہ جس مکان سے مفرور فرار ہوا ہے اسی میں لٹکا دیا جائے، ان شاءاللہ مفرور یا گم شدہ واپس آجائے گا۔

بسم الله الرحمن الرحيم عَسَى اللَّهُ أَنْ يَأْتِيَنِى بِهِمْ جَمِيعًا إِنَّهُ هُوَ الْعَلِيمُ الْحَكِيمُ،
یامعید یامعید یا معید اَعِدْفلان بن فلان

یا	م	ع	یا	د
م	ع	یا	د	یا
ع	ی	د	یا	م
ی	د	یا	م	ع
د	یا	م	ع	یا

صلی اللہ علی سیدنا محمد آلہ و صحبہ اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین

برائے واپسی مفرور

سورۃ ''الم نشرح''اوراس کے بعد'' العجل العجل العجل الساعة الساعة فلان بن فلان ''، لکھ کرقرآن مجید میں سورۃ الم نشرح کی جگہ رکھ دیں اور جس مکان سے مفرور فرار ہوا ہے قرآن مجید اس مکان میں رکھ لیں ان شاءاللہ مفرور جلد واپس آجائے گا۔

چور معلوم کرنا

بر برنج ساہی (چاول کی سٹھی) یا چاول پر سات بار درج ذیل آیت پڑھ کر مشتبہ اشخاص کو کھلا دیں، جو چور ہا گا اس کے حلق سے نیچے نہیں اترے گا۔

فَلَوْلَا إِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُومَ .وَأَنْتُمْ حِينَئِذٍ تَنْظُرُونَ

برائے مفرور

مندرجہ ذیل درود شریف لکھ کر دروازے پر لٹکا دیں اور اس کی پشت پر مفرور لڑکے یا لڑکی کا نام لکھیں اور اس کی والدہ کا ان شاءاللہ فوراً حاضر ہو جائے گا۔

''بسم الله الرحمن الرحيم اللهم صل على سيدِنا محمد الفَ مرةٍ والف الف

ذرة آمین“

چوری کیا ہوا مال واپس مل جائے

ایک خالی مشک لیں، اس پر آیت الکرسی اور یہ نام سات بار لکھیں، نوح علیہ السلام، لوط علیہ السلام، صالح علیہ السلام، ابراہیم علیہ السلام، موسیٰ علیہ لسلام، محمد صلی اللہ علیہم اجمعین۔

پھر ایک الگ الگ کاغذ پر ایک ایک نام لکھ کر اس پر ایک ایک مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر پھونک دیں اور وہ پھونک مشک کے اندر ماریں تاکہ ساتھ ساتھ مشک بھی پھونکی جائے اور ہر مرتبہ آیت الکرسی کے ساتھ یہ دعا بھی پڑھتے جائیں۔

اللھم انی اسئلک بماارسلت ھذا اَنْ تَنْفَخَ بطن ھذا السارق کما نُفِخَتْ ھذہ القربة

جب ساتھ پھونکیں پوری ہو جائیں تو مشک کا منہ بند کر دیں اور لٹکا دیں۔ چور کا پیٹ ان شاء اللہ سخت پھول جائے گا اور چورائے ہوئے مال واپس کرنے پر مجبور ہوگا۔

چوری شدہ مال کو یا بھاگے ہوئے کو واپس کرنا

درج ذیل آیت کو پندرہ ہزار مرتبہ پڑھیں پھر دعا کریں بھاگے ہوئے کی واپسی یا چور کی واپسی کی

رَبَّنَا إِنَّکَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لا رَيْبَ فِيهِ إِنَّ اللَّهَ لا يُخْلِفُ الْمِيعَادَ

گمشدہ کی واپسی

اگر کوئی جانور کا کوئی چیز گم ہوگئی ہو تو سب سے پہلے ”انا للہ وانا الیہ راجعون“ پڑھتے رہیں اور اس کو تلاش کرتے رہیں ان شاء اللہ جلدی مل جائے گا۔

بھاگے ہوئے کی واپسی کا عجیب ایک دن کا عمل

اگر کوئی بھاگ گیا ہے یا گم ہو گیا ہے اس کی واپسی کے لئے ایک لوہے کا تالا لے آئیں اس کو پانی سے دھو کر پاک کر لے اور باوضو اکیس مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر تالے پر دم کریں اس کو چابی یا کھٹکے سے بند کریں اور اس دوران مفرور کا نام بھی لیں اور بعد ایک نئی مٹی کی ہانڈی کو دھو کر اس میں تالا ڈالیں اور ہانڈی

کو چولھے پر چڑھا کر نیچے آگ جلائیں، یہ آگ طلوع آفتاب سے غروب آفتاب تک مسلسل جلتی رہے، ان شاءاللہ بھاگا ہوا اسی روز واپس آجائے گا، اگر کہیں دور فاصلے پر ہوگا تو چند دنوں میں آجائے گا اور یہ عمل ایک دن کا ہے۔

بھاگے ہوئے کو واپس لانا

سورۃ فاتحہ اکتالیس مرتبہ اسی نیت سے صبح کی سنتوں اور فرض کے درمیان پڑھے جس تک واپس نہ آئے اتنے تک عمل جاری رکھیں۔

کھوئے ہوئے یا مفرور کی واپسی

اگر کوئی گھر سے بھاگ جائے یا کوئی جانور گم ہو جائے اور سورۃ الضحیٰ ''سو بار پڑھیں اور'' **وَوَجَدَکَ ضَالًّا فَهَدَی** ''پر پہنچیں تو اس کا نام بمع والدہ لیں، اگر جانور ہے تو اس کا نام لیں، ان شاء اللہ بھاگا ہوا یا گم شدہ واپس مل جائے گا۔

دیگر:

اگر کوئی شخص بھاگ گیا ہے تو اس آیت کو لکھ کر کاغذ میں لپیٹ کر ایک فٹ گہرا گڑھا کھود کر تعویذ رکھ دیں اور اوپر نیچے گڑ یا شکر یا سفید چینی ڈال دیں اور تھوڑی تھوڑی چینی چیونٹیوں کے سوراخ میں ڈال دیں ،انشاءاللہ مفرور فوراً واپس ہوگا'' **الْحُطَمَةِ وَمَا أَدْرَاکَ مَا الْحُطَمَةُ**''

نوٹ:

د،ف،م،و کا سوراخ کھلا ہو، بند نہیں کرنا۔

اغوا شدہ لڑکی کی بازیابی

اگر کوئی لڑکا یا لڑکی اغوا ہو گئے ہوں، یا کوئی چیز گم ہوگئی ہو تو درج ذیل عمل کریں:

یا حفیظ ایک سو انیس مرتبہ پڑھیں اور پھر یہ آیت ایک سو انیس مرتبہ

يَا بُنَيَّ إِنَّهَا إِن تَکُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَکُن فِي صَخْرَةٍ أَوْ فِي السَّمَاوَاتِ أَوْ

فِی الْأَرْضِ یَأْتِ بِهَا اللّٰهُ إِنَّ اللّٰهَ لَطِیفٌ خَبِیرٌ

ردغائب

اگرلڑکالاپتہ ہو،کہیں چلا گیااس کے واپس کرنے کے لئے درج ذیل آیت چرخہ میں باندھ کر کاتنے کے خلاف یعنی الٹا گھمائیں اور یہ عمل صبح وشام پانچ پانچ منٹ تک کریں پھرکسی ثمردار درخت پرلٹکا دیں ان شاءاللہ جلدی واپس آجائے گا یا پتہ چل جائے گا اس کی خبر آجائے گی کہ کہاں ہے؟

إِنَّا رَادُّوهُ إِلَیکِ،فَرَدَدْنَاهُ إِلَی أُمِّهِ کَیْ تَقَرَّ عَیْنُهَا .إِنَّ الَّذِی فَرَضَ عَلَیْکَ الْقُرْآنَ لَرَادُّکَ إِلَی مَعَادٍفلان بن فلان

گم شدہ چیز مل جائے

یہ دعا کثرت کے ساتھ پڑھیں۔

یا جامع الناس لیوم لاریب فیه اِجْمَعْ عَلَیّ ضالَّتِی

مفرور کی واپسی

دورکعت نفل پڑھیں اور درج ذیل آیت کریمہ ایک سوانیس بار پڑھیں پھراللہ تعالی سے دعا مانگیں ان شاءاللہ بھاگا ہوا شخص واپس آجائے گا۔

إِنَّ الَّذِی فَرَضَ عَلَیْکَ الْقُرْآنَ لَرَادُّکَ إِلَی مَعَادٍ

اور یہ عمل چالیس روز تک جاری رکھیں۔

گمشدہ چیز یا بھاگا ہوا شخص

گمشدہ انسان یا جانور یا کوئی چیز،اس کی واپسی کے لئے اللہ تعالی کا نام "یا مُعِیدُ" دوسومرتبہ پڑھتے رہیں۔ان شاءاللہ مقصد حاصل ہوگا۔

مال چوری سے محفوظ رہے

کوئی بھی مال ہواس پرآیت الکرسی پڑھ کردم کردیں،ان شاءاللہ وہ چوری سے محفوظ رہے گا،اگر

کوئی چوری کرنے کے لئے آیا تو ان شاءاللہ اندھا ہو جائے گا۔

مال مسروق یا غائب کی واپسی یا بھاگے ہوئے کے لئے

اگر کوئی چیز گم ہو جائے یا چوری ہو جائے یا کوئی شخص بھاگ جائے یا کوئی لا پتہ ہو جائے تو مقصد کو نیت میں رکھ کر درج ذیل آیت پندرہ ہزار مرتبہ پڑھیں اور ایک تسبیح پڑھنے کے بعد حصول مقصد کے لئے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگیں۔

رَبَّنَا اِنَّکَ جَامِعُ النَّاسِ لِیَوْمٍ لَا رَیْبَ فِیهِ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُخْلِفُ الْمِیعَادَ

جن، بھوت، جادو اور نظر وغیرہ

بہتر تو یہ ہے کہ جن جادو اور نظر بد کا علاج نہ ہی کریں، کیونکہ جن کی انسان سے دشمنی ہو جاتی ہے اور ان کی عمریں لمبی ہوتی ہیں وہ عامل کو اور اس کی اولاد کو کوئی نہ کوئی نقصان پہنچاتے رہتے ہیں، اگر اتنا لازم ہے تو اپنے اور اپنے اہل پر مکمل حصار کریں اور پھر کام کریں اور اپنی اور اپنے اہل کی حفاظت کا خاص خیال رکھیں۔

جن شیاطین اور ان سے بچاؤ کا طریقہ

پوچھا نبی کریم ﷺ سے کسی نے کہ کیا آپ کے ساتھ بھی شیطان ہے؟ فرمایا: ہاں! ہے لیکن اللہ نے اس کے خلاف میری مدد کی ہے۔ وہ مطیع ہو گیا ہے، مسلمان ہو گیا ہے۔

اور فرمایا:

إِنَّ الشَّيْطَانَ يَجْرِي مِنَ الْإِنْسَانِ مَجْرَى الدَّمِ"

شیطان انسان کے رگ و پے میں خون کی طرح دوڑتا ہے۔

یہ ہر وقت ساتھ ساتھ رہتا ہے۔ بیت الخلاء میں اگر کوئی دعا پڑھ کر داخل نہیں ہوتا تو اس کو دیکھتا ہے ننگے کو۔ فرمایا:

سَتْرُ بَيْنَ أَعْيُنِ الْجِنِّ وَبَيْنَ عَوْرَاتِ بَنِي آدَمَ إِذَا وَضَعَ أَحَدُهُمْ ثَوْبَهُ أَنْ يَقُولَ بِسْمِ اللَّهِ"

شیطانوں کی آنکھوں اور بنی آدم کی شرمگاہوں کے درمیان پردہ یہ چیز ہے کہ بندہ جب بھی کپڑے اتارے تو بسم اللہ کہے۔ (الفوائد لتمام الرازی 2/269)

بیت الخلاء میں جاتے ہوئے یہ دعا سکھائی ہے نبی کریم ﷺ نے

"**بِسْمِ اللهِ اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ**" (مصنف ابن ابی شیبہ 10/453)۔

اپنی بیوی سے مجامعت کرے تو یہ دعا پڑھے:

" بِاسْمِ اللّٰهِ اللّٰهُمَّ جَنِّبْنَا الشَّيْطَانَ وَجَنِّبِ الشَّيْطَانَ مَا رَزَقْتَنَا "

تو ہمبستری کے نتیجے میں جو اولاد پیدا ہوگی شیطان اس کو ضرر نہیں پہنچائے گا۔

(صحیح بخاری کتاب الوضوء باب التسمیۃ علی کل حال وعند الوقاع)

تو اولادوں کے نافرمان اور بگڑنے کی وجہ ہوسکتا ہے ایک یہ بھی ہو جس کی طرف لوگ توجہ نہیں کرتے۔

ہر قسم کے جن، دیو پری کے دفع کرنے کے لئے

(۱) سورۃ فاتحہ

(۲) چار قل

(۳) آیۃ الکرسی

(۴) سورۃ جن کا پہلا رکوع

(۵) سورۃ صافات کا پہلا رکوع

پانی پر پڑھ کر مریض کو چھینٹے ماریں ان شاءاللہ فوراً جن بھاگ جائے گا۔

سورۃ ''الطارق'' سات بار کان میں دم کرنا بھی بہت مفید ہے۔

جن دفع کرنے کا بہت آسان اور مجرب علاج

مریض کے کان میں آذان پڑھ دیں، انشاءاللہ اسی وقت جن بھاگ جائے گا۔

جس کو جن نے پکڑا ہو

جن کے مریض کو یہ آیت پڑھ کر اس کے کان میں پھونک ماریں، ان شاءاللہ جن جل جائے گا یا بھاگ جائے گا۔

أَفَحَسِبْتُمْ أَنَّمَا خَلَقْنَاكُمْ عَبَثًا وَأَنَّكُمْ إِلَيْنَا لَا تُرْجَعُونَ. فَتَعَالَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيمِ . وَمَن يَدْعُ مَعَ اللّٰهِ إِلَهًا آخَرَ لَا بُرْهَانَ لَهُ بِهِ فَإِنَّمَا حِسَابُهُ عِندَ رَبِّهِ إِنَّهُ لَا يُفْلِحُ الْكَافِرُونَ .وَقُل رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَأَنتَ خَيْرُ الرَّاحِمِينَ.

یا یہ آیت سات مرتبہ پڑھ کر مریض کے بائیں کان میں پھونک ماریں

وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمَانَ وَأَلْقَيْنَا عَلَى كُرْسِيِّهِ جَسَدًا ثُمَّ أَنَابَ

جن کا مریض اور اس کا جن نکالنا

عمل کی ترتیب

(۱)"یا معشر الجن والانس ان استطعتم ان تنفذوا من اقطار السماوات والارض فانفذوا لا تنفذون الا بسلطان " کاغذ پر لکھیں، ایک برتن پانی کا ساتھ رکھیں، اس میں ڈال دیں۔

(۲) مریض کو سامنے بٹھا کر وہ کاغذ اس کے سر پر رکھیں اور سر پر ہاتھ رکھیں۔

(۳) اس کے بعد سورۃ رحمان کا پہلا رکوع پڑھیں اور جن کو بلائیں کہ حاضر ہو جاؤ تم سے بات کرنی ہے۔

جب وہ مریض میں حاضر ہو جائے تو اچھے طریقے سے اخلاق سے اس سے بات کریں اور وہ وجہ پوچھیں کہ اس نے کیوں تکلیف دی ہے؟ اور اچھی اچھی تدبیر سے اس کو سمجھائیں اور جو وہ جائز اور ممکن پابندیاں لگائے تو وہ مان لیں اور اس سے وعدہ لیں کہ وہ مریض کو دوبارہ تکلیف نہ دے اور اگر خوشی کرنا چاہتا ہے تو کوئی نعتوں کی کیسٹ وغرہ چلا کر اس کو مستی کرنے کی اجازت دیں وہ پہلے ہی سامان مہیا ہو۔ آپ کے پاس ڈائری پہلے ہی مہیا ہو، اس پر اس سے انگوٹھا لگوا لیں کہ وہ وعدہ کرے کہ دوبارہ حرکت نہیں کرے گا۔

اب آپ کا عمل ختم ہوا، اس کو رخصت کریں وہ بے شک چلا جائے۔

اس کے بعد اگر وہ حرکت کرتا ہے اور وعدہ خلافی کرتا ہے تو دوبارہ اس کو احسن انداز سے بلائیں، اسی طریقہ سے اس سے بات کریں اور وجوہات پوچھیں اور معقول وجہ مان لیں اسی طرح عمل کریں۔

جن کو بوتل میں ڈالنا

اگر وہ سرکش ہو جاتا ہے اور آپ کے بلانے پر نہیں آتا اور بار بار حرکت کرتا ہے تو درج ذیل عمل کریں

کاغذ کے ٹکڑے پر لکھیں

اعوذ بکلمات اللہ التامۃ من شر ماخلق وخلقتہ من نار وخلقتہ من طین فلان بن

فلاں

اور یہ کاغذ مریض کے بازو پر باندھ دیں اور خود کسی سائیڈ میں بیٹھ جائیں، کسی کو کچھ نہ کہیں جب جن حاضر ہو جائے گا اور خود بخود اس پر کڑا الگ جائے گا، پھر اگر عورت ہے تو اس کے چوٹی کے بال پکڑیں، اگر مرد ہے تو اس کی چچی پکڑیں، بالوں کو یہی کلمات پڑھ کر گانٹھ دے دیں، مرد کی چچی پر دھاگہ باندھتے وقت گانٹھ دے دیں، پھر ان کو کہیں کہ بوتل میں چلا جائے وہ پہلے مہیا ہو اور خوب ڈرائیں اور دھمکائیں کہ ورنہ ڈنڈوں سے ماروں گا، جتنے جن ہیں وہ سارے بوتل میں چلے جائیں، کوئی اگر رہ گیا تو اسکی خیر نہیں ہے اور وہ بچا ہوا دھاگا یا وہ بال بوتل میں ڈالیں اور ان کو بتاؤ کہ جب بوتل کے اندر پہنچو تو بتاؤ، تو وہ جب بتائیں کہ ہم بوتل میں پہنچ گئے ہیں تو وہ بال یا دھاگہ کینچی سے کاٹ دیں وہ کاٹا ہوا ٹکڑا بوتل کے اندر ہی جائے اور بوتل کا ڈھکنا بند کر دیں۔

پھر مریض کو ہوش آجائے گا، اگر نہ آئے تو اس کے ہاتھ اور پاؤں ملیں۔

جب ہوش آجائے تو اس کو دکھائیں کہ بوتل کے اندر کیا ہے؟ وہ سارے جن اس کو نظر آرہے ہونگے پھر اس کو قبرستان میں کسی قبر میں الٹا کر کے دفن کر دیا ہے.

نوٹ:

یہ عمل بہت خطرناک ہے، مصنف سے اجازت کے سوا نہیں کرنا۔ اور اجازت بھی اس کو دی جائے گی جو یہ کام کرنا اور یہ پیشہ اختیار کرنا چاہتا ہے، خدمتِ خلق کی نیت سے اور صاحبِ تقوی سمجھدار ہو اور سورۃ فاتحہ اور آیت الکرسی کو عمل میں لا چکا ہو۔ دنیا کے حبدار یا کمائی کے چکر والے حضرات رجوع نہ کریں۔

سخت سے سخت جن کے دفع کے لئے

درج ذیل آیت اہابِ ذئب مدبوغہ پر لکھ کر مریض کے ساتھ رکھیں انشاءاللہ کسی بھی قسم کا جن دیو ہوگا فوراً بھاگ جائے گا۔ اور کبھی نہیں آئے گا جب تک یہ کلمات ساتھ ہونگے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم و صلی اللہ عالی سیدنا محمد و آلہ وسلم انہ من سلیمان و انہ بسم اللہ الرحمن الرحیم .

نوٹ:

یادرہے کہ یہ کلمات کاغذ پرنہیں لکھنے ورنہ فائدہ کی بجائے نقصان ہوگا۔

جنات سے حفاظت

جہاں جنات ہوں وہاں یہ آیات پڑھ لیں، ان شاء اللہ حفاظت سے رہیں گے۔

إِنَّ رَبَّكُمُ اللَّهُ الَّذِی خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ فِی سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوَى عَلَى الْعَرْشِ يُغْشِي اللَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهُ حَثِيثًا وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُومَ مُسَخَّرَاتٍ بِأَمْرِهِ أَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْأَمْرُ تَبَارَكَ اللَّهُ رَبُّ الْعَالَمِينَ

جنات کی حرکات وشرارت

گھروں میں اگر جنات پتھر ماتے ہوں یا گندگی پھینکتے ہوں یا کوئی اورشرارت کرتے ہوں تو درج ذیل آیت کریمہ لوہے کے چار کیلوں پر ایک ایک پر پچیس مرتبہ پڑھ کر وہ گھر کے چاروں کونوں میں لگا دیں ان شاء اللہ وہاں سے جن بھاگ جائیں گے۔اور پہلے دروازے والی طرف سے لگائیں پھر ترتیب سے لگاتے آئیں۔''**إِنَّهُمْ يَكِيدُونَ كَيْدًا. وَأَكِيدُ كَيْدًا. فَمَهِّلِ الْكَافِرِينَ أَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا.**

مکان میں جن

کسی مکان میں اگر جن رہتے ہوں اور تکلیف پہنچاتے ہوں تو سورۃ فاتحہ، آیتالکرسی، سورۃ جن کا پہلا رکوع پانی پر پڑھ کر وہ سارے مکان میں چھڑکیں اور گھر کے سارے افراد آیت الکرسی کا ورد جاری رکھیں

ایسے مکان میں اَذان کہیں اور آسمان کی طرف پھونک ماریں اور دوسری مرتبہ اَذان کہہ کر قبلہ کی طرف پھر شمال کی طرف پھر جنوب کی طرف پھر مشرق کی طرف پھر زمین کی طرف پھونک ماریں پھر درود تین مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگیں۔

جادو کیا چیز ہے؟

آج کچھ لوگ سمجھتے ہیں کہ جادو شعبدہ بازی ہے۔اللہ تعالیٰ نے اس کی بھی وضاحت کردی کہ جادو ایسی چیز تھی کہ ''مَا یُفَرِّقُوْنَ بِهٖ بَیْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِهٖ

جس کے ذریعے وہ آدمی اوراس کی بیوی کے درمیان جدائی پیدا کردیتے تھے۔جادو کچھ ایسی چیز ہے کہ جس کی بناپرآدمی اوراس کی بیوی کے درمیان جدائی پیدا ہوجاتی ہے۔آدمی کا دماغ خراب ہوجاتا ہے وہ بیوی کوطلاق دے بیٹھتا ہے۔یا بیوی خاوند سے لڑنا شروع کردیتی ہے۔ان کے حالات بگڑ جاتے ہیں۔جادو کچھ ایسی چیز ہے۔

مَا یُفَرِّقُوْنَ بِهٖ بَیْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِه

جس کے ذریعے وہ لوگ آدمی اوراس کی بیوی کے درمیان جدائی اورتفریق ڈال دیتے تھے۔تو اللہ تعالیٰ کے اس بیان اوروضاحت سے یہ بھی پتہ چل گیا کہ جادو شعبدہ بازی نہیں۔میاں بیوی اکھٹے مل کر جائیں دونوں شعبدہ دیکھنے کیلیے ،توپھر کیا شعبدہ دیکھ کروہ آپس میں لڑنے لگیں گے؟یقیناً ایسا نہیں ہے۔ جادو کوئی ایسی چیز ہے جس کے ذریعے دلوں میں اختلاف پیدا ہوجاتا ہے۔دماغ خراب ہوجاتا ہے۔یہ جادو کی حقیقت اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے قرآن مجید فرقان حمید میں بیان فرمادی ہے۔

اب جادوگر جادو کرنے کیلیے کیا کرتا ہے؟

جادو سے بچاؤ کے لیے احتیاطی تدابیر

دین اسلام نے اس جادواوران جادوگروں سے بچنے کا ایک بہترین حل دیا ہے۔وہ حل اورطریقہ کار یہ ہے کہ سورۃ ''البقرۃ'' کی تلاوت کی جائے ،آیت الکرسی کی تلاوت کی جائے ،ہرنماز کے بعد،اسی طرح ہرنماز کے بعد معوذات پڑھی جائیں۔رات کوسوتے وقت دونوں ہاتھوں کوجمع کرکے پھونک مارکر آخری تینوں سورتیں پڑھ کرپورے بدن پرپھیریں،یہ عمل تین بارکریں،دونوں ہتھیلیاں پہلے جمع کریں، ان میں پھونک ماریں،پھونک مارنے کے بعد تینوں آخری سورتیں پڑھیں اورسارے بدن پرپھیرلیں۔ تیسری بارپھراسی طرح کریں۔یہ عمل کل تین مرتبہ کیا جائے گا۔

(صحیح بخاری کتاب فضائل القرآن باب فضل المعوذات 5018))

اسی طرح صبح شام کے اذکار کریں۔ اور نبی کریم ﷺ فرماتے ہیں کہ جو بندہ صبح کو سو مرتبہ پڑھ لے

" لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِي وَيُمِيتُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ"

تو اس بندے پر جادو، جنات اور شیاطین کا شام تک کوئی اثر نہیں ہوتا۔

(جامع الترمذی ابواب الدعوات باب ماجاء فی فضل التسبیح والتکبیر والتھلیل 3468))

اسی طرح ایک جن نبی کریم ﷺ کے پاس آگ لے کر آیا جلانے کیلیے، تو رسول اللہ ﷺ نے یہ دعا پڑھی۔

" أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللَّهِ التَّامَّاتِ الَّتِي لَا يُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ وَلَا فَاجِرٌ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَذَرَأَ وَبَرَأَ وَمِنْ شَرِّ مَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَاءِ وَمِنْ شَرِّ مَا يَعْرُجُ فِيهَا وَمِنْ شَرِّ مَا ذَرَأَ فِي الْأَرْضِ وَمِنْ شَرِّ مَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمِنْ شَرِّ فِتَنِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ طَارِقٍ إِلَّا طَارِقًا يَطْرُقُ بِخَيْرٍ يَا رَحْمَنُ"

" تو اسکی آگ بجھ گئی۔

(مسند احمد 15035) 3/419) , مسند ابی یعلی 12/238)

اسی طرح اور بھی کئی وظائف اور طریقہ کار ہیں۔ وہ قرآن مجید کی تلاوت کو سن کر بھاگتے ہیں۔ یہ جائز اور شرعی طریقہ اور علاج ہے جنات کو بھگانے کیلیئے، جادو کو توڑنے کیلیئے۔

حضرت نبی کریم ﷺ پر جادو

نبی کریم ﷺ پر لبید بن الاعصم یہودی نے جادو کیا۔ آپ ﷺ پر جادو کا اثر ہوا۔ کہ آپ کے تخیلات پر اثر پڑ گیا۔ آپ کو خیال ہوتا کہ میں نے کھانا کھا لیا ہے، حالانکہ آپ نے نہیں کھایا ہوتا تھا۔ آپ کو خیال ہوتا تھا کہ میں نے نماز پڑھ لی ہے حالانکہ پڑھی نہیں ہوتی تھی۔ تخیلات میں اثر ہو گیا۔ تو اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے نسخہ بتایا سورۃ ''الفلق'' اور سورۃ ''الناس'' کا۔ سورۃ الفلق اور سورۃ الناس نبی کریم ﷺ نے پڑھی تو اللہ تعالیٰ نے جادو ختم کر دیا۔

خواب میں نظر آ گیا کہ جادو کس چیز پر کیا گیا ہے وہ فلاں کنویں کے اندر کھجور کے تنے کے نیچے دبایا ہوا

ہے۔تو جادو کو نکال کر ضائع کر دیا۔ جادو کا اثر ختم ہوگیا , یہ طریقہ کار ہے رسول اللہ ﷺ کا۔

(صحیح البخاری کتاب الطب باب السحر (5763)) صحیح مسلم کتاب السلام باب السحر (2189))

صحیح احادیث پر منکرین حدیث کا اعتراض اور اسکا جواب

اس پر کچھ لوگ اعتراض کرتے ہیں کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے قرآن مجید فرقان حمید میں فرمایا ہے :

اِنَّ عِبَادِی لَیۡسَ لَکَ عَلَیۡهِمۡ سُلۡطَانٌ۔(الحجر 42 :)

کہ اے شیطان ! میرے بندوں پر تیرا کوئی سلطان، کوئی حکومت، کوئی سلطنت، کوئی زور اور بس نہیں ہے۔تو نبی کریم ﷺ اللہ تعالیٰ کے سب بندوں سے مقرب بندے ہیں تو رسول اللہ ﷺ پر جادو کا اثر کہاں سے ہوگیا۔؟

یہ اعتراض کیا جاتا ہے۔لہٰذا اس قاعدے اور اصول کے نتیجے میں صحیح بخاری اور صحیح مسلم کی ان روایات کا انکار کر دیتے ہیں۔ جو رسول اللہ ﷺ پر جادو ہونے کے متعلقہ ہیں۔ نبی کے تخیلات پر جادو کا اثر ہو جانا قرآن سے ثابت ہے۔فرعون کے جادوگروں نے اپنی رسیاں پھینکیں۔

فَإِذَا حِبَالُهُمۡ وَعِصِیُّهُمۡ یُخَیَّلُ إِلَیۡهِ مِن سِحۡرِهِمۡ أَنَّهَا تَسۡعَی. (طہٰ 66 :)

ان کی رسیاں اور ان کی چھوٹی چھوٹی لاٹھیاں جو جادوگروں نے پھینکی تھیں۔

یُخَیَّلُ إِلَیۡهِ مِن سِحۡرِهِمۡ "

موسیٰ علیہ السلام کو ان کے جادو کی وجہ سے یہ تخیل ہونے لگا "أَنَّهَا تَسۡعَی " کہ وہ دوڑ رہی ہیں۔سعی کہتے ہیں تیزی کے ساتھ چلنے کو۔ وہ تیزی کے ساتھ آگے کو بڑھتی ہوئیں، چلتی ہوئیں محسوس ہوئیں۔تو معلوم ہوا کہ نبی کے تخیلات پر جادو اثر کر جاتا ہے۔باقی رہی یہ بات کہ اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ بندوں پر شیطان کی سلطان نہیں، اس مسئلہ کو بھی سمجھ لیں ذرا۔اللہ تعالیٰ نے یہ کہا ہے کہ :

اِنَّ عِبَادِی لَیۡسَ لَکَ عَلَیۡهِمۡ سُلۡطَانٌ (الحجر 42 :)

جو میرے بندے ہیں ان پر تیرا سلطان نہیں۔

سلطان کہتے ہیں حکومت کو، سلطنت کو، پورا کنٹرول ہونا۔تو یہ کام نہیں ہوسکتا۔ ہاں شیطان کی طرف سے تھوڑا سا اثر بندوں پر ہو جاتا ہے۔ کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں کہا ہے۔ دونوں باتوں

میں فرق ہے۔ایک ہے تھوڑا سا اثر ہونا۔اور ایک ہے پورے کا پورا شیطان کے نرغے میں آ جانا۔دونوں باتوں میں فرق ہے۔اگران دونوں باتوں کا فرق سمجھ آ جائے تو پتہ چل جاتا ہے کہ ان دونوں باتوں میں اختلاف نہیں ہے۔نہ اللہ کے قرآن کی آیات میں اور نہ قرآن اور حدیث میں۔کیونکہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ فرما رہے ہیں کہ جو میرے بندے ہیں :

إِذَا مَسَّهُمْ طَائِفٌ مِّنَ الشَّيْطَانِ تَذَكَّرُوا "(الأعراف 201 :)

جب شیطان کی طرف سے ان کو کچھ بہلاوا، پھسلاوا ہوتا ہے،شیطان کی طرف سے کوئی تھوڑا بہت اثر ہو جاتا ہے تو وہ نصیحت حاصل کرتے ہیں۔

فَإِذَا هُم مُّبْصِرُونَ. (الأعراف 201 :)

اللہ تعالیٰ انہیں صاحبِ بصیرت بنا دیتا ہے۔وہ شیطان کے نرغے سے نکل آتے ہیں۔یعنی ان پر شیطان کا تھوڑا بہت اثر ہو جاتا ہے،اللہ کے بندے وہ ہیں کہ جب شیطان کا اثر ہو جائے ،فوراً نصیحت پکڑتے ہیں۔خود نبی کریم ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے خاص خطاب کر کے فرمایا ہے:

وإِذَا رَأَيْتَ الَّذِينَ يَخُوضُونَ فِي آيَاتِنَا فَأَعْرِضْ عَنْهُمْ "

جب تو ان لوگوں کو دیکھے جو ہماری آیات میں خوض،نکتہ چینیاں کرتے ہیں،آپ ان سے اعراض کیجئے۔"

وَإِمَّا يُنسِيَنَّكَ الشَّيْطَانُ"

یہ قرآن ہے،وہ کہتے ہیں کہ یہ حدیث قرآن کے خلاف ہے لہٰذا ختم،اب وہ اس آیت کا کیا کریں گے؟ یہاں بھی کچھ سوچ لیں،سمجھ لیں ذرا۔اللہ تعالیٰ فرما رہے ہیں کہ :

"وَإِمَّا يُنسِيَنَّكَ الشَّيْطَانُ

"اگر تجھے شیطان بھلا دے

"فَلاَ تَقْعُدْ بَعْدَ الذِّكْرَى"

یاد آنے کے بعد اس ظالم قوم کے پاس آپ نے نہیں بیٹھنا۔

تو معلوم ہوا کہ شیطان نبی کریم ﷺ کو بھلا سکتا ہے۔تو لبید بن الاعصم یہودی نے جو جادو کیا تھا وہ کیا تھا؟ کہ آپ کام کر لیتے،بھول جاتے۔کہ میں نے یہ کام نہیں کیا۔اور آپ نے کام نہیں کیا ہوتا اور آپ بھول

جاتے کہ شاید یہ کام میں نے کرلیا ہے۔تو یہ بات تو اللہ نے قرآن میں بھی کہہ دی ہے۔

"وَاِمَّا یُنسِیَنَّکَ الشَّیطَانُ"

سے دو باتیں ثابت ہوگئیں۔

نمبر ایک:

شیطان نبی کریم ﷺ کو بھلوا سکتا ہے۔

نمبر دو:

: نبی کریم ﷺ بھول سکتے ہیں۔

دونوں باتیں قرآن مجید فرقان حمید سے ثابت ہورہی ہیں۔تو لہٰذا عباد اللہ پر، انبیاء کرام پر، صلحائے کرام پر، اہل ایمان وتقویٰ پر شیطان کا تھوڑا بہت اثر ہو جانا قرآن مجید فرقان حمید سے ثابت ہے۔ اور جادو بھی شیطانی عمل ہے تو جادو کا بھی تھوڑا سا اثر ہو جانا قرآن مجید سے ثابت ہے کہ عباد اللہ پر، انبیائے کرام ،صلوات اللہ علیہم اجمعین پر یہ اثر ہوسکتا ہے۔جب انبیاء پر ہوسکتا ہے تو دیگر اہل ایمان پر کیوں نہیں؟ پھر، جادو کا یہ اثر اہل ایمان پر اس انداز میں نہیں ہوتا جس طرح اہل کفر پر ہوتا ہے۔ان کے اوپر تو شیطان کا پورا پورا بس اور داؤ چل جاتا ہے۔اور وہ سنبھل ہی نہیں پاتے۔اہل ایمان کے بارے میں اللہ نے صفت بیان کی ہے کہ

"اِذَا مَسَّهُمْ طَائِفٌ مِّنَ الشَّیْطَانِ تَذَکَّرُوْا" (الأعراف 201 :)

شیطان کی طرف سے جب کبھی بھی ان کو چوکا لگتا ہے تو وہ فوراً نصیحت حاصل کر لیتے ہیں۔کہ ہم سے کوئی غلطی ہوگئی ہے، کوئی ورد، وظیفہ رہ گیا ہے۔کوئی سستی کوتاہی ہوگئی ہے۔ **فاذا هم مبصرون**۔پھر وہ صاحب بصیرت بن جاتے ہیں۔شیطان کا وار خالی چلا جاتا ہے۔یہی وظیفہ "**لاالہ الا اللہ وحدہ لاشریک لہ ، لہ الملک ولہ ولحمد وھو علی کل شیء قدیر**"۔سعودیہ کے ایک عالم ہیں انہوں نے ایک کتاب بھی لکھی ہے اسی جادو اور جنات کے حوالے سے۔

وہ کہتے ہیں میں ایک بچی پر دم کر رہا تھا اس کے اندر شیطان اور جن تھا۔وہ بولنے لگا۔خیر ! بحث وتکرار ہوئی، اس نے کہا میں اس سے نکل کر تمہارے اندر داخل ہوتا ہوں۔میں نے کہا : ٹھیک ہے، آ جاؤ۔

ہمت ہے تو آ ؤ۔ بچی کو تھوڑی دیر سکون رہا پھر تھوڑی دیر بعد بچی تڑپنے لگ گئی۔ پھر اس کو بلوایا تو کہنے لگا کہ چونکہ آپ نے صبح کے وقت یہی وظیفہ کیا ہے لہٰذا میں آپ کے اندر داخل نہیں ہوسکتا۔ نبی کریم ﷺ کے فرمان کی سچائی بھی متحقق ہوگئی، ثابت ہوگئی کہ جو شخص صبح سو بار یہ پڑھ لے وہ جنوں اور شیطانوں سے محفوظ رہتا ہے۔

جادو کا علاج بالغذا

نبی کریم ﷺ فرماتے ہیں:

اگر کوئی شخص عجوہ کھجوریں سات عدد نہار منہ کھالے تو اس دن زہر اور جادو اس بندے پر اثر نہیں کرتا۔ (صحیح بخاری کتاب الأطعمة باب العجوة 5445)))۔

معلوم ہوا کہ میڈیکلی ،طبی طور پر بھی جادو کا علاج ہوسکتا ہے۔طبی طور پھر بھی جادو کا علاج ہوتا ہے اور قرآن مجید کی تلاوت کے ساتھ بھی جادو کا علاج ہوتا ہے۔تو جو جائز اور مشروع طریقہ کار ہے جادو کو کاٹنے اور توڑنے کا وہ اختیار کیا جائے۔

غیر مشروع طریقہائے علاج کی ہلاکت خیزیاں

آج کل بڑے، کالے، پیلے، چٹے، نیلے پھرتے ہیں، اپنے آپ کو عامل کہتے ہیں۔سنیاسی باوے، بنگالہ دیش کے جنگلوں میں چلہ کاٹنے والے اور چالیس چالیس سال تک قبروں میں رہنے والے اور پتہ نہیں کیا کیا کرتے رہتے ہیں۔ نبی کریم کا فرمان سنن ابی داؤد کے اندر موجود ہے کہ جو شخص ان کے پاس جاتا ہے اور ان کی باتوں کی تصدیق کر دیتا ہے

فقد كفر بما نزل على محمد ﷺ

اس نے محمد ﷺ پر نازل شدہ شریعت کا انکار کر دیا ہے۔

(کتاب الطب باب فی الکاہن (3904))

اسی طرح صحیح مسلم میں یہ روایت آتی ہے کہ جو شخص ان کے پاس چلا گیا، جادوگر کے پاس، نجومی کے پاس، کاہن کے پاس، پامسٹ کے پاس، صرف چلا گیا۔ پچھلی حدیث میں کیا تھا کہ اس کی بات کی

تصدیق کردی۔اس حدیث میں کیا ہے کہ صرف چلا گیا،اور اس سے کچھ پوچھ لیا۔

"لم تقبل له صلاة اربعين يوما"

(کتاب السلام باب تحریم الکہانۃ واتیان الکہان (2230)) چالیس روز تک اس کی نماز قبول نہیں ہوگی۔کیونکہ یہ شیطان کا بہت بڑا جال ہے۔جو جائے گا،پھنس جائے گا۔

جادوگروں کا طریقہ واردات

رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں:

ہر بندے کے ساتھ ایک شیطان ہوتا ہے۔

(صحیح مسلم کتاب صفۃ القیامۃ والجنۃ والنار باب تحریش الشیطان وبعثہ سرایاہ لفتنۃ الناس (2814))

وہ ساری زندگی اس کے ساتھ رہتا ہے۔تو جو بندہ ساری زندگی چوبیس گھنٹے آپ کے ساتھ گزارے وہ آپ کے سارے حالات وعادات کو پہچانتا ہوگا۔جو جادوگر کے پاس جاتا ہے جادو کروانے والا۔جادوگر اس کو پہلے ہی بتا دیتا ہے کہ تو فلاں جگہ سے آیا ہے،فلاں کام کے لیے آیا ہے۔وہ کہتا ہے کہ یہ تو بڑی پہنچی ہوئی سرکار ہے۔وہ پہنچی ہوئی سرکار نہیں ہوتی۔وہ اپنے جن کے ذریعے تمہارے ساتھ لگے ہوئے جن سے سارا کچھ معلوم کر لیتا ہے۔جسے ان جادوگروں کی زبان میں ہمزاد کہتے ہیں۔وہ انسان کے ہمزاد سے سارا کچھ پوچھ لیتے ہیں۔ہیں تو سارے بھائی بھائی۔وہ ہوتا ہے اس کو گمراہ کرنے کے لیے۔

جنات کو بھگانے اور جادو کو توڑنے کے لیے ضروری اقدامات

جادوگر جادوئی عمل کے ذریعے کچھ نہ کچھ کر لیتا ہے۔اور اس کا توڑ اور علاج وہ جو نبی کریم ﷺ نے بتایا ہے۔ہمارے برصغیر پاک وہند میں جادو کا بڑا زور ہے۔اور کسی دور میں ہندوستان کو جادونگری بھی کہا جاتا تھا۔کہ یہاں پر مختلف قسم کے جادوگر ہیں۔بڑے بڑے نجومی اور بڑے بڑے پامسٹ اور اس قسم کے لوگ یہاں پیدا ہوئے ہیں۔یہ بڑے عجیب وغریب انداز میں کسی کو دھونی دینا شروع کر دیتے ہیں مرچوں کی۔کسی کو کچھ کرتے ہیں،کسی کو کچھ کرتے ہیں۔تو کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ ﷺ کے مطابق طریقہ کار اپنایا جائے۔اللہ تعالیٰ ان بیماریوں سے نجات دے دے گا۔

جادو کا علاج جادو سے۔

لوگوں کا ذہن بن چکا ہے کہ کالے علم کا توڑ جادو سے ہی ہوگا۔ کالے کی کاٹ کالے کے ذریعے ہی ہوگی۔ حالانکہ ایسی بات نہیں ہے۔ سب سے سخت ترین جادو تھا جو نبی کریم ﷺ پر کیا گیا۔ کالے جادو کی خطرناک ترین قسم، اس کو بارہ گرہی جادو کہتے ہیں۔ اس نے گیارہ یا بارہ گرہیں لگائی ہوئی تھیں جادو کر کر کے۔ تو یہی دو سورتیں نبی کریم ﷺ نے پڑھیں اور جادو کو نکال کر باہر پھینک دیا۔ جادو ختم ہو گیا۔

جس پر جادو ہو جائے

(۱) وہ سورۃ بقرہ کی گھر میں تلاوت کرے۔ روزانہ ایک مرتبہ پوری سورہ بقرہ پڑھے۔

(۲) گھر میں سے ہر قسم کی جاندار کی تصویر کو ختم کر دے۔

(۳) میوزک کی آواز نہ آئے گھر میں، گانے بجانے کی۔

(۴) گھر میں نمازوں کا اہتمام ہو۔

(۵) خواتین پردہ کریں۔

(۶) اور اللہ تعالیٰ کے احکامات کے تابع اور فرمانبردار ہو جائیں۔

(۷) اور جو طریقہ کار نبی کریم ﷺ نے دیا ہے وہ اپنا لیں۔

جادو ختم ہو جائے گا۔

ہو سکتا ہے وقت تھوڑا سا طویل ہو جائے۔ مہینہ، دو مہینے، چھ مہینے، سال تک چلتا رہے۔ ممکن ہے، لیکن جو ایک بہت بڑا زور ہے وہ ٹوٹ جائے گا۔ لیکن یہ آزمائش ہے اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی طرف سے۔

جادو کی علامات

(۱) میاں بیوی میں محبت اور الفت تھی لیکن اچانک نفرت، جھگڑا شروع ہو جائے اور ایک دوسرے کے خلاف ہو جائیں عورت پہلے شوہر پر فریفتہ ہو لیکن اچانک بگڑ جائے اور شوہر کی شکل دیکھ کر آگ بگولہ ہو جائے اس کو شوہر کی شکل کتے یا خنزیر وغیرہ کی طرح نظر آئے، یا مرد پہلے اپنی بیوی پر فریفتہ ہو، اس کے دل میں نفرت اور بغض آجائے ار سمجھانے والا بھی دشمن نظر آئے۔ یا اس نفرت کے سبب رشتہ ازدواجیت کا ختم

ہوجائے اور طلاق واقع ہوجائے۔یا عورت کواجاڑ دیا جاتا ہے،اس کا شوہر قابل نہیں رہتا،یا طلاق دیتا ہے یااس عورت سے کوئی نکاح نہیں کرتا۔جو رشتے ہوتے ہیں وہ سب ٹوٹتے جاتے ہیں۔

(۲)۔رشتہ نہ ہو پہلے ہورہا ہو لیکن جادو کے بعد انکار ہوجائے۔کسی لڑکے کے لڑکی کے رشتے آنا بند ہو جائیں۔

(۳)۔جانور پہلے صحیح دودھ دیتے ہوں بعد میں ان کا دودھ سوکھ جائے یا اس کا دودھ خراب ہوجائے۔ یا جانور گھاس کھانا چھوڑ دے،بیمار ہوجائے۔

(۴)۔انسان یا جانوروں کے بچے ضائع ہوجائیں،حمل ساقط ہوجائے یا بچہ پیٹ میں مرجائے۔یا عورت بانجھ ہوجاتی ہے اور حیض وغیرہ آتے رہتے ہیں اور میڈیکل میں فٹ ہوتی ہے لیکن حمل قرار نہیں پاتا۔

(۵)۔نومولود بچہ سوکھ جائے یا سخت بیماری میں مبتلا ہوجائے۔

(۶)۔صرف لڑکیاں ہی پیدا ہوں اور لڑکے پیدا نہ ہوں یا ان کا حمل ساقط ہوجائے یا پیدا ہوکر جلدی مر جاتے ہوں۔

(۷)۔مرد مباشرت کے قابل ہی نہ رہے یا عورت کو ہم بستری سے نفرت ہوجائے۔

(۸)۔مرد کو جوڑوں میں درد پیدا ہوجاتا ہے جس سے بے کار ہوجاتا ہے۔

(۹)۔عورت کے پیٹ یا سر میں پانی پڑجاتا ہے۔

(۱۰)۔سحر کے بعد عورت رنگ بدلنے لگتی ہے اور کچھ عرصہ کے بعد اسکا حسن وخوبصورتی جاتی رہتی ہے اور بد صورت ہوجاتی ہے۔اور ہر شخص کی نظر سے گرجاتی ہے۔

(۱۱)۔مال واسباب تلف ہوجائیں اور مال مویشی وغیرہ مرجائیں اور آئے دن نقصان کا سامنا ہو۔گھر کی برکت اڑ جائے،گھر ویران ہوجائے،گھر کے افراد آپس میں لڑیں،روزانہ جھگڑا ہوتا ہو،اور ہر شخص ایک دوسرے کو دشمن سمجھتا ہو۔یا غربت وفقر چھا جائے۔یا مکان اپنی خوبصورتی کے باوجود ویران ہوجاتا ہے ،اس میں کوئی بیٹھ نہیں سکتا۔اس مکان میں جو بھی آتا ہے جلدی بھاگ جاتا ہے۔

(۱۲)۔ایسی بیماری لاحق ہوجائے جس کا علاج نہ ہوتا ہو یا علاج سمجھ نہ آئے یا اثر نہ کرے۔

(۱۳)۔ہر شخص بلا وجہ اس سے نفرت کرنے لگے اور کوئی اعتبار نہ کرے۔

(۱۴)۔ملازم کونوکری سے یا عہدیدار کو عہدے سے گرایا جاتا ہےنوکری یا عہدہ معطل ہو جاتا ہے۔یا کہیں دور تبادلہ کیا جاتا ہے۔

جادو سے حفاظت کے چند اصول

(۱) پاکی

جو لوگ ناپاک رہتے ہیں، ان پر جلدی جادو اثر کرتا ہے اور خصوصی طور پر عورتیں اور بچے ناپاک رہتے ہیں، اس لئے زیادہ ان پر حملہ ہوتا ہے۔

(۲) شہوت پر قابو پانا

جو لوگ شہوت پر وقابو نہیں پاتے ان پر جلدی حملہ ہو جاتا ہے، اس لئے شہوت کے داعیہ اعمال سے پرہیز کرنا چاہئے، جیسے گانا، موسیقی، بدنظری، عورتوں اور لڑکوں سے اختلاط، ناول وڈائجسٹ کا مطالعہ، جنسی اشتعال انگیز لٹریچر پڑھنا، جنسی دواؤں کا استعمال، فلمیں، اور ٹیوی وغیرہ دیکھنا، انٹرنیٹ پر جنسی ویڈیوز دیکھنا۔ ان تمام چیزوں سے پرہیز کریں۔

(۳) بسم اللہ کا التزام

ہر کام جو بھی شروع کریں بسم اللہ شریف کو لازم رکھیں۔

(۴) گندے جانور پالنا

جیسے کتا اور ریچھ یا لنگور وغیرہ ساتھ رکھنا، یا حلال جانور رکھ کر ان کی گندگی سے پرہیز نہ کرنا، مرغے لڑانے کے لئے پالنا یا فضول کوئی پرندہ یا جانور پالنا اور اسی میں منہمک رہنا۔

(۵) مقدس اوراق کا احترام

جن لوگوں کے گھروں میں مقدس اوراق ہوتے ہیں تو عموماً عورتیں گندگی ان پر پھینکتی ہیں تو جادو عموماً ان سے پیدا ہوتا ہے۔ اس لئے جہاں کوئی بھی کاغذ دیکھیں جن پر حروف ہوں، ان کا لازمی احترام کریں ممکن ہے کہ ان میں اللہ تعالی کا نام ہو۔

(۶) بے کاری

بعض لوگ بے کار اور نکمے گھومتے اور بیٹھتے ہیں، تو ان کے دماغ میں شیطان اپنے گھونسلے بنا دیتا ہے اس لئے خود کو مصروف رکھیں دین کا کام اور مخلوق کی بھلائی کے لئے ٹائم صرف کریں۔

(۷) وہم سے پرہیز

بعض لوگ وہم میں مبتلا ہوتے ہیں، ان کو اگر کوئی بتاتا ہے کہ تیرے ساتھ کسی نے جادو کر دیا ہے تو بات سنتے ہیں پاگل ہو جاتا ہے، ان کو اللہ تعالی پر یقین کرنا چاہئے اور ان کو یقین ہونا چاہئے کہ قرآن مجید سے جادو کو توڑا جا سکتا ہے اور اسلامی و مسنون وظائف پر یقین کرے۔

(۸) پیشہ ور عاملوں سے حفاظت

ہر مسلمان کو چاہئے کہ نجومی، پامسٹ، جادوگروں اور جن والے فقیروں سے پرہیز کرے، ان کے اشتہار نہ دیکھیں، نہ یقین کریں، ان کے پاس کچھ بھی نہیں ہے۔ جادو کا توڑ قرآن مجید اور سنت کے سوا کہیں بھی نہیں ہے، یہ نجومی پامسٹ اور جن والے فقیر خود جادو اور جن کے مریض اور شیطان کے پوجاری ہوتے ہیں، ان کے پاس جانے سے شیطان کے اور حملے ہو جاتے ہیں۔

(۹) تقدیر پر کامل ایمان

یہ بات لازمی نہیں ہے کہ ہر مشکل حل ہو جائے اور ہر بیماری ٹل جائے، ہونا وہ ہے جو مقدر میں لکھا ہوا ہے، ہمارا صرف حیلہ ہے جتنا ممکن ہو ہم نے علاج کرنا ہے اور اگر ہمارے مقدر میں شفا لکھی ہوئی ہے تو ملے گی، اگر نہیں لکھی ہوئی تو نہیں ملے گی اور موت واقع ہو جائے گی جس کو کوئی ٹال نہیں سکتا۔

(۱۰) حرام غذا سے اجتناب

حرام کھانے سے کوئی دعا اور کوئی وظیفہ کارگر نہیں ہوتا تو پھر شیطان کے مکر سے بچنا ممکن ہی نہیں۔

جادو کا علاج

جادو کا اثر دور کرنا

جس پر جادو کا اثر ہوا ہو اس کو یہ عزیمت پیالی پر لکھ کر چالیس روز تک نہار منہ پلائیں ان شاء اللہ سحر کا اثر دور ہوگا۔ ”یا اللہ یا حی حین لا حی فی دیمومة ملکه و بقائه یا حی

جادو کا مکمل علاج

درج ذیل آیات گیارہ مرتبہ پانی پر پڑھ کر تین گھونٹ مریض کو پلائیں اور اسی پانی سے غسل کرے یہ عمل کم از کم گیارہ دنوں تک کریں، امید ہے کہ گیارہ دنوں میں مریض مکمل ٹھیک ہو جائے گا ورنہ چالیس دنوں تک علاج جاری رکھیں۔

آیات سحر

(۱) فَلَمَّا أَلْقَوْا قَالَ مُوسَى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ إِنَّ اللَّهَ سَيُبْطِلُهُ إِنَّ اللَّهَ لا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِينَ. وَيُحِقُّ اللَّهُ الْحَقَّ بِكَلِمَاتِهِ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُونَ

(۲) فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ. فَغُلِبُوا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوا صَاغِرِينَ. وَأُلْقِيَ السَّحَرَةُ سَاجِدِينَ

(۳) إِنَّمَا صَنَعُوا كَيْدُ سَاحِرٍ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ أَتَى

جادو اور آسیب کا آسان علاج

یا یہ آیات تین تین بار پڑھ کر مریض پر دم کریں۔

درج ذیل آیت ایک ہزار مرتبہ نمک لاہوری پر پڑھ کر دیں مریض کھانے میں وہی نمک ڈال کر کھائے چالیس دن تک ”وَإِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادَّارَأْتُمْ فِيهَا وَاللَّهُ مُخْرِجٌ مَا كُنْتُمْ تَكْتُمُونَ

اور یہی آیت کریمہ اکتالیس مرتبہ پانی پر دم کر کے روزانہ پلائیں، اسی طرح روزانہ دم کریں اور مریض یہی پانی پیئے۔ انشاءاللہ سحر سے نجات مل جائے گی۔

جادواور جنات وغیرہ

سورۃ فاتحہ، چار قل، آیت الکرسی پڑھ کر مریض پر دم کرنا تمام بلیات سماوی وارضی سے نجات کا مکمل نسخہ ہے۔

اور یہی آیات تین تین مرتبہ پانی پر پڑھ کر پلائیں۔

برے خوابوں سے نجات

یہی آیات مریض رات کو پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کر کے اپنے جسم پر پھیر دے اور اپنے سینہ کی طرف دم کر دے۔

جادو کا مکمل علاج

آیات سحر (جو پہلے مذکور ہوئی ہیں جن میں جادو کا بیان کیا گیا ہے) اور سورۃ فاتحہ، چار قل، آیت الکرسی پانی پر پڑھ کر مریض کو اس پانی سے غسل کروائیں اور وہ پانی مستعمل زمین میں دفن کر دیں، ہفتہ تک یہ عمل کریں۔

جادو کا خاتمہ

بیری کے سات پتے لائیں جن میں سوراخ نہ ہوں، ہر ایک پتے پر تین مرتبہ درج ذیل آیت پڑھیں اور ہر بار دم کریں، ان پتوں کو پاک ہاتھوں سے توڑ کر پانی میں ڈال دیں، مریض سات دن تک یہ پانی پیتا رہے، اگر پانی کم ہوتا جائے تو اور پانی ملاتے جائیں اور یہ پانی گھر اور مکان، دکان وغیرہ پر چھڑ کیں۔ ان شاء اللہ ایک ہفتہ میں کامل صحت ہوگی۔

وَاتَّبَعُوا مَا تَتْلُو الشَّيَاطِينُ عَلَى مُلْكِ سُلَيْمَانَ وَمَا كَفَرَ سُلَيْمَانُ وَلَكِنَّ الشَّيَاطِينَ كَفَرُوا يُعَلِّمُونَ النَّاسَ السِّحْرَ وَمَا أُنْزِلَ عَلَى الْمَلَكَيْنِ بِبَابِلَ هَارُوتَ وَمَارُوتَ وَمَا يُعَلِّمَانِ مِنْ أَحَدٍ حَتَّى يَقُولَا إِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَةٌ فَلَا تَكْفُرْ فَيَتَعَلَّمُونَ مِنْهُمَا مَا يُفَرِّقُونَ بِهِ بَيْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِهِ وَمَا هُمْ بِضَارِّينَ بِهِ مِنْ أَحَدٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ وَيَتَعَلَّمُونَ مَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ وَلَقَدْ عَلِمُوا لَمَنِ اشْتَرَاهُ مَا لَهُ فِي الْآخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ وَلَبِئْسَ مَا شَرَوْا بِهِ أَنْفُسَهُمْ لَوْ كَانُوا

يَعْلَمُونَ .وَلَوْ أَنَّهُمْ آمَنُوا وَاتَّقَوْا لَمَثُوبَةٌ مِنْ عِنْدِ اللَّهِ خَيْرٌ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ

درسحر

سورۃ ''بقرہ'' اکتالیس مرتبہ پانی پر پڑھ کر مریض کو پلائیں، جتنا جلدی پڑھے گے ان شاء اللہ اتنا فائدہ جلدی ہوگا، ایک ہی وقت پڑھیں یا متعدد بار۔

جادو کا ایک زوداثر علاج

طلوع آفتاب کے وقت سورۃ ''عبس'' تین بار پڑھ کر اپنے اوپر یا مریض پر دم کریں اور یہ عمل مسلسل سات یوم تک کریں۔

غیبت سے محفوظ رہنے کا عمل

اگر کوئی شخص چاہے کہ میری کوئی غیبت نہ کرے تو جس مجلس میں بیٹھے پہلے یہ دعا پڑھ لے انشاء اللہ وہ محفوظ رہے گا۔

بسم الله اللذى لا يضر مع اسمه شيء فى الارض والا فى السماء وهو السميع العليم.

حفاظت جان ومال

صبح کے وقت آیت الکرسی، چاروں قل، اور سورۃ فاتحہ پڑھ کر ہاتھوں پر پھونک مار کر اپنے سارے جسم پر پھیر دے اور مال پر پڑھ کر پھونک مار دے۔

آیت الکرسی رات کو سوتے وقت پڑھ کر چاروں طرف پھونک دیں اور جتنے ایریا میں حفاظت کی نیت کریں گے اتنی ہی حفاظت ہوگی۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

دفن شدہ جادو کو معلوم کرنا اور نکالنا

اگر گھر میں کسی نے جادو دفن کر دیا ہے تو آپ روزانہ سورۃ ''کورت'' پڑھتے رہیں اور یہ عمل مسلسل بلا ناغہ کرتے رہیں اتنے تک کہ دفن شدہ جادو کا پتہ چل جائے، جب وہ جگہ معلوم ہو جائے تو ''آیت

الکرسی‘‘ اور چاروں قل تین تین مرتبہ پڑھ کر ان کو نکالیں، ان شاء اللہ کسی قسم کا نقصان نہیں ہوگا۔

جادو سے محفوظ رہنا

اگر کوئی شخص یہ آیت کریمہ اپنے ساتھ رکھے تو ان شاء اللہ جادو سے محفوظ رہے گا۔

وَأُمْلِي لَهُمْ إِنَّ كَيْدِي مَتِينٌ

جادو واپس لوٹ جائے

درج ذیل سورۃ توبہ کی آخری آیت جادو کے علاج میں اکسیر ہے۔

لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِنْ أَنْفُسِكُمْ عَزِيزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِينَ رَءُوفٌ رَحِيمٌ .فَإِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللَّهُ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ

نماز عصر یا مغرب کے بعد توجہ کے ساتھ سات بار پڑھیں اس آیت مبارکہ کے اور بھی بہت فوائد ہیں، جو پڑھنے والے کو معلوم ہونگے۔

نظر بد کیا چیز ہے

جادو یا نظر بد کے برحق ہونے کا معنی

نبی کریم ﷺ نے فرمایا''

'' العین حق''۔

نظر بد برحق ہے۔

(صحیح بخاری کتاب الطب باب العین حق (5740))

برحق کا یہ مطلب نہیں ہے کہ حق ہو گیا۔ کچھ لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ برحق کہہ دیا تو اب تو جائز ہو گیا۔ نہیں جائز نہیں ہوا۔ برحق کہنے کا معنی یہ ہے کہ اس کے اندر اثر ہوتا ہے۔ نظر بد کے نتیجے میں جس آدمی کو نظر لگی ہے اس پر اثر ہو جاتا ہے۔ جادوگر کے جادو کے نتیجے میں جس آدمی پر جادو کیا گیا ہے اس پر اثر ہو جاتا ہے، یہ معنی ہے برحق ہونے کا۔ یہ نہیں کہ جادو کرنا جائز ہو گیا۔ جادو کرنا کفر ہے۔ جادو کروانا بھی کفر ہے۔ جادو سیکھنا بھی کفر ہے، جادو سکھانا بھی کفر ہے۔ نظر بد سے بھی نبی کریم ﷺ نے منع کیا ہے۔ فرمایا: جو چیز اچھی لگے تو ماشاء اللہ کہو۔

نظر بد سے بچاؤ اور جاہلوں کے طریقے

بعض جہال نئی گاڑی خریدتے ہیں تو آگے جوتا لٹکا لیتے ہیں۔ کئی لوگ نیا گھر بناتے ہیں تو اوپر کالی ہانڈی رکھ لیتے ہیں کہ یہ کالا رنگ نظر بد سے بچا لے گا۔ جوتے اور کالے رنگ سے اگر کوئی نظر سے بچ سکتا ہے تو کیوں نہ ہر جاہل کے گلے میں جوتا لٹکا دیا جائے یا توے سے منہ کالا کیا جائے تاکہ نظر سے بچ جائے۔

نظر کی شناخت

یہ کیسے پتہ چلے کہ نظر لگی ہے یا کوئی اور جسمانی مرض ہے؟ اس کے لئے درج ذیل عمل کریں

ایک مرغی کا انڈہ لے کر اس پر درج ذیل کلمات سات مقام پر لکھیں

بسم اللہ الرحمن الرحیم و صلی اللہ علی سیدنا محمد و علی آلہ و صحبہ و

سلم تسلیما مَدَحَ قَرَعَ

اور پھر انڈے کو اپنی ہتھیلی میں لیکر اس کے نیچے سبز دھنیا خشک کیئے ہوئے کی دھونی آگ جلا گیں اور دھونی دیتے وقت سورۃ اخلاص پڑھتے رہیں، انڈہ جب از خود کھڑا ہو جائے تو پھر اس انڈے کو توڑیں، اس کے اندر سے خون کے سرخ ذرات نظر آئیں تو جان لیں کہ نظر لگی ہے اسی انڈہ کی زردی میں سے تھوڑی سی لے کر نظر لگے ہوئے مریض کے ماتھے (پیشانی) پر مالش کریں، اسی وقت ٹھیک ہو جائے گا ان شاءاللہ تعالیٰ۔

دیگر

اگر چھوٹے بچے کو بار بار نظر بد لگتی ہو یہ درج ذیل کلمات لکھ کر اس کے گلے میں ڈال دیں انشاءاللہ محفوظ رہے گا۔

''بسم الله الرحمن الرحيم اعوذ بكلمات الله التامات كلها من شر ماخلق ، اعوذ بكلمات الله التامات من غضبه و عقابه و شر عباده من همزات الشياطين و ان يحضرون'' .

نظر بد کا شرعی علاج

نبی کریم ﷺ اپنے بیٹوں، اپنے نواسوں، حسن و حسین رضی اللہ عنہما کو دم کرتے اور فرماتے کہ تمہارے باپ ابراہیم علیہ السلام اپنے بیٹوں کو یہی دم کیا کرتے تھے۔ وہ دم کیا تھا :

أُعِيذُكُمَا بِكَلِمَاتِ اللَّهِ التَّامَّةِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَهَامَّةٍ وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ

(جامع ترمذی ابواب الطب ماجاء فی الرقیۃ من العین (2060)) ۔

یہ دم کرو، نظر بد کا بہترین علاج ہے۔ معوذات کے اندر نظر بد کا علاج موجود ہے۔ لوگ جائز طریقے نہیں اپناتے، الٹے الٹے کام شروع کر دیتے ہیں۔

نظر بد کا علاج

پسی ہوئی ہلدی پر ۴۱ مرتبہ سورۃ قریش پڑھیں، اس کو تیل میں ملا کر مریض کے سارے جسم پر

مالش کریں، ان شاء اللہ نظر بد کا اثر ختم ہو جائے گا۔

نظر کا منتر

بسم الله حبس حابس و شجر يابس و شهاب قابس رددت عين العائن عليه و على احب الناس اليه فارجع البصر هل ترى من فطور ثم ارجع البصر كرتين ينقلب اليک البصر خاسئاً وهو حسير.

ایک شخص کے اونٹ کو کسی نے نظر لگائی تھی، تو اس صاحب نے نظر لگانے والے کے سامنے یہ پڑھا تو اس کی اسی وقت آنکھیں نکل پڑیں۔

بدنظری کے لئے

یہ کلمات سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں "بسم الله اللهم اذهب حرها و بردها و وصبها"

ایک اور عمل

"وما انفقتم من نفقة اور نذرتم من نذر فان الله يعلمه وما للظالمين من انصار"

یہ آیت پڑھ کر دم کریں۔

جانوروں پر نظر بد

اگر گائے، بیل، بھینس، گھوڑے، اونٹ، بکری، بھیڑ، گدھے وغیرہ کو نظر لگی ہو دودھ والے جانور کا دودھ خشک ہو گیا ہو یا سواری کا جانور چل نہ سکتا ہو سست ہو گیا ہو یا سواری سے انکار کرتا ہو تو گندم کے آٹے کا ایک پیڑہ بنا کر اس پر مندرجہ ذیل آیات سات سات بار پڑھ کر کا دم کریں۔ اور جانور کو کھلائیں۔

سورۃ فاتحہ

آیت الکرسی

چار قل

ان شاء اللہ نظر کا اثر زائل ہو جائے گا۔

نظر بد کا تیر بہدف علاج

وَإِنْ يَكَادُ الَّذِينَ كَفَرُوا لَيُزْلِقُونَكَ بِأَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُولُونَ إِنَّهُ لَمَجْنُونٌ.وَمَا هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِلْعَالَمِينَ

پاک پانی پر سات مرتبہ پڑھیں اور ہر مرتبہ دم کرتے جائیں مریض کو کہیں کہ وہ اس پانی میں سے نو گھونٹ پیئے اور ہر گھونٹ پر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے۔

باقی پانی کسی برتن مین ڈال کر اس میں اور پانی ملا کر غسل کرے ان شاء اللہ سخت سے سخت نظر بد دور ہو جائے گی اور اگر جانور کو نظر لگی ہو اس پر بھی اسی طرح عمل کریں۔

جناب نبی کریم ﷺ کی زیارت

درج ذیل چند اعمال بتائے جاتے ہیں، اگر درج ذیل شرائط پوری ہونگی تو ان شاء اللہ اس شخص کو دیدارِ رسول اللہ ﷺ کی سعادت نصیب ہوگی۔

(۱) حضرت محمد ﷺ سے شدید دلی محبت ہو اور اس محبت کی بنا پر انسان شریعت کا پابند ہو۔

(۲) درود شریف بکثرت پڑھتا ہو۔

(۳) گستاخانِ رسول ﷺ سے میل جول نہ رکھتا ہو اور خود آدابِ رسالت کا پورا خیال رکھتا ہو۔

نوٹ:

مسلمانوں میں سے کوئی خاص فرقہ گستاخِ رسول ﷺ نہیں ہے، نہ کوئی خاص شخص، اور ہر فرقہ میں چند جاہل افراد موجود ہیں جن کی زبان وقلم سے گستاخی دیکھی گئی ہے اور اس ایک جاہل کی وجہ سے ساری جماعت کو مجرم نہیں ٹھہرایا جاسکتا۔

دوم:

یہ کہ ہر فرقہ دوسرے فرقے کو گستاخی رسول ﷺ کا الزام لگاتا ہے جس کی وجہ ذاتی بغض، عداوت اور جہالت کے علاوہ کچھ نہیں۔

سوم:

یہ کہ بعض لوگوں نے اپنی اصطلاحات بنائی ہوئی ہیں اور کسی بات پر گستاخی کا فتوی لگادیتے ہیں حقیقت میں وہ گستاخی نہیں ہوتی، بعض اوقات کسی کی بات کا سیاق وسباق کاٹ کر کسی درمیانی جملہ کو پکڑ کر اپنی ذاتی دشمنی کی وجہ سے گستاخی کا پروپیگنڈہ کرتے ہیں۔

چہارم:

ہر فرقہ کا گستاخی کا معیار اپنا اپنا ہے، بعض لوگ حبداری رسالت کی آڑ میں اللہ تعالی کی گستاخی کر جاتے ہیں، ایک جاہل پیر سے میرا واسطہ پڑا، اس نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ کی گستاخی نہیں ہونی چاہئے

ہاں! اگر اللہ تعالی کی گستاخی ہو تو اتنا جرم نہیں ہے، ایک نے کہا کہ میں اللہ تعالی کو نہیں مانتا میں تو صرف نبی ﷺ کو مانتا اور پہچانتا ہوں۔

اور بعض لوگ اللہ تعالی کی محبت کی آڑ میں نبی کریم ﷺ کی گستاخی کر جاتے ہیں۔

ہر مسلمان کے دل میں اللہ و رسول ﷺ سے محبت ضرور ہے، چاہے کتنا ہی گناہ گار کیوں نہ ہو لیکن اللہ جل شانہ اور رسول اللہ ﷺ کے نام مبارک لینے کے بہت آداب ہیں، جن سے اکثر جہال غافل ہیں، ان کو چاہیئے کہ قرآن وسنت کی تعلیمات حاصل کریں اور بزرگانِ دین کی سیرت کا مطالعہ کریں، خصوصی طور پر سیدنا حضرت امام مالکؒ حضرت امام بخاریؒ اور محدثین عظام کی سیرت دیکھیں اور آدابِ حدیثِ رسول ﷺ کا مشاہدہ کریں۔ اور اپنی عملی زندگی میں وہ آداب اپنائیں وہ کتبِ حدیث پڑھتے وقت وہ آداب ملحوظ رکھیں جو امام مالک نے موطا کے پڑھاتے وقت اور امام بخاری نے صحیح بخاری کو جمع کرتے وقت ملحوظ رکھے

(۴) حضرت امام ترمذی رحمۃ اللہ کی لکھی ہوئی کتاب "شمائل ترمذی" کے مطابق اس کو جناب رسول اللہ ﷺ کا حلیہ مبارک یاد ہو، سر مبارک سے لیکر قدمین شریفین تک۔

(۵) حضرت امام محمد بن سیرین کی کتاب "تعبیر الرؤیا" کو پڑھ اور سمجھ کر خواب کی تعبیر صحیح جانتا ہو۔ یا ماہرین تعبیر میں سے کسی نیک متبع سنت اور سمجھدار شخص سے تعبیر کروائے۔

(۶) اسلامی احکام سے واقف ہو۔ یا علماءِ حدیث سے دریافت کر کے دین پر عمل کرتا ہو۔

مندرجہ بالا شرائط اگر کسی میں پائی جاتی ہیں تو امید ہے کہ وہ شخص دیدار رسول ﷺ کی سعادت جلدی حاصل کر لے گا۔

(۷) جب دیدار نصیب ہو جائے تو پھر کسی کو نہیں بتانا اور نہ اس پر فخر کرنا بلکہ اللہ تعالی کا زیادہ شکر کرنا۔

ترتیب عمل

جمعہ کی رات دو رکعت نفل اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد ۱۱ مرتبہ آیۃ الکرسی اور ۱۱ مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے اور سلام کے بعد یہ درود دو سو مرتبہ پڑھے۔

دوسری ترتیب:

یا ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد ۲۵ مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے۔

اللهم صل علی محمد النبی الامی وعلی آله واصحابه و بارک و سلم.

چند مرتبہ یہ عمل کرے اس کو حضور ﷺ کی زیارت نصیب ہوگی بشرطیکہ شوق اور طلب کامل ہو اور گناہوں سے پرہیز ہو۔

(۱) دوسرا عمل

رات کو سوتے وقت ''ان الله و ملئکته الخ'' کی تسبیح پڑھیں، ان شاء اللہ مراد جلدی پوری ہوگی

(۲) تیسرا عمل

زیارتِ رسول مقبول ﷺ کی نیت سے اگر کوئی شبِ جمعہ میں ایک ہزار مرتبہ سورۃ ''الکوثر'' پڑھے اور ایک ہزار مرتبہ درود شریف پڑھے تو ان شاء اللہ خواب میں دیدار رسول ﷺ سے مشرف ہو۔

(۴) چوتھا عمل

جمعہ کی رات بعد از نماز عشاء درج ذیل درود پاک دس ہزار مرتبہ پڑھیں:

اللهم صل علی محمد النبی الامی وعلی آله واصحابه و بارک و سلم.

اس کے بعد ایک ہزار مرتبہ سورۃ ''الکوثر'' پڑھے، ان شاء اللہ تعالیٰ پہلی رات خواب میں دیدار رسول ﷺ سے مشرف ہو۔

نوٹ:

ان کے علاوہ بھی کسی ترکیب سے اگر دیدار رسول ﷺ ہوتا ہے تو یہ ایک بڑی سعادت ہے لیکن جناب رسول اللہ ﷺ کے علاوہ دوسرے بزرگوں کا دیدار یا کشف قبور وغیرہ کی کوئی حقیقت نہیں ہے۔

نوٹ:

مندرجہ بالا شرائط بار بار پڑھیں اور سمجھیں کہ دیدار رسول ﷺ کن لوگوں کو حاصل ہوتا ہے اور اگر حاصل ہو جائے تو کیا کرنا چاہیئے؟ اس کے برعکس آج ہر فرقہ کا دعوی ہے کہ ان کو دیدار ہوتا رہتا ہے اور

وہاں سے احکام بھی ملتے رہتے ہیں، کچھ فرقوں کا دعوی ہے کہ ان کو بار بار دیدار ہوتا ہے اور مسلمانوں کو ذبح کرنے کے احکام ملتے ہیں اور ہر فرقہ کو احکام ملتے ہیں کہ وہ دوسرے فرقے کو ذبح کر ڈالے۔ کسی کو الیکشن میں جیت جانے کی پیشن گویاں ملتی ہیں، کسی کو کسی پیر کے کامل ہونے کی۔ آپ مندرجہ بالا شرائط بار بار پڑھیں گے تو سمجھ سکیں گے۔

ایک ادھوری مولوی نے مجھے کہا کہ میں نے خواب میں نبی کریم ﷺ کا دیدار کیا ہے، میں نے پوچھا وہ کس طرح؟ کہا کہ جب آپ ﷺ آئے تو سارے کمرے میں روشنی ہوگئی۔

ایک ادھورے ملانے بتایا کہ میرے خواب میں امام مہدی آیا تھا، اس نے کہا کہ تیرا باپ بڑی دین کی خدمت کر رہا ہے، وہ ہمارے ہاں مقبول شخصیت ہے۔

ایک ہمارے استاد اور قاری وحافظ تھے، انہوں نے خواب دیکھا اور صبح کو ہمیں سنایا کہ میں نے رات کو اللہ تعالی کا دیدار کیا ہے حلیہ یوں بیان کیا:

(۱) وہ بوڑھے تھے۔

(۲) داڑھی بالکل سفید تھی۔

(۳) لکڑی کی کرسی پر بیٹھے ہوئے تھے۔

(۴) سامنے ٹیبل پڑی ہوئی تھی۔

(۵) ہاتھ میں پرائمری سکول کے ماسٹر والی ڈنڈی تھی۔

اور وہ ایک ایک بندے سے حساب لے رہے تھے اور میرا جب حساب لیا تو فرمایا کہ تو بڑا نیک ہے لہذا بغیر حساب کے جنت میں چلا جا۔

اسی طرح کا خواب میرے بھائی غلام رسول نے بھی دیکھا تھا

اسی طرح ایک مینگھواڑ (ہندو) نے خواب میں جنت دیکھی تھی، صبح کو بتایا کہ تاروو ماروڈاڈو بہشت میں باتیں پیو کرے اور زرد پگڑی عام جام۔

میں عرض کروں گا کہ شیخ چلی کی طرح جنت کے خواب دیکھنا بڑا آسان ہے لیکن خوابوں کا صالح ہونا اور اس کی صحیح تعبیر کرنا بڑا مشکل ہے۔

چند مصنوعی کلیات

اوراہل بدعت نے دیدارِ رسول ﷺ کی معرفت کے لئے اپنے کلیات وضع کیئے ہوئے ہیں کہ

(۱) خواب میں کوئی بتائے کہ رسول اللہ ﷺ ہیں۔

(۲) یا وہ خود بتائیں کہ میں رسول ﷺ ہوں۔

(۳) یا اپنے دل میں یقین ہوجائے کہ یہ رسول ﷺ ہیں۔

یاد رہے کہ اسی طرح کی کوئی کیفیت یا کوئی علامت قرآن وسنت میں وارد نہیں ہوئی، یہ ان کا اپنا بناوٹی فارمولا ہے، جس کا نتیجہ دھوکہ کے سوا کوئی نہیں ہے۔

اور حدیث پاک میں یہ ہے کہ شیطان ہمارے نبی حضرت محمد ﷺ کی صورت اختیار نہیں کرسکتا لیکن یہ ثابت نہیں ہے کہ شیطان خواب میں نبی ہونے کا دعوی نہیں کرسکتا۔ مندرجہ بالا بیان سے ظاہر ہوا کہ شیطان خواب میں اللہ ہونے کا دعوی کرتا ہے اور بیداری میں بھی کرتا ہے۔ فرعون اور نمرود نے اللہ ہونے کا دعوی کیا تھا اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میرے بعد تیس دجال آئیں گے اور نبوت کا دعوی کریں گے۔ جب شیطان بیداری میں دعوی کرسکتا ہے تو کیا خواب میں دعوی نہیں کرسکتا؟ اس کی کیا دلیل ہے؟

اور اس بات کا انکار کوئی نہیں کرتا کہ شیطان ہمارے نبی ﷺ کی صورت مبارک اختیار نہیں کرسکتا ۔تو جس نے صورت مبارک ساری زندگی میں نہ دیکھی ہو اور نہ حدیث کی کتب پڑھ کر یاد کی ہو اس کو کیا پتہ کہ وہ کون ہے؟

ایک عالم نے سکھر میں تقریر کی تو کسی شخص نے سوال کیا کہ تم جن کو بدعتی اور گمراہ کہتے ہو وہ تو ہر روز نبی کریم ﷺ کا خواب میں دیدار کرتے ہیں، اگر تم حق پر ہوتے تو دیدار تمہیں نصیب ہوتا۔ تو اس مولوی صاحب نے قرآن مجید سر پر اٹھالیا اور قسم کھا کر کہا کہ مجھے بھی دیدار نصیب ہوا ہے۔ اس میں اگر میں موجود ہوتا تو اس سے میں یہ سوال بھی کرتا کہ تیرا اور تیرے مخالف فرقہ کا فرق کیا ہے؟ سعادت مندی میں تو تم دونوں شریک ہو گئے اور تم دونوں برابر کے بھائی بھائی ہو۔

اور دہشت گرد جن کے خلاف فوج آپریشن کررہی ہے، ان کے ماہانہ رسالہ میں لکھا ہے کہ ان کو خواب میں نبی کریم ﷺ آتے ہیں اور بشارت دیتے ہیں کہ تم نے اچھا کیا ہے، اب ہم ہمارے پاس آنے والے

ہو۔اور ایک شخص اٹھتے بیٹھے اصحاب رسول پر لعنت بھیجتا تھا اور ان کے سارے خاندان کا یہ حال تھا، ان کی ایک عورت مری تو ہم نے دیکھا کہ وہ بیان کر رہی تھی کہ میں جنت میں جا رہی ہوں اور حضرت علی، حضرت فاطمہ، حضرت حسن اور حضرت حسین مجھے جنت میں لے کہ جا رہے ہیں اور یہ بیداری میں دیکھ رہی تھی، اس وقت میں چھوٹا تھا ورنہ میں سوال کرتا کہ اس کو کیسے پتہ چلا کہ یہ حضرت حسین اور حضرت علیؓ ہیں۔ جبکہ اس نے ان کو زندگی میں دیکھا نہیں تھا، نہ ان سے ملی تھی۔ اور میں یہ بھی سوال کرتا کہ وہ ہستیاں اس کو نظر آ رہی تھیں اور ہمیں کیوں نہیں نظر آ رہی تھیں؟ ان ہستیوں کا زندگی میں ایسا کوئی واقعہ کتبِ حدیث میں نہیں ملا کہ وہ بعض کو نظر آتے ہوں اور بعض کو نظر نہ آتے ہوں۔

بزرگانِ دین کی زیارت کرنا

بعد ز انماز عشاء سورۃ اخلاص ۱۰۰ مرتبہ

"**سبحان الله و بحمده سبحان الله العظيم**" پڑھتے پڑھتے سو جائیں اور کسی سے بات نہ کریں ان شاءاللہ خواب میں بزرگوں کی زیارت ہوگی۔

نوٹ:

خواب میں بزرگوں کی زیارتیں ہوتی رہتی ہیں لیکن کوئی قطعی اور یقینی بات نہیں ہے کیونکہ جن کو ہم نے دیکھا بھی نہیں اس کو کیسے پہچان سکتے ہیں، اگر دیکھا بھی ہو تو کوئی اور مخلوق اس کی صورت میں آ سکتی ہے، پھر بھی اگر کسی کو زیارت ہوتی ہے تو اس کے چند منافع ذکر کیئے جاتے ہیں۔

مجھے تو جب ہی کوئی بزرگ خواب میں ملتا ہے میں ان سے پہلا سوال کرتا ہوں کہ موت کے بعد کے احوال کچھ بتائے۔ جب یہ سول کرتا ہوں تو وہ غائب ہو جاتا ہے اور مجھے پتہ ہوتا ہے کہ وہ سوال کروں گا تو غائب ہو جائے گا۔

اور بعض مرتبہ بڑے بزرگوں سے اپنے لئے دعا کرواتا ہوں۔

اور کبھی ان سے وہ عمل پوچھتا ہوں جس سے ان کو بزرگی ملی ہے

یا یہ بھی پوچھا جا سکتا ہے کہ فلاں مسئلہ کا حل کیا ہے اور کیا وظیفہ یا کونسا عمل کیا جائے؟

لیکن جہال ان سے غیب اور مستقبل کی خبریں پوچھتے ہیں اور بعض جہال اپنے تعویذ اور منتر کی ترکیبیں پوچھتے ہیں یہ سب باتیں لغو ہیں۔

جو خبر ان سے ملے تو اس خواب کی صحیح تعبیر لازمی ہے اور پھر اس کو قرآن وسنت پر پیش کرنا بھی لازمی ہے۔

حج نصیب ہو

لقد صدق الله رسوله الرئيا الخ

حج کا شوق ہو اور کوئی وسیلہ نظر نہ آتا ہو تو اس آیت کا کثرت سے ورد کریں جب تک کرن امید ظاہر نہ ہو۔

دیگر

درود شریف کو ہی اپنا وظیفہ بنائیں اور بکثرت و بے حد پڑھیں خلوص و محبت کے ساتھ ان شاء اللہ جلدی حج نصیب ہوگا۔

حج وعمرہ کرنے کی سعادت نصیب ہو

نماز تہجد، اشراق اور اوابین کے بعد سات بار "**یا حی یا قیوم برحمتک استغیث**" پڑھیں اور یہ عمل جاری رکھیں ان شاء اللہ حج وعمرہ کی سعادت نصیب ہوگی۔

حج کے لئے عجیب عمل

روزانہ ایک روپیہ یا جو میسر ہو الگ رکھتے جائیں اس نیت سے کہ میں کرایہ کر کے حج یا عمرہ کروں گا

ہر اذان سننے کے بعد **لبیک اللھم لبیک لا شریک لک** "کہیں۔

سورۃ فتح کے آخری رکوع کی کثرت سے تلاوت کریں۔

مندرجہ بالا عمل کی برکت سے اللہ تعالیٰ حج یا عمرہ کی سعادت نصیب فرمائیں گے۔

قرآن مجید کی سورتوں کو عمل میں لانا

جاننا چاہئے کہ آپ جس بھی کلمہ کو زیادہ پڑھیں گے تو آپ کے کام اتنے زیادہ ہوتے جائیں گے جیسے کہا جاتا ہے کہ جتنا گڑ اتنا میٹھا، تو بعض سورتیں یا آیات یا اسماء جب زیادہ پڑھے جاتے ہیں تو ان سے اثر میں بھی اتنا اضافہ ہوتا جاتا ہے، اس لئے بعض عاملین نے اس عمل کو ''زکوۃ یا چلہ کا نام دیا ہے، بعض وظائف دس دن بعض چالیس دن پڑھے جاتے ہیں، ان کا اصل مقصد کسی عمل کی مداومت ہوتی ہے، سورۃ فاتحہ، آیت الکرسی، اور سورۃ یاسین کے فوائد سے کون ناواقف ہے؟ ظاہر ہے کہ جب ان کو زیادہ پڑھا جائے گا تو نفع میں اتنا ہی اضافہ ہوگا۔ ذیل میں ان کو عمل میں لانے اور زکوۃ ادا کرنے کی ترکیبیں پیش کی جاتی ہیں، ان شاء اللہ اہل انصاف ان کو قبول کریں گے اور اپنے جائز مقاصد کے لئے استفادہ لیں گے۔

نوٹ:

اس کتاب میں جو بھی عمل ہیں کسی عمل کے بارے میں اگر یہ ارادہ ہو کہ اس کا اثر سریع ہو تو چاہئے کہ رمضان المبارک کی ستائیسویں رات کو وہ عمل ۱۰۰ مرتبہ پڑھ لے اور پھر ان کا وظیفہ جاری رکھے تو اس آیت کے عامل ہو جائیں گے اور اثر سریع کا مشاہدہ کر لینا۔

(۱) سورۃ فاتحہ کو عمل میں لانا

سورۃ ''فاتحہ'' روزانہ صبح کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان اکتالیس مرتبہ پڑھتے رہیں اور اپنا معمول بنائیں۔ یہ عمل تمام مشکلات کے آسان کرنے، اور ہر قسم کے جادو، جن کے دفع اور ہر بیماری کے لئے تیر بہدف ہے۔

(۲) سورۃ یاسین کا عمل

جمعہ کی رات تہجد کے ٹائم پر سورۃ یاسین اس طرح پڑھیں کہ جب'' **سلام قول من رب رحیم** ''، پر پہنچیں تو اس آیت کو ۱۴ مرتبہ پڑھیں، اسی طرح سورۃ کو پانچ مرتبہ روزانہ پڑھیں اور یہ دس راتوں کا عمل ہے۔

(۳) دوسری ترتیب

یہ ترتیب اولیاءاللہ کے ہاں زیادہ مقبول ومعمول ہے وہ یہ کہ تہجد کی بارہ رکعتیں پڑھے اور ہر رکعت میں سورۃ یاسین پڑھے۔

(۴) تیسری ترتیب

اول تاریخوں میں جمعہ کے دن سے شروع کرے، ہرنماز کے بعد ۱۰ مرتبہ سورۃ یاسین پڑھے ۴۰ دنوں تک۔

مندرجہ بالا ترتیبوں میں کوئی ترتیب اختیار کریں، اس کے بعد جس مشکل کے لئے یا جس مقصد کے لئے پڑھیں گے ان شاءاللہ جلدی اثر ہوگا۔

اور سورۃ یاسین کا ورد جاری رکھیں ہمیشہ کے لئے۔ یاد رہے کہ سورۃ یاسین، سورۃ فاتحہ اور آیت الکرسی کی برکات بیان کرنے سے زبان قاصر ہے، یہ راز اس شخص کو معلوم ہونگے جو عمل کر کے دیکھے گا اور کرامات کا جب مشاہدہ کرے گا۔ میں اتنا کہوں گا کہ اس ساری کتاب میں سے کوئی اگر یہ ایک ہی عمل کر لے اس کو ساری زندگی کافی ہوگا اور کسی وظیفہ کی ضرورت ہی نہیں پڑے گی۔ اور ان کی کرامات ہم نے اپنی آنکھوں سے دیکھی ہیں جو بیان کرنے سے باہر ہیں۔

آیت الکرسی کے عمل

اَللّٰهُ لاَ اِلَهَ اِلاَّ هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّومُ لاَ تَأْخُذُهُ سِنَةٌ وَلاَ نَوْمٌ لَّهُ مَا فِی السَّمَاوَاتِ وَمَا فِی الْأَرْضِ مَن ذَا الَّذِی یَشْفَعُ عِنْدَهُ اِلاَّ بِاِذْنِهِ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ أَیْدِیهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلاَ یُحِیطُونَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهِ اِلاَّ بِمَا شَاءَ وَسِعَ کُرْسِیُّهُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَلاَ یَؤُودُهُ حِفْظُهُمَا وَهُوَ العلی العظیم

(۲) جمعہ کے دن شروع کرے اور روزانہ ۱۰۷ مرتبہ پڑھے ۷ دنوں تک، اس کے بعد روزانہ ۵ مرتبہ یعنی ہر نماز کے بعد ایک ایک مرتبہ پڑھ لیا کریں۔

متفرق اعمال

ہر مشکل حل کرنے کے لئے عجیب ونایاب تحفہ

یہ ترتیب ایک راز کا خزانہ ہے اور نہ خطا جانے والا تیر ہے، بہت مرتبہ آزمایا گیا جو توپ گن سے اور ایٹم بم سے زیادہ کارگر ہے، دشمنوں پر غالب آنے، عزت و مرتبہ حاصل کرنے اور مصیبتوں اور بلاؤں کے دفع کے لئے اکسیر اعظم ہے، ان شاءاللہ غم دکھ و درد قلیل عرصہ میں دور ہو جاتے ہیں اور نہایت مجرب و معمول ہے۔

(۱) سب سے پہلے آیت الکرسی کا لفظی اور بامحاورہ معنی یاد کریں۔

(۲) آیت الکرسی میں دس وقف ہیں، ہر وقف پر اپنی انگلیاں بند کرتے جائیں ابتدا دائیں ہاتھ کی چھچی سے کریں۔

(۳) جب " **يشفع عنده** " پڑھیں تو اپنا مطلب دل میں لائیں۔

(۴) "**يعلم ما بين ايديهم** " پر دشمن کے خراب ہونے کا خیال کریں۔

(۵) جب آیۃ الکرسی کو پورا کریں تو ۳ مرتبہ سورۃ الم نشرح اور تین مرتبہ قل ھواللہ احد سورۃ پڑھیں۔

(۶) پھر انگلیاں کھولتے وقت ہر مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھتے انگلیاں کھولتے جائیں۔

(۷) اس کے بعد گیارہ مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کر کے اپنے سارے جسم پر پھیر دیں۔

مسبعات عشر

یہ دس چیزیں ہیں جو سات مرتبہ پڑھی جاتی ہیں۔

اس کے فوائد بے شمار ہیں، میری زبان قاصر بیان نہیں کر سکتی، منجملہ ان میں سے یہ ہے کہ زرق میں برکت ہوتی ہے اور سرور کونین سیدنا و مولانا حضرت محمد ﷺ کی زیارت نصیب ہوتی ہے، ہر مشکل آسان ہوتی ہے اور کلمہ تمجید پڑھنے سے دل و روح میں عجیب کیفیت پیدا ہوتی ہے، دل میں ایسی ٹھنڈک محسوس ہوتی ہے بعض اوقات اس کو کور کرنا مشکل ہو جاتا ہے اور اس درود شریف پڑھنے سے بندہ اس طرح محسوس کرتا ہے گویا وہ روضہ اطہر کے سامنے حاضر ہے اور اللہ و رسول ﷺ کی دلی محبت پیدا ہوتی ہے

،اس کے پڑھنے سے ایک بزرگ سے ملاقات ہوتی ہے، جب وہ کوئی اچھی چیز عنایت کریں تو وہ لے لینی ہے۔

ترتیبِ عمل

(ا) سورۃ فاتحہ

(۵) چاروں قل

(۷) آیۃ الکرسی

(۷) کلمہ تمجید

(۸) یہ درود شریف

اللهم صل علی محمد عبدک و حبیبک و رسولک النبی الامی وعلی آل سیدنا محمد وبارک و سلم

(۹) اللهم اغفر لجمیع المومنین والمومنات والمسلمین والمسلمات الاحیاء منهم والاموات انک مجیب الدعوات و رافع الدرجات یا قاضی الحاجات برحمتک یا ارحم الراحمین

(۱۰) اللهم یا رب افعل بی وبهم عاجلا و آجلا فی الدین والدنیا والآخره ما انت له اهل ولا تفعل بنایا مولانا ما نحن له اهل انک غفور جواد کریم ملک بر رؤف رحیم.

روزانہ قبل طلوع الشمس وقبل غروبہا۔ اوراس کا ثواب مومنین اور مومنات اموات کو بخش دے۔

سورۃ اخلاص کا عمل

سورۃ اخلاص کو عرصہ تک جتنا ممکن ہو زیادہ پڑھتے رہیں، یہ تمام کاموں خصوصا محبت اور تسخیر کے کاموں میں تیر بہدف ہے۔

تین دن میں کشف حاصل ہو

آپ یہ عمل سن کر حیران ہو گئے ہونگے کہ صوفیاء کشف کے لئے کتنی ریاضتیں کرتے ہیں اور کہا جاتا ہے کہ مرشد کامل سے سوا کشف محال ہے اور کہا جاتا ہے کہ یہ صرف بڑے بڑے بزرگوں کو حاصل ہوتا ہے، اور یہ آپ تین دن میں حاصل کر کتے ہیں۔

میں عرض کروں گا کہ آپ کا مرشد ایسا کامل ہے جس کے برابر کوئی مرشد نہیں ہوسکتا۔ وہ ہیں اللہ تعالی جل شانہ۔

عمل کی ترتیب

روزانہ خالی مکان پرسکون ماحول میں بیٹھ کر اللہ کا ذکر اس طرح کریں

''لا اِلٰہ'' کہتے وقت سانس اندر لیں اور '' الا اللہ '' کہتے وقت سانس باہر نکالیں۔

''اللہ'' کہتے وقت سانس اندر لیں اور ''ھُو'' کہتے وقت سانس باہر نکالیں۔

اور تصور کریں کہ سارے جہاں میں کچھ بھی نہیں ہے، صرف اللہ تعالی کی ذات ہے۔

اور تصور کریں کہ اللہ کی طرف سے میرے دل پر نور کی روشنی آ رہی ہے اور میرا دل اللہ اللہ کر رہا ہے۔

ذکر کرتے کرتے ٹھہر جائیں اور اپنے سانس کو روک لیں اور دل کی طرف توجہ کریں کہ دل اللہ اللہ کر رہا ہے ؟ جتنا ممکن ہو سانس روکے رکھیں اور اس وقفہ کو بڑھاتے جائیں۔

فوائد

دو تین دنوں میں کشف حاصل ہو جائے گا۔ لیکن یہ راز کسی کو نہیں بتانا، اور نہ اس پر فخر کرنا ہے اور نہ اس پر کوئی شرعی احکام مرتب ہونگے ، ہر شخص اپنے کشف کا خود ضامن ہے، وہ دوسرے پر کوئی چیز مسلط نہیں کر سکتا اور نہ اس کو حتمی سمجھ کر خود عمل کر سکتا ہے۔ اتنا ہے کہ جس کو کوئی چیز بذریعہ کشف معلوم ہو، اس کا کچھ اندازہ ہو جاتا ہے اور اس پر احتیاط کی جاسکتی ہے جس کا شرعی جواز بھی ہو تو۔

اور اس سے دل میں نورانیت پیدا ہوتی ہے اور روحانیت میں کمال پیدا ہوتا ہے۔

کشف القلوب کے لئے دوسرا عمل

اگر کوئی شخص چاہے کہ مجھے کشف حاصل ہو جائے اور جو بات ہونے والی ہو، اس کا مجھے پہلے سے علم ہو جائے تو اس کو چاہئے کہ ہر نماز کے بعد ایک سو مرتبہ اللہ تعالیٰ کا اسم ذات ''اللہ'' پڑھا کرے، ان شاء اللہ چند روز میں کشف حاصل ہو جائے گا اور جو بات زبان سے نکال دے، اسی طرح ان شاء اللہ ہو کر رہے گا۔

رجوعِ خلق کا ایک ٹاپ کا عمل

اس عمل کی بدولت حکیم، ڈاکٹر، وکیل اور دکاندار اور دیگر تمام کاروباری لوگ بھرپور فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

سورۃ ''الرحمان'' کو اچھی طرح حفظ کرلیں، جب سورج نیزے جتنا بلند ہو جائے تو سورج کی طرف منہ کرکے'' فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ'' پر دائیں ہاتھ کی کلمہ والی انگلی کا سورج کی طرف اشارہ کریں یہاں تک کہ سورۃ ختم ہو جائے، یہ عمل چالیس دنوں تک جاری رکھیں، چلہ ختم ہونے کے بعد ایک مرتبہ سورۃ ''الرحمان'' روزانہ پڑھ لیا کریں، یہ عمل پانچ منٹ کا ہے، ایک ہفتہ کے بعد مخلوق کی آمد شروع ہو جاتی ہے لیکن یہ زکوۃ ہے آپ کسی کی طرف التفات نہ کریں اور آنے والوں کو خوش اخلاق سے بٹھائیں۔ ایک چلہ میں عام مخلوق کی آمد، دوسرے چلہ میں خاص لوگوں کی آمد، تیسرے چلہ میں رئیسوں کی آمد اور چوتھے چلہ میں رات دن مخلوق کا ہجوم رہتا ہے، اگر تجارتی کاروبار ہے تو سب خریداری کریں گے اور ہر شخص دکان کی طرف خود بخود کھینچ کر آئے گا یہ عمل عجیب وغریب صفات حامل کا ہے، اگر کسی حاکم یا آفیسر کے پاس جانا ہے تو ایک بار سورۃ ''الرحمان'' پڑھ کر جائیں، اگر زیادہ وقت نہ ملے تو'' فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ'' پڑھ لیا کریں پھر سلام کریں آفیسر کمال اخلاق سے پیش آئے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

ظاہری وباطنی فتوحات وتسخیر

بسم اللہ شریف کا ۸۰۰ مرتبہ ہر روز پڑھنا عجیب وغریب کیمیا ہے، اس سے تمام ظاہری وباطنی فتوحات حاصل ہوتی ہیں اور برکات کے دروازے کھل جائے ہیں۔

تسخیر و فتح نظر

چالیس روز تک روزانہ طلوع آفتاب کے وقت سورج کی طرف دیکھ کر اور سورج پر نظر جما کر ۱۰۰ مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھیں اور پوری کوشش کریں کہ آنکھ جھپکنے نہ پائے اور جھپکنے کی ٹائمنگ بڑھاتے جائیں۔

آنکھ میں بجلی کی طاقت پیدا ہوگی جس پر نظر ڈالے گا اور جو دل میں خیال کرے گا، اسی طرح ہوگا، چالیس دنوں کے بعد اس عمل کو قائم رکھنے کے لئے روزانہ ۱۰۰ مرتبہ کسی بھی ٹائم پڑھ لیا کریں۔

عزت، وقار اور نام پیدا کرنے کے لئے

یہ آیت روزانہ سات بار پڑھیں۔ **فلله الحمد رب السماوات و رب الارض رب العالمين واله الاكبرياء فى السماوات و الارض وهو العزيز الحكيم**

عزت و بزرگی کے لئے

جس شخص کی تمنا ہو کہ جہاں بھی جائے لوگ میری عزت کریں، اس کو چاہیئے کہ کلمہ طیبہ اس طرح پڑھے:

صبح کی نماز کے بعد دس مرتبہ

ظہر کی نماز کے بعد بیس مرتبہ

عصر کی نماز کے بعد تیس مرتبہ

مغرب کی نماز کے بعد چالیس مرتبہ

عشاء کی نماز کے بعد پچاس مرتبہ

اور وتر کے بعد ساٹھ مرتبہ

اور جمعرات کے دن حضور ﷺ کے ایصال ثواب کے لئے کسی غریب کو کھانا کھلائے۔

اس عمل سے دنیا میں عزت کے ساتھ ساتھ، موت میں اور آخرت میں بھی آسانی ہوگی ان شاء اللہ تعالی۔

محبت اور تسخیر کا عمل

درج ذیل آیت قطب کی طرف منہ کر کے اس طرح کھڑے ہوں کہ سیدھا پاؤں بائیں پاؤں کی پشت پر رکھا ہو پڑھے سفید موٹھ گیارہ عدد لیکر (سب موٹھ سفید اور ایک ہی رنگ کے ہوں) ہر دانے پر گیارہ بار یہ آیت پڑھ کر دم کرے، ان کو مٹی کی ہنڈیا میں ڈال کر، اس کا منہ اچھی طرح بند کر کے اپنے مکان میں دفن کر دیں اور ذیل آیت کو سوا لاکھ بار پڑھ کر اس کا ثواب حضور اکرم ﷺ کی روح پاک کو بخشیں، اس کے بعد مقررہ تعداد یعنی ۲۱ یا ۱۱۱یا ۷ بار وہ آیت روزانہ پڑھا کریں آیت یہ ہے۔

وَبِالْحَقِّ أَنْزَلْنَاهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا مُبَشِّرًا وَنَذِيرًا

یہ عمل تسخیر خلائق کے لئے ہے، لوگوں کی طرف سے کھانے، لباس یا کوئی تحفہ آئے تو اس کو جمع نہ رکھے بلکہ غرباء اور حاجتمندوں میں تقسیم کر دے اور روزانہ "یا مغنی ویا باسط" گیارہ سو گیارہ بار روزانہ پابندی کے ساتھ پڑھے تو زیادہ بہتر ہے۔ ان شاء اللہ روزی میں ترقی ہوگی۔

مخلوق خدا محبت کرے اور کہنا مانے

یہ عمل تسخیر خلائق کا ہے، اس عمل کرنے والا لوگوں کی نگاہوں میں محبوب اور باعزت بن جاتا ہے اور لوگ اس کی اطاعت کرتے ہیں، یہ عمل تبلیغ اسلام اور دعوت کے کام کرنے والوں کے لئے لازمی ہے روزانہ بلا ناغہ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں اور ۳۱۳ مرتبہ سورۃ "اخلاص" پڑھیں اور اللہ تعالی سے دعا مانگیں۔

() دیگر

اگر عورت یا اولاد نافرمان ہو تو اول پانچ مرتبہ درود شریف پھر سات مرتبہ یہ آیت پڑھے اور شکر یا نمک پر دم کر کے مطلوب کو کھلا دے ان شاء اللہ بیوی، شوہر یا اولاد مخالفت سے باز آئیں اور ناراضگی ختم ہو جائے گی۔

وَأَلَّفَ بَيْنَ قُلُوبِهِمْ لَوْ أَنْفَقْتَ مَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا مَا أَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوبِهِمْ وَلَكِنَّ اللَّهَ أَلَّفَ بَيْنَهُمْ إِنَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ

ہر ملاقات کرنے والا خیر ہی لائے

جو شخص صبح کو یہ وظیفہ پڑھے گا اس کی ملاقات کے لئے جو بھی آئے گا خیر کی خبر لائے گا اور اس کے حق میں خیر ہوگی۔

اَللّٰھُمَّ اَنَّ مَن یَّدْخُلُ عَلَیْنَا فِی ھٰذَا الْیَومِ اِنْ کَانَ خَیْرًا فِی حَقِّنَا فَاَدْخِلْہُ وَ اِنْ کَانَ فِی حَقِّنَا شَرًّا فَاصْرِفْہُ عَنِّی.

ایک عجیب وغریب اور حیران کن عمل

اس عمل کے فوائد بے شمار ہیں منجملہ یہ کہ کشف کرامت حاصل ہوتی ہے جس سے عامل خود حیران رہ جاتا ہے اور رجوع خلق، رزق مین برکت اور ہر مشکل کا حل غائبانہ طور ہر ہوتا ہے اور دل کو فرحت و سرور

محسوس ہوتا ہے۔ اور ایک عجیب کیفیت طاری ہوتی ہے۔ اور وہ نہایت چالیس دنوں کا عمل ہے لیکن چند دنوں میں اثرات ظاہر ہونے لگتے ہیں۔

عصر کی نماز سے مغرب تک۔

یا دَیَّانَ الْعِبَادِ کُلٌّ یَّقُومُ خَاضِعًا لِّرَھْبَتِہٖ وَ رَغْبَتِہٖ یا دَیَّانُ

ترجمہ:

اے بندوں کے حکمران و مالک! جس کے سامنے ہر شخص اس کے ڈر اور اس کے محبت میں کھڑا ہوتا ہے، اے مالک!

صبح کی نماز سے طلوع آفتاب تک۔

یَا مُعِیْدُ مَا اَفْنَاہُ اِذا بَرَزَ الْخَلائِقُ لِدَعْوَتِہٖ مِنْ مَّخَافَتِہٖ یا مُعِیْدُ

ترجمہ:

اے لوٹانے والے! کس طرح فنا کردے گا! جب مخلوق اس کے خوف سے اس کے بلانے سے

حاضر ہو گی، اے لوٹانے والے!

اپنے دل میں نور پیدا کروانا

دعا

اِلٰهِی قَلْبِیْ مَحْجُوبٌ وَ نَفْسِی مَعْیُوبٌ وَهَوَائِیْ غَالِبٌ وَ عَقْلِیْ مَغْلُوبٌ وَ طَاعَتِیْ قَلِیْلٌ وَ مَعْصِیَّتِیْ کَثِیْرٌ وَلِسَانِیْ مُقِرٌّ بِالذُّنُوبِ فَکَیْفَ حِیْلَتِیْ یَا غَفَّارُ یَا غَفَّارُ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ.

یہ دعا ستر ہزار مرتبہ بحضور قلب پڑھے ان شاءاللہ دل میں نورانیت پیدا ہو۔

دیگر

عصر کی نماز کے بعد پانچ مرتبہ سورۃ نبا کا پڑھنا دل کو نورانی بناتا ہے اور اللہ تعالی کی محبت پیدا کرتا ہے، اگر پانی پر دم کے دل کے دھڑکن والے مریض کو پلایا جائے واسی وقت سکون نصیب ہوتا ہے۔

ملاقات کعبہ کے لئے

اگر کوئی ''اللہ الصمد'' لکھ کر بوقت خواب بالین کے نیچے رکھے اور سو جائے کعبہ ملاقات کے لئے آئے گا وہ شکل یہ ہے۔

(نوٹ)

بعض اہل بدعت کا دعوی ہے کہ بزرگوں کے ملنے کئے لئے کعبہ شریف جاتا ہے اور وہاں نہیں رہتا اس کے متعلق انہوں نے بہت کہانیاں گھڑ لی ہیں۔

مخلوق سے قطع تعلق

''الواحد الاحد'' اگر ہزار بار پڑھا جائے تو تعلق مخلوق اس کے دل سے زائل ہو جائے۔

''الآخر'' اگر ہزار بار روزانہ پڑھا جائے تو غیر اللہ دل سے نکل جائے۔

نوٹ:

اس کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی محبت دل میں سما جائے اور دنیا کی لالچ دل سے نکل جائے گی۔

نور ولایت کا حصول

''النور'' ''الظاہر'' اگر کوئی شخص اشراق کے وقت بکثرت پڑھے تو اس کے قلب میں نورانیت ظاہر ہو۔

شوق عبادت وعمل صالح

شب پنجشنبہ میں نصف شب کے وقت اٹھ کر وضو کر کے دو رکعت پڑھے اور

قُلِ ادْعُواْ اللَّهَ أَوِ ادْعُواْ الرَّحْمَنَ أَيًّا مَّا تَدْعُواْ فَلَهُ الأَسْمَاء الْحُسْنَى وَلاَ تَجْهَرْ بِصَلاتِكَ وَلاَ تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذَلِكَ سَبِيلاً .وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّهِ الَّذِي لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَلَم يَكُن لَّهُ شَرِيكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُن لَّهُ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلَّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيرًا .

اور شیشہ کے برتن میں زعفران وگلاب سے لکھ کر اور برتن کو پانی سے دھو کر پھر ان آیات کو اس پانی پر سات مرتبہ پڑھ کر بعد نماز صبح اس پانی پر الم نشرح دم کرے کہ سستی جاتی رہے اور نیک کاموں کا شوق ہو جائے پھر وہ پانی پی لے ان شاء اللہ مقصود حاصل ہو۔

شوق عبادت کا آسان عمل

''لاحول ولا قوة الاباللہ العلی العظیم'' بکثرت پڑھنے سے سستی کاہلی جاتی رہتی ہے اور شوق عبادت پیدا ہوتا ہے۔

ابدال بننا

امام غزالی نے فرمایا جو شخص روزانہ یہ دعا تین مرتبہ پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کو ابدال کا درجہ عطا فرمائے گا۔

اللھم اغفر لامة محمد ﷺ

اللھم ارحم لامة محمد ﷺ

اللھم تجاوز عن امة محمد ﷺ

پیر بننا

نئے چاند یا شرف قمر کے وقت عمل شروع کریں دیکھتے ہی دیکھتے ایک میلہ آپ کے گھر میں لگ جائے گا۔ اکیس دن کے تین چلے مسلسل کریں ایک چلہ ختم ہو جائے تو ایک دن کا وقفہ کریں، پانی کا برتن اپنے پاس رکھیں اور درج ذیل دعا اکیس دنوں میں سوا لاکھ پڑھیں اور پانی پر دم کرتے رہیں اور یہی پانی چلہ کے بعد لوگوں کو دیتے جائیں۔

یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا حی یا قیوم لاالہ الا اننت سبحانک انی کنت من الظالمین یا حی یا قیوم یا اللہ یا اللہ یااللہ "

اختتام عمل پر درج ذی لوح زہرہ و مشتری یا قمر زہرہ یا قمر و مشتری کی نظرِ سعد میں کندہ کروا کر اپنے پاس رکھیں۔

ہر دلعزیز اور ہر شخص عزت کرے

"**و اللہ المستعان عما تصفون** " یہ آیت مبارکہ ۱۰۰ا مرتبہ عطر پر پڑھ کر دم کریں، وہ عطر اپنے ابرُو پر لگا کر جہاں بھی جائے، سب لوگ عزت و احترام سے پیش آئیں۔ ان شاء اللہ تعالی۔

(۲) اسمائے عظام جامع المقاصد و کثیر الفوائد

"**سبحانک لا اِلٰہ الا انت یا ربَّ کلِّ شیء و وارِثَہ و راحِمہ و رازقہ یا راحمہ** "

روزانہ تین ہزار اکتالیس بار پڑھیں یکشنبہ کو شروع کریں۔

فوائد:

ہر حاجت، کے لئے، بادشاہ کے سامنے جائیں، اس وقت سترہ بار پڑھیں وہ مہربان ہو، اس کی کثرت سے دل میں نورانیت پیدا ہو، ایمرجنسی میں چوبیس مرتبہ پڑھنے سے حاجت پوری ہو، اگر مطلوب سرکش ہو تو چہار شنبہ کو غسل کرے پاک جامہ پہنے اور عود جلائے اور ایک سو اکیس بار پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کر کے مطلوب کو کسی طریقہ سے کھلائے وہ اس کا مطیع ہو، ان کے علاوہ ہر مقصد کے لئے استعمال کرے۔

(۳) دیگر

"یا رحمان کل شیء و وارثه وراحمه یا رحمن "

روزانہ ایک ہزار دو سو سات دن تک

فوائد:

حاجات کی برآوری، محبت، متکبرین کی تکبر توڑنا،

اس کی دعوت اگر اس اسم کو ہر رات تیرہ ہزار بار پڑھا جائے ۳۹ دنوں تک تو تمام اشیاء عالم اس سے کلام کریں، کشف اور اسرار ظاہر ہوں اور اس میں یہ قوت پیدا ہو کہ اگر کسی کو نظر قہر دیکھیں تو وہ پامال ہو، جس کو نظر مہر سے دیکھیں وہ نونہال ہو اور ہاتھ میں شفا ہو اور لاتعداد کرامتوں کا ظہور ہو۔

حکماء و ڈاکٹرز کے لئے

اللہ تعالیٰ کا نام "یا باری "پڑھنے سے مجرب اور اتھینٹک ، پیٹینٹ نسخے اُڑ اُڑ کر آتے ہیں، اس اسم کو ہزار مرتبہ روزانہ پڑھنا حکمت جمع کرنے اور اعلیٰ قسم کے نسخے کے حصول کے لئے اکسیر اعظم ہے۔ اور اس اسم مبارک کے ورد سے اللہ تعالیٰ ہاتھ میں شفا عطا فرماتے ہیں۔

دوسری ترکیب

یہ درود شریف اول وآخر اکتالیس مرتبہ پڑھیں

"الهم صل علی محمد الفاتح لما اغلق الخاتم لما سب ، الاناصر الحق بالحق والهادی الی صراطک المستقیم صلی الله علیه وعلی اله حق قدرته و مقداره العظیم "اس کے بعد اسم "البارئ" گیارہ ہزار مرتبہ پڑھیں۔

آفتاب غروب ہونے کے بعد غسل کریں بعد غسل نماز مغرب پڑھیں بعد یہ وظیفہ پڑھیں اور عمل جاری رکھیں۔

چہرہ خوبصورت ہو جائے

الله نور السماوات و الارض .....بکل شیء علیم

بکثرت پڑھیں اور ہاتھوں پر پھونک کر اپنے چہرہ پر گھمائیں، ان شاءاللہ چہرہ پر نورانیت پیدا ہوگی۔

دیگر

وَأَمَّا الَّذِينَ ابْيَضَّتْ وُجُوهُهُمْ فَفِي رَحْمَةِ اللَّهِ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ

چہرہ پر دم کریں ان شاءاللہ چہرہ چاند کی طرح ہو جائے گا۔

چہرہ پر داغ و دھبے

مسلمة لاشية فيها ایک ہزار بار کسی کریم یا متعلقہ دوا پر پڑھ کر لگائیں گیارہ روز تک۔

خوبصورتی کے لئے

و اذا بطشتم بطشتم جبارين ”اکیس مرتبہ پانی پر یا کریم پر پڑھیں صبح وشام پانی پئیں اور کریم لگائیں یہ عمل اکیس دن کریں۔

ایضا

یا مصور پانچ ہزار مرتبہ عرق گلاب وغیرہ پر پڑھیں اور چہرہ کو لگائیں یا نماز عشاء کے بعد ہزار بار پڑھیں۔

سفر میں بالکل تھکاوٹ نہ ہو

اگر آپ پیدل سفر کر رہے ہیں یا گاڑی پر لمبا سفر کر رہے یا بیٹھ کر کوئی کام کر رہے ہیں تو درج ذیل کلمات پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کر کے سارے جسم پر پھیر دیں، ان شاءاللہ تھکاوٹ محسوس نہ ہوگی۔

سبحان اللہ ۳۳ مرتبہ

الحمدللہ ۳۳ مرتبہ

اللہ اکبر ۳۴ مرتبہ

غیر مسلم کے لئے تعویذ

"**السلام حق و الکفر باطل**" ہر بیماری کے لئے لکھ کر دے دیں۔

اہل خانہ کی حفاظت

پوری سورۃ "الکھف" لکھ کر ایک بوتل میں ڈال دیں اور اس کو گھر میں رکھ دیں، قرض اور مشکلات دور ہوتی ہیں اور گھر والوں کو کوئی ایذا نہ پہنچے گا اور ہر نقصان سے محفوظ و مامون رہیں گے ان شاء اللہ تعالی۔

ٹرانسفر کے لئے

اگر چاہے کہ تبادلہ کسی اچھی جگہ پر ہو جائے اس کو چاہئے کہ سات مرتبہ درود اس کے بعد ستر مرتبہ "**رَبِّ أَدْخِلْنِی مُدْخَلَ صِدْقٍ وَأَخْرِجْنِی مُخْرَجَ صِدْقٍ وَاجْعَلْ لِی مِنْ لَدُنْکَ سُلْطَانًا نَصِیرًا**"

مدخل کہتے وقت اس جگہ کا انتخاب کریں جہاں جانا چاہتے ہیں، اور مخرج صدق کہتے وقت اس جگہ کا تصور کریں جہاں سے نکلنا چاہتے ہیں، اور سلطان نصیرا کہتے وقت عزت سے تبادلہ کا تصور کریں اور پھر سات، مرتبہ درود شریف پڑھیں ان شاء اللہ من پسند جگہ پر تبادلہ ہو جائے گا۔

آسمان پر اڑنے کا عمل

عشاء کی نماز کے بعد اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف اور پھر یہ دعا پڑھیں

لا الہ الا اللہ زمین تا آسمان

لا الہ الا اللہ آسمان تا زمین

لا الہ الا اللہ عرش تا کرسی

۱۱۷ بار پڑھیں، ۴۱ دنوں تک آپ اڑنے کے قابل ہو جائیں گے اور اس کے دوران آپ ہلکے ہلکے ہوتے جائیں گے جب ایسا محسوس ہو تو آنکھیں بند رکھنی ہیں بالکل نہیں کھولنی، اگر آنکھ کھولی تو عمل باطل ہو جائے گا۔ اگر یہ عمل حاصل ہو جاتا ہے تو اس کو بطور مشغلہ اختیار نہیں کرنا چاہئے اسلام و کفر کے مقابلہ میں اگر ایسا وقت آجائے تو استعمال کرنا چاہئے۔

چشم زدن میں ایک مقام سے دوسرے مقام پر چلے جانا

عابدزاہدریاضت دان اس دعا کی برکت سے طرفۃ العین میں کوسوں نکل جاتے ہیں بعض بزرگان دین نماز باجماعت کعبہ شریف میں جا کر پڑھتے ہیں اوراپنے مکان پرواپس آجاتے ہیں۔

دعا

اَھیاً اِشرَھِیاً نورُ مَلمَھِیَّا ھِیَ وَاحِدً خی فُردَقُدُوس جبرائیل و میکائیل واسرافیل و عزرائیل وام من سئلک باسمک وانت لا تُخَیِّبُ من دعاک اللھم ان تصلی علی محمد وعلی ال سیدنا محمد.

ان شاءاللہ زمین پیچیدہ ہوجائے گی یعنی لپٹ جائے گی۔ پانچ دن خلوت کے ساتھ صائم رہ کر اس کی زکوۃ اداکریں اورراز میں رکھیں۔

آگ اورآندھی کے لئے

انگشت شہادت سے تین باربسم اللہ شریف لکھیں۔ان شاءاللہ آندھی یا آگ فوراًرک جائے گی مجرب ہے۔

ایکسیڈنٹ،ناگہانی حادثات اور پریشانیوں سے حفاظت

جب بھی گھر سے نکلے ۱۱مرتبہ سورۃ قریش اول آخرسات مرتبہ درودشریف پڑھیں ان شاءاللہ ہر قسم کے حادثات سے محفوظ رہیں گے۔

برائے منظوری درخواست

درخواست پرخالی انگلی سے لکھیں: **بسم الله الرحمن الرحیم ان الله وعد الصابرین نصراً ومن توکل علیه یسراً کلا ان کتاب الابرار لفی علیین.**

گواہ کی گواہی روکنا

ایک ہزارمرتبہ ''یاجلیل'' پڑھ کراس کی طرف دم کردیں ان شاءاللہ وہ گواہی کے لیے عدالت میں

قائم نہیں رہ سکے گا۔

حصولِ جاہ ومنزلت

جو شخص بسم اللہ شریف کو ۷۸۶ مرتبہ لکھ کر اپنے پاس رکھے تو لوگوں کے دلوں میں اس کی عزت و ہیبت پیدا ہوگی بالکل مجرب ہے۔

() دوسری ترکیب

بعد نماز فجر اندھیرے میں ایک تسبیح فجر اور عشاء کے ٹائم اس کا ثواب رسول اللہ ﷺ، اصحاب رسول اور شیخ عبدالقادر جیلانی اور ان کے گیارہ مریدوں بعد کے مسلمانوں کو بخش دیں۔

حبِ جاہ وحب مال کا علاج

دنیا کی لالچ ختم کرنے اور دینی شوق پیدا کرنے کے لیے صبح وشام تین تین مرتبہ سورۃ ''التکاثر'' پڑھیں۔

رجعت عمل

بشری کوتاہیوں کی وجہ سے کبھی عمل کی رجعت ہو جاتی ہے اس کے لیے ''فسبحان الله حين تمسون سے تخرجون'' تک پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے اپنے بدن پر ملیں بہت مجرب ہے۔

نماز سے دل لگانا

رات کو سونے سے پہلے ۲۱ مرتبہ یا اللہ ہو یا غفور یا قادر پڑھیں۔

سچ بولنے کی عادت ڈالنا

سچ بولنے کے لیے عزم کے ساتھ ساتھ سورۃ ''القدر'' کو کثرت سے پڑھنا معاون ومدد ہے۔

جھوٹ کی عادت چھڑوانا

لَا يُؤَاخِذُ كُمُ اللهُ بِا للَّغوِ فِيَ أَيُمَانِكُمُ وِلَكِنُ يُؤَاخِذُ كُم بِمَا كَسَبَتُ قُلُو بُكُمُ وَاللهُ غَفُورُ حَلِيُمُ

سیپی پر لکھ کر قبل طلوع آفتاب شہد خام سے دھو کر جھوٹے آدمی کو پیالا جائے تو ان شاء اللہ جھوٹ کی عادت چھوٹ جائے گی۔

رجوع از فجور

''المبین''اگر یہ کسی فاجر مرد یا عورت پر پڑھا جائے تو وہ فجور سے باز آئے۔

اعلی اخلاق حاصل کرنا

''الحمید'' کے ورد سے اخلاق وافعال حمیدہ حاصل ہوں۔

بدزبان اور بداخلاق عورت

اگر کوئی عورت بدزبان ہو یا شوہر سے ناجائز طلاق مانگتی ہو یا شوہر سے زبان درازی کرتی ہو تو سورۃ''الممتحنۃ'' لکھ کر پانی میں گھول کر اس کو پلایا جائے، ان شاء اللہ ٹھیک ہو جائے گی۔ یہ عمل تب تک جاری رکھیں جب تک کام نہیں ہوتا۔

مکان خالی کروانا

نصف رات کے بعد ۱۹ مرتبہ سورۃ لہب پڑھ کر سجدے میں جائیں اور مکان خالی کرنے کے لئے دعا کریں یہ عمل پانچ دن کریں ان شاء اللہ کچھ دنوں میں مکان خالی ہو جائے گا۔

ایضا

۴۱ مرتبہ سیاہ مرچوں پر دم کر کے مکان میں ڈال دیں، ان شاء اللہ بہت جلد مکان خالی ہو جائے گا ورنہ نقصان اٹھائے گا۔

ایضا

سورہ نمل لکھ کر اسی مکان میں کسی بھی جگہ گاڑ دیں ان شاء اللہ وہ مکان خالی ہوگا۔

سلب علوم سے بچاؤ

روزانہ بعد از نماز تہجد یہ کلمات ۳۱۳ مرتبہ پڑھیں اللہ کے فضل وکرم سے کوئی سفلی عامل ان روحانی

قوتوں کو سلب نہیں کر سکتا۔

سفلی عامل کی سفلی قوتوں کو سلب کرنے کا عمل

عامل کے بائیں پاؤں کی مٹی پر یہ کلمات مبارکہ اکتالیس ہزار مرتبہ پڑھ کر دم کر دیں بے شک چند نشستوں میں تقسیم کر کے پڑھیں، اور بروز اتوار کسی ویران کنوئیں میں پھینک دیں۔ ''ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم''

سفلی عمل ضائع کرنا

اگر کسی سفلی عامل کا عمل ضائع کرنا ہو تو ان کلمات مبارکہ کو عامل کے پہنے ہوئے کپڑوں پر گیارہ مرتبہ لکھیں اور ۱۱ ہزار مرتبہ پڑھ کر دم بھی کریں اسی کپڑے پر اور بوقت زوال اس کو قبرستان میں دفن کر دیں، بفضل خدا اس کا عمل ضائع ہو جائے گا۔

''یا قابض فلان بن فلان کا عمل قبض کرو بحق ''لا الہ الا اللہ الملک الحق المبین''۔

بچہ خوبصورت ہو

حاملہ عورت کے پیٹ پر روزانہ ایک مرتبہ سورۃ یوسف کا پہلا رکوع دم کرتے رہیں اور وضع حمل تک جاری رکھیں۔ اگر عورت خود نہ پڑھ سکے تو شوہر پڑھے۔ یا پانی پر دم کر کے استعمال کرے۔

بدافعال چھڑوانا

اگر کوئی غافل ہو سیدھے رستہ سے بھٹکا ہوا ہو یا افعال بد میں مبتلا ہو تو اس کو یہ آیات ۱۰۱ مرتبہ پانی پر پڑھ کر پلا دیں۔ '' أُلٰئِکَ عَلیٰ هُدًی مِّن رَّبِّهِمْ وَ أُلٰئِکَ هُمُ الْمُفلِحُونَ

خاوند یا بیوی کے ناجائز تعلقات ختم کرنے اور عادات بد کو دور کرنے کا عمل

۱۱ دنوں تک یہ آیت روزانہ ۱۴۱ مرتبہ پڑھ کر کسی کھانے کی چیز پر دم کر کے کھلا دیں۔

'' قُلْ لَا یَسْتَوِیْ الْخَبِیْثُ وَالطَّیِّبُ وَلَوْ أَعْجَبَکَ کَثْرَۃُ الْخَبِیْثِ فَاتَّقُوا اللہَ یَا أُوْلِی الأَلْبَابِ لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُونَ

شک دور کرنا

سورۃ ''فاتحہ'' بمع بسم اللہ کو پاک برتن میں لکھ کر اور دھو کر اس شخص کو پلایا جائے جو اپنی بیوی یا کسی مسلمان عورت پر شک کرتا ہے۔ یا اس عورت کو جو اپنے شوہر پر ناجائز شک کرتی ہے۔ ان شاء اللہ شک کرنے کی عادت ختم ہو جائے گی۔

حیا پیدا ہو

اگر کوئی مرد یا عورت اپنے قول و فعل سے بے حیائی کا مظاہرہ کریں تو یہ عمل ۱۲۵ مرتبہ شیرینی پر پڑھ کر کھلائیں اللہ کے فضل و کرم سے حیا پیدا ہوگا۔

'' بسم الله الرحمن الرحيم،شَهِدَ اللَّهُ أَنَّهُ لا إِلَهَ إِلَّا هُوَ وَالْمَلائِكَةُ وَأُولُو الْعِلْمِ قَائِمًا بِالْقِسْطِ لا إِلَهَ إِلَّا هُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ''

بدکردار مرد یا عورت کی اصلاح کے لئے

جس کو خراب عادت ہو آب خالص پر مذکورہ آیت پڑھیں، ان کے آب ماکول و مشروب میں ڈال دیں، کم از کم سات روز تک، ان شاء اللہ وہ باز آئے از امر فسق و فجور۔

وَلا تُكرِهُوا فَتَيَاتِكُمْ عَلَى الْبِغَاءِ أَنْ أَرَدْنَ تَحَصُّناً لِّتَبْتَغُوا عَرَضَ الْحَيَاةِ الدُّنيا وَمَنْ يُّكْرِهُّنَّ فَأَنَّ اللهَ مِنْ بَعْدِ أكْرَاهِهِنَّ غَفُوْرُ رَّحِيْمُ، وَلَقَدْ أَنْزَلْنَا أَلَيْكُمْ آياتٍ مُّبَيِّنَاتٍ وَ مَثَلاً مِّنَ الَّذِيْنَ خَلَوا مِنْ قَبْلِكُمْ وَ مَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ

مناظرے میں فتح

مناظرے میں فتح کے لیے یہ عمل نہایت ہی مجرب ہے۔ صبح کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان یہ عمل ۱۴۱ مرتبہ پڑھیں بفضل اللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔

كم جدَّلَت كلمات الله من جدَلٍ

فيه و كم خَصَّم البرهان من خَصِم

گمراہ فرقوں کی شکست کے لئے

کسی علیحدہ جگہ پر یہ کلمات ۳۱۳ مرتبہ پڑھیں، اللہ کے فضل وکرم سے چندروز ہی مخالف کا زور ٹوٹ جائے گا اور ہر میدان میں ان کی شکست ہوگی۔ اور ذلیل وخوار ہوں گے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دم توڑ کفر داد ھر رگڑ ادم لا الہ الا اللہ اے محمد پاک رسول اللہ۔

برائے منسوخی تبادلہ

نماز عشاء کے بعد ۳۱۳ مرتبہ درج ذیل آیت پڑھیں۔

الیوم تبدل الارض غیر الا رض ، انا للہ وانا الیہ راجعون

ان شاء اللہ منشاء کے خلاف جو تبادلہ ہوا تو وہ رک جائے گا یا کینسل ہو جائے گا۔

ترقی یا عہدہ زیادہ ہو

یہ عمل روزانہ ۵۰۰ مرتبہ پڑھیں

والھکم الہ واحد لا الہ الا ھو الرحمن الرحیم

دیگر

بعد نماز فجر ۱۱ مرتبہ یہ قصیدہ بردہ کا شعر پڑھیں۔

یا رب فاجعل رجائی غیر منعکس

لدیک واجعل حسابی غیر منخرم

مرنے سے پہلے جنت کا دیدار کرنا

جمعہ کے روز نماز جمعہ سے پہلے چار رکعت نفل اس طرح پڑھیں کہ ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد پچاس مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھیں ان شاء اللہ موت سے پہلے جنت کا دیدار ہوگا اللہ تعالیٰ ہر مومن کو نصیب فرمائے۔

احساس کمتری کا خاتمہ

اللہ تعالیٰ کا پاکیزہ نام ''یا قوی'' ۳۶۰ مرتبہ پڑھیں۔

غصہ ٹھنڈا کرنا

اگر دو آدمی لڑ رہے ہوں یا دو فریقوں میں جھگڑا ہو رہا ہو تو فوراً ''یا رؤف'' ۱۰۰ مرتبہ پڑھیں ان شاء اللہ ان کا غصہ ٹھنڈا ہو جائے گا۔

بے دینی سے راہ راست پر لانے کا عمل

وَوَجَدَکَ ضَالاًّ فَهَدٰی

ہر کھانے کی چیز پر مندرجہ بالا آیت پڑھ کر کھلا دیں ان شاء اللہ وہ شخص راہ راست پر آ جائے گا۔

تبلیغ ودعوت کے کام میں اخلاص پیدا کرنا

ہر نماز کے بعد تین مرتبہ درود شریف پڑھیں پھر اکتالیس مرتبہ ''بسم اللہ الرحمٰن الرحیم'' پھر تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر دعا کریں اور تبلیغ پر جاتے وقت درود شریف تین مرتبہ بسم اللہ شریف گیارہ مرتبہ اور پھر درود شریف پڑھیں اور اپنے سینے پر پھونک دیں ان شاء اللہ دل میں اخلاص پیدا ہو جائے گا۔

حسنِ اخلاق

کسی شخص کو گندی باتوں کی عادت ہو یا فحش گوئی کرتا ہو وہ ''یا حمید'' ۹۰ مرتبہ کسی گلاس وغیرہ پر پڑھ لے اور اسی گلاس سے پانی پیا کرے ان شاء اللہ وہ عادت نکل جائے گی۔

راہ راست پر لانے والا عمل

جو بچہ شرارتی ہو یا برائیوں میں مبتلا ہو یا نوجوان برائیوں وگمراہیوں میں مبتلا، اس کی پیشانی کے بال پکڑ کر توجہ سے سات مرتبہ یہ آیت شریف پڑھیں۔

أَفَحَسِبْتُمْ أَنَّمَا خَلَقْنَاكُمْ عَبَثاً وَ أَنَّكُمْ اَلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ فَتَعَالَى اللهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ لَا اَلٰهَ اَلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيم.

یا

سورۃ یاسین ایک بار پڑھیں جب ''سلام قولا من رب رحیم'' تک پہنچیں تو یہ کلمات ۳۱۳ مرتبہ پڑھیں اس کے بعد پانی پر دم کر کے پلائیں اور یہ عمل چالیس روز تک کریں۔

یا

ہر کھانے پینے کی چیز پر ''ووجدک ضالا فھدی'' تین مرتبہ پڑھ کر دم کر کے کھلائیں اور پلائیں ان شاء اللہ تعالیٰ مکمل فائدہ ہوگا۔

بخل دور کرنا

فجر کی نماز کے بعد ۲۱ مرتبہ سورہ الکوثر پڑھنا بخل و کنجوسی کی عادت بد کو دور کرتا ہے بفضل اللہ تعالیٰ۔

ہر مقصد و ہر تمنا پوری کرنے کا عجیب عمل

''یا بدیع العجائب بالخیر یا بدیع'' بارہ سو مرتبہ پڑھیں بارہ دن پڑھیں اس سے پہلے اس کی زکوۃ ادا کریں بارہ فقراء کا کھانا کھلائیں یہ زکوۃ ہے جو عمل سے پہلے ادا کرنی ہوگی۔ بشیر احمد چغتائی ممتاز الاکاسیر حکیم اختر الاسلام صدیقی

اولاد کے لئے اعمال

جاننا چاہئے کہ اولاد کا ہونے کا بنیادی اور فطری، جائز وشرعی طریقہ میاں بیوی کا ملنا (جماع کرنا) ہے، اور ناجائز طریقہ کسی مرد وعورت کا جماع کرنا ہے۔عورت جس کو رحم نہ ہو، یا خسرے یا مرد کو اپنے پیٹ سے اولاد ہونا ناممکن ہے اور جب میاں بیوی ملتے ہیں تو اس وقت کی بھی نبی کریم ص کی دعا منقول ہے ورنہ شیطان شامل ہو جاتا ہے۔

اولاد کے ہونے اور نہ ہونے میں شیطان کی شرکت

شیطان کا کام ہے انسان پر ایسی پریشانی مسلط کر دینا تا کہ وہ اللہ تعالی کی عبادت کرنے کے قابل نہ رہے اور اللہ کو چھوڑ کر غیر کے سامنے سر جھکائے۔تو اس مقصد کے لئے اولاد کے نہ ہونے کے مسئلہ میں شیطان کا بہت بڑا چکر ہے اور اسی چکر میں شیطان اپنے تمام مقاصد پورے کر لیتا ہے اور شیطان کے انسان پر بہت اختیارات چلتے ہیں تو اولاد کا نہ ہونا شیطان کے صرف بائیں ہاتھ کا کھیل ہے۔ کیونکہ حمل قرار پانے کی بنیادی شرط مرد کے نطفہ کا رحم میں داخل ہونا ہے تو شیطان کا کام صرف اتنا ہے کہ نطفہ کو وہاں سے ہٹا دے اور بس۔اور اولاد ہونے کے لئے یہ ہے کہ شیطان صرف یہ حرکت چھوڑ دے اور وہاں سے تھوڑا ہٹ جائے اور بس۔ایک ملاں سے میں نے کچھ بات کی، اس نے لمبی کہانی شروع کر دی کہ تم شیطان کو مانتے ہو کہ وہ اولاد دینے پر قادر ہے؟ لیکن قلندر شہباز کو نہیں مانتے؟ یاد رہے کہ کسی کے نطفہ کو رحم میں پہنچانے کی تکلیف اللہ تعالی نے کسی بزرگ کے ذمہ نہیں لگائی لیکن شیطان کو اللہ تعالی نے مہلت دے دی ہے اور فرمایا:

وشارکھم فی الاموال والاولاد

(تجھے مہلت ہے کہ) تو ان کے مال اور ان کی اولاد میں شرکت کر

اور جاہل ملاؤں کو جاننا چاہئے کہ یہاں شیطان کو اولاد دینے پر قادر نہیں تسلیم کیا جا رہا بلکہ شیطان کی اس حرکت کی بات ہو رہی ہے کہ وہ اپنی حرکت سے ہاتھ ہٹائے تو اولاد کے لئے نطفہ قرار پائے۔اور اس کو اتنی طاقت ضرور ہے اور وہ تمام بیماریوں اور برائیوں اور مصائب کا ذمہ دار و ٹھیکیدار ہے، اور یہ بھی

ایک قسم کی بیماری ہے۔

ذیل میں چند اعمال ذکر کئے جاتے ہیں، کیونکہ اولاد نہ ہونا ایک قسم کی بیماری ہے اور موت کے علاوہ ہر بیماری کا اللہ تعالی نے علاج نازل کیا ہے۔

جس کو اولاد نہ ہوتی ہو

وہ شخص سیدنا حضرت زکریا علیہ السلام والی دعائیں پڑھتا رہے، اللہ تعالی ان کو اولاد کے نعمت سے نوازیں گے۔ **رب ھب لی من لدنک ذرِّیَّۃً طیِّبَۃً انک سمیع الدعاء**

ترجمہ:

اے میرے رب! اپنی طرف سے مجھے خاص اولاد عطا فرمادے بیشک آپ دعا کو سننے والے ہیں

رب لا تذرنی فرداً و انت خیر الوارثین

ترجمہ:

اے میرے رب! مجھے اکیلا نہ چھوڑ اور آپ بہترین وارث ہیں۔

بہتر یہ ہے کہ میاں بیوی دونوں یہ دعا ہر نماز نفل، سنت اور فرض کی آخری رکعت میں سلام کے پہلے پڑھیں اور عاجزی وانکساری سے اپنے اللہ کی طرف متوجہ ہو کر دعا مانگیں۔

بے اولاد حضرات کے لئے نایاب ایک تحفہ

جن حضرات کو اولاد نہیں اور علاج معالجہ سے تھک چکے ہیں، وہ مایوس نہ ہوں، ان کے لئے امید کی کرن نظر آرہی ہے وہ درج ذیل عمل کریں۔

(۱) ہر روز میاں اور بیوی کسی بھی ٹائم پر گھر میں ''سورۃ بقرۃ'' پڑھیں۔

(۲) جب حمل قرار پا جائے تو ہر ماہ میں سات دن روزانہ اس کی تلاوت کریں۔

(۳) وقت وجگہ کی کوئی قید نہیں۔

یہ عمل بہت مجرب اور عجیب وغریب ہے، اگر میاں بیوی پڑھے ہوئے نہیں ہیں تو کسی محرم کو کہیں وہ ان کے سامنے تلاوت کرے اور وہ سنیں اور جتنا ممکن ہو ساتھ ساتھ پڑھتے جائیں اور پڑھنا سیکھیں۔

بانجھ عورت کی اولاد کے لئے

جس عورت کو اولا نہ ہوتی ہو، اس کو دودھ پر چار بار سورۃ ''المزمل'' پڑھ کر پلائیں، ان شاء اللہ اس کو اولاد ہوگی، اگر اس نے دودھ الٹی کر کے نکال دیا تو اس کو اولاد نہیں ہوگی، لیکن پھر بھی مایوس نہ ہوں اور دوسرے طبی اور روحانی علاج جاری رکھیں۔

جس کو اولاد نہ ہوتی ہو ایک ٹاپ کا عمل

اول و آخر درود ابراہیمی لازم ہے اور سورۃ ''النصر'' گیارہ سو اکتیس مرتبہ پڑھیں اور پانی کی بوتل پر دم کر دیں یہ پانی میاں بیوی اکیس دنوں تک پیتے رہیں۔ اور اللہ تعالی کی عبادت میں کوتہی نہ کریں اور اللہ تعالی سے مانگتے رہیں اللہ تعالی صاحبِ اولاد بنا دیں گے۔

سات روز میں حمل قرار پائے

جس عورت کو حمل قرار نہ پاتا ہو تو یہ الفاظ لکھ کر اس کو سات روز تک پلائے، ان شاء اللہ حمل قرار پائے

هو هو هو هو هو هو هو الله الله الله الله الله حی حی حی حی حی حی حی حی حی قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم

بانجھ پن کے لئے

چالیس عدد لونگ لے کر ان پر درج ذیل آیت سات بار پڑھیں اور عورت غسل حیض کے بعد اس کو کھانا شروع کرے اور ہمبستری کی شرط یہ ہے کہ لونگ رات کو کھائے اور اس پر پانی نہ پیئے۔

أَوْ كَظُلُمَاتٍ فِي بَحْرٍ لُجِّيٍّ يَغْشَاهُ مَوْجٌ مِنْ فَوْقِهِ مَوْجٌ مِنْ فَوْقِهِ سَحَابٌ ظُلُمَاتٌ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ إِذَا أَخْرَجَ يَدَهُ لَمْ يَكَدْ يَرَاهَا وَمَنْ لَمْ يَجْعَلِ اللَّهُ لَهُ نُورًا فَمَا لَهُ مِنْ نُورٍ

(۲) جس کو اولاد نہ ہوتی ہو وہ تین ماہ متواتر درج ذیل آیت لکھ کر پانی میں گھول کر ایام حیض سے جب پاک ہو پیتی رہے

هُوَ الَّذِي يُصَوِّرُكُمْ فِي الْأَرْحَامِ كَيْفَ يَشَاءُ ۚ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ

ایک ہی دن میں حمل قرار پائے

یہ عمل بہت عجیب ہے جس سے اللہ تعالی کے فضل وکرم سے پہلی رات ہی امید ہوجاتی ہے ورنہ دوسری رات عمل کرے، اگر اس میں بھی نہ ہوتو تیسری رات اور یہ تینوں کلمات مشک وزعفران سے لکھنے ہیں

(۱)بسم الله الرحمن الرحيم ،الله ولى ، لاالٰه الله محمد رسول الله ﷺ بسم الله الرحمن الرحيم اَلْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِى خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمَاتِ وَالنُّورَ ثُمَّ الَّذِينَ كَفَرُوا بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُونَ .هُوَ الَّذِى خَلَقَكُمْ مِنْ طِينٍ ثُمَّ قَضَى أَجَلًا وَأَجَلٌ مُسَمًّى عِنْدَهُ

ثُمَّ أَنْتُمْ تَمْتَرُونَ

(۲)اَلْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِى خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمَاتِ وَالنُّورَ ثُمَّ الَّذِينَ كَفَرُوا بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُونَ .هُوَ الَّذِى خَلَقَكُمْ مِنْ طِينٍ ثُمَّ قَضَى أَجَلًا وَأَجَلٌ مُسَمًّى عِنْدَهُ ثُمَّ أَنْتُمْ تَمْتَرُونَ يا اهيا شراهيا .

(۳)اَلْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِى خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمَاتِ وَالنُّورَ ثُمَّ الَّذِينَ كَفَرُوا بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُونَ .هُوَ الَّذِى خَلَقَكُمْ مِنْ طِينٍ ثُمَّ قَضَى أَجَلًا وَأَجَلٌ مُسَمًّى عِنْدَهُ ثُمَّ أَنْتُمْ تَمْتَرُونَ اهيا ، ازونى ،اصبا ،وثوف اللهم بحق يا مالك يوم الدين اياك نعبد واياك نستعين وكان الله غفورا رحيما وكان الله عزيزا حكيما وذالك هو الفوز العظيم برحمتك يا ارحم الراحمين

اولاد کے لئے ایک نہایت عجیب اور مجرب عمل

درج ذیل آیت کریمہ کسی دو پلیٹوں پر زعفران سے لکھ کر لکھیں اور ایک شوہر پیئے اور ایک بیوی، یہ عمل مسلسل چالیس دنوں تک قائم رکھیں، اللہ تعالی نیک اولاد عطا فرمائیں گے۔

ولقد خلقنا الانسان من سلالة من طين ثم جعلنٰه نطفة فى قرار مكين ثم خلقنا

النطفة علاة فخلقنا العلقة مضغة فخلقنا المضغة عظاما فکسونا العظام لحما ثم انشاناه خلقا اٰخر فتبارک الله احسن الخالقین .

جس کو اولاد نہ ہوتی ہے

دو انڈے ابال کر چھلکہ اتار دیں

ایک انڈے پر" والسماء بنیناھا باید وانا لموسعون "لکھیں۔

دوسرے پر"والارض فرشناھا فنعم الماھدون "لکھیں۔

پہلا انڈا مرد کھائے اور دوسرا عورت

چالیس دن تک یہ عمل مسلسل جاری رکھیں ان شاء اللہ تعالیٰ حمل ٹھہر جائے گا۔

نوٹ:

یہ عمل نامرد کے لئے بھی مجرب ہے، اسی طرح عمل سے انسان اپنی عورت پر قادر ہوسکتا ہے۔

بانجھ عورت

اگر بانجھ عورت سات روزے رکھے اور پانی سے افطار کرے اور بعد افطار ۲۱ بار''البارئ ''المصور'' پڑھے اور یہ ذکر بکثرت کرے ان شاء اللہ صاحبہ اولاد ہو۔

جو سات دن روزے رکھے اور غروب آفتاب سے پہلے اور افطار سے پہلے اکیس مرتبہ''المصور'' پانی پر پڑھ کر بانجھ عورت کو پلائے، ان شاء اللہ بانجھ پن دور ہو۔ اور اپنے بستر پر آنے سے پہلے سات مرتبہ پڑھ کر جائے تو اللہ تعالیٰ صاحب اولاد بنائے۔

حفاظت حمل کے لئے

''المبدیء'' آخری شب میں پڑھ کر حاملہ کے بطن پر دم کرے، ان شاء اللہ حمل ساقط نہ ہوگا۔

بچے زندہ نہ رہتے ہوں

اگر کسی کے بچے زندہ نہ رہتے ہوں تو ۴۱ تار نیلے سوت کے بچہ کی ماں کے قد کے برابر ناپ کر اس پر ۴۱ مرتبہ سورۃ مزمل پڑھیں اور ہر مرتبہ گرہ لگاتے جائیں وہ تاگہ عورت کمر پر باندھ لے، جب بچہ پیدا ہو تو

موم جامعہ کر کے اس کے گلے میں ڈال دیں، اسی طرح گیارہ سالوں تک مسلسل ہر سال کرتے اس کے گلے میں ڈالتے رہیں، جب بچہ گیارہ سال کا ہو جائے تو وہ سب دھاگے اتار کر کسی پاک جگہ مین دفن کر دیں، ان شاء اللہ اس عمل کی برکت سے بچہ زندہ رہے گا۔

دوسرا عمل

کچھ سیاہ مرچ اور اجوائن لے لیں سوموار کو ظہر کی نماز کے بعد باوضو چالیس بار سورۃ ''والشّمس'' پڑھیں اور ہر بار اول درود شریف پڑھیں اور ہر بار دم کرتے جائیں، اگر ذائقہ کے لئے نمک ملاتے ہیں تو کوئی حرج نہیں، عورت دوران حمل، دودھ پلانے کے عرصہ اور دودھ چھڑانے تک روزانہ ایک ذرہ اس دوا کا کھاتی رہے پانی کے گھونٹ کے ساتھ، ان شاء اللہ العزیز بچہ زندہ رہے گا۔

برائے اولاد نرینہ

جس عورت کو لڑکیاں ہوتی ہوں جب حمل قرار پائے تو شہادت کی انگلی سے ستر بار ''یامتین'' اس کے پیٹ پر لکھے اور ساتھ ساتھ یامتین پڑھتا بھی جائے ان شاء اللہ لڑکا پیدا ہوگا۔

نوٹ:

شوہر لکھے یا عورت اور لکھنا صرف انگلی سے ہے بغیر سیاہی کے۔

حصول اولاد از بارگاہ باری تعالی

دیگر

جو کوئی اپنے حلال بستر میں جانے سے قبل دس بار ''المتکبر'' پڑھے، اللہ تعالی اسے پرہیز گار نیک فرزند عطا فرمائے گا۔

ایک اور عمل

''الخالق'' روزانہ ایک ہزار بار پڑھیں، اللہ تعالیٰ نرینہ اولاد عطا فرمائیں گے۔

نرینہ اولاد کے حصول کے لئے

زوجہ سے ملاپ کے پہلے دس بار ''یامُتکبر'' پڑھنے سے اللہ تعالیٰ نیک بیٹا عطا فرمائیں گے۔

نرینہ اولاد کے لئے

مباشرت کے وقت قبل از جماع بیوی کے پیٹ کے داہنے طرف ہاتھ پھیرتے ہوئے سات بار سورۃ فاتحہ پڑھیں، پھر ناف پر انگلی رکھ کر یوں کہیں کہ یااللہ! اگر تو نے مجھے لڑکا عطا فرمایا تو میں اس کا نام ''محمد'' رکھوں گا۔ انشاءاللہ اس کو بارگاہ ایزدی سے لڑکا ملے گا۔